☆☆☆☆

مبارک ہیں خطوط کہ

ان میں پند و نصائح ہوتے ہیں۔

دکھی دلوں کے لیے تسلیاں ہوتی ہیں۔

اور سچے دلی جذبات ہوتے ہیں۔

IqbalCyberLibrary.net All rights reserved. ©2002-2006 اقبال سائبر لائبریری

# ہر شخص بول سکتا ہے

لیکن اسے قلم بند کرنے کے لیے انتہائی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ قلم کی معمولی سی لغزش آپ کو قانونی یا کسی اور طرح کی مشکل میں مبتلا کر سکتی ہے۔ ہر اچھا خط دوست بناتا ہے۔ اور ہر برے خط سے دشمن پیدا ہوتا ہے۔

## یہ ایک ہزار ایک تیار خطوط کی کتاب ہے

آپ کو سوچنے کی دردسری سے بچاتی ہے، اور اس دردسری سے بھی جو بے سوچے سمجھے لکھے جانے والے خطوں سے پیدا ہوتی ہے

------لیجیے------

سوچنے کی ضرورت نہیں۔۔۔

خط کا انتخاب کیجیے اور لکھ ڈالیے:۔

IqbalCyberLibrary.net
All rights reserved.
©2002-2006

☆

۔۔۔ابھی ابھی تمہارا خط ملا۔یہ اتنا پیارا ہے،اس قدر شیریں ہے،کہ جی چاہتا ہے کہ اس کے جواب میں اگر ایک ہزار ایک جانیں بھی مجھے عطا ہوں،تو تمہاری خوشی کے لیے وار دوں

۔۔۔۔۔۔مارل بورو

☆

☆ ۔۔جیسے کنجیاں خزانوں کے تالے کھولتی ہیں ۔ایسے ہی خطوط دلوں کے راز کھولتے ہیں،:۔

۔۔۔۔۔۔۔جیمس ھاوٴلی

☆

یوں تو زندگی میں مجھے بے شمار خطوط ملے،لیکن ان میں قابل ترسیل بس ایک دو ہی تھے۔

۔۔۔۔تھوریٔو

☆

اس کتاب میں درج تمام نام اور پتے فرضی اور خیالی ہیں۔کسی طرح کی مشابہت اور مماثلت محض اتفاقی ہوگی۔جس کے لیے ادارہ ذمہ دار نہیں۔

☆

# خط لکھنے کا فن اور طریق کار

خط لکھنا ایک عام فن ہے۔جس طریق کار سے ذرائع رسل و رسائل کی ترقی وفروغ کے اس دور میں تقریباً ہر شخص واقف ہے۔اس کی اہمیت وافادیت اصول وقواعد کسی سے پوشیدہ نہیں، بدیں وجہ اس فن کی توضیع وتشریح کی چنداں ضرورت نہیں،اور نہ اس کے لوازمات بیان کرنے کی حاجت ہے۔البتہ ایک اچھا اور موثر خط لکھنے کے لئے فنکارانہ مہارت کے ساتھ شعور اور حسن ذوق بھی درکار ہوتا ہے۔کسی نے سچ کہا ہے کہ خط اپنے لکھنے والے کی شخصیت کا پرتو ہوتا ہے۔چنانچہ ایک خوب صورت خط اپنے لکھنے والے کے حسن ذوق اور مزاج کی خوب صورتی کی منہ بولتی تصویر ہوتا ہے۔

## اچھے خط کی خصوصیات

اچھا خط وہ ہے،جس کی زبان شستہ اور لکھائی صاف ستھری ہو،کاغذ نفیس اور بین السطور کافی چوڑا ہو۔پتہ مناسب اور القاب وآداب کے ساتھ خوش خط لکھا ہو۔ٹکٹ اپنی مقررہ جگہ پر سلیقے سے چسپاں ہو۔خط کے کاغذ اور لفافے میں ایک گونہ مناسبت ہو۔

## خط کی ابتداء

خط کی ابتدا،اپنے پتے اور اس کے نیچے تاریخ کے اندراج سے کیجیے،مثلاً

دارالکتب

اردو بازار،لاہور

۱۹فروری ۲۰۰۶ء

اس کے بعد مکتوب الیہ کے ساتھ اپنے رشتے یا تعلق کی مناسبت سے القاب و آداب لکھ کر اسے مخاطب کیجیے،مثلاً:۔

’’جناب عالی‘‘ ’’مکرمی،محترمہ،محترمہ ومکرمہ،برادرعزیز،برخوردار،سعادت

آثار، قبلہ و کعبہ، عزیزم خورشید‘‘ عزیزہ نسرین وغیرہ۔

خط کا متن القاب و آداب کے فوراً بعد خط لکھنے کا اصل مقصد بیان کیجیے مختلف النوع خیالات کا اظہار الگ الگ عبارتوں میں کیجیے۔ بیان شستہ، سادہ، اور الجھاؤ سے پاک ہو۔ سوقیانہ انداز تحریر سے اجتناب کیجیے، رذیل اور گھٹیا محاوروں اور روزمرہ سے گریز کیجیے۔ انداز بیان دل نشین اور دل کش ہونا چاہیے، تاکہ خط توجہ سے پڑھا جائے۔

## خط کا اختتامیہ

خط کا خاتمہ موقع محل کے لحاظ سے دعائیہ فقرے سے کرنا چاہیے۔ جس میں رشتے اور مرتبے کو ملحوظ رکھا گیا ہو، مثلاً:۔

تجارتی خطوط:۔ نیک خواہشات کے ساتھ۔ آپ کا مخلص یا خلوص کار وغیرہ۔

عزیز دوست اور قریبی رشتے دار:۔ فقط نیک تمناؤں کے ساتھ۔ آپ کا پیارا محب وغیرہ۔

عام دوست اور اجنبی:۔ فقط آپ کا دوست، مخلص وغیرہ۔

افسر اور بلند مرتبہ افراد:۔ فقط قلبی دعاؤں کے ساتھ۔ نیازمند، نیاز کیش، تابع فرمان، عرض گزار، خادم، عنایت کا طالب، دعا گو وغیرہ۔

## منسلکات یا ملفوفات

اگر خط کے ساتھ کوئی دستاویز یا چٹھی یا کوئی تحریر نتھی کی گئی ہو تو ان کی تعداد خط کے خاتمے پر دائیں جانب خالی جگہ پر لفظ ’’منسلکات یا ملفوفات‘‘ لکھ کر اس کے سامنے ہندسوں میں درج کی جائے، مثلاً:۔

منسلکات:۔ ۲ دستاویزات، ملفوفات:۔ ۳ چٹھیاں

# پہلا باب

## متکلفانہ خط و کتابت

تمام آوازوں میں سب سے میٹھی آواز جنت ہے (زینوفین)

متکلفانہ خط و کتابت اپنے موضوع کے اعتبار سے خاصی وسیع ہے۔ اس میں عام تشکر نامے سے لے کر دل پذیر تہنیت و تبریک شامل ہے۔ ذیل میں اس نوعیت کی خط و کتابت کے مختلف نمونے اور مثالیں پیش کی جاتی ہیں:۔

رقم وصول ہونے پر

---------

۱۸۔ غازی روڈ لاہور

۱۴ جولائی 2006ء

عزیزم ندیم

السلام علیکم!

آپ کے پچاس روپوں کا بہت بہت شکریہ، کہ مجھے اس وقت مالی اعانت کی اشد ضرورت تھی۔

حقیقت میں دوست وہی ہے، جو مصیبت میں کام آئے!

فقط آپ کا دوست

علی

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## پدرانہ نصیحت پر

پیارے ابا جان

آداب! سرکاری ملازمت اختیار نہ کرنے کے بارے میں آپ کی نصیحت کا شکریہ۔آپ کی طرح میں بھی اپنے پیروں پر کھڑا ہونا سیکھوں گا۔اور سرکاری ملازمت قبول نہ کروں گا، کہ امریکہ میں لوگ حکومت کے ملازموں کو ''ازراہ تمسخر'' سرکاری سانڈ کہتے ہیں۔

فقط آپ کا بیٹا

نواز

## مہمان داری پر

پیارے ساجد

سلام مسنون! پچھلے مہینے آپ کی معیت میں میرا، آپ کی بھابی صاحبہ اور ننھی گڑیا کا وقت نہایت پر لطف گزرا۔دلی شکریہ قبول فرمائیے۔آپ بھی ہمارے ہاں ضرور تشریف لائیں۔تاکہ آپ کی پر مسرت صحبت سے لطف اندوز ہونے کا موقع پھر میسر آئے۔جلد آیئے اور دیکھیے بلو کو ساتھ لانا نہ بھولیے۔

فقط خلوص کار

قربان

## روزگار ملنے پر

مکرمی سرتاج صاحب

تسلیم و نیاز!، ڈی ایم کیمیکلز میں مجھے ملازمت دلانے پر میں آپ کا ازحد ممنون ہوں، ہر مہینے جب مجھے تنخواہ کا لفافہ ملتا ہے، آپ کے لیے میرے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔

فقط

دعا گو سجاد

## کتاب مستعار دینے پر

پیارے نفیس

الڈاوس ہکسلے کی کتاب ''اینڈس اینڈ مینس'' مستعار دینے کا شکریہ۔ اسے پڑھ کر تو میری آنکھیں کھل گئیں۔ اور ہماری تہذیب کی برائیاں آشکار ہو گئیں۔ واقعی یہ کتاب تو نہایت سبق آموز ہے۔

مکرر شکریہ

فقط

تمہارا مخلص

نوید

## سوٹ مستعار دینے پر

ڈیر عباس

سلام مسنون! ایک ناگزیر شادی میں پہننے کے لیے اپنا سوٹ مستعار دینے پر میں کن الفاظ میں تمہارا شکریہ ادا کروں؟ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں، بس یوں سمجھو کہ تم نے کمال مہربانی دکھائی۔

فقط نیاز کیش

ارشد

--------

## ہر طرح کی امداد و اعانت پر (ایک میں کئی)

(الف) استاد محترم۔ حصول تعلیم میں آپ نے جو میری امداد کی، اس کا شکریہ میں کس زبان سے ادا کروں،

(ب) پیاری امی جان۔ آپ کا جو مجھے اس دنیا میں لائی ہیں، میں کیسے شکریہ

ادا کرسکتا ہوں۔

(ج) ۔میرے پیارے مالی، میرے باغیچے کا ہر پھول، ہر جھاڑی تمہاری شکر گزار ہے کہ تم نے انہیں پروان چڑھانے میں بڑے دکھ اٹھائے۔

(ا) میرے عزیز باورچی مجھے الفاظ ہی نہیں ملتے، جن کے ذریعے میں تمہارے پکائے ہوئے کھانوں کا شکریہ ادا کرسکوں۔

(ہ) پیارے ڈاکٹر صاحب۔ خدا آپ کی عمر دراز کرے۔ آپ نے میرے بیٹے کی جان بچالی۔

## سالگرہ پر

سبزہ زار، اسلام آباد

دسمبر 29، 2007ء

پیارے وحید

دعا! سترھویں سال کو پہنچنے پر میری دلی مبارک باد قبول کرو۔ اب تم واقعی بچے نہیں رہے، کتنی جلدی بڑے ہوئے ہو تم، خدا کرے تم یونہی بڑھتے رہو، بڑھتے رہو، آمین!

فقط دعا گو

روشن آرا

## نئے سال پر

عزیز دوست

سلام مسنون! نئے سال پر میری قلبی تہنیت قبول کیجیے۔ خدا وند کریم آپ کو امسال مسرت وانبساط نصیب فرمائے۔ آمین!

فقط مخلص

رشید اختر

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved 2002-2006

## عیدین پر

### عزیز القدر

دعائیں! خدا کرے عید کی پر مسرت نوید سے تمہارے مغموم و مہجور دل میں خوشیوں کی لاکھوں قندیلیں روشن ہو جائیں، جس میں تمہاری والدہ محترمہ کی حالیہ حسرت ناک وفات سے مایوسیوں کا گھپ اندھیرا چھا گیا ہے!

فقط دعا گو

رضا علی

### ہر تقریب پر

پیارے دوست

سلام مسنون!

۔۔۔۔۔کے پر مسرت موقع پر میری دلی / نشاط انگیز / انبساط افزا مبارک باد قبول کرو۔

خداوند کریم تمہیں یہ دن بار بار دیکھنا نصیب فرمائے۔ آمین!

فقط خلوص کار

محسن

### امتحان میں کامیابی پر

سی۔۲۲۔عالم باغ، لاہور

۱۱ جون، 1980ء

پیارے جاوید

سلام مسنون! سی ایس ایس کے امتحان میں امتیازی کامیابی حاصل کرنے پر میری قلبی تہنیت و تبریک قبول کرو۔

خدا کرے تم زندگی کے امتحان میں بھی ایسی ہی کامیابی حاصل کرو، جیسی کہ تم

زندگی بھر امتحانوں میں حاصل کرتے رہے ہو۔ آمین!

فقط تمہارا مخلص دوست

راغب

## بیماری سے صحت یاب ہونے پر

عزیزم نیاز

میں اور میرے سب اہل خانہ تمہارے ٹائیفائیڈ سے صحت یاب ہونے پر اپنی پر خلوص تہنیت پیش کرتے ہیں،

یوں سمجھو کہ تمہیں نئی زندگی مل گئی ہے۔ براہ مہربانی آئندہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا۔

فقط دعا گو

نزہت

## اچھی ملازمت ملنے پر

عزیز عظمت

دعا! بر ماشیل میں اپنی پسندیدہ ملازمت مل جانے پر میری طرف سے ڈھیروں مبارک باد قبول ہو، تم واقعی اس کے مستحق تھے۔ آخرتم نے اسے حاصل کر ہی لیا۔

فقط دعا گو

رضوان

## ترقی ملنے پر

پیارے بھائی جان

السلام علیکم! آپ کے میجر جنرل کے عہدے پر ترقی پانے پر ہم سب بہت مسرور اور بڑے خوش ہیں۔ مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ دعا کرتے ہیں کہ خداوند کریم جلد آپ کو جنرل بنائے۔

آمین،

فقط آپ کا پیارا

مجاہد بیگ

## شادی ہونے پر

ڈیر روف

سلام مسنون! مس ثریا سے آپ کی شادی کی خبر سن کر دفتر میں ہر شخص کھل اٹھا۔ ہر فرد نے اپنے دل میں مسرتوں کی قندیلیں جلتی محسوس کیں۔

اللہ تعالیٰ آپ دونوں کو خوش اور مسرور رکھے، اور عمر میں برکت دے۔ آمین،

فقط خلوص کار

لطیف

## بچہ کی ولادت پر

عزیزی

دعا! یہ جان کر ہم سب کو بڑی خوشی ہوئی کہ خداوند تعالیٰ نے تمہارے خاندان کو جڑواں بچے پیدا کر کے بیک وقت بیٹا، بیٹی کی نعمتوں سے نوازا ہے۔ قلبی مبارک باد قبول کرو۔ اب تمہارا کنبہ مکمل و متوازن ہو گیا ہے۔

فقط تمہارا بڑا بھائی

عالی

## بوڑھے ملازم کے نام

بابا جی!

السلام علیکم۔ آپ کی بے لوث خدمات ہمیشہ یاد رہیں گی، جو آپ نے نسل در نسل ہمارے خاندان کی سرانجام دی ہیں، آپ ہم سب کے لیے ملازم سے زیادہ ایک گھر کے فرد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ خدا آپ کی باقی ماندہ زندگی امن سے بسر

کرائے۔آمین!

فقط! آپ کا رحمان

کمشنر لاہور کارپوریشن

## گراں قدر کام سرانجام دینے پر

مکرمی جناب مسعود صاحب

تسلیم وتحیہ! اگر آپ ہمیں اپنی کار میں نہ بٹھاتے تو ہم سانپوں بھرے جنگل میں صبح سے شام تک پیدل بھٹکتے رہتے۔ہم آپ کی ہمدردی اوراعانت کے ازحد شکر گزار ہیں۔آپ کی یاد ہمیں ہمیشہ آتی رہے گی۔خدا آپ کو اس کرم گستری کا اجر دے۔

فقط مخلص

عنایت اللہ

## یادآوری پر

مکرمی رضوانی صاحب

تسلیم وتحیہ! یہ آپ کے کالج کے عملے اور طلبا کی کرم گستری ہے کہ انہوں نے میری ان خدمات کو سراہا ہے۔جو میں نے اس ادارے کی 1978,79 کے دوران سرانجام دی تھیں۔میں آپ کی قدردانی کی ممنون ہوں۔

فقط مخلص

رسول اظہر

## بوقت ضرورت مدد کرنے پر

عزیزم مختار

ہمارے کالج کا عملہ اور طلباء تمہارے ممنون احسان ہیں، کہ تمہاری بروقت اعانت سے ان کا ادارہ پنجاب یونیورسٹی ٹیبل ٹینس چمپئن شپ میں کامیاب ہوا۔

ہے۔

فقط

خلوص کار

محمد رشید

پرنسپل

## طلباء کو پڑھانے پر

ڈیر سرور

تسلیم!

میں اور میری اہلیہ آپ کے بے حد شکر گزار ہیں، کہ آپ نے بڑی محنت سے ہمارے بچوں کو پڑھایا، اور مختصر ترین عرصے میں انہیں جماعت کے معیار کے برابر کر دیا۔ ہم مانتے ہیں کہ اگر آپ ان کی مدد نہ کرتے تو وہ اس سال پاس نہ ہوتے۔

فقط مخلص

محمد عمر فاروق

## تعلیم کا سرٹیفیکیٹ

جناح میموریل سکول

14 جنوری 2006ء

تصدیق کی جاتی ہے، کہ محمد نواز چھ سال تک اس سکول میں پڑھتا رہا ہے۔ اس نے اس سال لاہور سیکنڈری بورڈ سے میٹریکولیشن امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا ہے، اور 677 نمبر حاصل کیے ہیں۔

مسٹر نواز نہایت قابل اعتماد اور ایمان دار لڑکا ثابت ہوا ہے، جو مجھے یقین ہے، کہ اگر زندگی میں مناسب مواقع سے بہرہ مند ہوتا رہا تو بڑا نام پیدا کرے گا۔

سہیل حیدر

پرنسپل

## ملازمت کے لئے تصدیق نامہ

مجھے یہ تصدیق کرتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ مسٹر رشید، جنہوں نے ہمارے ڈسٹری بیوشن ڈیپارٹمنٹ میں تین سال تک خدمات انجام دی ہیں نہایت راست باز اور محنتی آدمی ہیں۔ جب تک وہ ہمارے ہاں ملازم رہے۔ ان کی کبھی کوئی ایسی شکایت موصول نہیں ہوئی کہ وہ کسی معاشرتی جرم کے مرتکب ہوئے ہوں یا ناپسندیدہ مشاغل میں ملوث پائے گئے ہوں۔

میں زندگی میں ان کی کامیابی کا متمنی ہوں۔

رضا حسین

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ

---

## رسمی تصدیق نامہ

(اس کا تعلق کسی سے بھی ہوسکتا ہے)

تصدیق کی جاتی ہے کہ کالے خاں دیسی کھانے نہایت عمدہ اور لذیذ پکاتا ہے اور ہمارے ہوٹل میں ٹھہرنے والے مہمان اس کے پکائے ہوئے کھانوں سے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔

ہمارے گاہک اس کی مہارت کی بڑی تعریف کرتے ہیں۔

رضوان احمد

جنرل منیجر، دوبئی ہوٹل

---

Iqbal Cyber Library ©2002-2006 All rights reserved اقبال اکادمی سائبر لائبریری

# دوسرا باب

## اعزہ واقرباء کی خط وکتابت

"دنچر کے سوا کوئی اپنے خاندان کی نفی نہیں کرتا"! کہاوت

ہر شخص اپنے گھر خط بھیجتا ہے اور اسے اپنے گھر سے خطوط موصول بھی ہوتے ہیں، خواہ وہ کسی اور کو خط لکھے نہ لکھے۔ جب ہم اپنے گھر سے دور ہوتے ہیں تو ہمارے خاندانی احساسات ہمیں خط لکھنے پر مجبور کرتے ہیں، چاہے ہم خط لکھنے کے فن سے ناواقف ہی کیوں نہ ہوں۔ بہترین خاندانی خطوط وہ ہوتے ہیں جو لکھنے والے کے دماغ کی فطری بے ساختگی کے مظہر ہوں۔

---

### ماں کے نام خط

### پیاری امی جان

آداب!

آپ کا کیا حال ہے؟ میرا دل آپ کی لکھی ہوئی ایک سطر دیکھنے کو بے چین ہے خواہ اس سے کوئی مطلب نہ برآمد ہوتا ہو۔ خدارا خط لکھنا نہ بھولئے۔ فقط

آپ کا بیٹا

امجد

---

### مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے بیٹے امجد

دعائیں!

جہاں بھی جاؤ خداوند کریم تمہارا محافظ ونگہبان ہو۔

فقط

تمہاری امی

---

## باپ کے نام خط

پیارے ابا جان!

آداب و نیاز!

میں کسی چیز کی قلت کا شکار ہوں۔ ہم ہمیشہ ایک ہی چیز کی قلت کا شکار ہوتے ہیں۔ آپ بخوبی جانتے ہیں وہ کیا چیز ہے! فقط

آپ کا بیٹا

سہیل

---

## مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے بیٹے سہیل

دعائیں!

میں کل منی آرڈر کے ذریعے کچھ بھیج رہا ہوں۔ اگر یہ کافی نہیں تو اس مہینے کسی طور گزارا کرو۔

اتفاق سے میں بھی اسی چیز کی قلت کا شکار ہوں۔ جب تم بڑے ہو جاؤ تو خوب محنت کرنا، کمانا اور جمع کرنا۔ تم میری بات سمجھ گئے ہو گے۔

بہترین تمناؤں کے ساتھ۔

تمہارا باپ

---

## بھائی کے نام خط

پیارے بھائی جان ۔

تسلیم!

اتنے دنوں تو آپ خاموش رہنے والے نہیں؟ تعجب ہے آپ کی طرف سے ابھی تک کوئی خیر خبر نہیں ملی ۔آپ نے مجھے روز ایک خط لکھنے کا وعدہ کیا تھا۔اور اب سارا مہینہ بیت گیا اور آپ کا کوئی خط موصول نہیں ہوا ۔

یاد کیجئے آپ کیا کہا کرتے تھے ۔یہی نا کہ "وعدہ خلاف چمار ہوتا ہے"۔کیا آپ کا ارادہ بھی یہی کچھ بننے کا ہے؟

فقط

آپ کی بہن ۔۔۔رضیہ

---

## مندرجہ بالا کے جواب میں

پیاری بہن رضیہ ۔

دعا!

تمہارے خط کا شکریہ ۔اگر کوئی وعدہ خلافی کر کے جوتے بنا سکتا ہے تو بہت سے لوگ بخوشی یہ کام کیا کرتے ۔خوش قسمتی سے خط لکھنا جوتے بنانے سے آسان ہے ۔

لہٰذا یہ رہا خط ۔

اگر تمہیں دوسرے ہفتے میں کوئی خط نہ ملے تو یقین کرو کہ اگلے مہینے جب تم گھر آؤ گی تو یہ تمہیں میرے جوتے میں ملے گا۔فقط

تمہارا بھائی۔نعمان

---

## بہن کے نام خط

پیاری روزی۔

دعا!

پچھلے مہینے جب میں تم سے رخصت ہوا تو تم نے مٹھائی بھیجنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس کے مل جانے کی کب تک توقع رکھوں؟

اگر تمہارے پاس مٹھائی نہیں تو کوئی کڑوی ہی چیز بھیج دو۔ مگر بھیجو ضرور کچھ! فقط

تمہارا بھیا

جم

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے بھائی جان جم۔

تسلیم!

آپ کی طلب یا حکم یا سرزنش کا شکریہ۔ میں آپ کو نہ تو مٹھائی بھیج رہی ہوں اور کڑواہٹیں بلکہ نمکین اور ترشیاں بھیج رہی ہوں۔ پارسل میں آپ کو اچار، چٹنی، پاپڑ، ورقیاں ملیں گی۔ آپ کو پارسل تبھی ملے گا جب میں بھیجوں گی۔ فی الحال آپ انتظار کیجئے۔

ٹھہریے، میں آپ کو ایک "اگر" بھیج رہی ہوں۔ بڑا سا "اگر"۔ دریں اثناء۔

کل آپ کو ایک لفافہ ملے گا جس میں صرف "اگر" ہو گا۔ لیکن اگر مگر مت کیجئے۔ آپ کو پیکٹ ملے گا جس میں نہ اگر ہو گا اور نہ مگر۔ فقط آپ کی بہن

روزی

---

## گھر کے سب افراد کے لیئے

پیارے اہل خانہ۔

میں بخیریت ہوں۔امید ہے آپ سب صاحبان بھی معہ الخیر ہوں گے۔ ہر ایک کے لیے میں ایک درجن خیریتیں لف ہذا کر رہا ہوں۔اگر کوئی رہ جائے تو یہ سب مجھے واپس بھیج دیجیے۔

میں واپس گھر آ رہا ہوں۔اور آپ سب کے لیے اوکے کی ایک ایک قمیض لاؤں گا۔جسے اوکے کی قمیضیں ناپسند ہوں وہ اوکے کو واپس کر کے اپنی رقم واپس لے سکتے ہیں۔

اگر آپ کو مزید اوکے درکار ہوں تو فوراً لکھیے تاکہ میں ساتھ لیتا آؤں۔

جب میں موسم گرما کی تعطیلات میں گھر آؤں گا تو مجھ سے اوکے طلب نہ کیجئے۔

میں اس وقت تک اوکے نہیں لاتا جب تک کہ اس کی فرمائش نہ کی گئی ہو۔

لہذا اوکے کی فرمائش کیجئے اور یہی بہتر بھی ہے۔

اچھا خدا حافظ۔فقط آپ کا پیارا

اوکے (عمر خواجہ)

---

## سکول سے بچے کی غیر حاضری پر

بخدمت ہیڈ مسٹریس صاحبہ

گورنمنٹ اسلامیہ گرلز ہائی سکول نمبر ۲ گوجرانوالہ

محترمہ۔

آداب!

ازراہ کرم سعیدہ متعلمہ درجہ دوم رول نمبر ۹۹ کو دو دن ۱۹، ۲۰ فروری کی رخصت مرحمت فرمائیے کہ اسے ایک شادی کی تقریبات میں شریک ہونا ہے۔شکریہ۔

فقط

مخلص۔ ریحانہ

---

## دیر سے جواب دینے پر

خالہ پیاری۔

آداب!

نہایت ادب سے معذرت خواہ ہوں کہ آپ نے مجھے پچھلے مہینے خط لکھا تھا لیکن کچھ انتہائی اہم امور میں مصروف رہنے کی وجہ سے افسوس آپ کے خط کا بروقت جواب نہ دے سکی۔

یہ مت سمجھئے کہ میں کوئی عذر لنگ پیش کر رہی ہوں۔ میرے عذر کی معقول شہادتیں ہیں داتا صاحبؒ کے عرس کی وجہ سے ہمارے گھر اتنے مہمان آئے ہوئے تھے کہ مجھے خط لکھنے کی بھی فرصت نہیں ملی۔

کیا اچھا ہوتا کہ آپ بھی ہمارے گھر آئے ہوئے عزیزوں رشتے داروں کے اس رنگ برنگے ہجوم سے لطف اندوز ہوتیں اور نہ آنے کا عذر نہ کرتیں۔ معذرت تو آپ پر واجب ہے!

فقط۔ آپ کی پیاری۔ فرزانہ

---

## بیمار پرسی کے لیۓ

عم محترم۔

آداب!

یہاں ہم سب آپ کی صحت کے بارے میں جاننے کے لیے بے چین ہیں۔

راولپنڈی میں حالیہ سردی کی لہر کے دوران ہمیں آپ کے شدید نزلہ زکام میں مبتلا ہونے کی تشویش ناک اطلاعیں ملی تھیں۔ آپ یہاں لاہور کیوں نہیں آجاتے جبکہ

وہاں برف پڑ رہی ہے۔

براہ کرم اپنی صحت کا خیال رکھیئے۔واقعی یہ انتہائی مناسب ہو گا کہ آپ ہمارے ہاں آجائیں اتنے میں راولپنڈی کا موسم بہتر ہو یہاں ہمارے پاس ٹھہریں۔فقط

آپ کی پیاری بھتیجی۔روحی

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

عزیزہ روحی۔

دعا!

میری صحت کی طرف سے پریشان نہ ہو۔میں خود بڑا پریشان ہو رہا ہوں۔میری بیٹی میرا ہر طرح خیال رکھتی ہے۔اگر میری گھڑی آنی ہی ہے تو پھر پریشان ہونے کا فائدہ؟ ناگزیری کی زد میں لاہور بھی ایسے ہی جیسے کہ راولپنڈی۔

اگر مجھے امسال یا اگلے سال مرنا ہی ہے تو پھر کیوں نہ گھر پر مروں۔لیکن ایسا کوئی فوری خطرہ یا پریشانی نہیں۔ہر ایک کو فلسفیانہ انداز میں موت کے لیے ہر وقت تیار رہنا چاہیے۔اس میں عمر اور موسم کا کوئی دخل نہیں۔

ڈھیروں پیار کے ساتھ۔

تمہارا پیارا

چچا

---

## حادثے پر عیادت

عزیزم برجیس۔

دعائیں!

ہمیں سب کو یہ جان کر بڑا دکھ ہوا کہ مری جاتے ہوئے تمہاری کار کا حادثہ ہو

گیا۔

تاہم ہمیں یہ جان کر کہ حادثہ معمولی تھا اور تم تیزی سے روبصحت ہو رہے ہو یک گونہ تسلی ہوئی۔

اپنی صحیح حالت سے براہ کرم جلد مطلع کرو اور لکھو کہ پنڈی سے تو کوئی دوا بھیجنے کی ضرورت نہیں؟

ہم بواپسی ڈاک تمہارے جواب کے منتظر ہیں۔فقط

تمہارا پیارا بھائی۔اظہر

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے بھائی جان۔

تسلیم!

آپ کے خط کا شکریہ۔حادثہ واقعی معمولی تھا۔اب میں بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں

فقط۔آپ کا بھائی

برجیس

---

## تعزیت نامہ

خالہ پیاری۔

آداب!

آپ کے دکھ سے میں بھی دل گرفتہ ہوں۔جی چاہتا ہے کہ اس اندوہناک موقع پر اڑ کر میں آپ کے پاس پہنچ جاؤں۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔آمین

انتہائی غم واندوہ کے ساتھ

آپ کی بھانجی۔خدیجہ

---

## پہاڑی مقام کی سیر کا دعوت نامہ

پیارے قمر۔

سلام مسنون!

اپنے دعوت نامے کا شکریہ قبول کرو۔مگر بات یہ ہے کہ صورت حال ویسی نہیں جیسی کہ نظر آتی ہے۔اگلے مہینے میرے امتحانات ہونے والے ہیں اس لیے میں باہر نہیں جا سکتا کہ اس سے میرا ٹائم ٹیبل لائبریری اور دوسری سہولتیں نہ ہونے کی وجہ سے متاثر ہو گا امی کو تم جانتے ہی ہو کہ گھر پسند خاتون ہیں وہ ریفریجریٹر یا ائر کنڈیشنگ پلانٹ کے ذریعے گھر ہی کو مری بنانا پسند کریں گی بہ نسبت اس کے کہ مری کا سفر اختیار کریں۔رہ گئی بچوں کی بات تو مری کی بجائے کراچی کی ضد کر رہے ہیں۔

ہر حال میں اپنے اہل خانہ کو اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش کر رہا ہوں اور حتمی جواب اگلے ہفتے دوں گا۔

فقط

تمہارا۔نواز

---

## رہائش کی پیش کش پر

مکرمی زاہد صاحب۔

تسلیم وتحیہ

بکمال مہربانی آپ نے کراچی میں اپنے فلیٹ میں موسم گرما کے دو ماہ

گزارنے کی پیش کش کی ہے۔واقعی یہ موقع ایسا ہے، جسے ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے۔

ہم کراچی بذریعہ تیز گام ۲۳ مارچ کو یوم پاکستان شہر لاہور میں دیکھنے کے فوراً بعد پہنچیں گے۔

باقی باتیں ملاقات پر۔

فقط

آپ کا مخلص۔شمشیر

مندرجہ بالا کے جواب میں

مکرمی شمشیر صاحب۔

تسلیم وتحیہ!

میری پیش کش قبول کرنے پر آپ کا شکریہ۔میری کار ۲۵ مارچ کو اسٹیشن پر موجود ہوگی تاکہ جب آپ تیز گام سے کراچی پہنچیں تو وہ آپ کو گھر لے آئے۔ اگر ڈرائیور آپ کو نہ پہچان سکے تو ازراہ کرم آپ خود کار نمبر کے سی ایل ۹۹۹۹ ڈھونڈ لیجئے۔

آپ کی پر مسرت آمد کے منتظر۔

آپ کا مخلص

زاہد۔

---

## غیر حاضر خالہ کے نام

پیاری خالہ صاحبہ۔

آداب!

آپ خط لکھے بغیر اتنے طویل عرصے تک ہم سے دور کیسے رہ سکتی ہیں؟ کیا

نئے ماحول نے آپ کو اپنے پرانے عزیز رشتے دار بھی بھلا دیئے ہیں؟

لوگ کہتے ہیں "خون پانی سے گاڑھا ہوتا ہے"۔ اب آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا۔

فقط

آپ کا بھانجا۔ اکرم

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے اکرم۔

دعا!

تم مجھے اتنے ہی پیارے ہو جتنا کہ میرا اپنا بیٹا۔ تمہارے میرے درمیان پانی نہیں گاڑھا خون ہے۔

افسوس کہ میں تمہیں خط نہ لکھ سکی کہ جب سے یہاں آئی ہوں میری طبیعت ٹھیک نہیں رہتی۔ اب میں بہتر ہوں۔ پریشانی کی کوئی وجہ نہیں۔

فقط

تمہیں پیار کرنے والی۔ خالہ

---

## دواؤں کی ترسیل

پیاری امی جان۔

آداب!

میں آپ کے طلب کرنے پر ابتدائی طبی امداد کی دواؤں کا ایک پیکٹ بھیج رہا ہوں۔ ان تمام دواؤں پر استعمال کی ہدایات لکھی ہوئی ہیں جن پر احتیاط سے عمل کرنا چاہیئے۔

علاوہ ازیں میں معمولی بیماریوں کے علاج کی مجوزہ ادویہ کی ایک کتاب بھی اس

کے ساتھ بھیج رہا ہوں۔

فقط

آپ کا پیارا بیٹا۔شاہد۔

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

شاہد میاں۔

دعائیں!

مجھے تمہارا بھیجا ہوا پارسل ملا۔ ہر چیز صحیح سالم تھی۔شیشیاں بھی ہر طرح محفوظ و سر بند تھیں۔

یہ پیکٹ بھیج کر تم نے بڑی مہربانی کی کہ اس جنگل میں غذا سے زیادہ اہم و ضروری دوائیں ہیں۔

تمہارا بہت بہت شکریہ۔

فقط

تمہاری پیاری۔امی

---

## پر مسرت وقت گزارنے پر

پیارے چچا جان۔

آداب!

پچھلے پیر کو آپ ہمیں چڑیا گھر لے گئے۔آپ نے ہم پر بڑی ہی مہربانی فرمائی میں یہ خط آپ کو یہ بتانے کے لیے لکھ رہا ہوں کہ میں چچی جان، پپی، ببو اور نیلو کی معیت میں اس دن سے بڑا محظوظ ہوں۔

آپ نے ہمیں پر مسرت موقع فراہم کیا، اور میں سمجھتا ہوں کہ میں بڑا ہی خوش

قسمت تھا کہ آپ کے ساتھ چڑیا گھر میں آئس کریم کھائی اور لطف اندوز ہوا۔

حقیقت میں جو وقت آپ کے ساتھ گزارا نہایت شاندار تھا۔

فقط

آپ کا پیارا۔شفیع

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے شفیع۔

دعائیں!

ہم چڑیا گھر میں تمہاری محبت سے کس قدر محظوظ ہوئے اس کے بارے میں چند سطریں تحریر ہیں۔ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس لطف انگیز تفریح کا منصوبہ تمہیں نے بنایا تھا۔آئس کریم پارٹی کی تجویز بھی تمہاری ہی اختراع تھی۔

میں نے کبھی خود کوئی کام سر انجام نہیں دیا۔ہم سب تمہارے مشوروں کو سراہتے ہیں۔

فقط۔دعا گو۔عبدالرحیم

---

## عید کا تحفہ بھیجنے پر

بیٹے۔

دعائیں!

تمہاری زندگی کو سال بھر تک شیریں بنائے رکھنے کے لیے مٹھائی کا ایک چھوٹا سا ڈبہ ارسال ہے۔

تمہاری پیاری

امی

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

پیاری امی جان۔

آداب!

عید پر مجھے جتنے تحفے ملے ان میں سے سب سے پیارا تحفہ آپ کا تھا۔ آپ کتنی اچھی ہیں کہ مجھے مٹھائی بھیجی! یہی وہ چیز تھی جس کے خواب میں سکول میں دیکھتا رہا تھا۔ آپ کی مٹھائی کی میرے ان دوستوں نے بھی بڑی تعریف کی جنہیں میں نے عید پر چائے کی دعوت دی ہوئی تھی۔ ان کا شکریہ بھی قبول فرمائیے۔ فقط

آپ کا ننھا

---

## وصی بنانے کے لئے

پیارے حسن

دعا!

تم سے ایک اعانت چاہتا ہوں، اگرچہ قوی امید ہے کہ تم اسے قبول کرلو گے چونکہ میرا بیٹا ابھی نابالغ ہے اور موت میرے سر پہر منڈلاتی نظر آرہی ہے اس لئے میں تمہیں اپنا وصی مقرر کرنا چاہتا ہوں۔

مجھے تمہارے سوا کوئی ایسا نظر نہیں آتا جو کہ ایک وصی کی ذمہ داریاں شعور وفہم کے ساتھ پوری کرسکے۔ لہذا کیا میں تمہارا نام اپنے وصی کے طور پر لکھ دوں؟

میں جانتا ہوں کہ یہ ایک بے صلہ کام ہے۔ اگر تم ہاں کرتے ہو تو مرنے کے بعد بھی میری روح کو اطمینان حاصل رہے گا کہ میرے بیٹے کا مستقبل ہر طرح مکمل طور پر محفوظ ہے۔

فقط

تمہارا چچا

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے چچا جان۔

آداب!

آپ کے اندیشے جان کر از حد صدمہ ہوا۔ میرے خیال میں آپ اپنے بیٹے کے مستقبل کے بارے میں ناحق پریشان ہو رہے ہیں۔ اگر ہماری سب کی بدقسمتی سے وہ ناگزیر وقت آ گیا تو یقین رکھیے کہ آپ کے بیٹے کے مستقبل کا ہر نوع تحفظ کیا جائے گا۔

آپ کو مجھے اپنا وصی مقرر کرنے کے لئے میری اجازت کی ضرورت نہیں۔ فقط

آپ کا پیارا بھتیجا۔ حسن

---

## تمام اعزہ کو وفات کی اطلاع دینا

پیارے ..............

میرے چچا خورشید حسن صاحب مشیت ایزدی سے ۵ فروری کو اس جہان فانی سے عالم جاودانی کو انتقال فرما گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

رسم قل ۷ فروری ۲۰۰۳ء کو ادا کی جائے گی۔ اطلاعاً تحریر ہے۔ فقط

آپ کا پیارا

حسن

# تیسرا باب

## بچوں کے خطوط

''آج کا بچہ کل کا باپ ہوتا ہے''۔ورڈس ورتھ

بہترین، مختصر ترین اور شوخ ترین خطوط وہ ہوتے ہیں، جو بچے لکھتے ہیں، بچوں کو لکھے جاتے ہیں یا بچوں کے بارے میں ہوتے ہیں۔ اس لئے کسی خصوصی مہارت یا فنکاری کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ وہ جذبہ کافی ہوتا ہے جسے ''دل کو دل سے راہ ہوتی ہے'' کا جذبہ کہا جاتا ہے۔غلط ہجے اور قواعد کی غلطیاں اس پر اثر انداز نہیں ہوتیں۔البتہ برے خیالات، سفلی جذبات اور احمقانہ احساسات آپ کے خط کو برا یا گھٹیا بنا سکتے ہیں،متعدد عام مثالیں درج ذیل ہیں:

### نئے سال کی تہنیت

پیارے بھائی جان۔

بڑا ہی مزیدار، خوشیوں بھرا نیا سال مبارک ہو!

آپ کی

بہن۔منّی

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیاری بہن۔

تمہاری سنہری مبارکباد کا شکریہ۔خدا کرے تم پر نئے سال کا سورج دودھ، شہد اور گلاب کی بارشیں کرتا طلوع ہو!

تمہارا بھیا

بلو

- - - - - - - - - - - - - - - - - -

## نئے سال کی تہنیت کے دوسرے انداز

(الف) پرانے غم بھلا دو۔ نئی مسرتوں سے دل بھر لو!

(ب) چاہتا ہوں کہ تمہاری خوشیوں کی تمام خواہشیں پوری ہو جائیں!

(ج) خدا کرے نئے سال میں آپ کے سارے سپنے سچے ہو جائیں!

(د) اللہ تمہیں نئے سال میں ترقی اور آسودگی نصیب فرمائے!

(ہ) خدا تمہارے ۲۰۰۳ء کے خواب ۲۰۰۴ء میں پورے کر دے!

- - - - - - - - - - - - - - - - -

## سالگرہ کی مبارکباد

پیاری شگفتہ۔

خدا ایسی ہزاروں سالگرہیں دیکھنا نصیب کرے۔ آمین!

تمہاری۔ شائستہ

- - - - - - - - - - - - - - - -

مندرجہ بالا کا جواب

پیاری شائستہ!

تمہاری مبارکباد کا شکریہ۔ میں بس تب تک ہی جینا چاہتی ہوں جب تک کہ تم زندہ ہو۔ اس سے زیادہ ہرگز نہیں!

تمہاری ۔

شگفتہ

------------

## سالگرہ کی مبارکباد کے دوسرے انداز

(الف) سالگرہ کی خوشیاں مبارک، تمہیں سالگرہ کی خوشیاں مبارک!

(ب) خدا تمہیں یہ دن اتنی بار دکھائے جتنے کہ آدھی رات کے آسمان پر تارے!

(ج) خدا کرے تمہاری سالگرہ پیاری پیاری اور آسمان سی رفعت بخش ہو!

(د) سالگرہ پر پیار بھرا بوسہ حاضر ہے!

(ہ) دولت اور مسرت تمہاری سالگرہ اپنے جلو میں لائے۔ خدا کرے!

---------------

## رقم منگانے کے لئے

پیاری امی جان۔

اگر آپ نے رقم نہ بھیجی تو میں ۔۔۔۔

آپ کا بیٹا

رفو

------------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے رفو۔

اگر تم رقم کے پیچھے دوڑو گے تو اسے کبھی نہ پکڑ سکو گے۔ صبر کرو اور رقم کو اپنے تک پہنچنے دو۔

تمہاری امی

----------------

## رقم منگانے کے چند اور انداز

(الف) پیسے کے بغیر زندگی دوزخ ہوتی ہے۔ میرے پاس پیسے نہیں، اس لئے میری زندگی بھی دوزخ بنی ہوئی ہے۔

(ب) تم نے میرے ساتھ مجھ ہی ایسا برتاؤ کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ براہ کرم رقم لوٹا دیجئے۔

(ج) اگر آپ مجھے پیار کرتے ہیں تو میرا بٹوہ دیر تک خالی نہ رہنے دیجئے۔

(د) اگر آپ مجھے پیار کرتی ہیں تو میرے بٹوے کو بھی پیار کیجئے۔ اسے زیادہ عرصے تک فاقے مت کرائیے۔

(ہ) خدارا میری جان بچائیے اور پانچ سو روپے آج ہی بھیج دیجئے۔

-----------

## ہدایت طلب کرنے کے لئے

پیارے شمو۔

میں گلاب اگانا کیسے سیکھ سکتا ہوں؟

تمہارا

منجو۔۔۔۔۔

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے منجو۔

کوشش سے تم گلاب اگانا سیکھ سکتے ہو۔

تمہارا

شمو۔۔۔۔۔

-------------

## ہدایت طلب کرنے کے چند اور نمونے

(الف) کوشش کرو، کوشش کرو اور پھر کوشش کرو!

(ب) اشرفیاں لٹیں اور کوئلے پر مہر والے مقولے پر عمل کرو۔

(ج) یاد رکھو، وقت کی ایک اور بے وقت کی دس برابر ہیں۔

(د) گھر پھونک تماشا مت دیکھئے۔

(ہ) تم بیک وقت دو کشتیوں میں سوار نہیں ہو سکتے۔

---

## مستعار لینے کے لئے

پیارے زاہد۔

کیا تم اپنی گاڑی ایک دن کے لئے مستعار دے سکتے ہو؟

تمہارا۔۔۔احمد

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے احمد۔

احمق نہ بنو!

تمہارا۔۔زاہد

---

## مستعار مانگنے کے چند اور نمونے

(الف) کیا آپ مجھے ایک دن کے لئے اپنی سائیکل مرحمت فرمائیں گے؟

(ب) کیا تم اپنا کیمرہ دو دنوں کے لئے مجھے مستعار دے سکتے ہو؟

(ج) کل تک کے لئے مجھے آپ کا نیا سوٹ مل سکتا ہے؟

(د) کیا تم مجھے کل امتحان کے لئے اپنا فاؤنٹین پین دے سکو گے؟

(ہ) اپنی چھڑی سکول استاد کو مستعار نہ دیجئے۔ شکریہ!

## ملاقات نامہ

پیارے بندو۔

مجھے اگلی برسات میں دھنک تلے ملنا!

تمہارا۔ چندو

----------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے چندو۔

اطمینان رکھو۔ میں تمہارا وہیں انتظار کر رہا ہوں گا۔

تمہارا بندو

----------

## یاس نامہ

پیاری لبنیٰ

مجھے اندیشہ ہے کہ تم مجھے پیار نہیں کرتیں۔

تمہارا۔ افضل۔

----------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے افضل

اندیشہ کیوں! میری جان۔

تمہاری۔ لبنیٰ

---

## تعزیت نامہ

پیاری انیلا۔

آپ کے باپ کی وفات کی خبر سن کر از حد صدمہ ہوا۔

آپ کی نبیلہ۔

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیاری نبیلہ۔

رنج نہ کرو۔ میرے ابو مرے نہیں، جنت میں چلے گئے ہیں۔

آپ کی انیلا۔

---

## تعزیت کے چند دوسرے انداز

(الف) تمہارے ابو چھپ گئے ہیں، مرے نہیں۔ کیونکہ روح کو موت نہیں آتی۔

(ب) جنہیں خدا پیار کرتا ہے وہ جوان مر جاتے ہیں۔

(د) مشیت ایزدی میں دم مارنے کی گنجائش نہیں۔

(د) اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

(ہ) بعض اوقات موت زندگی سے بہتر ہوتی ہے۔ تمہاری بیمار بہن کے حق میں یہی بہتر تھا۔

---

## رقم کی ترسیل

۵۵۔پارک لین، لاہور

یکم جنوری ۲۰۰۴ء

پیاری لیلیٰ۔

دعا!

پرمسرت نئے سال کے لئے تحفہ ارسال ہے۔میں تمہیں پانچ سو روپے کا منی آرڈر بھیج رہی ہوں۔نئے برس کی ابتداء کفایت شعاری سے کرنا جیسے کہاوت میں ہے ''بچائی ہوئی رقم بھی کمائی ہوئی جیسی ہوتی ہے''مطلب یہ نہیں کہ تم کتنا خرچ کرسکتی ہو بلکہ سوال یہ ہے کہ تم کس قدر کم پر گزارہ کرسکتی ہو۔اگر تم زیادہ کماؤ گی اور کم خرچ کروگی تو زندگی بھر خوش وخرم رہوگی ہر شخص پیسہ کمانے اور خرچ کرنے میں لگا ہوا ہے۔جو لوگ جو کماتے ہیں سارا ہی خرچ کرڈالتے ہیں اکثر تنگ دست رہتے ہیں۔ہمیں برے دنوں کے لئے ضرور کچھ پس انداز کرنا چاہیئے۔اور زندگی میں کامیابی کا انحصار اسی پر ہے کہ زیادہ سے زیادہ کمایا جائے اور کم سے کم خرچ کیا جائے۔

لہٰذا ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ تم نئے سال میں ان پانچ سو روپوں کو کب تک چلاتی ہو۔جب تم یہ رقم خرچ کرلو تو مجھے اپنا حساب لکھ بھیجنا۔

ازحد پیار محبت کے ساتھ۔

تمہاری۔۔۔امی

---

## کفایت شعار پر

۲۵۔لطیف لین، سیالکوٹ

۹ جنوری ۲۰۰۴ء

پیارے ریاض۔

دعا!

کیا تم نے سقراط کے بارے میں سنا ہے؟ وہ دنیا کے عظیم انسانوں میں سے تھا۔ وہ یونانی فلسفی تھا۔ جب وہ خریداری کرنے بازار جاتا تھا تو یہ نہیں کہتا تھا کہ ''مجھے یہ چاہئے اور مجھے یہ درکار ہے'' بلکہ یوں کرتا تھا کہ دکان میں جھانکتا اور کہتا ''نہ مجھے اس کی ضرورت ہے اور نہ مجھے یہ درکار ہے'' اس سے اس نے یہ معلوم کرلیا کہ ان میں سے بیشتر چیزوں کے بغیر زندگی بسر کرسکتا ہے جن کی دوسروں کو طلب ہوتی تھی۔ اسے کئی ایک ایسی چیزوں کی طلب نہ ہوتی تھی جن کی طلب میں دوسرے مرے جاتے تھے۔

تمہیں جتنی طلب ہوگی اتنا ہی تمہیں کمانا بھی پڑے گا۔ تمہارے اعضاء شل ہو جائیں گے اور آخر ایک دن تم چور بن جاؤ گے۔ آج کل ہم جن امیر آدمیوں کو دیکھتے ہیں نا ان میں زیادہ تر قانونی اعتبار سے چور ہوتے ہیں۔ مگر ہم انھیں الزام نہیں دے سکتے کہ ان کے اخراجات تو بے تحاشا بڑھتے چلے جاتے ہیں لیکن ان کی آمدنی کی رفتار سست ہوتی ہے۔ وہ اپنی کمائی سے زیادہ خرچ کرتے ہیں۔ وہ ہر جائز و ناجائز طریقے سے گزارہ کرتے ہیں۔

سقراط اور اسی طرح کی دوسری عظیم ہستیاں خوش رہتی تھیں اور ایمان دار تھیں محض اس لیے کہ ان کی ضرورتیں انتہائی کم تھیں۔

تم بھی ان میں سے کسی ایک کی پیروی کرو۔

تمہارا پیارا۔ باپ

---

## اچھے دوستوں کی صحبت اختیار کرنے کیلئے

۲۲۲۔ٹمپل روڈ،لاہور

جنوری۳/۴/۲۰۰۴ء

پیارے نجیب۔

آدمی اپنے دوستوں سے پہچانا جاتا ہے۔سونے کا ٹکڑا پیتل کے ڈھیر میں پیتل ہی نظر آنے لگتا ہے۔ہم سب ہیرا کیوں نہیں ڈھونڈ پاتے؟اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ لاکھوں من کوئلے میں ملا ہوا ہوتا ہے۔

لہٰذا ہمیشہ اچھے بچوں کی صحبت میں رہو۔چاہے سکول میں ہو یا باہر بازار میں۔ ایسا کرو گے تو جلد کامیابی کو پالو گے۔اور تم محنت و کوشش کے بغیر بہت سی باتیں سیکھ لو گے۔ہر شخص تمہیں پیار کرے گا۔اور تمہاری تعریف کرے گا۔

بے حد پیار کے ساتھ۔۔۔۔۔۔

تمہاری خالہ

---

## فرماں برداری پر

آر۔۷۶۔مسلم روڈ

سمن آباد۔لاہور

۴۔جنوری ۲۰۰۴ء

پیارے جلیس۔

مجھے یہ جان کر دکھ ہوا کہ تم اپنے بڑوں اور استادوں کی بات نہیں مانتے۔ یہ کوئی اچھی خبر نہیں۔اگر تم حکم چلانا چاہتے ہو تو پہلے حکم ماننا سیکھو۔جیسا کہ تم جانتے ہو اچھے سپاہی ہی عظیم سپہ سالار بنتے ہیں۔اگر تم فرماں برداری نہیں سیکھو گے تو تمہیں

حکمرانی کرنا کبھی نہیں آئے گا۔

تم انگریزی لفظ ''Understand'' سے تو واقف ہی ہو۔ یہ دو لفظوں ''under'' بمعنی نیچے اور ''stand'' بمعنی کھڑے ہونا کا مرکب ہے۔ اگر تمہیں کچھ سیکھنا ہے تو پھر تمہیں اپنے استادوں کے زیر سایہ کھڑا ہونا پڑے گا۔ یعنی اس کا حکم ماننا ہوگا اور اگر تم اپنے بڑوں اور استادوں کے سر پر ناچو گے تو پھر کچھ بھی نہ سیکھ سکو گے۔

سدا بہار

پیار کے ساتھ۔

تمہارا محبت۔ نجیب

---

## محنت کرنے پر

جناح میموریل اسکول، گجرات

جنوری ۲۰۰۲/۵ء

پیارے نوید۔

دعا!

تمہاری کالج رپورٹ دیکھ کر صدمہ ہوا اور یہ جان کر دکھ کہ تم پڑھائی پر چنداں متوجہ نہیں۔ یہ معلوم ہوا کہ تمہیں کھیلوں سے انتہائی دل چسپی ہے۔ کھیل اچھے تو ہوتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ تم پڑھائی کو بالکل ہی نظر انداز کر دو۔ کھیل کی زیادتی اسی طرح مضرت رساں ہے جیسے کہ پڑھائی کی زیادتی۔ زیادتی ہر چیز ہی کی مضر ہوتی ہے۔ جیسا کہ لوگ کہتے ہیں ''بہت زیادہ کھیلنے سے تم بدن کو تو پروان چڑھاتے ہو لیکن روح کو فاقے کراتے ہو''۔

اپنی پڑھائی کو نظر انداز مت کرو کہ تمہارے انٹر میڈیٹ کے امتحانات اب قریب آ گئے ہیں تم نے بڑی تھوڑی عمر میں میٹرک کا امتحان پاس کیا تھا۔ مجھ امید ہے کہ بی۔ اے بڑی عمر میں پاس نہیں کرو گے۔ اس خرگوش کی طرح مت بنو جو شروع میں تو بہت تیز دوڑا اور پھر پڑ کے سو گیا۔ آخر کو کچھوے نے اسے جھٹ جا لیا۔

محبت اور مٹھائی کے ڈبے کے ساتھ

تمہارے پیارے۔ ابو جان

---

## بچے رکھنے کے بارے میں

رتن سٹریٹ، بمبئی

جنوری ۲۲/ ۲۰۰۳ء

پیارے پیر زادہ۔

ڈھیل دینے سے بچہ نہیں بگڑتا۔ یہ مت سوچو کہ بڑے بوڑھے ہمیشہ ہی صحیح کہتے رہے ہیں۔ یہ کہنے سے میرا یہ مطلب نہیں کہ بڑے بوڑھے ہمیشہ ہی غلطی پر تھے۔ ان کی کہن ان کے حالات کے ساتھ مشروط تھی۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ جدید حالات کا تقاضائی سوچ ہے۔ ہمیں وہ سیکھنا چاہیے جو ہر زمانے کے لئے بہترین ہو۔ ہمارا مقولہ ہونا چاہیے۔ "مشرق اور مغرب دونوں سے فراست حاصل کرو"۔

فی زمانہ چھڑی کے استعمال سے بچے ڈھیل دینے کی نسبت زیادہ بگڑتے ہیں۔

اگر تم بچے کی اچھی تربیت کرنا چاہتے ہو تو اسے اپنے برابر کا سمجھو۔ اسے ہر خطا پر نہیں مارنا چاہیے۔ بہتر یہ ہے کہ اسے سمجھاؤ اس پر اپنے خیالات سے فتح پاؤ۔ تمہیں اسے کسی فعل کی اچھائی برائی کا قائل بنانا چاہیئے۔ یہ سختی کی نسبت زیادہ بار آور ہے۔

تم ایک بچے کو اپنی پیروی پر تو مجبور کر سکتے ہو لیکن جبر سے تم اسے اپنا پیرو کار نہیں بنا سکتے صرف اسی وقت وہ تمہارے کہنے پر چلے گا جب اسے تمہاری ہدایت کے سچا

ہونے کا یقین ہو جائے گا محض منطق سے بچہ کا دل نہیں جیتا جا سکتا۔ محبت سے بڑی کوئی منطق نہیں۔ تمہیں ہمیشہ اس کے دماغ کی بجائے دل میں گھر کرنا چاہیے۔

تعلیم میں لمبی چھڑی کی مداخلت سے تعلیم ضائع ہو جاتی ہے۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے چوہا نکالنے کے لئے گھر پھونک دیا جائے۔ ہوسکتا ہے کہ گھر جل جائے اور چوہا پھر بھی نہ نکلے کہ وہ فرش کے نیچے سویا پڑا ہو اور راکھ کے ڈھیر میں اپنا راستہ بنا لے۔

بچے کے ساتھ سختی کی نسبت عقل سے کام لو۔ واقعی وہ تمہاری چھڑی سے زیادہ زبان سے ڈرتا ہے۔ چھڑی سے زیادہ کامیاب میٹھی زبان ہو سکتی ہے۔ آنکھ کا معمولی سا اشارہ ٹرٹر کرتی زبان سے زیادہ بہتر کام کرتا ہے۔ ہمدردانہ خاموشی تعلیم و تربیت کا حقیقی جزو ہے۔ ایک چھوٹی سی مثال طویل وعظوں کے ہم قدر ہے۔ سوچئے، سوچئے، سوچئے۔ بچے کی سوچنے میں اعانت کیجئے اور اس کی بہترین صلاحتیں بروئے کار لائیے۔

فقط

آپ کا مخلص۔ مفیض

---

## بچے کی تعلیم کے بارے میں

۶۷۔ نیلم پارک، گوجرانوالہ

۷ افروری، ۲۰۰۳ء

پیاری رفعت

نازیہ میری دوسری بیٹی گھر پر تو بڑی ذہانت بگھارتی ہے لیکن سکول میں اپنی کلاس کے بچوں میں سب سے پھسڈی ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟ اپنی سی کوشش میں بہتیری کرتی ہوں لیکن وہ کتابوں پر ذرا توجہ نہیں دیتی۔ اس کا دل باغبانی، مصوری اور پھول چننے میں بڑا لگتا ہے

میں نہیں سمجھتی کہ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

تمہاری۔ سعدیہ

---------------

## مندرجہ بالا کا جواب

کاشانہ کمال

سمن آباد۔ لاہور

۱۰ جنوری ۲۰۰۴ء

پیاری سعدیہ

اگر نازیہ کا دل باغبانی، پھول چننے اور مصوری میں لگتا ہے تو تم کیوں اس کی توجہ جغرافیہ اور تاریخ، ریاضی اور جیومیٹری کی طرف مبذول کراتی ہو؟

کیا باغبانی ریاضی سے زیادہ سریلی نہیں؟ کیا گل چینی گھریلو حساب سے زیادہ لطیف نہیں؟ کیا مصوری تاریخ و جغرافیہ سے بہتر نہیں۔

نازیہ کو اپنے طبعی میلانات کے مطابق چلنے دو اور اس کی ان صلاحیتوں کو بہترین طریقے پر بروئے کار لانے میں اس کی مدد کرو۔ حقیقی تعلیم ہے بھی یہی۔ معلوم ہوتا ہے کہ تم اس کے میٹرک پاس کرنے کے بارے میں کچھ مایوس ہو۔ یوں لگتا ہے کہ تم اس بات سے ڈرتی ہو کہ لوگ کیا کہیں گے کہ اس کی بیٹی میٹرک پاس بھی نہیں۔ میٹرک ہوتا ہی کیا ہے؟ وہ کسی چیز کا ماہر تو ہوتا ہی نہیں۔ وہ تو کسی ہنر کی معمولی شدھ بدھ بھی نہیں رکھتا۔

اپنی بیٹی کو اس کے طبعی میلانات کا اتباع کرنے دو۔ وہ دنیا میں کچھ بن جائے گی۔ اگر تم اس کے میلانات کو دباؤ گی تو وہ کسی کام کی نہ رہے گی۔

اسے اسکول سے اٹھا لو اور گھر پر پڑھاؤ۔ اس کی تم خود مدد کرو اور اگر ممکن ہو تو ایک ٹیوٹر رکھ لو یا پھر اسے کسی آرٹ سکول میں بھیج دو۔ جہاں باغبانی اور مصوری کی

تعلیم دی جاتی ہو۔

اور اگر کچھ بھی کرنا ممکن نہ ہو تو پھر اسے اپنی راہنمائی خود کرنے دو۔ اسے ایسی کتابیں خرید دو جن کی اسے ضرورت ہو۔ طویل تجربے سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ بچہ خود اپنا بہترین استاد ہوتا ہے۔ تمام علم لوگوں سے نکل کر کتابوں میں پہنچ جاتا ہے اور پھر کتابوں سے نکل کر لوگوں تک پہنچتا ہے۔

اپنی بچی کو خود اپنا راہنما اور استاد بننے دو۔ تم بس صبر سے بیٹھی دیکھتی رہو۔ ہم تو بس زمین میں بیج بوتے ہیں جو تناور درخت بن جاتا ہے۔ زمین، دھوپ، پانی اور ہوا سے پودا پیدا ہوتا ہے اور پروان چڑھتا ہے۔ انہیں نازیہ کا بھی استاد بننے دو۔ فقط

تمہیں پیار کرنے والی۔ رفعت

---

## مسئلہ بچہ کے بارے میں

۳۶/۶، پارلیمنٹ سٹریٹ

اسلام آباد۔

مارچ ۲۲/ ۲۰۰۴ء

مکرمی جناب مرشد صاحب۔

تسلیم۔ میرا بچہ رفیق ہمارے لئے مسئلہ بن گیا ہے۔ وہ خواہ مخواہ لڑتا جھگڑتا پھرتا ہے اور گھر اور باہر دونوں جگہ گند بکتا ہے۔ اپنی تعلیم پر توجہ نہیں دیتا۔ بچوں کو مارتا ہے۔ پیسے اور مٹھائی چراتا ہے، کتوں اور دوسرے جانوروں کی ٹانگیں توڑ ڈالتا ہے، چڑیوں اور پروانوں کو ہلاک کر دیتا ہے۔ وہ بڑی ہی مصیبت ہے۔ میری زندگی جہنم بن کر رہ گئی ہے۔ میں کیا کروں؟

فقط

آپ کی نیاز مند۔ ثریا

---

## مندرجہ بالا کے جواب میں

۹۰۔کے،ایم پارک کالونی۔بھیرہ

۱۱جنوری،۲۰۰۳ء

عزیزہ محترمہ

دعا۔ مجھے یقین نہیں آتا کہ ایسی اچھی ماں کا بچہ اتنا بڑا بھی ہوسکتا ہے۔گلاب کے پودے پر مرچیں نہیں لگتیں۔کہیں کوئی کجی ہے۔تمہیں بچے کو سمجھنا چاہیے اور بچے کو تم اپنے آپ کو سمجھنے دو۔

کیا تم اکثر و بیشتر بچے کو تنبیہ و فہمائش کرتی رہی ہو؟ دیکھو، اس کا کوئی فائدہ نہ ہو گا۔جتنا تم اسے ڈانٹو پھٹکاروگی اتنا ہی وہ بگڑتا جائے گا۔کیا تم وقتاً فوقتاً رفیق کو مارتی ہو! تو پھر اس سے زیادہ نقصان دہ اور کوئی چیز نہیں ہوسکتی۔کیا تم بچے کو چور کہتی ہو؟ اگر ایسا کرتی ہو تو واقعی چور بن جائے گا۔

تم کہتی ہو کہ بچہ مٹھائی اور پیسے چراتا ہے۔وہ مٹھائی اور پیسوں کا کیا کرتا ہے؟ کیا وہ مٹھائی کھالیتا ہے یا اسے بیچ دیتا ہے؟ کیا وہ پیسے جمع کرتا ہے یا اس کی اور مٹھائی خرید لیتا ہے کیا وہ مٹھائی کی رقم بنالیتا ہے یا رقم کی مٹھائی بنالیتا ہے؟ اگر وہ مٹھائی کھالیتا ہے تو پھر وہ چور نہیں۔اسے چور مت کہو۔اسے اس وقت تک مٹھائی دیتے رہو جب تک کہ اس کا جی نہ بھر جائے۔جب وہ جی بھر کے مٹھائی کھالے گا تو پھر وہ نہ تو مٹھائی چرائے گا اور نہ پیسے۔

مجھے یاد ہے کہ پچھلی دفعہ تم نے مجھے بتایا تھا کہ وہ لوگوں میں مٹھائی بانٹتا ہے۔ اس نے اسے "مخیر" اور انسان دوست بنادیا ہے!وہ چور نہیں۔ساری خیراتیں آخر کار چوری میں ڈھل جاتی ہیں۔ہم وہی فراخ دلی سے بانٹتے ہیں جو آزادی سے چراتے ہیں۔اگر جو لوگ اپنے ماتھے کے پسینے کی روزی کماتے ہیں تو وہ بہت کم اپنی کمائی

سے دوسروں کو بانٹتے ہیں۔ اور وہ جو کچھ دیتے ہیں تو وہ لذت میں من وسلویٰ سے زیادہ مزے دار ہوتا ہے۔

تم نے کہا کہ تمہارا بچہ دوسرے بچوں کو مارتا ہے۔ جانوروں، چڑیوں اور مکھیوں کو مارتا ہے۔ وہ کیوں کرتا ہے ایسا! میرا خیال ہے کہ اس کے اعضاء کو ورزش کی ضرورت ہے اور فاضل قوت کے اخراج کا ذریعہ بھی۔ تم اسے کسی سے مکا بازی (باکسنگ) سیکھنے کو بھیج دو۔ اس کی قوت ایک کارآمد سرمایہ بن جائے گی۔ وہ اپنا اور دوسروں کا تحفظ کرنا سیکھ جائے گا۔ اور چور نہیں بن جائے گا۔ وہ خاندان کا ایک مضبوط ستون بن جائے گا۔

تم کہتی ہو کہ وہ پڑوس میں گالیاں بکتا پھرتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک بڑا پارلیمانی نقاد بننے کی سعی کر رہا ہے۔ تم اسے تقریر کرنا کیوں نہیں سکھاتیں؟ وہ مقرر بن سکتا ہے، سیاستدان، وزیر یا وزیراعظم تک بن سکتا ہے۔

تم رفیق کے ساتھ انصاف سے کام نہیں لے رہیں۔ وہ قطعی طور پر برا نہیں۔ وہ بنیادی طور پر نیک ہے۔ وہ بڑا راہنما ہو گا۔ بس اسے صحیح تربیت دو۔ یاد رکھو کہ ہندوستان میں برطانوی سلطنت کا معمار رابرٹ کلائیو رفیق سے بہتر نہیں تھا۔ لوگوں نے اسے اس لئے اپنے ملک سے نکال کر ہندوستان بھیجا تھا کہ وہ انگلستان میں ایک اچھے شہری کے طور پر رہنے کے لائق نہ تھا۔

لہٰذا اپنے رفیق کا مستقبل برباد نہ کرو۔ اعتماد اور ہمدردی کے ساتھ غور کرو اور اس کی صحیح سمت میں راہنمائی کرو۔

فقط

دعوات وبرکات کے ساتھ

دعا گو۔ مرشد

---

# چوتھا باب

## دوستانہ وحریفانہ مکاتبت

’’دوست میرے بے شمار ہیں‘‘۔شیکسپیئر

زندگی میں رشتے داروں سے زیادہ دوست اور حریف اہمیت رکھتے ہیں۔آپ اپنے رشتے داروں کوتو چھوڑ سکتے ہیں لیکن دوستوں اور ہم کاروں کونظر انداز نہیں کر سکتے۔آپ کی زندگی اور رہن سہن کا زیادہ تر انحصار انہی پر ہے۔کامیاب زندگی گزارنے کا فن دراصل فن دوست سازی ہی ہے۔

### تعلقات دوبارہ استوار کرنے کیلئے

۴۷۔روشن آرا روڈ

کراچی۔۲۹

پیارے ظفر۔

تمہارا آخری خط ملنے کے بعد سے اب تک بہت سا پانی سندھ اور جہلم کے پلوں تلے سے بہہ چکا ہے۔یہاں سردی کی لہر آئی ہوئی ہے۔کوئٹہ میں تو برف باری ہورہی ہوگی۔

یہاں میدان میں ہمارے ساتھ ایک مہینہ کیوں نہیں گزار لیتے ؟لکھو،تم کب آرہے ہو؟

فقط مخلص

محمد میاں

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے محمد میاں!

تمہاری یاد آوری کا شکریہ۔ باہر برف باری ہو رہی ہے اور میں اندر سنہری آگ کے سامنے کمبل میں یوں لپٹا بیٹھا ہوں جیسے جھاڑی میں گلاب۔ جی چاہتا ہے کہ تم یہاں ہوتے اور کوئٹہ کی سردی پر نظم کہہ رہے ہوتے۔

آنا تو چاہتا ہوں پر آ نہیں سکتا! زندگی کے اپنے تقاضے ہیں حتیٰ کہ برف کی چادر تلے بھی!

امید ہے کہ تم سب بخریت ہو گے۔

فقط

خلوص کار۔

---ظفر

---

## قرض لینے کے لئے

۹۔ جناح روڈ۔ کوئٹہ

فروری ۷/۴/ ۲۰۰۴ء

پیارے صابری

کیا یہ ممکن ہے کہ آپ چند ہزار روپے میرے دوست نقوی کو بطور قرض دے دیں جو حکومت کو آرڈروں کے مطابق اشیاء فراہم کرنے میں مالی دشواریوں سے دوچار ہیں۔ جس کی رقم کی وصولی اگلی اپریل تک متوقع ہے۔

وہ شریف آدمی ہیں۔ قابل اعتماد کاروباری اور بہترین دوست ہیں۔ میں قرض کی ادائیگی کی گارنٹی دیتا ہوں۔

فقط

آپ کا انتہائی مخلص ---شاہد

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. © 2002-2006

خاں

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے شاہد۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ میرا سارا سرمایہ پالی بنک میں منجمد کر دیا گیا ہے کہ اس بنک پر حکومت کی طرف سے دیوالیہ پن کی کاروائی کی جا رہی ہے۔

جیسے ہی حکومت نے بنک کے کھاتہ داروں کو ان کا پیسہ واپس دینے کا اعلان کیا میں بخوشی آپ کے دوست کو مطلوبہ قرض فراہم کروں گا۔

فقط

آپ کا مخلص۔۔۔۔صابری

---

## رہائش حاصل کرنے کیلئے

پیارے حسن۔

ہم اگلی مارچ میں کراچی آنے کا قصد رکھتے ہیں اور وہاں دو ہفتے قیام کریں گے۔

کیا آپ کے لئے ممکن ہے کہ ہمارے لئے کسی مناسب رہائش گاہ کا بندوبست کر دو۔ زیادہ مہنگی نہ ہو، یہ خیال رہے، آپ کے گھر کے قریب کسی ہوٹل میں ایک چھوٹا سا کمرہ کافی ہو گا۔ فقط

خلوص کار۔۔جاوید عارف

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے عارف۔

تعجب ہے کہ آپ یہ بات سنجیدگی سے کہہ رہے ہیں کہ میں آپ کی اقامت کا ہوٹل میں انتظام کروں۔ چورنگی میں میرا اپنا فلیٹ اتنا بڑا ہے کہ ہم دونوں مع اپنے کنبوں کے ایک ماہ یا اس سے زائد مدت تک بھی بسہولت اس میں رہ سکتے ہیں۔

سیدھے چلے آیئے!

اپنے آنے کی اطلاع دیجئے۔ میری کار آپ کو لانے کے لئے اسٹیشن پر موجود ہوگی۔ فقط

مخلص۔ بجن

---

## مشورہ طلب کرنے کیلئے

پیارے سروش۔

میری بیٹی تین برس کی ہونے ہی والی ہے۔ اس کی عمر تقریباً اتنی ہی ہے جتنی کہ تمہارے بیٹے ریحان کی۔ مجھے اسے پڑھنے کے لئے کہاں بھیجنا چاہیے؟ تم ریحان کو کہاں بھیج رہے ہو؟

یہ بہتر رہے گا کہ دونوں ایک ہی سرکاری سکول میں پڑھنے جائیں۔ مشورہ سے ممنون کرو۔

فقط مخلص۔ منظور

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے منظور۔

میں نے سنا ہے کہ حیدر آباد میں ایک نیا پبلک سکول کھلا ہے جس کے اخراجات تو انتہائی کم ہیں اور تعلیم بہترین ہے۔ وہ سکول کیا ہے ایک کنبہ ہے یا کنبہ نما سکول ہے۔ صحیح تعلیم تو یہی ہے جس میں امتحانات اور سرکاری ملازمت کی خواہش کے بغیر زندگی کے سفر کی تیاری کرائی جاتی ہے۔

میں نے اس کے قواعد وضوابط منگائے ہیں ملنے پر تمہیں بھی دکھاؤں گا۔ فقط

آپ کا مخلص ہروش

---

## شادی کا دعوت نامہ

پیارے بھٹی۔

تمہیں مشکل ہی سے یقین آئے گا کہ میں ۲۰ مارچ کو شادی میں شرکت کی وجہ سے دفتر سے غیر حاضر رہوں گا۔ اس سے پہلے میں کبھی شادی میں شرکت کے لئے دفتر سے غیر حاضر نہیں رہا۔ لیکن اس بار میں مجبور ہوں کہ یہ میری اپنی شادی ہے جس میں شرکت میرے لئے ناگزیر ہے۔

ہم ہمیشہ ہی ساتھ رہے ہیں اور اکٹھے کام کیا ہے۔ اس لئے تم بھی دفتر سے اس دن غیر حاضر رہو گے اور زندگی کے اس عظیم مقابلے میں بھی میرے ساتھ رہو گے۔

باقی ملاقات پر۔

فقط

تمہارا ۔

سرفراز

---

مندرجہ بالا کا جواب

ہم اب تک اکٹھے رہے ہیں۔ کیا ہم شادی اکٹھے نہیں کر سکتے؟ کیا شادی

کے بعد ہمیں جدا ہو جانا چاہیے؟

تمہارا۔ بھٹی

---

جواب الجواب

پیارے بھٹی۔

تم ٹھیک کہتے ہو۔ میرے والدین تمہاری شادی کے ساتھ میری شادی کرنے کو آمادہ ہیں بشرطیکہ تمہارے والدین بھی تیار ہوں۔ اسی وجہ سے میں نے تمہیں اپنی شادی پر مدعو کیا ہے۔

۲۰ مارچ تمہارے لئے مناسب رہے گی؟

تمہارا۔۔ سرفراز

---

جواب الجواب کے جواب میں

پیارے سرفراز۔

تم جلیل القدر ہو! عظیم ہو! نرالے ہو! اور بعید الفہم ہو!

جو تاریخ تمہارے لئے مناسب ہے وہی میرے لئے بھی مناسب رہے گی۔

تمہارا۔۔ بھٹی

---

## علالت میں تیمارداری کے لئے

پیاری ریشماں۔

مجھے ٹائیفائیڈ ہو گیا ہے اور ہسپتال میں کوئی میری دیکھ بھال کرنے والا نہیں۔

میری امی بھی بخار میں مبتلا ہیں۔

کیا تم چند روز کے لئے آ سکتی ہو یا کسی کو بھیج سکتی ہو؟

تمہارا مخلص ۔۔۔۔۔۔۔کمال

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

پیارے کمال۔

جب میں خود آ سکتی ہوں تو پھر کسی دوسرے کو تمہاری قربت سے لطف اندوز ہونے کیسے بھیجوں گی۔ میں جب تک زندہ ہوں ہمیشہ آؤں گی۔خدا کا شکر ہے کہ میں زندہ ہوں! پہلی ٹرین یا ہوائی جہاز سے جو بھی ملا آ رہی ہوں۔

فقط

تمہاری

۔۔۔ریشماں

---

## ہسپتال میں داخل دوست کے نام

پیارے لطیف۔

کل مجھے یہ جان کر بڑی حیرانی ہوئی کہ تم پچھلے سات دنوں سے ہسپتال میں ہو اور مجھے کسی ذریعے سے بھی اس کی اطلاع نہ ملی۔

پہلے تو مجھے یہ بتایا گیا کہ ٹانسلز کی وجہ سے تمہارے حلق کا معمولی سا آپریشن ہوا ہے بعد ازاں مجھے معلوم ہوا کہ تم صرف طبی معائنہ کرانا چاہتے ہو۔

مجھے ہسپتالوں کے بارے میں زیادہ علم نہیں۔اگر کسی کو ان سے دل چسپی ہے تو وہ یقیناً تم ہو۔تم ہمیشہ ہر بات میں دل چسپ پہلو مدنظر رکھتے ہو اور ہسپتال میں داخل ہونا بھی دل چسپی کا موجب ہے کہ تم وہاں خوشی خوشی گئے ہو۔

اگر میں تمہیں دیکھنے آؤں تو کیا تمہارا خیال ہے کہ اس سے میرا وقت ضائع ہو گا؟

خلوص کار۔۔۔۔خالد

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے خالد۔

صحیح کہتے ہو۔ یہاں کی زندگی بڑی ہی دل چسپ ہے اور میں یہاں گھر کی پریشان کن ذمہ داریوں سے بچنے کے لئے آیا ہوں۔ اگر تمہیں بچے تنگ کریں تو اس سے بچنے کا علالت بہترین ذریعہ ہے۔ وہ بھی پریشانی محسوس کرتے ہیں۔ یوں ادلے کا بدلہ ہو جاتا ہے۔

مزے دار باتوں کے لئے ضرور آؤ۔ تمہارے وقت کا اور مصرف ہی کیا ہے؟ پچتل سے بھرنے سے بہتر ہے کہ اپنی کشتیاں پھونک دو۔

اگر تمہیں کوئی شک ہے تو اسٹیو مینسن کی ''این اپالوجی فار آئیڈلرز'' پڑھو۔

یہاں آنے پر میں کوئی معذرت پیش نہیں کرتا۔ اور تم بھی بغیر کسی عذر کے مجھ سے مل سکتے ہو۔ فقط

مخلص۔۔۔۔۔۔لطیف

---

# پانچواں باب

## رسمی اور غیر رسمی دعوت نامے

''ناخواندہ مہمانوں کا بھی بسا اوقات خیر مقدم کیا جاتا ہے جب وہ چلے جاتے ہیں'' ۔شیکسپیئر

خط و کتابت کے عام ترین قاعدوں میں ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ کسی دعوت نامے کو کیسے قبول اور کس طرح مسترد کیا جائے ۔پسندیدہ مہمان بننا ایک بڑی خوبی ہے، جس سے ہم میں سے بہت سے لوگ محروم ہیں ۔دعوت نامے ارسال کرنا اور ان کے جوابات دینا ہماری معاشرتی زندگی کا بڑا حصہ ہیں ۔زندگی میں کامیابی کا زیادہ تر انحصار اس طریقے پر ہے جس کے مطابق آپ اس خط و کتابت کو چلاتے ہیں ۔

ہمیشہ یہ اصول یاد رکھیئے ''آپ ایک رسمی خط کا غیر رسمی جواب تو دے سکتے ہیں لیکن کسی غیر رسمی خط کا رسمی جواب نہیں دے سکتے'' ۔

### ضیافت کا رسمی دعوت نامہ

جناب اور بیگم آرائن زیدی ۔

اتوار ۱۱ جون ۲۰۰۴ء کو آٹھ بجے شب

دعوت طعام میں

جناب اور بیگم حیدر سجاد سے ان کی پر مسرت

شرکت کے متمنی ہیں ۔

۴۰۔ رضا سٹریٹ

لاہور ۔

---

## رسمی قبولیت

جناب اور بیگم حیدر سجاد
شکریے کے ساتھ جناب اور بیگم آرائن زیدی
کا دعوت نامہ برائے طعام
اتوار ۱۱ جون ۲۰۰۴ء کو بوقت آٹھ بجے شب
قبول کرتے ہیں۔

۴۴۔ لعل لوٹس لین

لاہور۔

---

## رسمی استرداد

جناب اور بیگم حیدر
نہایت افسوس کے ساتھ
جناب اور بیگم آرائن زیدی صاحب کا
دعوت نامہ برائے طعام مورخہ ۱۱ جون ۲۰۰۴ء
قبول کرنے سے قاصر ہیں کہ پہلے سے کہیں اور مدعو ہیں۔

۴۴۔ لعل لوٹس لین

لاہور

---

## غیر رسمی قبولیت

پیارے زیدی صاحب

۱۱ جون کو آٹھ بجے شب آپ کی دعوت طعام کا شکریہ۔ یقین رکھیے ہم وقت پر حاضر ہو جائیں گے۔

خلوص کار۔ حیدر سجاد

---

## غیر رسمی استرداد

پیارے زیدی صاحب۔

افسوس کہ ہم ۱۱ جون کو آپ کی دعوت طعام میں شرکت سے قاصر ہیں کہ اس دن ہم صابری صاحبان کے ہاں مدعو ہیں۔

خلوص کار۔ حیدر سجاد

---

## غیر رسمی دعوت نامہ برائے طعام

پیارے دلشاد۔

کیا آپ کو معلوم ہے کہ شوخ وشنگ لکی بمعہ ایک یورپی دلہن کے یہاں موجود ہے۔ کل دوپہر کو ہمارے ساتھ ظہرانہ تناول فرمائیے۔

آپ کا

۔۔۔۔۔محمود

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے محمود۔

آپ کے لکی اور بسکٹوں اور دلہن و بچوں کی معیت سے لطف اندوز ہونے کے لئے میں اپنی تمام مصروفیات ختم کر کے آپ کے ہاں پہنچ جاؤں گا۔

آپ کا دلشاد

---

# شادی کا رسمی دعوت نامہ

جناب اور بیگم علی احمد صدیقی۔

اتوار ۱۱ جون ۲۰۰۲ء کو صبح آٹھ بجے

اپنے فرزند عزیز رضی احمد صدیقی سلمہٗ کی

عزیزہ مہ ناز سلمہا کے ساتھ شادی کی تقریب میں

جناب اور بیگم فرید احمد صدیقی صاحب کی پرمسرت شرکت کے

بمقام ۱۱۔ ای بلاک، ماڈل ٹاؤن، لاہور

مستدعی ہیں۔

براہ کرم مندرجہ ذیل پتے پر جواب دیجیے۔

روزولا ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

---

مندرجہ بالا کا رسمی جواب

جناب اور بیگم فرید احمد صدیقی

شکریے کے ساتھ جناب اور بیگم علی احمد صدیقی صاحب کا

دعوت نامہ برائے شرکت در تقریب شادی رضی احمد صدیقی

ہمراہ

مہ ناز بروز اتوار ۱۱ جون ۲۰۰۲ء صبح آٹھ بجے

قبول کرتے ہیں۔

---

مندرجہ بالا کا غیر رسمی جواب

پیارے صدیقی صاحب

۱۱ جون کو صبح آٹھ بجے رضی احمد صدیقی کی شادی میں شرکت کا دعوت نامہ

موصول ہوا۔ بڑی خوشی ہوئی۔

ہم وقت پر پہنچ جائیں گے۔

آپ کا مخلص

فرید احمد

---

## افطار پارٹی میں شرکت کا دعوت نامہ

جناب اور بیگم رحمان خاں

یکم مارچ کو سات بجے شام

ایمپائر ہوٹل میں افطار پارٹی

جناب اور بیگم سلامت اللہ خاں سے ان کی

پرمسرت شرکت کی استدعا کرتے ہیں۔

براہ کرم مندرجہ ذیل پتے پر جواب دیجئے۔

۶۲۔ فیروز پور روڈ، لاہور

---

مندرجہ بالا کا رسمی جواب

جناب اور بیگم سلامت اللہ خاں

یکم مارچ کو سات بجے شام

ایمپائر ہوٹل میں افطار پارٹی میں شرکت کی دعوت دینے پر

جناب اور بیگم رحمان خاں صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

لیکن اس دن مقررہ وقت سے پہلے کراچی کو روانہ ہونے کی وجہ سے اسے قبول کرنے سے قاصر ہیں۔

---

مندرجہ بالا کا غیر رسمی جواب

مکرمی رحمان صاحب۔

کتنا اچھا ہوتا اگر ہمیں آپ کی افطار پارٹی کا علم ایک ہفتہ پہلے ہو جاتا۔ چونکہ شالیمار ایکسپریس میں کراچی کے لئے ہماری نشستیں مخصوص ہو چکی ہیں اور اگر انہیں منسوخ بھی کر دیا جائے تو کراچی میں کسی صاحب کی دل شکنی ہوگی۔

ہم آپ کی عنایت کے ممنون ہیں۔

مخلص

سلامت اللہ

خاں

---

## ایٹ ہوم کو دعوت نامہ

بیگم عنایت اللہ چوہدری

بیگم ولی احمد سید صاحبہ کو

جمعرات ۱۵ مارچ کو تین بجے سہ پہر تا ۸ بجے شب

بمقام ۲۴۲۔ کورٹ سٹریٹ۔ لاہور

ایٹ ہوم پر مدعو کرتی ہیں۔

(نوٹ: ایٹ ہوم کی تقریب کے لئے قبولیت یا استرداد درکار نہیں ہوتا۔

احباب مقررہ

وقت پر پہنچ جاتے ہیں۔)

---

## مندرجہ بالا کا جواب

محترمہ بیگم عنایت اللہ چوہدری صاحبہ

افسوس کہ میں ۱۵ مارچ کو وایٹ ہوم کی تقریب میں شرکت نہ کر سکی کہ میں گوجرانوالہ گئی ہوئی تھی اور آپ کا دعوت نامہ مجھے کل واپسی پر موصول ہوا۔

آپ کی یاد آوری کا شکریہ

فقط۔ مخلص

بیگم ولی

پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

---

## سالگرہ پارٹی کا دعوت نامہ

ماسٹر سید مختار۔

ماسٹر وصی محمد صاحب سے درخوست کرتے ہیں کہ

وہ پندرہ مارچ ۲۰۰۳ء کو

بمقام کے۔۱۶۴، میوگارڈن، لاہور

نعیمہ کی سالگرہ میں اپنی پرمسرت شرکت سے

ممنون فرمائیں۔

---

مندرجہ بالا کا رسمی جواب

ماسٹر وصی محمد

۱۵ مارچ ۲۰۰۳ء کو نعیمہ کی سالگرہ میں

شرکت کے لئے ماسٹر سید مختار صاحب کا دعوت نامہ

شکریئے کے ساتھ قبول کرتے ہیں۔

---

مندرجہ بالا کا غیر رسمی جواب

مکرمی مختار صاحب۔

آپ کا دعوت نامہ پا کر بڑی خوشی ہوئی۔ لیکن افسوس کہ میں آپ کی بہن کی سالگرہ میں شرکت نہیں کر سکتا کیونکہ مجھے اپنی بہن کی سالگرہ میں اسی دن شریک ہونا ہے۔ کتنا مناسب رہے گا کہ اگر آپ دونوں صبح کو ہمارے ہاں تشریف لے آئیں اور ہم دونوں سہ پہر کو آپ کے ہاں چلے جائیں۔

ہم نے اس تجویز کے مطابق وقت میں تبدیلی کر دی ہے۔

مجھے یقین ہے کہ آپ میری تجویز قبول فرمائیں گے۔

آپ کا مخلص

وصی

---

## احباب پارٹی میں شرکت کا دعوت نامہ

زیر دستخطی۔

اپنے تمام پرانے اور نئے دوستوں سے
۵ جون کو گیارہ بجے دن کو اپنی یورپ کو روانگی سے پہلے
ایک جگہ اکٹھا ہونے کی درخواست کرتا ہے۔

مری روڈ۔ راولپنڈی

ریاض احمد شاد

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے شاد۔

افسوس کہ میں اپنی علالت کی وجہ سے اس اجتماع میں شرکت کرنے سے قاصر

ہوں۔تاہم میری دعائیں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں۔

مخلص

ندیم شاہ

---

## بچوں کی پارٹی کا دعوت نامہ

جناب اور بیگم کرم دین

یکم اپریل ۲۰۰۴ءکو

اپنی رہائش گاہ پر کسی بھی وقت

جناب اور بیگم چراغ دین کے تمام بچوں سے

فن فیر کی تقریب میں مل کر خوش ہوں گے۔

بہرام لین

سول لائنز۔لاہور

---

مندرجہ بالا کا رسمی جواب

جناب اور بیگم چراغ دین

فن فیر کی تقریب میں شرکت کے لئے

جناب اور بیگم کرم دین صاحب کے دعوت

نامے کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

اور افسوس کرتے ہیں کہ وہ ''آل فولز ڈے'' پر

کوئی دعوت نامہ قبول نہیں کرسکتے۔

پتہ..................

---

غیر رسمی جواب

مکرمی کرم دین صاحب۔

میرے بچے اس صورت میں آپ کے ہاں آئیں گے۔ جب آپ یہ یقین دہانی کرائیں کہ آپ ہمیں بے وقوف بنا کر "آل فولز ڈے" نہیں منائیں گے۔

شکریہ

خلوص کار

چراغ دین

---

پکنک کا دعوت نامہ

پتہ اور تاریخ

پیارے دلبر۔

اگلے اتوار ۲۲ مارچ کو ہمارا ارادہ چڑیا گھر میں پکنک منانے کا ہے۔

براہ کرم بتائیے کہ آپ ہمارے اہل خانہ کے ساتھ شرکت کریں گے۔ آپ کا

صفدر

---

مندرجہ بالا کا اقراریہ جواب

پتہ اور تاریخ

پیارے صفدر

چڑیا گھر میں پکنک منانے کا آپ کا خیال بڑا ہی شاندار ہے۔ شاید آپ

پنجروں میں بند بچوں ایسے جانوروں کو جانوروں ایسے بچوں کی خوشی میں شریک کرنا چاہتے ہیں۔

ہم ضرور آپ کی خوشی میں شریک ہوں گے۔ آپ کا

دلبر

---

## مندرجہ بالا کا انکاریہ جواب

پیارے صفدر

چڑیا گھر میں پکنک منانے کا آپ کا خیال مجھے پسند نہیں آیا۔ اگر آپ راوی کے کنارے جانے کا منصوبہ بناتے ہیں تو ہماری شرکت کو یقینی سمجھئے۔ آپ کا

دلبر

---

## سیر کا دعوت نامہ

محترمہ یاسمین صاحبہ۔

کیا آپ میرے ساتھ ٹیکسی میں مری نتھیا گلی، ایوبیہ اور ایبٹ آباد کی سیر کو چلیں گی؟ یہ واقعی ایک بڑی شاندار سیر ہو گی۔ کتنے دکھ کی بات ہے کہ ہم لاہور میں رہتے ہوئے بھی ان مناظر کو دیکھنے سے محروم ہیں جنہیں دیکھنے لندن اور نیو یارک سے لوگ آتے ہیں۔

ہماری ایک اچھے لوگوں کی چھوٹی سی جماعت ہو گی جو یکم مارچ کی صبح کو روانہ ہو گی۔ تمام سیر کا پہلے سے نقشہ بنا لیا گیا ہے اور ہم ۵ مارچ کو لاہور واپس آ جائیں گے۔ اگر آپ کوئی مشورہ دیں گی تو سیر کا راستہ اس کے مطابق بدل لیا جائے گا۔

اگر روانگی کا دن آپ کے حسب حال نہیں تو وہ بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ براہ کرم جس قدر جلد ممکن ہو اپنے جواب سے مطلع کیجئے۔

فقط

آپ کا مخلص۔۔ریحان

---

## اقراریہ جواب

مکرمی ریحان صاحب۔

آپ کا ٹیکسی میں سیر کا خیال واقعی شاندار ہے۔ میں یقیناً آپ کے ساتھ اس تاریخ کو چلوں گی جو آپ حتمی طور پر طے کریں گے۔

مخلص

یاسمین

---

## انکاریہ جواب

مکرمی ریحان صاحب۔

آپ کا ٹیکسی میں سیر کا خیال مجھے پسند نہیں آیا کیا آپ اپنے کسی دوست سے کار کا انتظام نہیں کر سکتے؟

مخلص

یاسمین

---

## گاؤں کی سیر کا دعوت نامہ

پیارے چوہدری۔

ہفت روزہ زراعت نامہ میں سخت محنت کرنے کے بعد آپ کے لئے مفید رہے گا کہ آپ سیالکوٹ میں ہمارے گاؤں کی سیر کریں۔ یہاں آپ کو حقیقی دیہاتی زندگی دیکھنے کا موقع ملے گا اور آپ کے اعصاب کو آرام۔ ہم مری اور نتھیا گلی بھی جائیں

گے۔موسم بہترین ہے اور کھلی فضا آپ کو فائدہ بخشے گی۔

کیا آپ ہمارے ہاں آئیں گے؟

میں سمجھتا ہوں مجھے یوں نہیں پوچھنا چاہیئے بلکہ آرڈر دینا چاہیئے کہ "آیئے اور ہمارے ساتھ رہیئے" مجھے یقین ہے کہ آپ کا وقت مسرتوں اور خوشیوں میں گزرے گا۔

آپ کا مخلص

شہباز

---

## اقراریہ جواب

پیارے شہباز۔

میں آپ کے حکم سے کیسے سرتابی کرسکتا ہوں؟ مجھے کچھ کہنے کا کیا حق کہ میں تو سپاہی ہوں۔براہ کرم مجھے ۱۰ مارچ کو پہلی یا دوسری بس پر ملیئے۔

آپ کا مخلص

چوہدری

---

## انکاریہ جواب

پیارے شہباز

لوگ کہتے ہیں جب گیدڑ کی موت آتی ہے تو وہ شہر کی طرف بھاگتا ہے۔

میں نہیں سمجھتا کہ میں گاؤں میں رہ سکتا ہوں۔یہ تو گیدڑ کی موت مرنا معلوم ہوتا ہے۔میں یہاں دفتر میں شیر کی طرح بدعنوانیوں کی مکھیوں سے لڑتا ہوا مرنا چاہتا ہوں۔

آپ کا مخلص

چوہدری

---

## جواب الجواب

پیارے چوہدری۔

کیا بدعنوانیوں کی مکھیوں سے آپ کی مراد بدعنوانیوں کی فائلیں ہیں؟ نہ تو تم اور نہ میں ہی فائلوں سے بدعنوانیاں نکال سکتے ہیں۔ اور تمام مکھیاں ان میں دفن ہیں۔

؟ تلے مکھی نہیں لانی چاہیے۔

آپ کا مخلص۔۔۔شہباز

---

## عید میلاد النبیؐ کی سیر کا دعوت نامہ

پیارے رمیض

تمہیں لاہور آئے اب دو سال ہو گئے ہیں۔ براہ کرم عید میلاد النبیؐ کی چھٹی پر لاہور ضرور آؤ۔ ہمیں تمہارا انتظار رہے گا۔ انہی دنوں دیبا کی شادی بھی ہو رہی ہے اور ہمارے بہت سے رشتے دار اس تقریب میں جمع ہوں گے۔ اس طرح تمہاری وہ رقم اور وقت بھی بچے گا جو تم کسی اور موقع پر ان رشتے داروں سے فرداً فرداً ملنے پر صرف کرتے۔

تم کب آ رہے ہو؟

تمہارا

عدنان

---

اقرار یہ جواب

پیارے عدنان

تمہارا مجھے عید میلاد النبیؐ پر لاہور آنے کی دعوت دینے کا خیال شاندار ہے۔ ہم

دیبا کی شادی کے لئے یہاں سے کیا لے کر آئیں؟
ہم اپنی آمد کی تار کے ذریعے اطلاع دیں گے۔

تمہارا

رمیض

---

انکاریہ جواب

پیارے عدنان

افسوس کہ میرے لئے عید میلادالنبیؐ کے موقع پر تمہارے ساتھ شریک ہونا ممکن نہیں کہ ہم ارکرافٹ فیکٹری میں ایک نئے طیارے کا ڈیزائن بنا رہے ہیں اور میری یہاں موجودگی ناگزیر ہے۔

میں اگلے پیر ۲۲ نومبر کو نسیم اور ببو کو شالیمار ایکسپریس میں بھیج رہا ہوں۔
براہ کرم انھیں اسٹیشن پر ملئے۔

تمہارا

رمیض

---

## سالگرہ پارٹی کا دعوت نامہ

قصر ابیض

۱۲۸، اردو نگر، لاہور

فروری ۱۰/۲۰۰۴ء

پیارے بھیا

۲۲ فروری کو ہمارے ہاں آنا نہ بھولئے کہ اس دن ہمارے بیٹے اختر کی پہلی سالگرہ ہے۔

مجھے امید ہے کہ آپ صبح کو تشریف لا کر ہمیں ممنون کریں گے اور یہ خیال رکھیے کہ آپ کو دوپہر ظہرانے تک ٹھہرنا ہے۔فقط

آپ کی بہن

رضیہ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری بہن۔

تمہارے دعوت نامے کا شکریہ۔میری مبارکباد بھی قبول کرو۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری عمر سالگرہ کی رسومات میں شرکت کے لائق نہیں کہ بوڑھا ہو گیا ہوں۔ مجھے امید واثق ہے کہ تم میری عدم موجودگی کو کج خلقی اور بے تمیزی سے تعبیر نہیں کرو گی۔

اللہ تعالی ننھے (مجھے اس کے نام سے مطلع کرو) کو خوشحال طویل زندگی عطا فرمائے۔آمین

تمہارا بھائی

ساجد علی

---

## خط استمراری

پیارے بھیا۔

ہم نے ننھے (اب اختر) کی سالگرہ پر آپ کی عدم موجودگی ازحد محسوس کی۔ میں چاہتی تھی کہ آپ اپنی تمام تر مشکلات اور فلسفیانہ خیالات کے باوجود تشریف لاتے۔فقط والادب

آپ کی بہن۔رضیہ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری بہن۔

میری طرف سے ننھے کو بہت بہت پیار کرو، خدا اسے اختر بننے کی توفیق عطا فرمائے۔اللہ اسے برکت دے۔آمین۔

تمہارا بھائی۔

ساجد علی

---

## کمیٹی کے اجلاس کا دعوت نامہ

انجمن ریاض الادب

انجمن ریاض الادب کی مجلس عاملہ کا اجلاس پیر ۱۴ جولائی ۲۰۰۳ء کو برکت علی ہال میں ہوگا۔

ایجنڈا:

۱۔ پچھلے اجلاس کی کاروائی۔

۲۔ میزانیہ کی پیشکش

۳۔ لائبریری فنڈ کے استعمال کا پروگرام۔

آپ سے شرکت کی استدعا ہے۔

(نوٹ: اگر مکتوب الیہ شرکت کے قابل ہے تو جواب نہ بھیجا جائے۔بصورت دیگر اعزازی سیکرٹری کے نام معذرت بھیجنی چاہیئے)

---

# چھٹا باب

## معاشرتی خط و کتابت

''انسان معاشرتی حیوان ہے!''سینیکا

جدید معاشرے کے تقاضے متعدد اور نوع بنوع ہیں۔ یہ ہر کسی کے بس کی بات نہیں کہ وہ معاشرتی خط و کتابت کو اپنی مرضی کے مطابق مسرتوں کی قندیل یا دکھوں کا دھواں بنا دے کہ معاشرتی خط و کتابت کا افق لا محدود ہے۔ اس سے سیر حاصل طور پر عہدہ برآ ہونا بھی ممکن نہیں۔ اس لئے یہاں محض چیدہ چیدہ، اہم عام نوعیت کی مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

### کلب میں شمولیت کے لئے

بجناب سیکرٹری صاحب

سیمسن ہیلتھ کلب، لاہور

مکرمی۔

براہ مہربانی مجھے سیمسن ہیلتھ کلب کا رکن بنا لیجئے۔ رکنیت کی فیس اور فارم ہر طرح سے مکمل لف ہذا ہے۔

آپ کا شکریہ۔ خلوص کار

طاہر سعید

---

### چندہ طلب کرنے کیلئے

مکرمی۔

آپ کا سالانہ چندہ مبلغ ۲۵۰۰ روپے ۲۰ اگست ۲۰۰۴ء کو واجب الادا ہو جائے گا۔ کیا آپ ازراہ کرم اس کی بروقت ادائیگی کا اہتمام فرمائیے گا؟

آپ کا مخلص

ولی محمد

سیکرٹری لائن کلب، لاہور

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی جناب۔

اپنی مورخہ ۵ فروری کی یاددہانی کی طرف توجہ کیجئے۔ میں ۲۵۰۰ روپے کا چیک ملفوف کر رہا ہوں۔

رسید سے مطلع فرمایئے۔

مخلص

راشد نعیم

---

## عطیہ طلب کرنے کیلئے

محترمہ۔

معذرت خواہ ہوں کہ آپ نے ہمارے کمیونٹی سینٹر، جو عمر رسیدہ اور بیماروں بے روزگاروں اور دیکھ بھال سے محروم لوگوں کیلئے ہے، اپنا عطیہ ابھی تک ارسال نہیں کیا جس کا آپ نے عرصہ ہوا وعدہ کیا تھا۔

براہ مہربانی اس معاملے پر اپنی پہلی فرصت میں غور فرمایئے۔

آپ کا عطیہ دکھی انسانیت کی حقیقی خدمت ہوگا۔

آپ کی مخلص

مس فرحت امین

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری مس فرحت امین

افسوس کے ساتھ آپ کو مطلع کرتی ہوں کہ رواں مہینے میں میرا ہاتھ قدرے تنگ ہے اس لئے میرے لئے فی الوقت اپنا وعدہ پورا کرنا مشکل ہے۔

کیا آپ مجھے دوبارہ مطلع کریں گی یا اگلے مہینے کے اوائل میں مجھ سے ملیں گی؟ میں گھریلو بجٹ سے جتنا کچھ بچا سکوں گی۔ آپ کو پیش کرنے کے لئے تیار رکھوں گی۔

آپ کی مخلص

سلمہ ایرانی

---

## ادائیگی میں انتہائی کوتاہی کے مرتکب کو بے نقاب کرنے کیلئے

## (غیر رسمی خط)

میری پیاری مولی۔

مجھے جس چیز کی ضرورت ہے وہ آپ کا کیپٹل چٹ فنڈ کا چندہ ہے۔ آدھا مہینہ گزر چکا ہے اور آپ کا چندہ ابھی تک نہیں پہنچا۔ قواعد وضوابط کے مطابق جس رکن کا چندہ رواں ماہ کی ۲۰ تاریخ تک موصول نہیں ہوتا اس کی رکنیت ختم کردی جاتی ہے۔

اس سے پہلے کہ آپ صبح بھول کے مرتکب ہوں آپ براہ مہربانی آج رات ہی اپنا چندہ بھیج دیجئے۔ اندھیرے میں یہ کام کیجئے تا کہ آپ کا بایاں ہاتھ نہ جان سکے کہ آپ کے دائیں ہاتھ نے کیا کیا۔

آپ کی مخلص

پولی

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری پولی۔

یہ میں نے اندھیرے میں لکھا ہے۔ اگر اس چیک کی رقم نہ ملے تو مجھے الزام مت دیجئے گا۔ یقین کیجئے میرے بائیں ہاتھ کو بالکل پتہ نہیں لگا جو میرے دائیں ہاتھ نے کیا ہے۔ آپ کی

شریر مولی

---

## انجمن قائم کرنے کے لئے

مکرمی جناب۔

گزشتہ شب احباب کی غیر رسمی نشست میں ایک عالمی برادرہڈ کوآپریٹو کلب قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ کلب بلا پیسے کا جدید گاؤں، جو ''نرالا'' کہلائے گا، آباد کرنے کے لئے ہے۔ اس گاؤں میں لوگ بلا اجرت کام کریں گے اور کسی کام کے بغیر اجرت نہیں لیں گے۔ جیسا کہ دنیا میں ہر جگہ ہوتا ہے۔ پیسہ کوآپریٹو کمیٹی کے باہر استعمال کے لئے ہوگا۔

مقصد یہی ہے کہ ایک جدید ترین گاؤں بنایا جائے اور اس میں ایک سب کے لئے اور سب ایک کے لئے کی بنیاد پر تمام جدید ترین سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی۔ سب ایک بڑے مشترکہ خاندان کے طور پر سب کی بھلائی کے لئے مل جل کر رہیں گے۔

یہ سمجھتے ہوئے کہ آپ کو ایسی انجمن سے دل چسپی ہے، آپ سے گزارش ہے کہ ۲۵۰۰ روپے سالانہ چندہ ارسال فرما کر اس کی رکنیت کے لئے درخواست کیجئے۔

آپ کا مخلص

ولی بھائی

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے ولی۔

میں آپ کے کارنامے کی تعریف کرتا ہوں۔ یہ انتہائی پسندیدہ عجوبہ ہے۔ میں آپ کے مقصد میں کامیابی کے لئے دست بہ دعا ہوں۔

آپ کی طلب کے مطابق ۲۵۰۰ روپے کا چیک لف ہذا ہے۔

آپ کا مخلص

"کوئی"

---

## اجلاس کی اطلاع کے لئے

جناب مکرم

میں جناب کو مطلع کرتا ہوں کہ عالمی برادرہڈ کوآپریٹو کلب کا اگلا اجلاس اتوار ۱۴؍ فروری کو پانچ بجے شام جناح میموریل سکول میں مندرجہ ذیل امور پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوگا۔

"غذا، طبی امداد اور تعلیم پانی اور ہوا کی طرح مفت ہونی چاہئیں"۔

اگر آپ قرارداد کے حق یا مخالفت میں بولنا چاہتے ہیں تو ہمیں کم از کم ایک دن پہلے مطلع فرمائیے۔

حق یا مخالفت میں پوچھے جانے والے تمام سوالوں کے جواب مباحثہ میں شریک ٹیموں کے سربراہ قرارداد کے ووٹ کے لئے پیش کیے جانے سے پہلے دیں گے۔

آپ سے شرکت کی درخواست ہے۔

آپ کا مخلص

خلیل

---------------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں یقیناً حاضر ہوں گا اور قرارداد کے حق میں تقریر کروں گا اگر مجھے موقع دیا گیا ورنہ حظ ساعت اٹھاؤں گا۔

فقط

آپ کا محبوب صابری

-------------

## فٹ بال میچ

سیکرٹری صاحب

مسلم فٹ بال کلب، لاہور

مکرمی۔

مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ آپ سے معلوم کروں کہ آیا آپ کے کلب کے لئے ہمارے کلب ''یونین فٹ بال کلب'' کے ساتھ مارچ کے پہلے ہفتے کے کسی دن دوستانہ میچ کھیلنا ممکن ہے۔

جلد جواب سے ممنون فرمائیے۔

فقط

خلوص کار

اب ج

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مارچ کے پہلے ہفتے میں جو دن بھی آپ کے لئے مناسب ہو اس کی ہمیں یکم مارچ تک اطلاع دے دیجئے تا کہ ہم دونوں اس کے بعد دوسری مصروفیات سے دست کش ہو سکیں۔

آپ کی طرف سے جلد توثیق کا منتظر۔

فقط

آپ کا

ج ب ا

---

## پیدائش کی اطلاع

پیارے ٹیپو

آپ کو یہ جان کر خوشی ہو گی کہ گزشتہ شب ہمیں خداوند کریم نے پرنس آف ویلز کی ولادت سے نوازا ہے۔ دونوں زچہ اور بچہ روبصحت ہیں۔

فقط

آپ کا مخلص

مغیث

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے مغیث

ہماری دلی اور انتہائی مسرت انگیز مبادکباد اس ہونہار بروا کی آمد پر قبول فرمائیے۔

فقط

آپ کا مخلص

ٹیپو

---

## اور ایک تہنیت نامہ

عزیز حسن گیلانی

راولپنڈی کے ایک روزنامے میں یہ اعلان دیکھ کر مجھے بڑی مسرت ہوئی کہ اب تم ایک پیارے سے بیٹے کے باپ بن گئے ہو۔ تم اور تمہاری اہلیہ دونوں نومولود پر فخر محسوس کرتے ہو گے۔ تمہارے گھر ایک نئی قندیل روشن ہوئی ہے۔

ہمیں یہ جان کر از حد خوشی ہوئی کہ بیگم حسن رو بصحت ہیں۔ میں پشاور جاتے ہوئے آؤں گا اور ان سے ملاقات کروں گا۔

یہ تمہاری مہربانی ہے کہ تم نے سب سے پہلے ہمیں نومولود کی آمد سے مطلع کیا۔

فقط

تمہارا مخلص

محمد لئیق

---

## دادا بننے پر

عزیزم دیدار

اپنے دادا بننے پر ہماری قلبی مبارکباد قبول فرماؤ۔ ہمیں یہ سن کر خوشی ہوئی کہ تمہارے بیٹے نے تمہاری زندگی میں بیٹے کی ولادت سے زندگی کا آغاز کیا اور خاندان کی روایت کو برقرار رکھا۔

مجھے بتایا گیا ہے کہ لڑکا ذہین، موٹا تازہ اور خوبصورت ہے۔ کتنا فخر محسوس کرتے ہو گے تم! یقین کرو میں ننھے ولی عہد کی دید سے اپنی آنکھیں روشن کرنے آنے کے لئے حتی المقدور کوشش کر رہا ہوں۔

فقط تمہارا

ریاض الرحمٰن رضوی

---

## سالگرہ کا تحفہ

ڈیئر فری۔

کل تمہاری سالگرہ ہے۔ میری دعا ہے کہ تمہیں وہ ساری خوشیاں اور مسرتیں نصیب ہوں، جن کی تم تمنا کر سکتی ہو۔ میں چاہتی ہوں کہ یہ خواہشیں گھوڑا ہوں جس پر ہم دونوں سواری کر سکیں۔

اس کے ساتھ میں ایک معمولی سا تحفہ بھیج رہی ہوں جو تم سے میری محبت کی علامت ہے۔ از راہ کرم اسے قبول کر لو۔

شکریہ

فقط خلوص کار

ریشماں

---

## مندرجہ بالا کا جواب

ڈیئر ریشماں۔

یہ تمہاری بڑی مہربانی ہے کہ تم نے مجھے میری سالگرہ پر یاد رکھا۔ اور سب سے بڑی مہربانی یہ کہ مجھے پارکر قلم کا تحفہ دیا جس سے میں یہ خط لکھ رہی ہوں۔ جب بھی میں کچھ لکھتی ہوں میرا دل تمہارا ممنون ہوتا ہے۔

تمھیں یہ جان کر خوشی ہو گی کہ جس وقت تمھارا پارکر موصول ہوا اس وقت گھر میں کوئی قلم نہ تھا۔ ایک سنہرے تحفے کی بہت تمنا تھی، از حد ضرورت تھی، بڑی خوشی سے یہ تحفہ قبول کیا گیا اور تم ایسی پیاری سکھی نے کتنے خلوص و بے لوثی سے اسے ارسال کیا!

اپنی امی سے کہو کہ انھیں ہمارے ہاں آئے مدت ہو گئی۔ ہمیں واقعی تعجب ہو گا اگر وہ ہمیں بھول گئی ہیں۔

اگلے اتوار کو انھیں ساتھ کیوں نہیں لے آتیں!

فقط

تمھاری پیاری۔۔۔فرحی

---

## بالغ ہونے پر تہنیت

پیارے رضو۔

اگلے اتوار کو تم بلوغت کو پہنچ رہے ہو۔ اس موقع پر میں تمھیں مبارکباد پیش کرتا ہوں مجھے امید ہے کہ دن تمھاری زندگی کا پر مسرت اور یادگار دن ہو گا۔

ایک چھوٹا سا تحفہ ارسال ہے۔ براہ کرم قبول کرو۔

فقط تمھارا

خالد

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے خالد۔

تمھارے پیارے تحفے کا بہت بہت شکریہ۔ یہ ''جلد بوڑھا نہ ہونے'' پر ایک جان دار اور پیاری کتاب ہے۔ کل اسے پڑھنے میں میرا اچھا وقت گزرا۔ میں اب

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

نئی زندگی شروع کرنے پر پوری طرح آمادہ اور تیار ہوں اور اس کے فرائض بخوشی پورے کرنے کو۔

میں صرف یہی دعا کرتا ہوں کہ میری سوچ کبھی نہ بدلے اور بچپن ہمیشہ میری سوچوں میں شامل رہے۔

مجھے بوڑھا ہونے سے نفرت ہے۔ مگر مجھے بوڑھا ہونا ہوگا۔

فقط تمہارا

رضو

---

## عیادت نامہ

ڈیئر ڈورتھی۔

ہم سب کو یہ جان کر دکھ ہوا کہ للّی علالت سے فریش ہوگئی ہے۔ یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ ہمیں بڑی تشویش لاحق ہے۔ اس کی جلد صحت یابی کے لئے ہماری دعائیں تمہارے ساتھ ہیں۔ بلا تکلف و تاخیر بتاؤ کہ اس پریشانی میں ہم تمہارے کوئی کام آسکتے ہیں۔

ہمیں للّی کے بچوں کی بھی بڑی فکر ہے۔ تمہارے شانوں پر کیسا بوجھ آ پڑا ہے کہ تمہیں ان بچوں کی خبر گیری بھی کرنی پڑتی ہے جبکہ ان کی ماں موت اور زندگی کی کشمکش میں مبتلا رہے انھیں یہاں بھیج دو۔ ان کی دیکھ بھال سے ہمیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ للّی میرے بچوں کے ساتھ ماں کی طرح رہی ہے۔ میں بھی اس کے بچوں کی ماں ہی ہوں۔

جلد جواب کے لئے بے چین۔

فقط

مخلص

اینا

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری اینا۔

للّی کی بیماری پر تمہارے پر خلوص اظہار ہمدردی کا شکریہ۔ تمام معاملات ہر ممکن طریقے سے استوار کر لئے گئے ہیں۔ جب بھی تمہاری کسی مدد کی ضرورت پڑی تو ہم تمہیں مطلع کر دیں گے۔

خداوند خدا ہی مالک و مختار ہیں۔

فقط

مخلص

ڈورتھی

---

## معذور سے ہمدردی

عم محترم۔

ہمیں یہ جان کر از حد تشویش لاحق ہے کہ آپ پر فالج حملہ آور ہوا اور زندگی بھر کے لئے معذور کر گیا۔ کیا ہم آپ کی کوئی اعانت کر سکتے ہیں؟

ایسے موقعوں پر معاملات کو استوار رکھنا مشکل ہوتا ہے۔ اگر اس سلسلے میں ہم کچھ کر سکتے ہیں تو بلا تکلف مطلع فرمائیے۔

روز ہمیں آپ کا خیال آتا ہے اور سوچتے ہیں کہ اب آپ کی صحت کیسی ہوگی۔ آپ کی طبیعت کی کیفیت جاننے کے لئے ہم وقتاً فوقتاً فون کرتے رہیں گے۔

فقط آپ کا پیارا

راحت چندا

---

مندرجہ بالا کا جواب

عزیزی راحت

اب میں اس قدر روبصحت ہوں کہ بستر پر بیٹھ جاتا ہوں۔ تم جو مجھے علالت کے دوران ہر تیسرے دن پھولوں کا تحفہ بھیجتے رہے ہو اس کا میں از حد شکر گزار ہوں۔ وہ خوبصورت اور نظر فردوس پھول ہوتے تھے۔ اور مجھے ہمیشہ یاد رہیں گے۔

تمہاری بڑی مہربانی کہ تم نے مجھے بیماری میں یاد رکھا۔ تمہاری محبت کا ممنون ہوں۔

خوش قسمتی سے میں صحت یاب ہو رہا ہوں اگر چہ نہایت ہی سست رفتاری کیساتھ۔ مجھے بستر سے اٹھنے اور کاروبار حیات شروع کرنے میں بڑی دیر لگے گی۔ تاہم میں آپ کا شکر گزار ہوں۔

فقط تمہارا پیارا

چچا

---

## پڑوسی کے نام خط

پیارے نئے پڑوسی

یہ مجھ پر بڑی عنایت ہو گی اگر آپ آیندہ چند روز اپنے بچوں کو شور مچانے سے باز رکھیں کہ میری والدہ صاحبہ سخت بیمار ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ بچوں کو خاموش رکھنا مشکل ہے لیکن ڈاکٹر نے میری بوڑھی ماں کی صحت یابی کے لئے مکمل خاموشی تجویز کی ہے۔

امید ہے کہ آپ میرے مسئلے کا احساس کریں گے۔

شکریہ۔

فقط آپ کا مخلص زیر دیوار

پڑوسی

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے زیر دیوار پڑوسی

مجھے ابھی ابھی معلوم ہوا ہے کہ آپ کی والدہ صاحبہ سخت بیمار ہیں۔ میں نے اپنے بچوں کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ کسی طور گھر یا پڑوس میں دنگا نہ کریں۔ ہم نے اپنا کتا بھی باندھ دیا ہے تا کہ وہ اجنبیوں اور آوارہ جانوروں پر نہ بھونکے۔

مجھے افسوس ہے کہ میں آپ سے دوستانہ طور پر واقف نہیں۔ لیکن اگر میری کسی اعانت کی ضرورت ہے تو مجھے خدمت کر کے خوشی ہو گی۔

امید ہے کہ آپ کی والدہ صاحبہ جلد صحت یاب ہو جائیں گی۔

فقط آپ کا مخلص

نیا پڑوسی

-------------

جواب الجواب

میرے پیارے نئے پڑوسی

افسوس کہ ہم ہم شناسا پڑوسی نہیں۔ لیکن یقین رکھیے جلد ہم ایک دوسرے کے شناسا ہو جائیں گے۔

آپ کی ہمدردی و اعانت کا شکریہ۔ فقط

آپ کا مخلص

زیر دیوار پڑوسی

---

## تعزیت نامہ

میرے عزیز قمر۔

آپ کے اندوہناک نقصان کی خبر وحشت اثر ملی۔اس بڑے المیے پر اپنی پر خلوص ہمدردیاں پیش کرتا ہوں۔ایسے موقعوں پر کسی کا اظہار جذبات کرنا بیکار محض معلوم ہوتا ہے کہ صدمہ ہی ناقابل برداشت ہوتا ہے۔

یہ جان کر کہ ملک بھر میں آپ کے دوست احباب آپ کے اس جانکاہ صدمے میں برابر کے شریک ہیں۔آپ کے دکھی دل کو کچھ تسکین وطمانیت ہوگی۔یقین کیجئے ہم سب کو دلی صدمہ ہوا ہے۔

یہ دنیا دکھوں کی وادی ہے اور آپ کو اس سے کچھ تسلی ہوگی کہ اب آپ کی والدہ شدید جسمانی تکلیف سے آزاد ہوگئیں کیونکہ انہوں نے اپنا فانی لباس اتار دیا ہے اور زندگی کا نیا سفر شروع کیا ہے۔بہر حال زندگی اور موت ہے ہی کیا بس ایسے ہی ہے جیسے کہ کپڑے بدلے جاتے ہیں۔

اگر میں اپنے جذبات کے اظہار میں

ناکام رہا ہوں تو معذرت خواہ ہوں۔

مجھے معاف کر دیجئے۔

آپ کا مخلص

ریاض قدیر

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے ریاض۔

آپ کے تعزیت نامے نے میرے زخموں پر مرہم رکھا۔ اس سے مجھے جو سکون ملا، میں لفظوں میں بیان کرنے سے قاصر ہوں۔

فقط آپ کا

قمر ش

---

## وفات کی اطلاع

پیارے شائق۔

بڑے دکھ کے ساتھ تمہیں مطلع کرتا ہوں کہ گزشتہ شب میری والدہ صاحبہ دل کے دورے سے اچانک انتقال کر گئیں۔

موت اتنی جلدی اور تیزی سے آئی کہ ہم بمشکل ڈاکٹر بلا سکے۔ آپ کا

رحیم

---

## وفات پر چھٹی کی درخواست

بخدمت مینجر صاحب

برما شیل آئل کمپنی۔ لاہور

جناب مکرم۔

افسوس کے ساتھ عرض ہے کہ کل رات میری والدہ صاحبہ کا انتقال ہو گیا۔ اس لئے مجھے فوراً ہی نور پور جانا ہے۔ اندریں حالات میرے لئے ایک ہفتے تک دفتر آنا ناممکن ہو گا۔

امید ہے کہ آپ میری غیر حاضری معاف فرمائیں گے اور اس سے پیدا ہونے والی مشکلات نظر انداز۔

فقط آپ کا تابع فرمان

رحمت علی (ٹکٹ نمبر ۹۴۷۸) مورخہ..........

---

مندرجہ بالا کا جواب

منیجر برماشیل آئل کمپنی، لاہور پاکستان مسٹر رحمت کے اندوہناک صدمے پر اپنی قلبی ہمدردیوں کا اظہار کرتے ہیں اور اس کی طلب کے مطابق ایک ہفتے کی چھٹی منظور کرتے ہیں۔

فقط

ایس ایس سلوکم

سپرنٹنڈنٹ، ورکس

---

## قرارداد تعزیت

برماشیل آئل کمپنی، لاہور پاکستان کے عملے اور کارکنوں کا عام اجلاس مسٹر رحمت علی کے اندوہناک صدمے پر ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

لعل خاں

سیکرٹری، ورکرز یونین

---

## قرارداد تعزیت کی ترسیل

عزیز ساتھی۔

ورکرز یونین برماشیل آئل کمپنی نے آپ کی والدہ صاحبہ کی ۳ مارچ ۲۰۰۳ء کو وفات پر مندرجہ ذیل قرارداد تعزیت متفقہ طور پر منظور کی ہے:

''برما شیل آئل کمپنی کے تمام کارکن جناب رحمت علی کی والدہ صاحبہ کی بے وقت وفات پر اظہار تعزیت کے لئے ایک جا اکٹھے ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ مرحومہ کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔''

آپ کا مخلص

لعل خاں۔سیکرٹری

---

## جنازے کا وقت

جناب جمشید چشتی، جن کا انتقال پرنٹنگ پریس میں حادثے سے ہو گیا ہے کا جنازہ ۵فروری ۲۰۰۴ءکو دو بجے دوپہر اٹھایا جائے گا۔فقط

رحمٰن

سیکرٹری۔ورکرز یونین

---

## ہمدردیوں کا شکریہ

جناب محترم/محترمہ

جناب اور بیگم حشمت حسین اپنے غم میں آپ کے اظہار ہمدردی کو نہایت امتنان کے ساتھ قبول کرتے ہیں اور آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔فقط مخلص

رحمان بخاری

---

## وصی کے نام

جناب محترم۔

آپ کو یہ جان کر یقیناً دکھ ہو گا کہ میرے والد صاحب جنھوں نے آپ کو اپنا

وصی بنایا تھا گزشتہ شب دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے ہیں۔

مجھے کاغذات دیکھنے سے معلوم ہوا کہ آپ بھی ان کے وصیوں میں سے ایک ہیں۔

فقط

مخلص

خادم حسین

---

مندرجہ بالا کا جواب

عزیزم خادم حسین

آپ کے والد صاحب کی وفات سے مجھے ازحد صدمہ ہوا۔ وہ ایک عظیم ہستی تھے۔

وصیت نامہ جو پنجاب نیشنل بنک میں جمع ہے ۲۲ فروری کو صبح دس بجے تمام متعلقہ افراد کی موجودگی میں کھولا جائے گا۔

ہر متعلق شخص کو ازراہ کرم اطلاع دے دیجیے۔

فقط آپ کا مخلص

گلزار احمد ایڈووکیٹ

---

# ساتواں باب

## مالی خط و کتابت

''دولت آدمی کو انسان بناتی ہے''۔ارسطو ڈلیس

دولت بری ہے یا بھلی۔ہم اس سے پیار کریں چاہے نفرت کریں، دولت کا ہونا لعنت ہے یا اس کی طلب کرنا گناہ ہے۔بہر حال ایک حقیقت واضح ہے کہ اس دوست گزیدہ دنیا میں دولت کے بغیر کوئی گزارا نہیں کر سکتا۔چاہیں نہ چاہیں ہمیں کسی نہ کسی طرح کی مالی خط و کتابت کرنی پڑتی ہے۔

### بل کی ادائیگی کے لئے

محترمہ۔

پچھلے ہفتے ہم نے آپ کو جنوری میں سپلائی کی جانے والی سبزیوں کا بل بھیجا تھا۔ازراہ کرم اس کی ادائیگی کی جلد زحمت فرمائیے۔

مخلص

سبزی فروش

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی سبزی فروش صاحب

آپ کے خط مورخہ.........کا شکریہ۔بعض ناگزیر حالات کی بناء پر میں اس ماہ آپ کا بل ادا نہیں کر سکتی۔بہر کیف میں دونوں بلوں کی ادائیگی مارچ میں کر دوں گی۔

امید ہے کہ آپ کچھ خیال نہ فرمائیے گا۔

مخلص

خاتون خانہ

---

## بل کی ادائیگی کے لئے یاددہانی

مکرمی۔

اس ماہ کی ۷ تاریخ کو ہم نے اپنے حساب کا گوشوارہ آپ کو ارسال کیا تھا اور آج ۱۷ تاریخ ہو گئی ہے۔

چونکہ ہمیں ابھی تک رقم موصول نہیں ہوئی اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارا خط ادھر ادھر ہو گیا ہے شاید۔

ازراہ کرم بتائیے کہ اگر یہی بات ہے تو پھر ہم اگر ضرورت ہو تو اس کی نقل ارسال کریں۔

فقط مخلص

سید سعید

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی جناب سعید صاحب

مطمئن رہیے، آپ کا بل محفوظ میری میز پر رکھا ہوا ہے۔ مجھے کچھ ادائیگیوں کا انتظار ہے جن کے موصول ہوتے ہی میں وہ سارے بل ادا کر دوں گا جو میرے ٹرے میں رکھے ہیں۔ کاش یہ کھانے کو روٹیاں ہوتیں کیونکہ مجھے ان کی وجہ سے فکر لاحق ہے اس لئے میں اپنی اولین فرصت میں انھیں ادا کروں گا۔ فقط آپ کا

رفیق چوہدری

---

## ادائیگی پر اصرار

مکرمی۔

بڑے افسوس کے ساتھ ہم آپ کی توجہ اپنے بلوں کی طرف مبذول کراتے ہیں کہ ضرورت سے مجبور ہیں۔ اور یہ ایک مدت سے واجب الادا ہے۔ اب تک ہم یہی سمجھتے رہے ہیں کہ یہ بل آپ کی توجہ سے محروم رہے۔

ہم بڑے شکرگزار ہوں گے اگر آپ بواپسی ڈاک ادائیگی کا اہتمام فرمائیں۔

بصد تشکر و امتنان۔

فقط آپ کا

کرم الدین

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

مجھے آپ کے انداز تحریر سے دکھ ہوا۔ میں آپ کا بل تمام و کمال ادا کر رہا ہوں کہ ایک حبہ بھی واجب الادا نہیں رہا۔

براہ کرم حساب بند کر دیجئے۔

فقط مخلص

دبیر

---

جواب الجواب

مکرمی دبیر صاحب

ہمیں افسوس ہے کہ آپ مدت سے واجب الادا بل کی ادائیگی کی یاددہانی پر خفا ہو گئے۔ یقین جانیے کہ اس سے ہمارا مقصود کوئی دکھ دینا نہ تھا۔ آپ کی مرسلہ رقم ہمیں محفوظ پہنچ گئی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اپنا حساب جاری رکھ کر ہم پر کرم

ارزانی فرمائیں گے۔

بصد تشکر و امتنان ۔فقط آپ کا

کرم الدین

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی کرم الدین صاحب

آپ کے خط مورخہ..........کا شکریہ۔ میں نے کسی اور سپلائر کے ہاں حساب کھول لیا ہے اس لئے میں آپ کے ہاں تجدید حساب سے قاصر ہوں۔

ہوسکتا ہے کہ مستقبل میں آپ کے ساتھ تعلقات استوار ہونے کا امکان بن جائے۔

فقط مخلص

دبیر

----------------

## قانونی چارہ جوئی کی دھمکی

مکرمی۔

نہایت افسوس کے ساتھ آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ اگر ماہ رواں کے آخر تک آپ نے ہمارا حساب بے باق نہ کیا تو میں فائل اپنے وکیل کے حوالے کرنے پر مجبور ہوں گا تا کہ وہ ضروری کاروائی کرے ۔فقط مخلص

شہزاد کنور

---------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے پیش کردہ حساب میں سنگین بے قاعدگیاں سامنے آئی ہیں اور جب تک آپ صحیح حساب پیش نہیں کریں گے میں آپ کی قانونی چارہ جوئی کی دھمکی کے علی الرغم ادائیگی کرنے سے قاصر ہوں۔

افسوس کہ میں استحصال بالجبر کے سامنے سر نہیں جھکا سکتا۔فقط مخلص

شعیب سلیم

-----------

## قرض کی ادائیگی کے لئے

مکرمی۔

مجھے امید ہے کہ آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے آپ کو ذاتی ضرورت پوری کرنے کے لئے تین ماہ ہوئے تین ہزار پانچ سو روپے ادھار دیئے تھے۔میرا خیال ہے کہ اس کی ادائیگی کو کچھ زیادہ ہی عرصہ ہوگیا ہے۔

براہ مہربانی جلد ادا کر دیجئے۔ آپ کا

رحمت باری

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی باری صاحب

ضرورت میں کام آنے پر آپ کا شکریہ۔تین ہزار پانچ سو روپے کا چیک لف ہذا ہے۔قبول فرمائیے۔

یقین کیجئے مجھے قرض دے کر جو آپ کو زحمت ہوئی اس کا مجھے بے حد خیال ہے۔

ایک بار پھر شکریہ۔فقط

بارک اللہ

----------

## رقم کی واپسی کے لئے

پیارے سہیل

اب مجھے اس رقم کی ضرورت ہے جو میں نے دو ماہ قبل آپ کو ادھار دی تھی۔ کیا آپ مجھے وہ رقم بلا تاخیر ادا کریں گے؟ فقط آپ کا

رشید گلزار

------------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے گلزار

افسوس کہ میں فی الفور رقم ادا کرنے سے قاصر ہوں۔ تاہم میں کل رات تک آپ کے گھر پہنچا دوں گا۔ فقط آپ کا

سہیل

------------

## قرض کی ادائیگی کے لئے نوٹس

یہ جان کر مجھے دکھ ہوا کہ آپ بیس ہزار روپے کی رقم ادا کرنے سے پہلو تہی کر رہے ہیں، جو آپ نے پچھلے سال اپنی بیٹی کی شادی پر مجھ سے ادھار لی تھی۔

چونکہ آپ نے میری یاد دہانیوں کا جواب تک دینا گوارا نہ کیا، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ مجھے اس اقدام پر مجبور کر رہے ہیں جو آپ کو ناپسند ہو گا۔

کیا آپ کی اجازت ہے کہ میں اپنا معاملہ وکیلوں کے سپرد کر دوں؟

میں آپ کو فیصلہ کرنے کے لئے ایک مہینہ دیتا ہوں۔

آپ کا مخلص

چراغ دین

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی چراغ دین صاحب۔

مجھے یاد نہیں کہ اپنی بیٹی کی شادی پر مجھے آپ کی طرف سے کوئی رقم موصول ہوئی ہو۔اگر میں آپ کے کہنے کو درست مان بھی لوں کہ آپ نے اس تقریب میں کچھ خرچ کیا ہے تو آپ نے اپنے معاشرتی فرض کی ادائیگی کے طور پر کیا ہے نہ کہ مجھے قرض دینے کی شکل میں۔

اس لئے میں آپ کا مقروض نہیں۔

آپ کا

شہاب دین

---

دوسرا جواب

مکرمی چراغ الدین صاحب۔

مجھے تسلیم ہے کہ میں نے اپنی بیٹی کی شادی کے موقعے پر آپ سے بیس ہزار روپے قرض لئے تھے۔ مجھے آپ کا قرض بے باق کرنے کے لئے ابھی کچھ اور مہلت درکار ہے۔

امید ہے آپ مجھے مزید مہلت سے نوازیں گے۔

فقط آپ کا

شہاب دین

---

سالانہ حساب کی جلد بے باقی کیلئے

مکرمی۔

ہم بہت ممنون ہوں گے اگر آپ پچھلے سال کا بقایا ادا کرنے کے لئے ہمیں اپنا چیک ارسال کریں گے۔

چونکہ ہر سال جنوری میں ہماری بیلنس شیٹ تیار ہوتی ہے اس لئے آپ کی طرف سے ادائیگی میں تاخیر کھاتے بند کرنے میں مانع ہوگی۔

فوری کاروائی کے لئے انوائس کا مثنیٰ لف ہذا ہے۔

فقط مخلص

ریاض گل

------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی ریاض گل صاحب

۵۶۹۰ روپے کا چیک لف ہذا ہے۔اس سے پچھلے سال کا تمام بقایا بے باق ہو گیا ہے۔

آپ کو زحمت اٹھانی پڑی، جس کا مجھے بڑا افسوس ہے۔

فقط مخلص

شاہد

------------

ایک اور جواب

مکرمی ریاض گل صاحب

آپ کے اکاؤنٹنٹ نے جنہوں نے پچھلے ہفتے ادائیگی کا مطالبہ کیا تھا، کوئی غلطی پکڑی ہے لہٰذا وہ بل ٹھیک کرنے کے لئے اپنے ساتھ لے گئے تھے۔معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی مرسلہ ڈپلیکیٹ انوائس میں پھر اسی غلطی کا اعادہ کیا گیا ہے۔

براہ کرم صحیح انوائس بھیجئے تاکہ حساب بے باق ہو۔

بصد تشکر و امتنان۔

مخلص

شاہد

---

## بیباق کے لئے نوٹس

مکرمی۔

فروری ۲۰۰۴ء آ گئی ہے اور آپ نے ابھی تک اس مال کی رقم ادا نہیں کی جو فروری ۲۰۰۳ء میں آپ کو فراہم کیا گیا تھا۔

ہم نے کئی بار آپ کو اس بارے میں لکھا اور انوائسوں کے مثنیٰ بھی ارسال کیے۔

اندریں حالات ہم نہایت افسوس کے ساتھ آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ اگر آپ نے ایک ہفتے کے اندر اندر ادائیگی نہ کی تو ہم اپنے وکیل کو آپ کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کی ہدایت دینے پر مجبور ہوں گے۔

فقط مخلص

برکت علی

برائے ولی اینڈ کمپنی

---

مندرجہ بالا کا جواب

میسرز ولی اینڈ کو

جناب مکرم۔

جنوری/فروری ۲۰۰۳ء کے دوران جو مال آپ نے فراہم کیا تھا، اس میں نقص

تھا۔چونکہ وہ اسپیسی فیکیشن (Specification) سے کم تر تھا اس لئے ہمارے گاہکوں کو دیئے جانے کے قابل نہ تھا،لہذا وہ مال مارچ یا اپریل میں آپ کو واپس کر دیا گیا تھا۔نتیجتاً ہماری طرف آپ کی کوئی رقم واجب الادا نہیں۔

فقط مخلص

عالم پرویز

برائے بالی اینڈ کو

---

ایک اور جواب

جناب مکرم۔

حساب کتاب کرنے کے لئے براہ مہربانی اپنا آدمی بھیج دیجیے تا کہ مزید تاخیر نہ ہو۔حساب طے ہو جانے کے بعد ہم چیک جاری کر دیں گے۔

آپ کا مخلص

عالم پرویز،برائے ولی اینڈ کمپنی

---

## قرض خواہ کے نام خط

جناب مکرم

مجھے ہمارے واجب الادا حساب کے بارے میں آپ کا قانونی نوٹس ملا۔ افسوس کے ساتھ عرض ہے کہ آپ کو یہ کہنے کی ضرورت نہیں تھی کہ اگر میں جلد ادائیگی کرنے سے قاصر رہا تو پھر قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔

تصفیے کے لئے میں آپ سے زیادہ بے چین ہوں۔لیکن آپ کو یہ مان لینا چاہیئے کہ اس وقت میں ادائیگی کے لائق نہیں ۔ چند ہفتوں میں میں اس قابل ہو

جاؤں گا کہ آپ کے مالی مطالبات پورے کرسکوں۔

میں تین ماہ کی مدت میں ادا کیے جانے والا بل قبول کرنے کو تیار ہوں بشرطیکہ آپ بھیجنے کی زحمت گوارا کریں۔

مجھے تاخیر کا افسوس ہے۔لیکن یقین کیجئے بااین ہمہ ہمارے تعلقات

آپ کے تعاون کا شکریہ۔

فقط آپ کا مخلص

عمر پرویز

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپ کو تکلیف دی۔ اس کی وجہ میری اپنی مالی مشکلات تھیں۔ میں آپ سے تین ماہ میں وصول کیا جانے والا بل جاری کر رہا ہوں۔

فقط آپ کا

سراج

---

## مقروض کی طرف سے خط

مکرمی۔

مجھے آپ کا یہ خط پا کر ذرا تعجب نہیں ہوا کہ اگر میں چھ دن کے اندر آپ کا بل ادا نہ کروں گا تو آپ قانونی چارہ جوئی کریں گے۔

مجھے افسوس ہے کہ آپ نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ گذشتہ دو سال کے تجارتی

لین دین کے دوران میں نے ہمیشہ آپ کے بل فوراً ادا کیے ہیں۔

میں گذارش کروں گا کہ ذرا صبر و تحمل سے کام لیجئے اور جلد بازی میں وہ کام نہ کیجئے جس کا نتیجہ اچھا نہ ہو۔ عدالتی کاروائی ہم دونوں کو غیر ضروری مشکلات میں پھنسا دے گی اور صورت حال میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی۔

آپ کی پچھلی نوازشوں کا شکریہ۔

فقط مخلص

عاشق کنور

------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے صحیح مشورے کا شکریہ۔ میں تحمل سے کام لینے کو تیار ہوں، امید ہے کہ آپ میرے صبر کا پیانہ لبریز ہونے سے پہلے چیک بھیج دیں گے۔ کیونکہ پھر اس کی مزید گنجائش نہیں رہے گی۔

بصد تشکر و امتنان۔

فقط

رضا خان

-------------

## حساب بھیجنے کیلئے

جناب محترم۔

میں چند ماہ کے لئے لاہور سے باہر سندھ جا رہا ہوں۔ ازراہ کرم مجھے آج تک اپنا سارا حساب بھیج دیجئے تا کہ اس کی ادائیگی میری روانگی سے پہلے ہو جائے اور میری عدم موجودگی میں آپ کو کوئی دقت نہ ہو۔

فقط خلوص کار

لعل بادشاہ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی طلب کے مطابق بل لف ہذا ہے۔ چاہیں تو اسے اب ادا کر دیں یا پنجاب پہنچنے پر رقم بھیج دیں۔ شکریہ۔

آپ کا مخلص

سہیل انور برائے کالو چاند اینڈ کو

---

## حساب میں غلطی کی نشان دہی کے لئے

مکرم ومحترم۔

کل کی تاریخ میں آپ کے حساب کے گوشوارے کا شکریہ۔

براہ مہربانی نوٹ کر لیجئے کہ گوشوارے سے آئٹم نمبر ۵ کی توثیق آپ کی کوٹیشن سے نہیں ہوتی جو آپ نے پچھلے مہینے کی ۶ تاریخ کو بھیجی تھی۔

علاوہ ازیں آپ نے ہمارے حساب میں ان اونی جرابوں کی رقم بھی جمع نہیں کی جو ہم نے پچھلے مہینے واپس ارسال کی تھیں۔

ترمیم شدہ بل وصول ہونے پر ہم آپ کو حساب بے باق کرنے کے لئے چیک بھیج دیں گے۔

فقط آپ کا

ولی بھائی

-----------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

افسوس کہ ہمارے بل میں غلطیوں کی وجہ سے آپ کو تکلیف ہوئی۔ اس عملے کے خلاف جو ان کوتاہیوں کا مرتکب ہوا ہے تادیبی کاروائی کی جا رہی ہے۔

ترمیم شدہ بل آپ کے ملاحظے اور ادائیگی کے لئے لف ہذا ہے۔

فقط مخلص

رسول بخش

---------------

## دوست سے قرض طلب کرنے کیلئے

پیارے وحید۔

افسوس کہ تم سے رقم طلب کر کے زحمت دے رہا ہوں۔ مگر مجبور ہوں کہ میری بیٹی کی اگلے مہینے شادی ہے اور میں عارضی طور پر ضرورت مند ہوں۔

اگر تم مجھے تین چار ماہ کے لئے بیس ہزار روپے قرض دے دو تو میں آسانی سے مسئلے پر قابو پا لوں گا اور فکر کے بوجھ سے نجات مل جائے گی۔

اگر تم انتظام کرنے سے قاصر ہو تو صاف انکار کرنے میں تامل نہ کرنا۔ مجھے یقین ہے کہ تم انتظام کر سکتے ہو گے تو فوراً کر دو گے۔ شکریہ۔

فقط

تمہارا مخلص

احمد علی

-------------------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے احمد علی!

شکریہ کہ تم نے مجھے اپنی ضرورت میں خدمت کا موقع دیا۔

براہ مہربانی اس کے ساتھ بیس ہزار روپے کا چیک وصول پاؤ۔

میرا شکریہ ادا کرنے کی تمہیں ضرورت نہیں۔

فقط

تمہارا دوست

وحید

---

ایک اور جواب

پیارے احمد علی۔

افسوس کہ میں تمہاری زیادہ خدمت سے قاصر ہوں جو تم نے طلب کی ہے۔اس نااہلی کے لئے میں خود کو قصوروار خیال کرتا ہوں۔

تاہم میں دس ہزار روپے بھیج رہا ہوں۔

امید ہے کہ اس سے تمہاری پریشانی کچھ تو کم ہوگی۔

فقط

تمہارا دوست

وحید

---

## دوست سے بیمار کے لئے مالی امداد طلب کرنا

ڈیر جان۔

میری بیوی بیمار ہے اور میرے پاس اس انتہائی ضرورت کے وقت پیسے نہیں۔

کیا تم مجھے دو ہفتوں کے لئے دو ہزار روپے ادھار دو گے؟

فقط

تمہارا دوست ۔ جیک

---

مندرجہ بالا کو جواب

ڈئر جیک ۔

مجھے بڑا ہی افسوس ہے کہ میں تمہاری ضرورت میں تمہاری طلب سے زیادہ اعانت کرنا چاہتا تھا اگر میں خود آزمائشوں اور پریشانیوں سے دو چار نہ ہوتا ۔ تاہم تم نے قلیل سی رقم طلب کی ہے جو میں آسانی سے دے سکتا ہوں ۔

دو ہزار روپے کا چیک اس کے ہمراہ ارسال ہے ۔

فقط

تمہارا دوست

جان

All rights reserved. ©2002-2006

---

## اعانت سے انکار

ڈیئر جیک ۔

افسوس کہ میں تمہیں مایوس کر رہا ہوں کہ اس وقت میرا بال بال قرض میں بندھا ہوا ہے اور میں دوست کی مدد کے لئے کچھ نہیں دے سکتا ۔ ہندی مثل کے مطابق میرے پاس زہر کھانے کو بھی پیسہ نہیں ۔

اگر تمہیں کہیں سے نہ ملے تو تم مجھے اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کہ میری تنخواہ کا دن ہوتا ہے، سے دو چار دن پہلے لکھنا ۔ مجھے تمہاری اعانت کر کے خوشی ہوگی ۔

فقط

تمہارا دوست

جان

---

## خیرات کے لئے اپیل

مکرمی۔

کیا میں آپ ایسے مخیر طبع ہستی سے مقامی یتیم خانے کے لئے عطیئے کی اپیل کر سکتا ہوں۔

ہم جو کام کر رہے ہیں وہ بڑی اہمیت کے حامل ہیں اور ہمارے علم میں جو واقعات آئے ہیں وہ واقعی اندوہناک ہیں۔

جلدی عنایت کا شکریہ۔

فقط آپ کا مخلص

عبدالحمید

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

اس سال میں نے جو رقم خیرات کے لئے مخصوص کی تھی وہ ساری ختم ہو گئی۔ اگر آپ اگلے سال کے اوائل میں یاد دہانی کرائیں گے تو میں بخوشی آپ کے ادارے کے لئے کچھ کروں گا۔

فقط

آپ کا مخلص

محمد معظم

---

ایک اور جواب

مکرمی۔

افسوس کہ مجھے نجی طور پر چلائے جانے والے یتیم خانوں پر اعتماد نہیں۔کیونکہ یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ تمام یتیم بچوں کی دیکھ بھال کرے۔بہر حال میں آپ کو دو سو روپے بھیج رہا ہوں۔

فقط آپ کا مخلص

محمد معظم

---

## ایک مستحق کی امداد کرنا

محترمی۔

بیگم مینا جو آپ کے پڑوس میں رہتی ہیں، حال ہی میں بیوہ ہوئی ہیں۔ان کے شوہر انتہائی المناک حالت میں ایک بچے کو بچاتے ہوئے ریل کے انجن تلے آ کر وفات پا گئے۔

دلیری کی اس شاندار مثال کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔اس لئے میں آپ کا شکر گزار ہوں گا کہ آپ مرحوم کی بیوہ اور اس کے تین بچوں کی اس پریشانی اور دکھ کے عالم میں اعانت کے لئے کچھ کریں۔شکریہ۔فقط

آپ کا مخلص

جی۔ایم۔خواجہ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں اس عظیم آدمی کی دلیری کی داد دیتا ہوں جس نے دوسرے کے بچے کو بچاتے ہوئے اپنی جان قربان کر دی۔مجھے غمزدہ خاندان سے ہمدردی ہے اور میں

ایک چیک اس کے ہمراہ بھیج رہا ہوں۔ جو اگرچہ قلیل سی رقم کا ہے۔

فقط آپ کا مخلص

ایم ایس

خان

---

## بینک کا حوالہ یا ہنڈی بھیجنے کیلئے

مکرمی۔

آپ کے ۱۵ جنوری کے آرڈر کا شکریہ، جس پر ہم اپنی بہترین توجہ دے رہے ہیں۔

مگر چونکہ آپ کے ساتھ یہ ہمارا پہلا سودا ہے اس لئے ہم آپ کے شکر گزار ہوں گے اگر آپ ہمیں ہنڈی کے ذریعے رقم بھیج دیں یا کسی بینک کا حوالہ دیں۔

نئے گاہکوں سے سودا کرنے کا یہ ہمارا معمول ہے، اس سے کوئی اور مطلب اخذ نہ کیا جائے۔

شکریہ۔

فقط مخلص

رشید چاؤلہ

برائے کڈی اینڈ کو

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ........ کے حوالے سے میں اڑھائی ہزار کا چیک بھیج رہا ہوں تا کہ آپ مال جلد فری اون ریل (F.O.R) ارسال کرسکیں۔ فقط

مخلص

راجہ رحیم

---

## ادھار اور چھوٹ

مکرمی۔

ہم مؤدبانہ آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ ہم اپنے ان گاہکوں کو جو اپنا حساب تین مہینے کے اندر اندر بے باق کر لیتے ہیں، رقم میں چھوٹ دیتے ہیں۔ شاید آپ کو اس قاعدے کا علم نہیں۔ اپنی ادائیگی میں تاخیر کر کے آپ چھوٹ سے محروم ہو رہے ہیں۔ اس مرتبہ ہم آپ کو خصوصی رعایت دے رہے ہیں۔ آئندہ ہمیں امید ہے کہ آپ اس تین مہینے کی مدت کی پابندی کریں گے۔

آپ کے تعاون کا شکریہ۔

فقط مخلص

راحت منصور

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں نے تین مہینے کے اندر بلوں کی ادائیگی سے متعلق آپ کی ہدایات نوٹ کر لی ہیں اور آئندہ ان کی پابندی کی جائے گی۔

شکریہ۔

فقط

مخلص

مسعود احمد

---

## بیجک میں زیادہ قیمت کا اندراج

مکرمی۔

آپ کا بیجک نمبر ۹۹۹ ترمیم کے لئے واپس ارسال ہے کہ اس میں آپ نے اونی مفلر کی قیمت =/۴۰۰ فی عدد درج کی ہے جبکہ آپ کی قیمتوں کی فہرست میں =/۳۷۰ روپے فی عدد درج ہے۔

براہ مہربانی ترمیم شدہ بیجک ادائیگی کے لئے ارسال کیجئے۔

فقط

مخلص

لال دین

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ.........کا شکریہ۔وہی بیجک آپ کو واپس ادائیگی کے لئے بھیجا جا رہا ہے کیونکہ آپ کو جو مفلر سپلائی کیے گئے ہیں وہ اچھی کوالٹی کے ہیں جو آپ کی فرمائش پر مشتہرہ فہرست میں مندرج کوالٹی سے ہٹ کر تیار کرائے گئے ہیں۔

براہ مہربانی رقم جلد ادا کر دیجئے۔شکریہ۔فقط

مخلص

دین محمد

---

## مرمت کے تخمینے کے لئے

کھوکھر اینڈ کو

بلڈنگ انجینئرز۔لاہور

مکرمی۔

ہماری بلڈنگ کو فوری مرمت کی ضرورت ہے۔ براہ مہربانی اپنا آدمی بھیجئے جو دیکھ کر ہمیں مرمت پر خرچ کا تخمینہ پیش کرے تاکہ آپ کے سپرد کام کیا جاسکے۔

شکریہ۔فقط

مخلص آر،ایل،خان

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم نے نہایت غور سے مرمت طلب مقامات کا جائزہ لے لیا ہے اور ان کی مرمت پر اٹھنے والے اخراجات کا تخمینہ پیش کرتے ہیں۔

مزید عرض ہے کہ مندرجہ رقم بہترین میٹریل اور عمدہ کاریگری کے لئے ہے۔

امید ہے کہ ہماری کوٹیشن آپ کو قبول ہوگی۔فقط

مخلص

شفیق احمد

برائے کھوکھر اینڈ کو

---

## ڈیویڈنڈ وارنٹ کی گمشدگی پر

بجانب جنرل منیجر صاحب

پنجاب نیشنل بنک لمیٹڈ۔لاہور

مکرمی۔

آپ کے بنک میں میرے دو صد حصوں سے متعلق میرا ڈیونڈنڈ

وارنٹ (Divident Warrant) نمبر ۲۰۵ کھو گیا ہے۔

براہ مہربانی بتایئے کہ میں کس طرح اس کا مثنیٰ (Duplicate) حاصل کرسکتا ہوں۔

شکریہ۔فقط

مخلص

ساجد حسین رضوی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

بحوالہ آپ کے خط مورخہ.........ہم اس کے ساتھ ضروری فارم بھیج رہے ہیں جسے آپ پر کر کے سیکرٹری پنجاب نیشنل بنک ،مری روڈ۔راولپنڈی کو مثنیٰ ڈیویڈنڈ وارنٹ حاصل کرنے کے لئے بھیج دیجیے۔

ہمیشہ اپنے بہترین تعاون کا یقین دلاتے ہوئے۔ آپ کا مخلص

راجہ انور جنرل مینجر

---

## چیک پر تاریخ تبدیل کرنے کے لئے

مکرمی۔

چوں کہ ادائیگی کی مدت تین مہینے ختم ہوگئی ہے لہذا اپنے چیک نمبر ۸۰۰ برائے مبلغ ایک ہزار روپے کی تاریخ بدل دیجیے۔شکریہ۔

مخلص

حسن دین

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی خواہش کے مطابق آپ کے چیک کی تاریخ تبدیل کردی گئی ہے اور وہ اس خط کے ہمراہ ارسال ہے۔

وصولیت کی رسید سے مطلع فرمائیے۔

فقط

مخلص

محمود علی

---

## چیک کی ادائیگی رکوانے کیلئے

بجناب منیجر صاحب

لائیڈ بنک لمیٹڈ۔ کراچی

مکرمی۔

ازراہ کرم میرے جاری کردہ دو چیکوں نمبر......... اور نمبر........... مورخہ........ بنام جناب حسین بخش برائے مبلغ =/ ۷۰۰۰ روپے اور =/ ۶۰۰۰ روپے علی الترتیب کی ادائیگی روک دیجئے۔ زحمت کے لئے معذرت خواہ ہوں۔

شکریہ۔

فقط

مخلص شجاعت علی

---

مندرجہ بالا کو جواب

مکرمی۔

چیک نمبر...... اور نمبر......... برائے مبلغ =/۷۰۰۰ روپے اور

= /۲۰۰۰ روپے علی الترتیب کے بارے میں آپ کی ہدایت نوٹ کر لی گئی ہے۔

اگرچہ آپ کی ہدایت نوٹ کر لی گئی ہے اور ان چیکوں کی ادائیگی روکنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ تاہم اگر بھول چوک کی وجہ سے ادائیگی ہو جائے تو بنک قانونی طور پر اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

فقط خلوص کار شاہین بابر خان

منیجر

---

## پرامیسری نوٹ یا درشنی ہنڈی

قصور

جنوری ۲۶/۳/۲۰۰۳ء

مبلغ = /۵۰۰۰ روپے

مندرجہ تاریخ کے چھ مہینے بعد ہم بالی اینڈ کو یا اس کے آرڈر پر رقم مبلغ = /۵۰۰۰ روپے (پانچ ہزار) صرف موصولہ قیمت ادا کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔

مورخہ ریاست علی

(ٹکٹ) امین، نعیم اینڈ کو

---

## میں آپ کا مقروض ہوں

بجانب شاہد علی خاں

میں آپ کا دس ہزار روپے کا مقروض ہوں۔

مبلغ = /۱۰۰۰۰ روپیہ

جوزف اسٹیفن

(ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں)

---

## وصولی کی رسید

بصد شکریہ مبلغ = /۲۵۰۰۰ روپے (پچیس ہزار روپے) صرف از صابری دار الکتب برائے کاپی رائٹ مسودہ بعنوان .......... وصول پائے اور حساب بے باق ہو گیا۔

مورخہ.................. دستخط..................

(ٹکٹ) پتہ......................

---

## کرائے کا مطالبہ

۲۲۳۔کولڈ ہارٹ کالونی

حیدر آباد

جنوری ۱۷/۴/۲۰۰۴ء

ریاض قدیر صاحب

۳/اے مہر آباد۔سکھر

مکرمی جناب۔

میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ مندرجہ بالا پتے پر واقع جگہ کا کرایہ تین مہینے سے وصول نہیں ہوا ہے۔

میں آپ کا ممنون ہوں گا اگر آپ رواں ماہ کے اختتام سے پہلے اس کی ادائیگی کر دیں گے۔

شکریہ۔ مخلص

ولی الرحمان

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی ولی الرحمان صاحب

آپ کی یاددہانی کا شکریہ۔ مجھے افسوس ہے کہ ناگزیر وجوہ کی بناء پر آپ کے کرائے کی ادائیگی میں تاخیر ہوئی۔

=/۳۰۰۰ روپے کا چیک لف ہذا ہے۔ اس سے آج کی تاریخ تک کا کرایہ ادا ہو گیا۔ فقط

آپ کا مخلص

ریاض قدیر

---

مندرجہ بالا کا انکاری جواب

مکرمی ولی صاحب۔

میرے رواں مالی ذمہ داریاں اس امر کی اجازت نہیں دیتیں کہ اس مہینے آپ کو پورا کرایہ ادا کر دیا جائے۔ البتہ میں اگلے مہینے کے اختتام تک تمام واجبات یقیناً صاف کر دوں گا۔

امید ہے کہ کچھ خیال نہ فرمائیے گا۔

شکریہ۔ فقط

آپ کا مخلص

ریاض قدیر

---

ایک اور انکاریہ

مکرمی ولی الرحمٰن

افسوس کہ میں نے آپ کو زحمت دی۔ مگر میں نے بلاوجہ آپ کا کرایہ نہیں روکا۔

کئی بار آپ کی توجہ مبذول کرا چکا ہوں کہ میرے فلیٹ کی مرمت مدت سے ضروری ہو چکی ہے، پھر بھی آپ نے مرمت کا وعدہ پورا نہیں کیا اس لئے میں خود مرمت کرانے اور اس کے اخراجات واجب الادا کرائے میں سے منہا کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہوں۔

امید ہے کہ آپ میری مشکلات کا احساس کریں گے اور اس تجویز کو قبول فرمائیں گے۔

شکریہ۔

فقط

آپ کا مخلص

ریاض قدیر

---

## جزوی ادائیگی

مکرمی جناب سخاوت شاہ صاحب

مجھے آپ کی یقین دہانی موصول ہوئی لیکن افسوس کہ میں تین مہینے کا کرایہ اس مہینے ادا کرنے سے قاصر ہوں تاہم میں دو ماہ کا کرایہ اس مہینے اور دو ماہ کا کرایہ فروری میں ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہوں۔ امید ہے آپ یہ تجویز قبول فرمائیں گے۔

شکریہ۔ فقط

خلوص کار

ارشد ملک

---

## قانونی چارہ جوئی کی دھمکی

مکرمی۔

میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ آپ نے کئی بار وعدہ کرنے کے باوجود ابھی تک اس جگہ کا کرایہ ادا نہیں کیا جو آپ کے قبضے میں ہے۔

میں آپ سے ایک بار پھر درخواست کرتا ہوں کہ آپ اسے اپنی اولین فرصت میں ادا کر دیجئے جو کسی حال میں بھی رواں مہینے کی آخری تاریخ کے بعد میں نہ ہو۔

ورنہ میں وہ اقدامات کرنے پر مجبور ہوں گا جو آپ کو پسند نہیں ہوں گے۔فقط

خلوص کار

احمد کمال سیٹھ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی جناب۔

افسوس کہ آپ کے لب ولہجہ نے مجھے از حد پریشان کیا۔

آپ جانتے ہی ہیں کہ میں آپ کا بہت پرانا کرایہ دار ہوں اور اب تک آپ کو کرائے کی شکل میں اتنا روپیہ ادا کر چکا ہوں جو ایک ایسی عمارت کی جیسی کہ فلیٹ کی صورت میں میرے قبضے میں ہے قیمت کے برابر ہے۔

علاوہ ازیں آج کل میں غیر متوقع مالی مشکلات میں مبتلا ہوں تاہم یقین رکھیئے آپ کا کرایہ اگلے مہینے ہر حال میں ادا کر دیا جائے گا۔

امید ہے کہ آپ کچھ دن اور تحمل سے کام لیں گے۔شکریہ۔

آپ کا مخلص

مہتاب بھٹی

---

## کوارٹر خالی کرنے کا نوٹس

جناب روشن دین صاحب

گول مارکیٹ۔لاہور

مکرمی جناب۔

جیسا کہ آپ کے اور میرے درمیان ۷اجولائی ۲۰۰۲ءکومعاہدہ ہوا تھا کہ آپ ایک ماہ کے نوٹس پر میرا مکان واقع ۳۳حمزہ سٹریٹ ،اچھرہ لاہور خالی کر دیں گے۔ چوں کہ میں اپنے نجی استعمال کے لئے متذکرہ صدر مکان کا قبضہ حاصل کرنا چاہتا ہوں اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ آپ یکم مارچ ۲۰۰۳ءکو یا اس سے پہلے خالی کر دیجئے۔

زحمت کے لئے معذرت خواہ ہوں۔

فقط مخلص

آر،پی،غوری

---

مندرجہ بالا کو جواب

مکرمی غوری صاحب

افسوس کہ ساتھ آپ کو مطلع کرتا ہوں میں آپ کی خواہش کے مطابق یکم مارچ ۲۰۰۳ءکو یا اس سے پہلے خالی نہیں کر سکتا کہ متبادل اقامت کہیں بھی موجود نہیں ہے۔میری کرایہ داری پر لاہور رینٹ ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے،جس کے مطابق آپ مجھے مکان خالی کرنے کو نہیں کہہ سکتے کہ میں کرایہ باقاعدگی سے ادا کر رہا ہوں۔علاوہ ازیں میں نے کبھی آپ کو کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیا۔میں سمجھتا ہوں کہ میں بڑا اچھا کرایہ دار ہوں کہ آپ کو مرمت یا سفیدی کرانے تک کو نہیں کہتا۔

براہ کرم اپنا نوٹس واپس لے لیجئے۔ شکریہ۔فقط

آپ کا مخلص

روشن دین

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی روشن دین صاحب

میں آپ کو کبھی گھر خالی کرنے کو نہ کہتا۔ کیونکہ میں مانتا ہوں کہ آپ مثالی کرایہ دار ثابت ہوئے ہیں۔ لیکن جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ یہ گھر مجھے اپنے نجی استعمال کے لئے درکار ہے کہ میرے بڑے بیٹے کی شادی ہوگئی ہے اور اس کا علیحدہ رہنے پر اصرار ہے۔

میری مجبوری کو مدنظر رکھتے ہوئے مجھے امید ہے کہ آپ میری گزارش کی تعمیل کریں گے۔

شکریہ۔فقط۔

آپ کا مخلص

آر، پی، غوری

---

## مرمت کے لئے

مکرمی۔

میں گزشتہ پچاس سال سے آپ کی عمارت کا مکین ہوں جسے وسیع پیانے پر مرمت کی ضرورت ہے تا کہ وہ استعمال کے قابل رہے اور میونسپل کارپوریشن کا دستہ اسے خطرناک عمارت قرار دے کر آنے والے موسم برسات میں گرا نہ دے۔ ایک مہینے تک بارش ہونے کی توقع ہے۔ لہذا وقت ضائع کیے بغیر اس کی مرمت کرا دیجیے۔ شکریہ۔ فقط

آپ کا

ولی محمد

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

وسیع پیانے پر مرمت تو اس وقت ناممکن ہے کہ اخراجات کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ البتہ اس وقت ایسی مرمت کرائی جا سکتی ہے جس سے عمارت آنے والی برسات میں انہدام سے محفوظ رہے۔

ضروری مرمت جلد ہی شروع کر دی جائے گی۔ فقط

آپ کا مخلص

شان الٰہی

---

## مرمت کرانے کیلئے

مکرمی۔

میں آپ کے مکان واقع نمبر ۲۳۴۔ گولڈن گلی، سلور ٹاؤن میں گزشتہ تین سال سے رہ رہا ہوں۔ افسوس کے ساتھ عرض ہے کہ مکان پر سفیدی کبھی نہیں کرائی گئی۔ ازراہ کرم سفیدی بھی کرا دیجئے اور معمولی مرمت بھی کرا دیجئے۔ ورنہ مجھے اجازت دیجئے کہ میں خود سفیدی اور مرمت کرا لوں اور اس پر خرچ ہونے والی رقم اگلے مہینے کے کرائے سے منہا کر لوں۔ فقط

مخلص

کرم دین

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے کل کے خط کے حوالے سے عرض ہے کہ آپ مکان پر سفیدی اور

معمولی مرمت کرا لیجئے۔ تاہم اس امر کا خیال رکھیے کہ مرمت کے اخراجات ایک معقول حد میں رہیں اور جو رقم آپ نے خرچ کی ہو وہ اگلے مہینے کے کرائے میں ہی منہا کی جا سکے۔

یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ اگر اس ضمن میں کوئی زائد رقم خرچ کی جائے گی وہ میں ادا نہیں کروں گا۔ فقط

آپ کا

یوسف علی

-------------

## مرمت کا سخت تقاضا

مکرمی۔

بڑے دکھ کے ساتھ لکھ رہا ہوں کہ جہاں آپ کرایہ وصول کرنے میں ایک دن کی بھی تاخیر نہیں ہونے دیتے وہاں آپ اپنے اس فرض سے غافل ہیں کہ کرایہ دار کو سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ میں نے آپ کو بارہا مطلع کیا کہ ٹونٹیاں ٹپکتی ہیں۔ چھت مرمت طلب ہے کہ اس سے مٹی جھڑتی ہے مگر آپ نے میری شکایتوں پر سنجیدگی سے کبھی توجہ نہیں دی۔

اگر آپ اس وقت مرمت کرانے سے کسی وجہ سے قاصر ہیں تو مجھے اجازت دیجئے کہ میں مرمت کرا لوں اور اس کے اخراجات آپ کو ادا کیے جانے والے کرائے میں سے کاٹ لوں۔ مزید عرض ہے کہ اگر آپ کی طرف سے تسلی بخش جواب نہ ملا تو میں پھر آپ کو کرایہ ادا نہیں کروں گا تاوقتیکہ عدالت فیصلہ نہ کرے۔

یہ مت سمجھے کہ مجھے آپ سے کوئی بیر ہے۔ اپنی جائداد کو برقرار اور ہمیں ناواجب تکالیف سے محفوظ رکھنے کے لئے مرمت لازمی ہے۔ فقط

آپ کا مخلص

ایل، آر، گلزار

--------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کا ۱۸ جولائی کا خط موصول ہوا۔ جواباً عرض ہے کہ آپ کی قانونی اور غیر قانونی چارہ جوئی کی دھمکی کا مجھ پر چنداں اثر نہیں ہوا۔ مجھے بھی اپنی جائداد کی حفاظت کا اتنا ہی خیال ہے جتنا کہ آپ کو۔ اگلی برسات سے پہلے تمام ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

ازراہ کرم گزشتہ دو ماہ کا کرایہ ادا کر دیجئے جو آپ نے بلا وجہ روکا ہوا ہے، ورنہ میں قانونی کاروائی کرنے پر مجبور ہوں گا۔ فقط

آپ کا مخلص

لال دین

----------

## کرائے میں تخفیف

مکرمی۔

اس محلے میں رائج کرایوں کا معیار، آپ کی عمارت کی حالت اور ہماری طرف سے اس کی بہتر دیکھ بھال کے پیشِ نظر میں محسوس کرتا ہوں کہ آپ زیادہ کرایہ وصول کرتے ہیں جو کسی طرح بھی مناسب و جائز نہیں۔

اس لئے کرایہ ایکٹ کے تحت عدالت میں جانے اور رینٹ کنٹرولر کو یہ معاملہ طے کرنے کیلئے درمیان میں لانے کی بجائے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ خود کرایہ گھٹا دیجئے اور ان اچھے تعلقات کو ملحوظ رکھیئے جو ہمارے درمیان اس وقت سے چلے آ رہے ہیں جب میں نے آپ کا مکان کرائے پر لیا تھا۔

آپ کی طرف سے معقول جواب کی توقع رکھتے ہوئے۔

آپ کا مخلص

راحت قادر

---

مثبت جواب

جنابِ محترم

ایک اچھے کرائے دار کی حیثیت سے میں آپ کی بڑی قدر کرتا ہوں۔ ہمارے مابین جو اچھے تعلقات قائم ہیں انھیں مدنظر رکھتے ہوئے نیز انھیں جاری رکھنے کی خاطر میں یکم مارچ ۲۰۰۳ء سے ماہانہ کرایہ =/۳۵۰۰ روپے سے گھٹا کر =/۳۳۰۰ روپے کرتا ہوں۔ یہ تخفیف خفیہ رکھیے تا کہ دوسرے کرائے دار مجھے پریشان نہ کریں۔

امید ہے کہ آپ میری پیشکش پسند فرمائیں گے۔فقط

آپ کا مخلص

رمضان اظہر

---

منفی جواب

جنابِ محترم۔

مجھے آپ کا دھمکی آمیز خط ملا۔ میں پہلے اس ہاؤس ٹیکس سے کم کرایہ آپ سے وصول کر رہا ہوں جو میونسپل کارپوریشن مجھ سے اس مکان کا وصول کرتی ہے جس میں آپ رہتے ہیں۔

لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ مجھے کرایہ میں تخفیف پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ اگر آپ رینٹ کنٹرول ایکٹ کے تحت تخفیف کرانا چاہتے ہیں تو میں آپ کو نہیں روکوں گا۔

فقط

آپ کا مخلص

رمضان اظہر

---

## کرائے میں تخفیف سے انکار

مکرمی۔

مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوئی ہے کہ آپ کرائے میں تخفیف اور مرمت و درستگی پر متواتر اصرار کر رہے ہیں۔ میں افسوس سے کہتا ہوں کہ ان میں سے کوئی سا مطالبہ بھی مستقبل قریب میں پورا کیا جانا ممکن نہیں۔

آپ کا کرایہ اس وقت مقرر کیا گیا تھا جب مکانات کی کثرت اور کرایہ داروں کی قلت تھی۔ اس وقت سے اب تک جب کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہر چیز گراں ہو گئی ہے۔ مزدوری، قیمتیں اور عمارتی سامان وغیرہ پر اخراجات بڑھ گئے ہیں۔ لیکن میں آپ سے وہی کرایہ لے رہا ہوں جو دس سال پہلے آپ دیتے تھے۔

اس لئے میں آپ کو کہتا ہوں کہ آپ مرمت کرا لیجئے۔ نیز عمارتی سامان کی قیمتوں میں اضافے کے پیش نظر کرائے میں اضافے کا بھی سوچیے۔ فقط

مخلص

اب ج (مکان دار)

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں آیندہ آپ کو کرایہ کم کرنے کے لئے نہیں کہوں گا اگرچہ آپ جب سے میں آپ کا کرایہ دار بنا ہوں مجھ سے بہت زیادہ شرح پر کرایہ وصول کر رہے ہیں۔

اس وقت میں نے اس پر چنداں توجہ نہ کی کہ میرا کاروبار ترقی پر تھا جواب تنزل کا شکار ہے۔

تاہم میں فوری مرمت پر ضرور اصرار کرتا ہوں۔ میں کرایہ روک لوں گا جب تک کہ آپ عمارت کو انسانی رہائش کے قابل نہیں بنا دیتے اور اس کرائے کے شایان شان جو آپ وصول کر رہے ہیں۔فقط

آپ کا مخلص

(کرایہ دار)

-----------

## کرائے میں اضافے کیلئے

مکرمی۔

آپ کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ یکم اپریل ۲۰۰۳ء سے آپ کا ماہانہ کرایہ ۲۸۰۰/= روپے سے بڑھا کر ۳۰۰۰/ روپے کر دیا گیا ہے۔

مجھے اس اقدام کا افسوس ہے لیکن چوں کہ کرایوں میں عام اضافے اور عمارتی سامان کی قیمت میں زیادتی کی وجہ سے میں ایسا کرنے پر مجبور ہوں۔

امید ہے کہ آپ میری مشکلات کا احساس کریں گے۔فقط

مخلص

شفیق کھوکھر

---------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی چٹھی مورخہ ........ کے حوالے سے عرض ہے کہ آپ رینٹ کنٹرول ایکٹ کے تحت کرائے میں اضافہ نہیں کر سکتے۔لہٰذا نوٹ کر لیجئے میں آپ کو اضافی

شرح پر کرایہ ادا نہیں کروں گا۔ آپ کو اختیار ہے چاہے تو معاملہ فیصلے کے لئے کسی عدالت مجاز میں لے جائیں۔

اگلے مہینے سے کرایہ آپ کو بذریعہ منی آرڈر بھیجا جائے گا یا عدالت میں جمع کرایا جائے گا۔

فقط          خلوص کار

سمندر خاں

---

## مرمت سے انکار کی وجہ

جناب مکرم۔

میں نہایت افسوس کے ساتھ آپ کو اطلاع دیتا ہوں کہ مستقبل قریب میں آپ کے زیر قبضہ عمارت کی مرمت کا سوچنا تک میرے لئے ناممکن ہے۔

گزشتہ دو سال کے دوران جائیداد کی مرمت و درستگی پر کرائے کا بڑا حصہ صرف ہو گیا۔ جس سے جائیداد، میری دولت اور آمدنی کے بڑے حصے کے ضیاع کا موجب بن گئی ہوئی ہے۔

چوں کہ میں نا معقولیت کی راہ اختیار نہیں کرنا چاہتا اس لئے مجبوراً آپ کی درخواست کی تعمیل سے انکاری ہوں۔

فقط          مخلص

رانا خورشید

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی جناب رانا صاحب۔

کچھ مرمت اور سفیدی پھروانا مکان پر اس قدر ضروری ہو گیا ہے کہ اسے اس

وقت تک کے لئے ملتوی نہیں کیا جا سکتا کہ کرائے کے ذریعے اتنا روپیہ کما لیں جتنا کہ اس مقصد کے لئے درکار ہے۔

براہ مہربانی معاملہ پر سنجیدگی سے غور کیجئے۔اس مرغی کو مت ذبح کیجئے جو آپ کو سونے کا انڈا دیتی ہے۔فقط

خلوص کار

اسد شاہد

---

ادائیگی کی مدت میں اضافہ

مکرمی۔

افسوس کہ میں نے آپ کو اتنا موقع فراہم کیا کہ آپ نے مجھ سے واجب الادا کرایہ طلب کیا۔

اگرچہ میں اس وقت اگلے مہینے اپنی بیٹی کی شادی ہونے کی وجہ سے اس لائق نہیں کہ اپنی مالی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہوسکوں تاہم وعدہ کرتا ہوں کہ اگلے سے اگلے مہینے یعنی اپریل میں آپ کا سارا قرض بے باق کر دوں گا۔

زحمت کے لئے شکریہ۔فقط

خلوص کار

لال دین

---

مثبت جواب

مکرمی لال دین صاحب

میں آپ کی تجویز منظور نہیں کر سکتا۔براہ کرم یا تو میرا قرض ادا کیجئے یا پھر میرے کوارٹر خالی کر دیجئے۔میرا مکان مفت کی سرائے نہیں جو میں نے لوگوں کے لئے

بنوائی ہو۔امید ہے کہ حقیقت حال کو تسلیم کریں گے۔فقط

خلوص کار

چوہدری حمید

اصغر

---

## کرایہ زمین کی ادائیگی

مکرمی۔

ہم آپ کو یاددہانی کراتے ہیں کہ آپ کی مقبوضہ ہماری جائیداد کی زمین کا ششماہی کرایہ پچھلی جنوری میں واجب الادا ہو گیا ہے۔ہم آپ کے ممنون ہوں گے اگر آپ کرایہ ارسال کر دیں گے۔

شکریہ۔فقط

مخلص

ڈی،ایل،ایف آبادکار

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

زمین کا کرایہ پچھلے ہفتے بذریعہ چیک نمبر ۹۲۸۳۷۴ مورخہ ۳ فروری ۲۰۰۴ءکو ادا کر دیا گیا ہے۔شاید اس کا ابھی تک آپ کی کتابوں میں اندراج نہیں ہوا۔

براہ مہربانی پڑتال کر کے چیک کی رسید سے مطلع فرمائیے۔فقط۔

مخلص

کرم حسین

---

# کلرک کی اسامی کیلئے درخواست

جناب منیجر صاحب

اٹلس سائیکل ورکس۔ گجرات

مکرمی۔ تسلیم

آپ کے اشتہار مطبوعہ پاکستان ٹائمز مورخہ یکم فروری ۲۰۰۴ء کے جواب میں یہ درخواست میں آپ کی فرم میں کلرک کی اسامی کے لئے پیش کرتا ہوں۔

میں انیس برس کا نوجوان ہوں۔ میں نے پچھلے سال لاہور بورڈ سے میٹرک کا امتحان سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا ہے میں ٹائپ جانتا ہوں اور حد رفتار چالیس الفاظ فی منٹ ہے۔ میں شارٹ ہینڈ بھی سیکھ رہا ہوں۔

میں میسرز بالی اینڈ کو انارکلی لاہور میں جنرل کلرک کے طور پر چھ ماہ کام کر چکا ہوں۔ متذکرہ فرم کا جاری کردہ اچھے چال چلن اور کارکردگی میں مہارت کا تصدیق نامہ لف ہذا ہے۔

میری صحت مضبوط اور طبیعت محنت پسند ہے۔

چند اور تصدیق ناموں کی نقلیں آپ کے ملاحظے کے لئے ملفوف ہیں۔

موافق جواب کی توقع کرتے ہوئے۔

آپ کا خلوص کار

محمد گلزار

---

مندرجہ بالا کو جواب

مکرمی۔

کلرک کی اسامی کے لئے آپ کی درخواست مورخہ.......کے حوالے سے آپ کو اس دفتر میں ۱۵ فروری ۲۰۰۴ء کو بوقت گیارہ بجے دن انٹرویو کے لئے حاضر ہونے کی ہدایت کی جاتی ہے۔

اس کے لئے آپ کو کوئی سفر خرچ نہیں دیا جائے گا۔

مخلص

اب ج

منیجر

---

ایک اور درخواست

مکرمی جناب۔

مجھے موثق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آپ کے دفتر میں ٹائپسٹ کلرک کی اسامی خالی ہے۔ میری خواہش ہے کہ اس اسامی کے امیدوار کی حیثیت سے میرے نام پر بھی غور کیا جائے۔

میں اس کے ہمراہ اپنی قابلیت اور تجربے کی مختصر روداد اور حالیہ تصدیق ناموں کی مصدقہ نقول بھیج رہا ہوں۔

میں انٹرویو کے لئے آپ کی مرضی کے مطابق کسی بھی وقت آپ سے مل کر خوش ہوں گا۔

شکریہ۔

فقط مخلص

مشکور حسین

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی درخواست مورخہ...........کے حوالے سے عرض ہے کہ ہم نے آپ کا نام منتظرین کی فہرست میں درج کرلیا ہے اور آپ کو جب انٹرویو کے لئے آپ کی باری آئے گی مطلع کردیا جائے گا۔

فقط مخلص

اب ج

---

## سکول ماسٹر کی اسامی کے لئے درخواست

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب

بادانی ہائی سکول۔ کراچی

جناب عالی۔

آج کے پاکستان ٹائمز میں چھپے ہوئے آپ کے اشتہار کے حوالے سے میں آپ کے سکول میں استاد کی اسامی کیلئے درخواست گزار رہوں۔

منسلکہ ورق میں میں نے اپنی قابلیت کی تفصیلات درج کی ہیں، جن سے آپ کو میرا خیال ہے کہ میری درخواست پر غور کرنے میں سہولت ہوگی۔ علاوہ ازیں میں خاص طور پر لکھتا ہوں کہ میں کراچی یونیورسٹی کا ایم اے ہوں جس کا معیار سارے پاکستان میں سب سے اونچا ہے اور مجھے تدریس کا دس سال کا تجربہ بھی ہے۔

چند تصدیق ناموں کی نقلیں آپ کے ملاحظے کے لئے ملفوف ہیں۔

یہ امید کرتے ہوئے کہ جناب کے موقر ادارے میں مجھے آزمائشی کام کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ میں اپنی محنت پسندی اور مشنری جذبے کا یقین دلاتا ہوں۔

فقط

خلوص کار

امتیاز احمد ملک

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

افسوس کہ جس اسامی کے لئے آپ نے درخواست دی ہے وہ پہلے ہی پر ہو چکی ہے۔تاہم ہم نے آپ کا نام منتظرین کی فہرست میں درج کرلیا ہے اور جونہی کوئی موقع ملا تو آپ سے رابطہ قائم کیا جائے گا۔فقط

مخلص

رشید اختر (ہیڈ ماسٹر)

---

## انٹرویو کے لئے طلبی

مکرمی۔

رواں میقات کے لئے ہمارے پاس ایک لیکچرار کی عارضی اسامی خالی ہے۔ اگر آپ کو اس سے دلچسپی ہے تو براہ مہربانی ۲۰ مارچ کو ۵ بجے شام پرنسپل کے دفتر میں انٹرویو کے لئے آجایئے۔فقط

مخلص

راشد اطہر۔سیکرٹری

---

مندرجہ بالا کا جواب

سیکرٹری

باوانی ہائی سکول،کراچی

مکرمی۔

اپنے ۵ مارچ کے خط کا میری طرف سے شکریہ قبول فرمائیے جس میں مجھے اپنے کالج میں لیکچرار کے عہدے کے لئے انٹرویو کے لئے طلب کیا گیا ہے۔

میں مقررہ تاریخ کو حاضر ہو جاؤں گا۔فقط

مخلص

امتیاز احمد **ملک**

---

## فروخت کار کی اسامی کیلئے

مکرمی جناب۔

مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کے شعبے میں گشتی فروخت کار (ٹریولنگ سیلز مین) کی اسامی خالی ہوئی ہے۔کیا میں اپنا نام اسکے امیدواروں میں سے ایک کے طور پر برائے غور پیش کرسکتا ہوں؟

اس کام میں اپنے تجربے کے بارے میں عرض کرتا ہوں کہ:

ا۔میں بائیس برس کا تندرست نوجوان ہوں۔

۲۔ میں نے سرگودھا ہائر سیکنڈری بورڈ سے تین سال پہلے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہے۔

۳۔میں ٹائپ اور خط و کتابت کرنے سے بخوبی واقف ہوں۔

۴۔ میں پچھلے چھ مہینے سے جاوید کراکری ہاؤس میں بطور سیلز مین کام کر رہا ہوں۔

چند تصدیق ناموں کی نقول اس کے ہمراہ ارسال ہیں۔

جلد جواب کی توقع کرتے ہوئے۔فقط

مخلص

شاہد حامد

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ازراہ کرم ہمیں مطلع کیجئے کہ آپ کو ہماری فرم میں کم سے کم کتنی تنخواہ قابل قبول ہوگی۔ یہ بھی سمجھ لیجئے کہ اسامی فی الحال عارضی ہے جس کے مستقل ہونے کا امکان ہے۔

فقط

جاوید رضا منیجر

---

مندرجہ بالا کے جواب میں

مکرمی۔

اس وقت میں جاوید کراکری میں =/۴۵۰۰ روپے ماہانہ پر ملازم رکھا گیا ہوں۔ یہ قدرتی امر ہے کہ ابتداء میں مجھے اس سے زیادہ تنخواہ کی توقع ہوگی جو ملازمت کے ادارے کی تبدیلی کا نعم البدل ہو سکے۔فقط

مخلص

شاہد حامد

---

## اکاونٹنٹ کی اسامی کیلئے درخواست

جناب محترم۔

آپ کے اشتہار مطبوعہ روزنامہ جنگ مورخہ ۱۸ جولائی کے حوالے سے میں آپ کے دفتر میں اکاونٹنٹ کی اسامی کے لئے درخواست گزار ہوں۔

آج کل میں کڈی اینڈ کو قادر آباد، لاڑکانہ میں بطور کیشیئر کام کر رہا ہوں اور

آٹھ ہزار روپے ماہانہ تنخواہ پا رہا ہوں۔ میری عمر انتیس سال ہے اور میں اس وجہ سے تبدیلی کا خواہش مند ہوں کہ آپ کے دفتر میں تنخواہ زیادہ ہے اور ترقی کے مواقع روشن ہیں۔

آپ کے ملاحظے کے لئے چند تصدیق ناموں کی نقول ارسال ہیں۔ فقط

العارض

توصیف احمد خاں

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

کیا آپ کے لئے ممکن ہوگا کہ آپ دس ہزار روپے ماہانہ پر کراچی میں اقامت اختیار کریں۔ اگر آپ کو وہ اسامی پیش کی جائے جس کے لئے آپ نے درخواست دی ہے؟

اپنے جواب سے ہمیں جلد مطلع فرمائیے۔ فقط

مخلص

کے، کے، خالد

---

مندرجہ بالا جواب کے جواب میں

مکرمی۔

میں بخوشی دس ہزار روپے ماہانہ پر کراچی میں آپ کی فرم میں شمولیت کو آمادہ ہوں۔ لاڑکانہ میں اپنے معاملات طے کرنے میں مجھے صرف دو ہفتے لگیں گے۔

آپ کی طرف سے جلد خوش خبری سننے کی توقع ہے۔ فقط

آپ کا مخلص

توصیف احمد خاں

---

## خاتون فروخت کار (Lady Salesman)

## کی اسامی کیلئے درخواست

جناب مکرم۔

مورخہ ۲۲ فروری ۲۰۰۳ء کے نوائے وقت میں مطبوعہ آپ کے اشتہار کے جواب میں کیا میں اپنی خدمات آپ کے ادارے میں خاتون فروخت کار کی اسامی کے لئے پیش کرسکتی ہوں؟

میری عمر ۲۳ برس، اور قد ۵ فٹ ۵ انچ ہے۔ صحت اچھی ہے اور میں انگریزی بھی خوب روانی سے بول سکتی ہوں۔ میں اس اسامی کی اس لئے خواہش مند ہوں کہ خود کفیل ہوسکوں اور اپنے والدین پر بوجھ نہ بنی رہوں۔ میں ایک معزز گھرانے سے تعلق رکھتی ہوں۔

تصدیق ناموں کی نقول ملفوف ہیں اور میں لاہور میں دو گزیٹیڈ افسروں کے حوالے دے سکتی ہوں۔

موافق جواب کی توقع کرتے ہوئے۔

آپ کی مخلص

شبیلہ خاتون

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمہ۔

آپ کی درخواست مورخہ......... کے حوالے سے عرض ہے کہ ہم یہ جاننا چاہیں گے کہ آیا آپ کو آوٹ ڈور سیلز مین شپ کا کوئی تجربہ ہے۔

آپ کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ ہمیں ایک ایسے شخص کی خدمات درکار ہیں جو پرچانے کے فن میں خوب ماہر ہو۔فقط

مخلص

مبارک علی

---

## امریکی انداز کی ایک درخواست

مکرمی۔

۱۶ جون کے مرر میں آپ کا اشتہار پڑھ کر مجھے بہ دیانت یقین ہو گیا کہ آپ کو مجھ ایسے شخص کی تلاش ہے۔ مجھے آپ کے کاروبار کے بارے میں وسیع معلومات ہیں اور آپ کی فروخت کو فروغ دینے میں یقیناً آپ کی اعانت کر سکتا ہوں۔

اگر آپ مجھے ذرا کمیشن کی بنیاد پر یا معمولی تنخواہ پر ایک ماہ کے لئے آزما کر دیکھئے تو آپ کو معلوم ہو گا کہ میں آپ کے تجارتی مفادات کے لئے بہترین طور پر مناسب ہوں۔

مجھے یقین ہے کہ ایک ماہ کی آزمائش کے بعد آپ مجھے مستقل بنیادوں پر رکھنے کو تیار ہو جائیں گے۔

مجھے یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ میں محنتی آدمی ہوں اور چھٹی کے انتظار میں بے چینی سے گھڑی نہیں دیکھتا۔ میں مصروف آدمی ہوں، اپنے کام میں دیانت دار اور خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا۔

کیا مجھے اجازت ہے کہ آؤں اور آپ کے کاروبار کو فروغ دوں؟ فقط

خلوص کار

ٹی ٹی ٹروبل شوٹر

---

مندرجہ بالا کا مثبت جواب

ڈیئر مسٹر شوٹر۔

مجھے آپ کی بلا تاریخ کی درخواست موصول ہوئی۔ آپ کو مستقل طور پر اپنے کاروبار میں مدغم کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے میں آپ سے ایک ماہ کمیشن کی بنیاد پر بطور آزمائش کام کرانے کو تیار ہوں۔

آپ کب ملازمت پر آرہے ہیں؟ فقط

مخلص

ہنری فورڈ

---

مندرجہ بالا جواب کا جواب

ڈیئر مسٹر فورڈ۔

آپ کی پیشکش کا شکریہ۔ اسے میں منظور کرتا ہوں۔ میں اگلے پیر ۱۹ مارچ کو ملازمت پر حاضر ہو جاؤں گا۔ فقط

مخلص

ٹی ٹی ٹروبل شوٹر

---

## ڈرائیور کی اسامی کے لئے درخواست

بخدمت جناب منیجر صاحب

دی مسلم۔ راولپنڈی

جناب عالی۔

میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو اپنے دفتر کے لئے ایک ڈرائیور کی خدمات درکار ہیں اور اس کے لئے میں خود کو پیش کرتا ہوں۔

میں نے دو سال ایک موٹر کمپنی میں گزارے ہیں اور جدید میک کی کاروں کی مشینری سے بخوبی واقف ہوں۔ میں کسی کی امداد و اعانت کے بغیر معمولی مرمت بھی کرسکتا ہوں۔ علاوہ ازیں میں نے بطور ڈرائیور امریکی سفارت خانے میں بھی کام کیا ہے اور تقریباً دس ہزار میل گاڑی چلا چکا ہوں۔

چند ایک تصدیق ناموں کی نقول آپ کے ملاحظے کے لئے لف ہذا ہیں۔ میں آپ کی سہولت کے مطابق کسی بھی وقت آپ سے ملاقات کو حاضر ہو سکتا ہوں۔ فقط

العارض

رمضان بابر

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

افسوس کے ساتھ آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارے پاس ضرورت کے مطابق پورا عملہ ہے اور اس وقت ہمیں کسی ڈرائیور کی ضرورت نہیں۔ فقط

مخلص

مرتضٰی علی خان

---

## تصدیق نامہ لینے کیلئے

جناب مکرم۔

میں نے برماشیل میں سٹینو ٹائپسٹ کی اسامی کے لئے درخواست دی ہے۔ کمپنی چاہتی ہے کہ اسے دو حالیہ تصدیق نامے فراہم کیے جائیں۔

مجھے یقین ہے کہ میری ملازمت کے دوران آپ میرے کام سے خوش اور

مطمئن تھے۔ مجھے خوشی ہوگی اگر آپ تصدیق نامہ جاری کر کے میری مدد کر سکیں۔

اگر آپ ازراہ بندہ نوازی یہ کام کر دیتے ہیں تو بر ماشیل میں مجھے ملازمت مل جانے کے امکانات روشن ہو جائیں گے۔

میں آپ کی اس مہربانی کا حد درجہ ممنون و متشکر ہوں گا۔

شکریے کے ساتھ۔

آپ کا مخلص

سجاول خاں

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی سجاول صاحب۔

اس فرم میں اپنی ملازمت کی تفصیلات ہمیں فراہم کر دیجئے تا کہ ہم آپ کو تصدیق نامہ جاری کر دیں۔ فقط

مخلص

صفدر چیمہ

---

## حوالے کے لئے اجازت طلبی

محترمی۔

ایک مرتبہ میرے ابا جان نے اپنی وفات سے پہلے میرا آپ سے تعارف کرایا تھا اور اپنے ایک بہترین دوست کے طور پر آپ کی بڑی تعریفیں کی تھیں۔

میں سٹیٹ بنک میں ملازمت کی درخواست دے رہا ہوں اور آپ کی اجازت کا طلبگار ہوں کہ آپ کا نام بطور حوالہ دے دوں۔ امید ہے کہ آپ میری موافقت میں بیان دے کر مجھے ممنون فرمائیے گا۔

مسؤلہ اسامی کی تنخواہ چنداں زیادہ نہیں تاہم اس سے وابستہ مواقع بہترین ہیں۔

زحمت کے لئے معذرت خواہ اور ممنون ہوں۔فقط مخلص

شاہد نسیم

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے شاہد۔

آپ حوالے کے لئے یقیناً میرا نام دے دیجئے اور مجھ پر بھروسا کیجئے۔اگر سٹیٹ بنک نے مجھ سے دریافت کیا تو میں آپ کی تعریف کروں گا۔فقط

مخلص

ڈی،سی،چیمہ

-----------

## محاسب (اکاونٹنٹ) کے بارے میں تحقیقات

مکرمی جناب۔

ہم بہت ممنون ہوں گے اگر آپ ہمیں یہ بتائیں کہ آپ مسٹر صدیقی کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں جو سٹیٹ بنک میں بطور اسسٹنٹ اکاونٹنٹ کام کر رہے ہیں۔

کیا وہ قابل اعتماد اور باصلاحیت آدمی ہیں؟ مزید برآں ان کے عام کردار کے بارے میں بھی ہمیں بتائیے۔شکریہ۔فقط

مخلص

اب ج

(کرنسی آفیسر)

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی تسلیم۔

صدیقی صاحب میرے پرانے دوستوں میں سے ہیں اور جہاں تک میرا اندازہ ہے وہ نہایت قابل اعتماد اور با صلاحیت آدمی ہیں۔ان کا اخلاقی کردار بھی عمدہ ہے۔فقط

مخلص

ڈی سی چیمہ

---

استعفے

مکرمی جناب۔

ازراہ کرم میرا استعفے منظور کر لیجئے اور جس قدر جلد ممکن ہو مجھے سبکدوش کر دیجئے۔

میں نے میسرز سعید برادرز لمیٹڈ میں ملازمت قبول کر لی ہے۔بشرطیکہ آپ میرا استعفے منظور کر لیں۔

گزشتہ پانچ سالوں کے دوران آپ نے جتنی مہربانیاں مجھ پر کیں میں اس موقع پر ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

مجھے یہ جگہ چھوڑنے کا افسوس ہے لیکن نئی اسامی میں بہتر مستقبل کی توقع ہے۔

اعزاز و احترام کے ساتھ۔

آپ کا مخلص

محمد الیاس

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

انتظامیہ نے یکم اکتوبر ۲۰۰۳ء سے آپ کا استعفیٰ بکمال مہربانی منظور کر لیا ہے۔

انتظامیہ زندگی میں آپ کی کامیابی کی متمنی ہے۔فقط

مخلص

ا ب ج

---

## تبادلہ کی درخواست

بخدمت جناب جنرل منیجر صاحب

پنجاب نیشنل بنک۔لاہور

جناب مکرم

تسلیم۔

چوں کہ بہاولپور کی آب و ہوا میری اہلیہ کو موافق نہیں آتی اور اب وہ تقریباً ایک سال سے بیمار ہیں اس لئے میں آپ سے التماس کرتا ہوں کہ میری خدمات اپنے لاہور یا راولپنڈی کے دفتر میں منتقل کر دیجیے۔

امید ہے کہ آپ میری مشکلات کا احساس کریں گے اور جس قدر جلد ممکن ہو میرے تبادلے کے احکامات جاری فرمائیں گے۔

شکریہ۔فقط

العارض

عبدالرحیم (کلرک)

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

بحوالہ آپ کی درخواست مورخہ...... ہم آپ کا تبادلہ اپنی گوجرانوالہ شاخ میں ۱۵ مارچ سے کرتے ہیں۔ آپ کو کل سے شروع ہونے والی سات دن کی مہلت حاضری کے لئے دی جاتی ہے۔ فقط

مخلص

ا ب ج

---

# آٹھواں باب

## قرض نامے

''کسی آدمی کی ساکھ اسکی نقدی سے زیادہ معتبر نہیں''۔ای،ڈبلیو ہاؤی

غریب آدمی کی ساکھ تو اس کی نقدی میں ہے اور امیر آدمی کی نقدی اس کی ساکھ میں ہے لیکن اگر انھیں یہ عالمی اعتبار حاصل نہ ہو تو فارموں اور فیکٹریوں کی اکثریت صحرا کے گلاب کی طرح مرجھا کے معدوم ہو جائے۔ کاروبار کی دنیا میں اعتبار نامے بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

### اعتبار نامہ

لاہور

جنوری ۲۶/۲۰۰۴ء      ازطرف

کریٹیو پبلشرز (رجسٹرڈ)۔ لاہور

بطرف

ولسن نائٹ اینڈ کو لمیٹڈ

نمبر ۳۳/xii/۹۲۲ مورخہ ۱۷ جنوری ۲۰۰۴ء      لندن

جناب مکرم۔

ہم آپ سے گذارش کرتے ہیں کہ ازراہ کرم ہمارے نمائندے مسٹر سردار حسین کو جو لندن آرہے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ دس ہزار پونڈ تک کی رقم ادھار دے دیں۔

براہ مہربانی جو رقم وہ آپ سے لیں اس کا اندراج اس خط کی پشت پر کرلیں اور ہمیں اس کے مطابق اطلاع دیں۔

آپ کے مخلص

کریٹیو پبلشرز (رجسٹرڈ)۔لاہور

---

## مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

آپ کے نمائندے مسٹر سردار حسین نے آج ہم سے ملاقات کی۔ ہم نے آپ کی جانب سے انھیں تین سو پونڈ کی رقم پیشگی دے دی ہے۔ ہم آپ کی خواہش کے مطابق آپ کو اطلاع دے رہے ہیں۔

آپ کے مخلص

ولسن نائٹ اینڈ کو لمیٹڈ۔ لندن

---

## مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

آپ کی اطلاع مورخہ............ کا شکریہ۔

آپ یہ رقعہ دکھا کر تین سو پونڈ ہمارے حساب سے لے لیں۔

شکریہ۔

آپ کے مخلص

کریٹیو پبلشرز (رجسٹرڈ)

---

## سرکلر لیٹر کا ہدایت نامہ

جناب عالی۔

ہم آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ آج ہم نے آپ کی فرم کی جانب سے مسٹر ہنری کلے کو ایک قرض نامہ (لیٹر آف کریڈٹ) نمبر پی ٹی کیو ۳۸۹۷ برائے بیس ہزار روپیہ دے دیا ہے۔

ہم ممنون ہوں گے اگر آپ اس معزز شخص کی پزیرائی فرمائیں اور اسے زیادہ سے زیادہ دو لاکھ روپے تک کی جتنی رقم کی ضرورت پڑے مہیا فرما دیں اور ہمیں اس سے مطلع کریں۔

آپ کے مخلص

لعل لندن لارڈر۔ لیورپول

---

## مندرجہ بالا کا جواب

جناب عالی۔

آپ کا مورخہ......کا خط موصول ہوا۔ آپ کے نمائندے مسٹر ہنری کلے کو جتنی رقم اسے درکار ہوگی آپ کی جانب سے ادا کر دی جائے گی بشرطیکہ آپ کی ہدایت کے مطابق =/۲۰۰۰۰ روپے سے زائد نہ ہو۔

ہم آپ کو مطلع کر دیں گے۔

آپ کے مخلص

باٹا ٹاٹا اینڈ کو

---

## سادہ شکل

حالیہ اینڈ کو.......... نمبر..............

ایم، اے، جناح روڈ بطرف میسر زگلزار اینڈ کو

کراچی، مورخہ.......... جہانگیر روڈ۔ حیدر آباد

جناب مکرم۔

ازراہ کرم حامل رقعہ ہذا جناب کے بی گل کو اپنی کمیشن کی رقم منہا کر کے بیس ہزار روپے تک پیشگی دے دیجئے۔ یہ آپ کی ہم پر بڑی ہی مہربانی ہوگی۔

اس رقعے کی پشت پر متذکرہ صدر شخص کو ادا کی ہوئی تمام رقم درج کریں اور جناب کے بی گل کی رسید وصولیت دو پرتوں میں ہمیں بھیج دیجیے۔

شکریہ۔فقط

مخلص........

دستخط.........(ڈراری)

---

## پیشگی کا رقعہ

جناب مکرم۔

ہم آپ کو یہ اطلاع دینے کا اعزاز حاصل کرتے ہیں کہ آج ہم نے مسٹر کے بی گل کو آپ کی جانب سے =/۸۰۰۰ روپے کا قرض نامہ جاری کر دیا ہے۔

ازراہ کرم نوٹ کر لیجیے اور اس کے بدلے ہمارے ڈرافٹ کو جب آپ کو پیش کیا جائے سکار لیجیے۔ شکریہ

آپ کے مخلص

---

## نقد وصولی کی رسید

مبلغ =/۸۰۰۰ روپے از جناب عالیہ اینڈ کو کراچی سے جناب کے بی گل کے پیش کردہ اپنے قرض نامے پر بصد تشکر وصول پائے۔

(دستخط) منیجر گلزار اینڈ کو

---

## قرض نامے کا جواب

مکرمی۔

ہمیں آپ کا قرض نامہ مورخہ............موصول ہوا۔

آج ہم نے جناب سعید احمد کو =/۱۰۰۰۰ روپے اس کی منسلکہ رسید کے مطابق ادا کردیئے اور تین دن کے نوٹس پر آپ کے نام لکھ دیئے ہیں۔

براہ کرم پیش ہونے پر ہمارا ڈرافٹ سکار لیجئے۔

آپ کا مخلص

---

## ہنڈی

معززین کرام۔

حامل رقعہ ہذا جناب.......... سکنہ شہر ہذا کو شناخت کر لینے پر ازراہ کرم =/۳۰۰۰۰ روپے کی رقم اپنے اخراجات منہا کر کے اس کے ڈرافٹ کے عوض جو ہمارے نام کا ہے اور اس رقعے کے ساتھ منسلک ہے ادا کر دیجئے۔ اسے پورا پورا تحفظ حاصل ہوگا۔

آپ کے مخلص

---

## مندرجہ بالا کی اطلاع

مکرمی

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہم نے آج مبلغ =/۳۰۰۰۰ روپے کی ہنڈی بدست جناب.......ارسال کی ہے۔

ازراہ کرم اس کی حفاظت کیجئے۔

شکریہ۔

آپ کا مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی

آپ کے خط مورخہ........ کا شکریہ۔ جس میں ہمیں اپنی ہنڈی مبلغ.........

ہمارے ادارے پر واجب الادا کی اطلاع کی گئی ہے۔

یقین رکھیئے ہم اس کی ہر طرح حفاظت کریں گے۔

آپ کا مخلص

---

## ادائیگی کی اطلاع

یاسر اینڈ کو

۸۹۔ فریئر روڈ۔ کراچی

جنوری ۲۲/۴/ ۲۰۰ء

بطرف میسرز اسٹیٹ ٹریڈنگ کارپوریشن لاہور

مکرمی جناب۔

آپ کو یہ اطلاع دینے کا اعزاز حاصل کرتا ہوں کہ مبلغ =/۱۰۰۰۰ روپے کی رقم آپ کے ایجنٹ رضا رحیم کو ادا کر دیئے گئے ہیں اور اس کے عوض ڈرافٹ وصول کر لیا ہے۔ جو جب بھی آپ کو بھیجا جائے تو دیکھتے ہی سکار لیجئے گا۔ شکریہ

آپ کا مخلص

ایل این برائٹ

---

# نواں باب

## ڈاک کے ذریعے کاروبار

''امریکہ کا کاروبار، واقعی کاروبار ہے''۔ کالون کولج

ڈاک کے ذریعے کاروبار کامیاب ترین بین الاقوامی کاروبار ہے۔ جس کا تمام تر انحصار گشتی خطوط پر ہوتا ہے، جو خریدار اور فروخت کار کو کسی کونے یا گلی میں، شہر، قصبہ یا گاؤں کی سڑک پر ایک دوسرے کے روبرو لا کھڑا کرتے ہیں۔ چند مثالیں ملاحظہ کیجئے۔

### ریڈیو سیٹوں کی فروخت

ایچ، ایم، ایس، ریڈیوز

سلامت نگر، لاہور

مارچ ۲۳/ ۲۰۰۲ء

مکرمی/محترمہ

ہم آپ کو یوم پاکستان کی تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ہر شخص جانتا ہے کہ بازار میں ہمارے ریڈیو سیٹ دوسروں سے بہتر ہیں۔ بہتر ہی نہیں، شاندار تر اور ارزاں تر بھی ہیں۔ یاد رکھیئے ہمارا مال بہترین کے ساتھ ارزاں ترین بھی ہے۔

ایک پوسٹ کارڈ لکھ دیجئے اور ہم آپ کو کیٹالاگ بھیج دیں گے۔ جس میں آپ کی مالی رسائی کے ریڈیو سیٹوں کی فہرست ہو گی۔

اگر آپ کوئی سیٹ خریدنا چاہتے ہیں تو یہ ہماری خوش قسمتی ہو گی کہ آپ کو ہم مال فروخت کریں یہ ہماری پالیسی نہیں کہ ہم آپ کے ہاتھ وہ مال فروخت کرنے کی کوشش کریں جسے آپ واقعی نہ چاہتے ہوں۔

مناسب شرائط پر پرانے ماڈلوں کی تبدیلی کا انتظام بھی کیا جا سکتا ہے۔

ہمیں امید ہے کہ آپ اس بے مثال سہولت سے فائدہ اٹھائیں گے۔ فقط

آپ کا مخلص

حیدر سجاد

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی

آپ کے گشتی مراسلے مورخہ ۲۳ مارچ کے حوالے سے عرض ہے کہ از راہ کرم اپنے ریڈیو کی کیٹلاگ کی ایک کاپی مجھے بھیج دیجیے۔

براہ مہربانی یہ ذہن نشین کر لیجیے کہ اس سے میں کسی حال بھی آپ سے ریڈیو سیٹ خریدنے کا پابند نہیں ہوں۔ فقط

مخلص

محمد لئیق حکیم

---

## ریڈیو کی مرمت اور صفائی کا اشتہار

جناب محترم۔

اور اس وقت بالکل خاموشی تھی!

اگرچہ اس وقت ریڈیو پر محفل رقص و سرود جاری تھی لیکن ایک بھی دھن سنائی نہیں دے رہی تھی۔

وجہ؟ اس کی یہ تھی کہ اس کے ریڈیو میں کوئی خرابی تھی۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اپنی پسند کے پروگرام سنیں تو ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ اپنے ریڈیو کی باقاعدہ صفائی کرائیے۔

ہر مہینے معمولی سی رقم لے کر ہم آپ کے سیٹ کو ہمیشہ چالو رکھنے کے ذمہ دار ہوں گے۔

کیا آپ پسند کریں گے کہ ہمارا فرستادہ اگر آپ کو ہمارے طریق کار اور اخراجات سے آپ کو مطلع کرے؟ اس کا کوئی احسان آپ پر نہ ہوگا۔فقط

خلوص کار

دی ایلبر ٹا الیکٹرک کمپنی

(ماخوذ از ''دی کمپلیٹ لیٹر رائٹر، فاؤلشام اینڈ کو)

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے حالیہ گشتی مراسلے کے حوالے سے عرض ہے کہ ازراہ کرم اپنے فرستادے کو میرے پاس بھیجئے کہ مجھے میرے وائرلیس سیٹ کی باقاعدہ صفائی و مرمت کا طریق کار اور اخراجات سے مطلع کریں۔

میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے آدمی کی آمد
میرے لیے باعث پابندی نہ ہوگی۔فقط

مخلص۔محمد لئیق

موتی محل روڈ۔لاہور

---

## کتابیں بیچنے کے لئے

محترم/محترمہ

آپ کو بذریعہ ہذا بس اتنی اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارے پاس ہزاروں کتابیں ہیں۔ہم نہیں چاہتے کہ آپ ساری ہی خرید لیں، پھر بھی ہمیں یقین ہے کہ اگر آپ ایک بار ہماری دکان پر تشریف لے آئیں تو ممکن ہے کہ ایک بڑی تعداد ان میں

سے خرید لے جائیں۔

مزید برآں اگرچہ ہماری کتابیں امریکہ کی بہترین کتابوں سے زیادہ مکمل ہیں اور پھر یہ کہ یہ سب لکھی پاکستان میں گئیں، یہیں چھپی اور شائع ہوئیں۔ آپ کو اپنی کتابی صنعت پر یقیناً فخر ہوگا جو تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔

کیوں نہیں ایک سہ پہر کو تشریف لے آئے اور ہماری دوکان میں سجے ہوئے کتابوں کے چمن کی سیر کریئے۔ جو آپ کو پسند ہو منتخب کیجئے اور خرید لیجئے۔

اگر آپ خود تشریف نہیں لا سکتے تو ہماری فہرست مفت منگا لیجئے اور ہماری ہوم بک سروس سے اپنی پسند کی کتابیں گھر پر طلب فرمائیے تا کہ آپ حتمی انتخاب کر سکیں۔

ہماری خدمات محض اپنی مطبوعات تک ہی محدود نہیں۔ ہم آپ کو بازار سے رعایتی قیمت پر ہر کتاب فراہم کر سکتے ہیں خواہ وہ دنیا کے کسی بھی حصے میں شائع ہوئی ہو۔

آپ کی تشریف آوری کی توقع کرتے ہوئے۔

آپ کے مخلص

صابری دارالکتب

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی

براہ مہربانی اپنی کتابوں کی فہرست بھیجئے۔ مگر کسی طرح کی پابندیوں اور ذمہ داریوں کے ساتھ نہیں شکریہ

خلوص کار

---

پسند آنے پر آرڈر دیجیے۔

مکرمی۔

خوش آمدید حیرت انگیز لائق ستائش!

ہم اپ کو اپنا بجلی کا ککر ایک ہفتے کی آزمائش کے بعد فراہم کرنے کو تیار ہیں۔ اگر اس مدت کے اختتام پر آپ اس سے مطمئن نہ ہوئے تو ہمیں اطلاع دیجیے۔ ہمارا آدمی آئے گا۔ ککر لے کر آپ کی رقم وہیں اسی وقت ادا کر دے گا۔

فاؤلٹن ککر اس قدر حیرت انگیز ہیں اور لائق ستائش ہیں کہ ہمیں یقین ہے کہ بس ایک مرتبہ خرید لیجیے پھر آپ اسے دگنی قیمت پر بھی اپنے سے جدا نہیں کریں گے۔

پس منسلکہ کارڈ ارسال کر دیجیے اور فاؤلٹن ککر ڈاک کے ذریعے یا ہمارے مقامی فرستادے کے ہاتھ آپ کے گھر پہنچ جائے گا۔

شکریہ۔مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ازراہ کرم پسندیدگی کی شرط پر ایک فاؤلٹن ککر مجھے بھیج دیجیے۔ قیمت دس دن بعد ادا کی جائے گی۔شکریہ۔خلوص کار۔

---

مندرجہ بالا جواب کا جواب

مکرمی۔

آپ کے مورخہ۔۔۔کے خط کا شکریہ۔ہم آپ کو ایک فاؤلٹن ککر بذریعہ وی پی پی برائے مبلغ /۵۵۰ روپے بھیج رہے ہیں۔براہ مہربانی آرڈر کو سکاریئے۔ قیمت آپ کو اس وقت واپس کر دی جائے گی جب آپ دس دن کے استعمال کے

بعد اسے مسترد کر دیں گے۔

اپنی بہترین خدمات کا یقین دلاتے ہوئے۔ آپ کے مخلص۔

---

## کار فروش کا گشتی مراسلہ

جناب محترم۔

بس اپنی کار میں بیٹھیے اور ہمارے شوروم میں آ جائیے اور جو کار آپ کو پسند ہو لے لیجئے۔ ہم پرانے ماڈلوں سے نئی کاریں تبدیل کرتے ہیں۔

اس سال کا تازہ ترین ماڈل یہاں موجود ہے اور آپ خود کو اس سے محروم نہ رکھیئے۔

ہم دوسرے دکانداروں کے مقابلے میں آپ کو آپ کی استعمال شدہ کار کی بہتر قیمت پیش کرتے ہیں، اور آپ کو نئی کار فراہم کرتے ہیں۔ بقایا رقم کا آپ کی سہولت کے مطابق بعد میں تصفیہ ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کوئی کار خریدنا نہیں چاہتے پھر بھی ہمارے شوروم میں آ کر آپ خوش ہوں گے۔

اگر آپ چاہیں گے تو ہمارا آدمی کسی بھی وقت آپ سے مل کر ہر چیز کی وضاحت کر دے گا۔

فقط۔خلوص کار
کے ٹو آٹو موبائیلز
شاہراہ قائد اعظم
لاہور۔

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ازراہ کرم اپنا لٹریچر یا اپنے نمائندے کو بھیجئے تاکہ میں آپ کی نئی سکیم سے فائدہ اٹھانے کا طریق کار جان سکوں۔

فقط مخلص

ایل بی اعوان

---

## بیمہ کا سرکلر

جناب محترم۔

اگر آپ اپنی زندگی کا بیمہ کرانا چاہتے ہیں تو حکومت کے پاس جایئے اور اگر اپنی جائیداد کا بیمہ چاہتے ہیں تو ہمارے پاس آیئے۔

کل کو آپ کے گھر میں آگ لگ جائے، کوئی ہوائی جہاز ٹکرا جائے۔ کوئی بھی حادثہ پیش آ جائے۔ آپ بخوبی محفوظ ہیں اگر آپ کی جائیداد بیمہ شدہ ہے۔

آپ آرام چین سے تبھی سو سکتے ہیں جب آپ کی جائیداد اس قسم کے غیر متوقع خطرات و حادثات سے محفوظ ہو۔

اگر آپ مجھے ایک پوسٹ کارڈ ارسال کر دیں تو میں آپ کی سہولت کے مطابق حاضر خدمت ہونے کو تیار ہوں۔

مجھے کچھ فروخت کرنا نہیں۔ فقط

آپ کا مخلص

مرکزی بیمہ سروس

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں آپ کے نمائندے کو کسی بھی صبح دس بجے سے پہلے خوش آمدید کہوں گا

بشرطیکہ طرفین پر کوئی پابندی یا ذمہ داری عائد نہ ہوتی ہو۔فقط

خلوص کار

---

کاروبار کی ملکیت میں تبدیلی

محترمہ۔

اس بات سے ہماری بڑی تسکین ہوتی ہے کہ آپ گزشتہ تین سال سے متواتر کیوئیٹرز (پاکستان) لمیٹڈ کی باقاعدہ گاہک چلی آرہی ہیں۔ہم اس سرپرستی کے لیے آپ کے شکر گزار ہیں۔ہم آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ کیوئیٹرز (لمیٹڈ) کے مالک بدل گئے ہیں۔انگریز مالک ادارہ پاکستانیوں کے ہاتھ میں دے کر چلے گئے ہیں۔لیکن کارکن عملہ حسب معمول وہی کام کرتا رہے گا جو پہلے تھا،اور مال کا معیار اور ساکھ اتنا ہی بلند رہے گا۔

ہمیں یقین ہے کہ حسب سابق آپ ہمارے مال کی سرپرستی فرمائیں گی۔

شکریہ۔

آپ کے مخلص

کیوئیٹرز (پاکستان) لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

آپ کے گشتی مراسلے کا شکریہ۔یہ صحیح کہ فرم پاکستانیوں کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔مگر یہ تبدیلی بہتری کے لیے ہونی چاہیئے۔مجھے امید ہے کہ آپ کاروبار کا وہی بلند معیار اور ساکھ قائم رکھیں گے جو انگریز مالکوں کے زمانے میں دیکھا گیا ہے۔فقط

۔

مخلص

لیلیٰ ولی

---

## مقامی کتابیں مستعار دینے والی لائبریری کا خط

مکرمی المحترمہ

کیا آپ دس روپے میں دنیا بھر کی تازہ ترین کتابیں پڑھنا چاہتی ہیں؟ یہ ہے جو ہم معاوضہ وصول کرتے ہیں اور یہ ہے وہ خدمت جو ہم اپنی پبلک لائبریری کے ذریعے پیش کرتے ہیں۔

ہماری الماریوں میں مختلف موضوعات پر تقریباً پانچ ہزار کتابیں سجی ہوئی ہیں۔ جو آپ کے ذوق کے مطابق ہیں اور تجارتی ضرورت پوری کرتی ہیں۔

کوئی سالانہ چندہ نہیں۔ بس جب آپ کو کتاب درکار ہو دس روپے دیجئے اور کتاب لے جایئے۔

ہماری لائبریری روزانہ نو بجے صبح سے ۹ بجے رات تک کھلی رہتی ہے۔ آپ جس کتاب کا چاہیں آرام سے بیٹھ کر مفت مطالعہ کر سکتے ہیں۔ ہم مطالعے کا کچھ نہیں لیتے۔ نہ کوئی رقم جمع کرانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ فقط

خلوص کار

منیجر۔ لیاقت پبلک لائبریری۔ کراچی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم اپ کو اس دل کش کاروبار پر مبارکباد دیتے ہیں اور اس سے اپنی پہلی فرصت میں استفادہ کرنے کی امید کرتے ہیں۔ فقط

مخلص

راحت نعیم

-----------------

## نیا ادارہ کھولنے پر

مکرمی۔

میں آپ کو نہایت مسرت کے ساتھ اطلاع دیتا ہوں کہ میں نے حال میں سمن آباد میں پراپرٹی ڈیلر کی دکان کھولی ہے۔

میرے ادارے میں بہترین عملہ موجود ہے جو آپ کی تعمیر کے منصوبے سے لیکر خاندانی منصوبہ بندی تک ہر قسم کی ضروریات سے عہدہ برآ ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ہمارے پاس آرکیٹیکٹ، پلمبر، ٹھیکے دار، انجینیر اور ڈاکٹر خدمت کے لیے حاضر ہیں۔

ازراہ کرم ہمارے ہاں تشریف لائیے۔یقین رکھیے آپ کی آمد آپ کیلئے مفید رہے گی۔فقط

مخلص

نیر اینڈ کو

-----------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے گشتی مراسلے کا شکریہ۔ میں نہیں سمجھا کہ آپ نے خاندانی منصوبہ بندی کو تعمیر مکان کی منصوبہ بندی کے ساتھ کیسے شامل کرلیا۔براہ مہربانی وضاحت کریں گے اس کی؟

شکریہ۔

خلوص کار

بدر بخاری

- - - - - - - - - - -

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے دریافت کرنے کا شکریہ۔ خاندانی منصوبہ بندی کے بغیر مکان کی منصوبہ بندی نہیں ہوسکتی۔ فرض کیجئے آپ دس افراد کے لیے مکان تعمیر کرتے ہیں اور کچھ عرصے کے بعد اس میں بیس افراد بسانے کی ضرورت پڑتی ہے تو اس حالت میں مکان کی تعمیر کا سارا منصوبہ دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے۔ لہٰذا دونوں منصوبہ بندیاں ایک دوسرے سے مربوط و وابستہ ہیں۔ اس لیے ہم دونوں کی منصوبہ بندی ایک ساتھ کرتے ہیں۔

ہمیشہ آپ کی خدمت کے لیے مستعد۔

آپ کے مخلص

نیر اینڈ کو

- - - - - - - - - - -

## فرم کے ایک رکن کی وفات پر

مکرمی۔

آپ کو یہ جان کر افسوس ہوگا کہ میرا موقر حصہ دار جناب ولی خاں کا گزشتہ بدھ کو انتقال ہوگیا ہے۔

چونکہ مرحوم کی بیوہ اور بچے اب ینگ فرینڈز کمپنی سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتے اس لیے ان کا حصہ فروخت کردینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اگر کسی صاحب کو میرے مرحوم

حصہ دار پر کوئی دعویٰ ہو تو وہ ازراہ کرم ہمیں آج سے سات دن کے اندر اندر اطلاع دیں تاکہ متذکرہ صدر دعویداروں سے تصفیہ کرنے سے پہلے اس سے تصفیہ کیا جا سکے۔

ہم بہر حال اسی نام سے کاروبار جاری رکھیں گے اور اسی لائن پر بھی جو پہلے تھی۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ ہمیں پہلے کی طرح اپنی عنایت سے نوازتے رہیں گے۔

سرپرستی کے لئے شکریہ۔فقط۔

مخلص

مرغوب احمد

برائے ینگ فرینڈز کمپنی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہمیں جناب ولی خاں کی وفات کی خبر سے صدمہ ہوا۔ براہ کرم ہماری طرف سے غم زدہ خاندان سے تعزیت کر دیجیے۔ ہمارا مرحوم پر انفرادی حیثیت سے کوئی کاروباری دعویٰ نہیں۔

ہم یقین دلاتے ہیں کہ اس سے ہمارے کاروباری لین دین پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

فقط۔آپ کا مخلص

عنایت حسین رضوی

---

## نئی شاخ کے قیام پر

مکرمی المحترمہ

ہم بمسرت اعلان کرتے ہیں۔ کہ پنجاب نیشنل بنک لمیٹڈ کی ایک شاخ نیو مارکیٹ سمن آباد میں کھول دی گئی ہے۔ جن گاہکوں کی رہائش یا کاروبار اس علاقے میں ہے وہ اپنے حسابات اپنی سہولت کے لیئے نئی شاخ میں منتقل کرالیں۔

ہمیشہ بہتر توجہ کا یقین اپنے گاہکوں کو دلاتے ہوئے ہم ہیں۔

خلوص کار

جنرل منیجر

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ازراہ کرم میرا سیونگ بنک اکاؤنٹ نمبر ۱۹۹۹۸۳ اپنے بنک کی دہلی گیٹ برانچ سے نیو مارکیٹ سمن آباد برانچ میں منتقل کردیجئے۔

میری پاس بک لف ہذا ہے۔

شکریہ۔ فقط

مخلص

پرویز کنور

---

## پتہ کی تبدیلی

مکرمی۔

ازراہ کرم جان لیجئے کہ بالی اینڈ کو کے دفاتر موچی دروازہ لاہور سے ۳۳۳ جرنیلی سڑک، شاہدرہ میں منتقل ہوگئے ہیں۔ فقط۔

مخلص

ولی کشور خاں

برائے بالی اینڈ کو

---

## موجودہ مال کا حساب کرنے کیلئے سرکلر

مکرمی۔

ہم آپ کے ممنون ہوں گے اگر آپ ہمارے ساتھ اپنے حساب کی تفصیلات کا گوشوارہ ۳۱ دسمبر تک کامکمل کر کے بھیج دیں۔ ہمیں اپنے موجودہ مال کا حساب کرنا ہے۔

ماہانہ گوشوارہ معمول کے مطابق علیحدہ بھیجئے۔

شکریہ۔ مخلص

صابری دارالکتب۔ لاہور ۲

---

## شراکت ختم کرنے کیلئے

اس کا کسی سے بھی تعلق ہوسکتا ہے۔

تمام حضرات مطلع کریں کہ جناب اشفاق ندیم اور جناب دلدار چوہدری کی نیشنل بک سٹال میں باہمی شراکت۔۔۔۔۔۔۔تاریخ سے ختم ہوگئی ہے۔

تاہم ادارہ بدستور جناب ندیم کی ملکیت کی حیثیت سے کام کرتا رہے گا۔

مشترکہ ادارے کے خلاف تمام دعاوی اس مہینے کے اختتام سے پہلے پیش کر دیئے جائیں۔

آپ کے مخلص

اشفاق ندیم، دلدار چوہدری

---

## تمام قرض خواہوں کا بلاوا

چوں کہ کڈی اینڈ کو اپنے تمام قرض خواہوں کی ادائیگی کرنے کے قابل نہیں رہی ہے اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ قرض خواہوں کے اجلاس میں شرکت کریں تا کہ کمپنی کے سرمائے کے مقابلے میں اس کی واجب الادا قرضوں کا اندازہ کیا جا سکے۔

براہ مہربانی ہفتہ ۲۰ جنوری کو صبح گیارہ بجے کڈی اینڈ کو کے دفتر تشریف لے آیئے۔ شکریہ۔

مخلص

این ایم فاروقی ایڈووکیٹ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں جسمانی طور پر کڈی اینڈ کو کے قرض خواہوں کے اجلاس میں شرکت سے قاصر ہوں لہٰذا اس اجلاس میں جو بھی فیصلہ ہو اس سے مجھے براہ مہربانی مطلع فرمایئے۔ شکریہ۔

مخلص

لال دین

---

## ملازمت سے برطرفی

اس کا کسی سے بھی تعلق ہو سکتا ہے

تمام حضرات مطلع رہیں کہ جناب طاہر علی جو پچھلے دو سال سے پشاور میں ہمارے ادارے کی نمائندگی کر رہے تھے اب ہمارے ملازم نہیں رہے اور اب کسی بھی حیثیت سے ہماری طرف سے کوئی معاملہ کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔

کوئی صاحب جو ان سے ہمارے نمائندہ کے طور پر کاروبار کریں گے تو اس کے

وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔

خلوص کار

دلبر جان  مورخہ ۱۸۔۵۔۹۹

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

واضح رہے کہ جناب طاہر علی پچھلے ہفتے مجھ سے مبلغ ۱۰۰۰۰ روپے پیشگی برائے مشین آپ کی جانب سے جاری کردہ رسید پر لے گئے ہیں براہ کرم یا تو مشین بھیجئے یا رقم واپس کیجئے۔

مخلص

حسن رضا

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی رضا صاحب۔

معلوم ہوتا ہے کہ طاہر علی صاحب آپ کے ساتھ ہاتھ کر گئے۔ ہمارے نمائندے کے طور پر ان کی ملازمت ختم ہوئے ایک عرصہ ہو گیا جیسا کہ ۱۸۔۵۔۹۹ کے اخبارات میں مشتہرہ اعلان سے واضح ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ پولیس کو اطلاع دیں یا پھر ان کے خلاف قانونی کاروائی کریں۔

اپنے بہترین تعاون کا یقین دلاتے ہوئے۔

خلوص کار

دلبر جان

---

# دسواں باب

## تجارتی خط وکتابت

تجارت تمام بنی نوع انسان کو باہم مربوط کرتی ہے۔جیمز اے گارفیلڈ

تجارتی خط وکتابت کی نہ کوئی حد ہے اور نہ وہ کسی سرحد کو جانتی ہے۔ یہ لامحدود ہے اور دنیا کی تمام جغرافیائی حدود پار کر جاتی ہے۔تجارتی خط وکتابت بالکل عام خط وکتابت کی طرح ہوتی ہے البتہ اس میں مالی محرکات کارفرما ہوتے ہیں۔

### خشک میوے کے نمونے

بجناب افغان فروٹ کارپوریشن

کابل۔

جناب مکرم۔

براہ مہربانی ہمیں بذریعہ وی پی پی آپ کے پاس موجود میوے کے نمونے بمع قیمت ہوائی ڈاک سے ارسال کیجئے۔تاکہ ہم آپ کو آرڈر دے سکیں۔شکریہ۔

مخلص

صابری فروٹ کارپوریشن

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی خواہش کے مطابق ہم آپ کو ہوائی ڈاک سے اپنے پاس موجود میووں کے بیس نمونے بھیج رہے ہیں۔ہم یقین دلاتے ہیں کہ بعد کی سپلائی بھی ان نمونوں کے عین مطابق ہوگی۔

آپ کے جلدی آرڈر کے منتظر۔

مخلص۔

افغان فروٹ کارپوریشن

---

## آرڈر دینا

مکرمی۔

ہمیں سو پیٹیاں بہترین افغانی انگوروں کی مسابقانہ قیمت پر بھیج دیجیے۔

اگر آپ کا بھیجا ہوا مال اور قیمت دونوں تسلی بخش ہوئیں تو ہم کاروبار میں اضافے کا یقین دلاتے ہیں۔

خلوص کار

پاک فروٹ کارپوریشن

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمی۔

آج ہمیں آپ کا بہترین افغانی انگوروں کی سو پیٹیوں کی مسابقانہ قیمت پر فراہمی کا آرڈر ملا۔ پیٹیاں پیک کی جا رہی ہیں اور دو تین دن تک ارسال کر دی جائیں گی۔

آپ کو اپنی بہترین توجہ اور مناسب شرائط کا یقین دلاتے ہوئے۔

آپ کے مخلص

افغان فروٹ کارپوریشن

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ ۔۔۔۔۔ کا شکریہ۔ واضح رہے کہ آپ نے جو انگور ہمیں

پچھلے جون میں بھیجے تھے ان کی کوالٹی تسلی بخش تھی لیکن پیکنگ احتیاط سے نہیں کی گئی تھی۔ازراہ کرم اپنے پیکروں کو ہدایت کر دیں کہ آئندہ زیادہ احتیاط سے کام لیں۔

شکریہ۔

مخلص

--------------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کا شکایت نامہ مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا شکریہ۔

ہم نے آپ کی شکایت نوٹ کر لی ہے اور آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ آئندہ آپ کی تسلی کے مطابق پیکنگ کی جائے گی۔تاہم اتنی عرض ضرور کرتے ہیں کہ بہتر پیکنگ قدرے گراں نرخ پر ہی ہم آپ کو مہیا کر سکتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ یہ آپ کو قبول ہو گا۔فقط

مخلص

------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہمیں بہتر پیکنگ سے نوازیئے۔ہمیں زائد اخراجات کی پروا نہیں۔شکریہ۔

مخلص

------------

آئل انجن

جناب من۔

ازراہ کرم ہمیں پنجاب میں استعمال کے لئے ہاریزنٹل اور ورٹیکل آئل انجنوں کی کیٹلاگ اور کوٹیشنز ارسال کیجئے۔

آپ کی کوٹیشنوں میں ڈیلیوری اور تنصیب کے اخراجات بھی شامل ہونے چاہئیں۔

مخلص

کھوکھر انجینئرنگ ورکس

دل محمد روڈ۔لاہور

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔کے حوالے سے عرض ہے کہ ہم آپ کو اس خط کے ہمراہ اپنے تیار کردہ مختلف انجنوں کے ڈیزائنوں اور قیمتوں کی کیٹلاگ بھیج رہے ہیں۔

توقع ہے کہ جلدی آرڈر سے نوازیئے گا۔

مخلص

منیجر محمدی انجینئرنگ ورکس۔جہلم

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

براہ مہربانی اپنی کوٹیشن کے بمطابق دو ہاریزنٹل ایس ٹائپ آئل انجن بمعہ فالتو پرزوں اور تنصیب کے سامان کے بھیج دیجئے۔

براہ کرم ہمارے آرڈر کا مال جلد سپلائی کیجئے۔

مخلص

-----------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔ کے حوالے سے عرض ہے کہ جن انجنوں کا آپ نے آرڈر دیا ہے وہ کسی حال بھی چھ مہینے سے پہلے سپلائی نہیں کیے جا سکتے۔

جلدی نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ اگر آپ ہمیں گھٹیا انجن فراہم کرنے کو کہتے ہیں تو ہمیں اس سے انکار ہے۔

مخلص

----------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔ کے حوالے سے عرض ہے کہ از راہ کرم ہمیں دو ہارس پاور ٹائپ آئل انجن چار مہینے کے اندر بھیج دیجیے۔

ہمارے گاہک آئندہ چار ماہ کے اندر اندر پلانٹ کو چالو حالت میں دیکھنے کے بڑے خواہش مند ہیں اور ہمارا خیال ہے کہ آپ کو اس مدت کے اندر کام مکمل کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی۔ شکریہ

مخلص

-----------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

آپ کے خط مورخہ ۔ ۔ کا شکریہ ۔

اس کے اندراجات نوٹ کر لئے گئے ہیں ۔ اور مندرج ہدایات پر عمل کیا جائے گا ۔

آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ۔

مخلص

---

## بجلی کا سامان

مکرمی ۔

کیا آپ براہ مہربانی میرے مکان اور دکان میں بجلی لگانے اور نصب کرنے کے اپنے کوٹیشن ارسال فرمائیں گے ۔ آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ۔

مخلص

کے خاں

کوا ینڈ کو

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی ۔ براہ مہربانی مجھے بجلی لگانے اور اس تنصیبات کی نوعیت سے مطلع فرمائیے جو آپ چاہتے ہیں ۔ ہم اپنی کیٹلاگ ارسال کر رہے ہیں ۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کی ضروریات پوری کرے گی ۔

اپنی بہترین خدمات کا یقین دلاتے ہوئے ۔

مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔ کے حوالے سے عرض ہے کہ میں اپنے مکان اور دکان میں بجلی کی روشنی کے استعمال کا خواہش مند ہوں۔دکان اور کھڑکیوں کے لئے معمولی سامان درکار ہو گا جبکہ ڈرائنگ روم کے لئے اپنے نمائندے کو چند خاص آرائشی نمونوں کے ساتھ بھیجئے جو ہمیں اس معاملے میں مشورہ دے سکیں۔شکریہ

مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہمارا نمائندہ اگلے جمعہ کو نو بجے صبح سے پہلے ملے گا اور آپ سے آپ کی ضروریات پر بات چیت کرے گا۔

مخلص

---

## ہوزری کیلئے کوٹیشنز

جناب من۔

ازراہ کرم ہمیں برآمد کرنے کے لئے بہترین ہوزری کے مال کی کوٹیشنز بھیجئے۔ واضح رہے کہ مال اور دام جاپانی مال اور داموں کے مقابلے میں مناسب ہوں۔ شکریہ

مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

ہم آپ کو واقعی ایسا مال دے سکتے ہیں جو بہترین جاپانی مال کے مقابلے کا ہو گا۔ مال اور داموں کی فہرست لف ہذا ہے۔ اپنی بہترین توجہ کا یقین دلاتے ہوئے۔

مخلص

فیصل آباد ہوزری ورکس

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب من۔

ہمیں بہترین بنی ہوئی سو عدد سپورٹس شرٹس بھیجیے۔

اچھی کوالٹی سب سے اہم شرط ہے۔ ہمیں آپ پر بھروسہ ہے کہ آپ مستقبل میں زیادہ کاروبار حاصل کرنے کے پیش نظر ہمیں ہمارے داموں کے مطابق بہترین مال فراہم کریں گے۔

شکریہ

مخلص

---

بننے کی اون

میسرز کے بی سی پروڈکٹس

ہرنائی

مکرمی جناب۔

ازراہ کرم ہمیں اپنی جدید ترین بننے کی اون کے نمونے برآمد کے لئے بھیجئے۔
اپنی کم از کم قیمت اور بہترین شرائط بھی درج کیجئے۔شکریہ۔

مخلص

امپکیس لمیٹڈ

---------------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب من۔

اپنے خط مورخہ۔۔۔۔کی طرف رجوع کیجئے۔آپ کی طلب کے مطابق ہم آپ کو نمونے اور قیمت آپ کے مطالعے کے لئے بھیج رہے ہیں۔

ڈھیروں کے آرڈر کی توقع کرتے ہوئے۔

مخلص

---------------

مندرجہ بالا کے جواب میں

مکرمی۔

ازراہ کرم ایک سو پونڈ مختلف رنگوں اور کوالٹی کی اون بھیجئے۔

## ڈھیروں مال کا آرڈر

جناب من۔

ہمیں برآمد کے لئے ایک ملین گز خاکی ڈرل بھیجئے۔شکریہ

مخلص

---------------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

ہم آپ کے ممنون ہیں کہ آپ نے ہمیں ڈرل کی فراہمی کا آرڈر دیا۔ تاہم ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے لئے آپ کو اس وقت تک مال سپلائی کرنا ممکن نہیں جب تک کہ آپ ہمیں اول درجے کے حوالے فراہم نہ کریں کہ یہ ہمارا کاروباری اصول ہے۔

اپنی بہترین خدمات کا یقین دلاتے ہوئے۔

آپ کا مخلص۔

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب من۔

آپ کا خط ملا۔ جواباً ہم مندرجہ ذیل حوالے پیش کرتے ہیں۔

۱۔ گورنمنٹ ایکسپورٹ کارپوریشن

۲۔ اسٹیٹ بنک آف پاکستان

براہ کرم سابقانہ نرخ پر مال فراہم کرنا شروع کردیجئے۔ شکریہ۔

مخلص

امپکیس لمیٹڈ

---

## معیاری پردے

مکرمی۔

ہمیں بہترین کوالٹی اور اسٹائل کے پردے سفارتی علاقے میں امریکی حلقے کے لئے درکار ہیں۔ کیا آپ چند نمونے ارسال کریں گے؟ شکریہ

مخلص

سفارتی آرائش کار۔ اسلام آباد

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔کے حوالے سے عرض ہے کہ ہم پردوں کے ڈیزائن اور کوٹیشنز علیحدہ بھیج رہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ وہ آپ کو پسند آئیں گے۔

جلدی آرڈر کی توقع کرتے ہوئے۔فقط

مخلص

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب من۔

اپنے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔ پر توجہ کیجئے۔آپ کے نمونوں کی کوالٹی تو ہمیں منظور ہے لیکن کوٹیشنز تسلی بخش نہیں۔کیا آپ قیمتوں میں پچیس فیصد تک کمی نہیں کر سکتے؟

مخلص

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہمارے لئے قیمتوں میں ۲۵فیصد کمی تو ممکن نہیں البتہ ہم ۱۲فیصد منہائی پہلے ایک ہزار گز سے زائد آرڈر پر دے سکتے ہیں اور پانچ ہزار سے زائد خریداری پر ۲۵فیصد

منہائی دیں گے۔امید ہے کہ یہ رعایت آپ کو مطمئن کر دے گی۔

آرڈر کی امید کرتے ہوئے۔

آپ کا

مخلص

---

## سٹاک کی صورت حال

مکرمی۔

بتایئے کہ آپ کے سٹاک میں کتنے گز اچھے پردے ہیں؟ اور ایک ہزار گز کی فراہمی کے لئے آپ کو کتنا عرصہ لگے گا۔

شکریہ۔مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

ہماری کھڈیوں کو آپ کے مطلوبہ ایک ہزار گز پردے تیار کرنے میں ایک مہینہ لگے گا۔یہ ہماری حد درجہ استطاعت ہے۔

مخلص

---

## یارن کی فراہمی کیلئے

۳۳۔جرنیلی سڑک۔گوجرانوالہ

جنوری ۲۰۰۳/۱۹ء

بجناب وول ویر لمیٹڈ

کوئنز وے۔کوئٹہ

معززین کرام۔

ازراہ کرم ہمیں تین پلائی اون کے نمونے بھیجئے۔شکریہ۔مخلص

کشور خانم

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمہ۔

آپ کے آرڈر کی تعمیل میں ہم بمسّرت آپ کو علیحدہ ڈاک سے تین پلائی اون کے نمونے بھیج رہے ہیں۔

ہم آپ کو بتا دیں کہ عام طور پر ہماری قیمتیں کم ہیں لیکن ہمارا مال بازار میں موجود کسی مال سے کم تر نہیں۔

آپ کی طرف سے ملنے والا آرڈر ہماری بہترین توجہ کا مرکز ہوگا۔فقط۔مخلص

وول ویز

---

## روئی کی فراہمی کیلئے

میسرز کاٹن اینڈ کو

سکھر

مکرمی۔

کیا آپ بہترین سندھی روئی کے نرخوں سے مطلع فرمائیں گے؟ ہم اس کوالٹی کی روئی کی ایک سو گانٹھیں خریدنا چاہتے ہیں۔

مخلص

آزاد ملز لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ ۲۲ فروری کے جواب میں ہم عرض کرتے ہیں کہ اپنے کاشتکاروں سے خط و کتابت کے بعد ہمیں معلوم ہوا ہے کہ حالیہ شدید بارشوں سے روئی کی پیداوار کا معیار متاثر ہوا ہے۔ قیمتیں نتیجتاً کم ہیں اور ہم ۱۲۰۰ سو روپے فی من کے حساب سے آپ کو سو گانٹھیں فراہم کر سکتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ یہ انتہائی کم قیمت آپ کے لئے مناسب رہے گی۔

آپ کے جلد جواب کی توقع کرتے ہوئے۔ فقط۔

مخلص

کاٹن اینڈ کو

---

## ایلومینیم کا ٹانکا لگانا

میسرز سلور الیکٹرو پلیٹنگ انڈسٹریز

گوجرانوالہ

مکرمی۔

ہمیں آپ کے بجلی کے ذریعے ٹانکا لگانے کے طریق کار سے دلچسپی ہے اور ہم اس کے بارے میں جاننے کے خواہش مند ہیں۔ آپ کے پاس اس کا کوئی لٹریچر ہے؟ اگر ہے تو از راہ کرم بھیج دیجئے۔

شکریہ۔

مخلص

اٹلس سائیکلز لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

ہم نے حال ہی میں ایلومینیم کا ٹانکا لگانے کا ایک بہتر طریقہ پیٹنٹ کرایا ہے اور یہ سائیکل کی صنعت کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے کہ کفایت شعارانہ نرخ پر بہتر نتائج کی حامل ہے۔

ہم نے بہترین مشینوں پر مشتمل ایک قیمتی پلانٹ نصب کیا ہے اور ہم بخوشی ہر قسم کے ایلومینیم کے کام کے آرڈروں کی تعمیل کریں گے ساتھ ہی نکل پلیٹنگ اور ٹانکا لگانے کے آرڈروں کی بھی۔

ہمارے تخمینے لف ہذا ہیں اور ہم آپ کی طرف سے آرڈر کی امید کرتے ہیں۔

شکریہ۔

مخلص۔ نہال احمد

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمی۔

ہمارے لئے اتنی دور سے اتنے بڑے پیمانے پر آپ کے طریقے سے استفادہ کرنا ممکن نہیں ہوگا کہ یہ سستا ثابت نہیں ہوگا تاہم آپ کے پیٹنٹ کرائے ہوئے طریقے میں شرکت کے خواہش مند ہیں جس کی ہم آپ کو رائلٹی ادا کریں گے۔ اگر آپ سکھر میں ہمارے بڑے بڑے آرڈروں کی تعمیل کے لئے اپنی شاخ قائم کرنے پر آمادہ ہوں تو ساری سکیم کامیاب رہے گی۔ اس سے ہم دونوں کو فائدہ ہوگا۔

جلد ہی آپ کی طرف سے کچھ سننے کی توقع کرتے ہوئے۔

آپ کے مخلص

ایٹلس سائیکلز لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہمیں آپ کا خط ملا۔ ہم اپنا نمائندہ بھیج رہے ہیں۔ جو آپ کے ساتھ دونوں متبادل تجاویز پر تفصیل سے بات کرے گا اور ان کے نفع نقصان کا اندازہ لگائے گا۔

اپنے بہترین تعاون کا یقین دلاتے ہوئے۔

آپ کا

مخلص

نہال احمد

---

## اچار، چٹنی اور مربوں کی فروخت کاری

بخدمت جناب کسان فروٹ

پریزرونگ کمپنی۔ جہلم

جناب مکرم۔

ازراہ کرم مجھے اپنے مختلف اقسام کے مربوں کے نمونے بھیجئے۔ ہر نمونے کی ایک ایک بوتل بذریعہ وی پی پی ارسال کردیجئے۔ شکریہ۔ مخلص۔

روشن علی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم اپنے تمام جاموں کا ایک ایک نمونہ بذریعہ وی پی پی برائے مبلغ =/۵۰۰ روپے ارسال کر رہے ہیں۔تجارتی حلقوں میں ہمارے مربے بہت مقبول ہوئے ہیں اورہمیں امید ہے کہ یہ آپ سے بھی خراج تحسین حاصل کریں گے۔

بلاشبہ اگر آپ ان کا سٹاک کرلیں گے تو آپ کے ضلع میں ان کی بڑی مانگ ہو گی۔

نرخ نامہ ملفوف ہے۔

آپ کے مخلص

کسان فروٹ پریزرونگ کمپنی

---------------

## مال اور کریانہ

محترمی۔

کیا آپ ہماری دوکان واقع جہلم کے لئے مال اور کریانہ فراہم کریں گے؟براہ مہربانی اپنی ادھار مال دینے کی شرائط وقواعد بھی بیان کیجئے۔شکریہ۔مخلص

میسرز ٹروٹریڈرز

--------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہمیں آپ کا ۵ مارچ کا خط ملا۔ہم آپ کے شکر گزار ہیں کہ آپ ہماری تھوک فروشی میں دل چسپی رکھتے ہیں۔

ہم نے بڑے شوق سے یہ بات نوٹ کی کہ آپ ہمارے ساتھ کاروباری تعلقات استوار کرنا چاہتے ہیں۔

اس ہفتے جو کچھ ہم آپ کے لئے کر سکتے ہوں گے،وہ کر کے خوش ہوں گے۔

چنانچہ مختلف اقسام کی روٹیوں، مکھنوں، اچاروں اور نمکین چٹنیوں وغیرہ کے کوٹیشن ارسال ہیں۔

ہماری عام شرائط میں ہفتہ وار ادائیگی اور نئے گاہکوں کے لئے ایک حوالہ دینا شامل ہے۔

آپ کے مخلص

جنرل سپلائرز لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمی۔

بحوالہ آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔کے عرض ہے کہ ہم آپ کے لئے نئے نہیں کیونکہ ہم سالوں سے آپ کے ساتھ کسی نہ کسی صورت میں کاروبار کر رہے ہیں۔

اس لئے ہم آپ کو تجویز پیش کرتے ہیں کہ ہمیں ہفتہ وار ادائیگی کی بجائے ماہانہ تصفیے کی سہولت دیجیے۔ شکریہ کے ساتھ۔

مخلص

ٹرو ٹریڈرز

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

اپنے خط مورخہ۔۔۔۔کی طرف رجوع کیجئے۔

ہم اپ کو ہفتہ وار کی بجائے ماہانہ ادائیگی کی سہولت دیتے ہیں۔

مخلص

جنرل سپلائرز لمیٹڈ

------------------

## پبلشر کے ایجنٹ

مکرمی۔

کیا آپ خود کو اس لائق سمجھتے ہیں کہ آپ سکولوں، کالجوں اور لائبریریوں کیلئے ہماری مطبوعات کی فروخت کے لئے بطور فروخت کار کام کر سکتے ہیں؟

مخلص

شجاعت بابر خان

---------------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب محترم۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔کے حوالے سے بخوشی آپ کو اطلاع دیتا ہوں کہ میں فی الوقت ممتاز اشاعتی اداروں میں سے ایک کی نمائندگی کر رہا ہوں۔ اس ادارے کے ساتھ میں گزشتہ چار سال سے کام کر رہا ہوں۔ اس پبلشر کو میسرز اورینٹ لانگمین اینڈ کو کراچی کے نام سے آپ بھی جانتے ہوں گے۔

میں اپنی کاروباری لائن سے خوب اچھی طرح واقف ہوں اور کامیابی کے ساتھ آپ کی مطبوعات بازار میں متعارف کرا سکتا اور فروخت کر سکتا ہوں۔ میں آپ کی شرائط جاننا چاہوں گا۔

بہترین کاروبار کا یقین دلاتے ہوئے۔

آپ کا مخلص

محمد گلزار

---------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔ کے حوالے سے عرض ہے کہ از راہ کرم مجھے ۲۸ فروری کو ملئے اور معاملہ طے کر لیجئے۔ شکریہ۔

مخلص

شجاعت بابر خاں

---

## آڑھتی کی ضرورت

مکرمی سیٹھی صاحب

کیا آپ اپنے شہر میں ہمارے سبزیاں اور پھل فروخت کرنے کے لئے کسی مناسب آڑھتی کا نام تجویز کر سکتے ہیں؟ شکریہ۔

مخلص

راجا رسالو

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی راجا صاحب

میں نے جناب شمیم سہیل سے کہا ہے کہ وہ آپ کو براہ راست لکھیں۔ وہ سبزی منڈی کے بہترین مقامی آڑھتی ہیں۔

امید ہے کہ آپ خود ان سے معاملہ طے کر لیں گے۔ فقط

جے، آر، سیٹھی

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمی۔

مجھے آپ کا نام اور پتہ اپنے شہر کے ج، آر، سیٹھی نے فراہم کیا ہے اور اس ضمن میں عرض کرتا ہوں کہ لاہور کی منڈی میں آپ کی پھلوں اور سبزیوں کی کھیپوں کو فروخت کرنے کے لئے میری تمام خدمات آپ کے لئے ہیں۔

میں یہاں آڑھتی کے طور پر کام کرتا ہوں اور کمیشن پر پھل اور سبزیاں وصول کرتا ہوں۔فروخت کے ایک دن بعد موصولہ رقم بذریعہ چیک ارسال کر دیتا ہوں۔

مجھے آپ کی طرف سے آزمائش کے طور ایک کھیپ وصول کر کے خوشی ہو گی۔

مخلص

شمیم سہیل

---

## بیمہ پالیسی حاصل کرنے کیلئے

بجناب منیجر صاحب

لائف انشورنس کارپوریشن۔لاہور۔

مکرمی۔

ازراہ کرم مجھے زندگی کا بیمہ کرانے کے ضروری کاغذات بھیج دیجئے۔

شکریہ۔

مخلص

انیس احمد

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی چٹھی مورخہ۔۔۔کے حوالے سے زندگی کے بیمے کیلئے درکار ضروری کاغذات ملفوف ہیں۔

اگران کاغذات کے ملاحظہ کے بعد بھی آپ کو مزید کسی اطلاع کی ضرورت ہو تو آپ کی طرف سے اطلاع ملنے پر میں بخوشی وہ اطلاع آپ کو یا تو بذات خود فراہم کروں گا یا بذریعہ چٹھی۔ آپ کی یا آپ کے دوستوں کی جانب سے بیمہ کی تجویز پر میں اپنی بہترین توجہ صرف کروں گا۔

شکریئے کے ساتھ۔

مخلص

آر۔ راجا

برانچ منیجر

-------------

## تصدیق نامے طلب کرنے کیلیئے

مکرمی۔

ہمیں اپنے ادارے میں اسامی کے لیئے آپ کی درخواست موصول ہوئی۔

براہ مہربانی ہمیں اپنے چند ایک حالیہ تصدیق نامے ارسال کیجئے۔

مخلص

لائیڈز بنک لمیٹڈ

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب محترم۔

آپ کی چٹھی مورخہ۔۔۔۔۔۔۔کے حوالے سے میں اپنے سابقہ آجر کا تصدیق نامہ ارسال کر رہا ہوں اگر آپ ازراہ کرم مجھے منتخب کر لیتے ہیں تو میں آپ کو آپ کا اعتماد حاصل کرنے کے سلسلے میں اپنی بہترین کوششوں کا یقین دلاتا ہوں، جو میں ہمیشہ اپنی اہلیت، محنت شاقہ اور دیانت سے حاصل کروں گا۔

تشکر و امتنان کے ساتھ۔

مخلص

کرم حسین

---

## غیر ملکی مال کا پاکستانی نمائندہ

دی جنرل الیکٹرونکس انکارپوریٹیڈ

نیویارک

معززین کرام۔

میں آپ سے خود کو غیر ملکی مال کے پاکستانی نمائندے کے طور پر متعارف کرانے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ اس ملک میں میرے وسیع پیمانے پر تعلقات ہیں اور لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں میرے دفاتر ہیں۔

اس ملک میں آپ کے الیکٹرونکس اشیاء کی فروخت میں آپ کی اعانت کر کے مجھے خوشی ہو گی۔ بجلی کے سامان کا میرا بیس سالہ تجربہ اس ضمن میں بڑا مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

میں اس امر کے فائدے کا ذکر کرتا ہوں جو آپ کو موقع پر موجود اس آدمی سے پہنچے گا جو آپ کے مال کو متعارف بھی کرائے گا اور اس کی فروخت کو بڑھائے گا بھی۔ دوسرے ملکوں کے صنعت کار پاکستانی منڈی پر قبضہ کرنے میں اتنی تیزی دکھا رہے ہیں کہ آپ ایسا تجارتی ادارہ ہی اس کی اہمیت و قیمت کا اندازہ کر سکتا ہے اور اس ملک میں خود کو مستقل بنیادوں پر استوار کرنے کے قابل ہو سکتا ہے۔

اگر مجھے اپنی فرم کا باقاعدہ نمائندہ مقرر کرتے ہیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نہایت تن دہی سے کام کروں گا جس کے حیرت ناک نتائج برآمد ہوں گے۔

میرے پاس شوروم بھی ہیں اور گودام بھی جہاں تمام مال کی مناسب طور پر نمائش

بھی ہوسکتی ہے اور حفاظت کے ساتھ ذخیرہ بھی۔

جلد جواب باعث تشکر و امتنان ہوگا۔فقط

آپ کے مخلص

شہزاد اینڈ کو۔کراچی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم آپ کے شکر گزار ہیں کہ آپ کو پاکستان میں ہمارے مال کی فروخت میں اضافے سے دل چسپی ہے۔ہم مستقبل قریب میں آپ سے رابطہ قائم کریں گے۔

دریں اثناء اگر آپ ہمیں کچھ بنکوں کے حوالے بھیج دیں تو ہمارے لئے باعث تعریف ہوگا۔

شکریئے کے ساتھ

مخلص۔

جنرل الیکٹرانکس لمیٹڈ

---

## نجی تحقیقات

مکرمی۔

ہم آپ کے ازحد شکر گزار ہوں گے اگر آپ میسرز شہزاد اینڈ کو کے بارے میں ہمارے قابل اعتماد اطلاعات فراہم کریں گے۔انھوں نے پاکستان میں ہمارے نمائندے کے طور پر کام کرنے کی پیش کش کی ہے۔

زیر حوالہ فرم کی ساکھ وغیرہ کے بارے میں جو تفصیلات بھی آپ فراہم کریں گے انھیں انتہائی خفیہ رکھا جائے گا۔

ہم تعاون کے بدلے تعاون کر کے ہمیشہ خوش ہوں گے۔

فقط مخلص

جنرل الیکٹرانکس لمیٹڈ

-----------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی چٹھی مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے حوالے سے ہم نے میسرز شہزاد اینڈ کو کے بارے میں تحقیقات کی ہمارے خیال میں یہ ادارہ اس ملک میں آپ کے مال کی فروخت کو موثر طریقے پر سنبھالنے کے لئے بہت چھوٹا ہے۔

مخلص

باری برادرز لمیٹڈ

---------------

## ساکھ کے بارے میں تحقیقات

مکرمی۔

ہم آپ کے ممنون ہوں گے اگر آپ اپنے ہمسائے میسرز بالی اینڈ کو کی مالی حالت کے بارے میں نہایت خفیہ طور پر اپنی رائے سے ہمیں مطلع کریں گے۔

آپ کے خیال میں ہمارے لئے یہ مناسب و محفوظ رہے گا کہ انہیں ہر مہینے دو لاکھ روپے تک کا مال فروخت کے لئے ادھار دیا جائے؟

ایسا ہی تعاون آپ کے ساتھ کر کے ہمیں خوشی ہوگی۔

مخلص

باری اینڈ کو

-----------------

## اثبات میں جواب

مکرمی۔

جہاں تک ہمارے لئے معلوم کرنا ممکن تھا ہمیں معلوم ہوا ہے کہ میسرز بالی اینڈ کو کا کاروبار خوب ترقی پر ہے اور ان کی خرید و فروخت تقریباً ایک لاکھ روپے کی ہے۔

لہٰذا ہماری رائے میں انھیں دو لاکھ روپے کا ادھار بے خوف و خطر دیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس رائے سے ہم پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔

مخلص

ولی اینڈ کو

---

نفی میں جواب

مکرمی۔

بحوالہ آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ہماری رائے میں میسرز بالی اینڈ کو کو ماہانہ دو لاکھ روپے کا ادھار دینا مناسب و محفوظ نہیں ہے۔

مخلص

ولی اینڈ کو

---

## قابل اعتماد ایجنٹ کی تلاش

محترمی۔

کیا اپ ہمیں اپنے شہر میں کوئی ایسا قابل اعتماد کتب فروش بتائیں گے جسے پنڈی میں تقسیم کے لئے بھروسے کے ساتھ کتابوں کی ایک بڑی کھیپ بھیجی جا سکے۔

زحمت کے لئے معذرت خواہ ہوں۔

مخلص

منیجر۔ جمیل پبلشنگ ہاؤس، لاہور

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی چٹھی مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے جواب میں عرض ہے کہ ہمارے خیال میں آپ میسرز رضا خان اینڈ سنز صدر بازار، راولپنڈی سے رجوع کریں جو اس علاقے میں آپ کی مطبوعات کی تقسیم کے لئے انتہائی قابل اعتماد ادارہ ہے۔

مخلص

برٹش فرنیچر کمپنی

---

## مالی تحقیقات

محترمی۔

ہم ازحد ممنون ہوں گے اگر آپ اپنی مقامی ایجنسی کے ذریعے میسرز رائٹ ویز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے تجارتی پائے کی تحقیقات فرمائیں۔

اس تحقیقات پر جو اخراجات آئیں گے ہم برداشت کریں گے۔ ایسے معاملات میں ہم آپ کو اپنے تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ شکریہ

مخلص

میسرز چاس ڈیپائے اینڈ کو

---

مندرجہ بالا کا جواب

معززین کرام۔

ہم میسرز رائٹ ویز لمیٹڈ کو کاروباری مقاصد کے لئے قابل اعتماد ادارہ نہیں

سمجھتے۔

ازراہ کرم اس اطلاع کو سخت خفیہ رکھیے۔ شکریہ

مخلص۔

بالی اینڈ کو

---

## ایک اور تصدیق نامہ

معززین کرام۔

ہم بہت شکرگزار ہوں گے اگر آپ ازراہ کرم ہمیں بتاسکیں کہ آپ کے شہر کی فرم میسرز گلوب موٹرز لمیٹڈ مضبوط بنیادوں پر استوار اور قابل اعتماد ادارہ ہے؟ اس سے ہم نقصان کے کسی خطرے کے بغیر باقاعدہ کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔

زحمت کے لئے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے۔

آپ کے مخلص

فورڈ موٹر کمپنی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم میسرز گلوب موٹرز لمیٹڈ کو نہایت معتبر اور ترقی پذیر فرم سمجھتے ہیں جس کے ساتھ آپ اطمینان کے ساتھ کاروباری تعلقات قائم کرسکتے ہیں۔

مخلص

برٹش موٹرز کمپنی

---

## لوہے کے سامان کا کاروبار

مکرمی۔

ہم فاروق گنج، لاہور میں تقریباً ربع صدی سے لوہے کے سامان کی خوردہ فروشی کا کاروبار کر رہے ہیں۔ پچھلے کچھ دنوں سے ہمیں اپنے ذرائع سے مال حاصل کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہے کہ یہاں پر سماج دشمن سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ لہٰذا اگر آپ ہمیں لوہے کے باقاعدہ سٹاکسٹوں کی فہرست میں شامل کر لیں گے تو ہمیں مسرت ہوگی۔

اس عنایت کے لئے آپ کا شکریہ۔

مخلص

دینا شیما اینڈ کو

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

چوں کہ ہمارے لاہور اور شاہدرہ میں پہلے ہی بے شمار سٹاکسٹ موجود ہیں اس لئے ہم لوہے کی سپلائی محدود ہونے کی وجہ سے اس مقدار میں اضافے سے قاصر ہیں۔

افسوس کہ آپ کو مایوس کرنا پڑا۔

مخلص

دارا سٹیل کمپنی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں افسوس کے ساتھ آپ کو اطلاع دیتا ہوں کہ آپ کے سٹاکسٹ عوام کے ساتھ صحیح برتاؤ نہیں کر رہے اور انہیں فراہم کیے جانے والے لوہے کا بیشتر حصہ کالے بازار میں فروخت کر دیا جاتا ہے۔

اس لئے ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمیں اپنے سٹاکسٹ کے طور پر رجسٹر کر لیجئے۔ ہم آپ کو دکھا سکیں گے کہ عوام کو ان کی لوہے کی ضروریات کے بارے میں کیسے مطمئن کیا جا سکتا ہے۔

مخلص

وینا شیما اینڈ کو

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی چٹھی مورخہ۔۔۔۔ کے حوالے سے عرض ہے کہ ہم آپ کو اپنا براہ راست سٹاکسٹ رجسٹر کرنے کو تیار ہیں بشرطیکہ دس لاکھ روپے بطور ضمانت ہمارے پاس جمع کرا دیں۔

مخلص

دارا سٹیل کمپنی لمیٹڈ

---

## ساکھ کے بارے میں سوال

مکرمی۔

ازراہ کرم آپ ہمیں آگاہ کریں گے کہ پیرس سٹور شاہی بازار کو اپنی مصنوعات فراہم کرنا ہمارے لئے مناسب و محفوظ رہے گا؟

جلدی جواب لائق صد تحسین ہو گا۔ شکریہ۔

مخلص

ٹاملو آئل کمپنی لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے سوال مورخہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے جواب میں عرض ہے کہ پیرس سٹور کے مالک اپنے کاروبار کو تو خوب سمجھتے ہیں لیکن سرمایہ ان کے پاس نہیں۔ اور اس وقت تو وہ بازار سے ادھار بھی حاصل نہیں کر سکتے۔

ہم آپ کو صرف نقد سودے کرنے کا مشورہ دیں گے۔

مخلص

خانم سٹورز

---

## رقم کیلئے اعتبار

مکرمی۔

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ میسرز جمیل اینڈ سنز کو ان کے سائیکل کے کاروبار کے لئے ایک کروڑ روپیہ بطور قرض دینے کے لئے اعتبار کیا جا سکتا ہے؟

آپ کا جواب انتہائی خفیہ رکھا جائے گا۔

مخلص

انڈسٹریل فنانس کارپوریشن

-------------

مندرجہ بالا کا جواب

جناب من۔

میسرز جمیل اینڈ سنز نہایت قابل اعتبار ہیں۔ لیکن ہم نہیں سمجھتے کہ ایک کروڑ روپے کی خطیر رقم ان کے ہاتھوں میں محفوظ بھی رہ سکتی ہے یا نہیں۔ ہمارے خیال میں زیادہ سے زیادہ پچاس لاکھ روپے محفوظ حد ہے۔

مخلص

فنانس انکوائری بیورو

---------------

## سٹوروں کا جال

مکرمی۔

اگر آپ خیال نہ فرمائیں تو اپنی اس رائے سے ہمیں آگاہ کریں کہ آیا رویاک سٹورز کو ہم اپنی مصنوعات لاہور اور سارے پنجاب میں تقسیم کے لئے دے سکتے ہیں؟

آپ کی رائے اس معاملے میں کسی ذمہ داری کی حامل نہیں ہوگی۔ شکریہ۔

مخلص

ٹاملو لمیٹڈ

---------------

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

بحوالہ آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ہم رویاک سٹورز کے جناب ایس ایس اسد کو ایجنٹ کی حیثیت سے ایک قابل اعتماد شخص سمجھتے ہیں۔

ان کے پاس پاکستان اور باہر کے ملکوں کی پہلے ہی کئی ایجنسیاں ہیں اور جہاں تک ان کے ساتھ ہمارے تجارتی تعلقات کا تعلق ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ رویاک سٹورز بہت اچھا کاروبار کر رہا ہے۔

مخلص

فاولٹن اینڈ کو

---

## سرمایہ کاری کیلئے مشورہ

جناب من۔

کیا آپ ازراہ کرم ہمیں مشورہ دیں گے کہ ہم بنسل میوزیکل انجینئرنگ کارپوریشن لمیٹڈ میں ۲۵ لاکھ روپے کی محفوظ سرمایہ کاری کر سکتے ہیں؟ ہم آپ کے ممنون ہوں گے اگر آپ اس معاملے میں ہماری رہنمائی اس فرم سے اپنے نجی مراسم کی بنیاد پر فرمائیں گے۔ شکریہ۔

مخلص

صفدر شاہ اینڈ کو

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمی۔

آپ کی چٹھی مورخہ۔۔۔۔۔کے حوالے سے عرض ہے کہ میسرز بنسل میوزیکلز لمیٹڈ شروع ہی سے مناسب سرمائے کے نقصان کا شکار رہیں ورنہ ان کے کاروبار کی جڑیں آج گہری ہوتیں۔

اگر فرم کے دوسربراہ محنتی اور فعال ہوں تو اب بھی اس کی کامیابی کا امکان ہے کہ مواقع بے اندازہ ہیں اور مقابلہ نام کو نہیں۔

لہذا آپ اطمینان سے انھیں ۲۵ لاکھ روپے قرض دے دیں۔

مخلص

اکولا انجینئر لمیٹڈ

---

## صرف نقد کاروبار

جناب محترم۔

کیا آپ براہ کرم ہمیں مشورہ دیں گے کہ میسرز شمع سیمنٹ کمپنی پر روزانہ ایک ہزار بوری سیمنٹ تک کا ادھار کا اعتبار کیا جا سکتا ہے؟ شکریہ

مخلص

غریب وال سیمنٹ کمپنی

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی جناب۔

آپ کی چٹھی مورخہ۔۔۔کے حوالے سے ہم آپ کو اطلاع دیتے ہیں کہ میسرز شمع سیمنٹ کمپنی اپنے کاروباری رقوم کا ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں کہ اپنے ذاتی استعمال کے لئے مکان بنوا رہے ہیں۔

لہذا ہم صرف نقد سودوں کا مشورہ آپ کو دیں گے۔

مخلص

پاک فرنچ سیمنٹ ڈپو، لاہور

---

## ادھار کی اہلیت

مکرمی۔

کیا آپ کے خیال میں کوثر انجینئرنگ ورکس اس قدر قابل اعتماد ادارہ ہے کہ اس کے ساتھ دس لاکھ روپے تک کی مالیت کا ادھار کاروبار کیا جا سکے؟

اعتبار کے لائق مشورے کے منتظر

آپ کے مخلص

برٹش انجینئرنگ کمپنی

---

کچھ کہنے سے قاصر

مکرمی۔

افسوس کہ ہم کوثر انجینئرنگ ورکس کے بارے میں آپ کو کوئی تسلی بخش جواب نہیں دے سکتے۔ مالک دکھائی تو بڑا کاروباری دیتا ہے لیکن وہ ترقی کرتا دکھائی نہیں دیتا۔

مخلص

لال دین

---

## مسافر کی اطلاع

محترمی۔

براہ مہربانی ملتان میں خانم سٹورز سے مل کر یہ معلوم کیجئے کہ وہ ہمارے بل معاہدے کے مطابق جلد ادا کیوں نہیں کرتے؟ شکریہ۔

مخلص

پاک سٹورز لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے حکم مورخہ۔۔۔کے حوالے سے عرض کرتا ہوں کہ مجھے فرم کے منیجر کے ایک رشتے دار سے جو حال ہی میں ملازمت سے برطرف کیا گیا ہے کچھ اطلاعات ملی ہیں کہ فرم پر کئی ایک حلقوں کی طرف سے ادائیگیوں کے لئے زور ڈالا جارہا ہے اور یہ کہ مالکان فی الحال اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے سے قاصر ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہیں ملتان سٹاک ایکسچینج میں زبردست نقصان پہنچا ہے اور فرم کے دیوالیہ ہونے کا امکان ہے۔

مخلص

ٹریولنگ ایجنٹس لمیٹڈ

---

## ملازم کے لئے حوالہ

جناب من۔

جناب جبار علی نے ہمارے کراکری کے شعبے میں ایک عہدے کے لئے درخواست دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ آپ کے ہاں چینی کے برتنوں کے شعبے کے کئی برس تک انچارج رہے ہیں۔

ہم بہت ممنون ہوں گے اگر آپ ہمیں یہ بتائیں کہ آیا آپ نے انھیں سراسر قابل اعتماد شخص پایا؟ شکریہ۔

مخلص

باوا کراکریز لمیٹڈ

---

## اثبات میں جواب

مکرمی۔

یہ سچ ہے کہ جبار علی صاحب نے ہمارے ہاں کام کیا ہے اور وہ سراسر قابل اعتماد فروخت کار ہیں۔

مزید عرض ہے کہ انہوں نے ہماری ملازمت محض اس لئے چھوڑی کہ کراچی کی آب وہوا ان کے شمالی علاقے میں پروردہ مزاج کو موافق نہیں تھی۔

مخلص

سندھ پوٹریز لمیٹڈ

---

## نفی میں جواب

مکرمی۔

یہ سچ ہے کہ جبار علی صاحب نے ہمارے ہاں کام کیا ہے۔لیکن وہ تھے نا قابل اعتماد۔تبھی تو ہم نے انھیں اپنی ملازمت سے برطرف کردیا۔

مخلص

سندھ پوٹریز لمیٹڈ

---

## ادائیگی کے لئے نوٹس

میسرز خانم سٹورز لمیٹڈ

ملتان

جناب مکرم۔

ہم نے اپنے واجبات کی ادائیگی کے لئے کئی بار آپ سے رجوع کیا لیکن آپ نے جواب تک دینا گوارا نہ کیا۔

ہمارے مابین معاہدے کے مطابق ہمیں تین دن کے اندر اندر اپنے حسابات کے تصفیے کی توقع تھی۔لہذا آپ کو آپ ہی کے فائدے کے لئے ہدایت کی جاتی ہے

کہ ایک ہفتے کے اندر ہمارے بل ادا کر دیئے جائیں۔ ورنہ ہم ان کی وصولی کے لئے قانونی اقدامات کریں گے۔

آپ سے جلد تعمیل کی توقع کرتے ہوئے،

آپ کے مخلص

عائشہ سٹورز لمیٹڈ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم آپ کو افسوس کے ساتھ اطلاع دیتے ہیں کہ حال ہی میں ہمیں بھاری نقصانات اٹھانے پڑے جس سے فرم دیوالیہ ہو رہی ہے۔

ازراہ کرم اپنے تمام دعاوی ادائیگی کے لئے عدالتی تصفیہ کار کو بھیج دیجیے۔

شکریہ۔

آپ کے مخلص

خانم سٹورز لمیٹڈ

---

## اچھی کارکردگی کا صداقت نامہ

(اس کا کسی سے بھی تعلق ہو سکتا ہے)

تصدیق کی جاتی ہے کہ مسٹر جوزف سٹیفن نے ہماری فرم میں چند سال بطور قلمی مزدور کے کام کیا ہے ہمیں یہ کہہ کر خوشی ہوئی ہے کہ وہ سراسر قابل اعتماد اور ایمان دار آدمی ہیں۔

ان کا مزاج محنت پسند ہے۔

وہ اچھے مصنف ہو سکتے ہیں اگر انھیں بہتر مواقع بہم پہنچائے جائیں۔

ہم زندگی میں ان کی ترقی کے خواہاں ہیں۔

کرن پبلیکیشنز

---

## برائے حوالہ

مکرمی جناب۔

مسٹر جوزف سٹیفن نے ہمیں لٹریری ایڈیٹر کے عہدے کے لئے درخواست دی ہے۔

کیا آپ انھیں واقعی لائق فائق اور ایماندار کارکن تصور کرتے ہیں۔ ہم نے آپ سے یہ سوال رازدارانہ انداز میں کیا ہے کہ ان کے پاس آپ کی فرم کا اچھے چال چلن کا صداقت نامہ ہے۔

ہم بھی بدلے میں ایسی ہی خدمت بخوشی سرانجام دیں گے۔

آپ کے مخلص

جمال پبلشنگ ہاؤس

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

سچ تو یہ ہے کہ ہم مسٹر جوزف اسٹیفن کو قابل اعتماد مصنف نہیں سمجھتے۔ کیونکہ وہ بہت سی کتابیں لکھتے ہیں اور انہیں بڑی تیزی سے لکھتے ہیں اور سستی بیچ دیتے ہیں۔ تبھی تو وہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ اس سے وہ ناشروں میں بالوجہ بدنام ہو گئے ہیں اور قارئین میں بلاوجہ مقبول۔

آپ کے مخلص

کرن پبلیکیشنز لمیٹڈ

---

## غیر ملکی خطوط نویسی

جناب من۔

جناب شمیم باری نے جو ہمارے ہاں غیر ملکی خطوط نویسی کی اسامی کے خواہاں ہیں، ہمیں آپ کا نام حوالے کے طور پر پیش کیا ہے کہ ان کی اہلیت کے بارے آپ سے تصدیق کی جائے۔

ہم آپ کے ممنون ہوں گے اگر آپ ہمیں ان کے کردار اور چال چلن کے بارے میں اپنی رائے سے مطلع کریں گے۔ شکریہ۔

مخلص

امپیریل لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

شمیم باری صاحب کے بارے میں آپ کی انکوائری کے جواب میں عرض ہے کہ ہم انھیں درجہ اول کا زبان دان سمجھتے ہیں۔

وہ ہمارے غیر ملکی خطوط نویسی کے شعبے کے انچارج تھے اور تمام کام کی نگرانی کرتے تھے۔

ہمیں کبھی ان سے کوئی شکایت پیدا نہیں ہوئی۔

مخلص

پاک امپورٹرز انسٹی ٹیوشن

---

## تجارتی خطوط نویسی

تصدیق کی جاتی ہے کہ مسٹر ولی خان، جنہوں نے ہمارے ہاں پانچ برس تک بطور تجارتی خطوط نویس کے کام کیا ہے، نہایت محنتی اور لائق فائق آدمی ہیں۔

ان کے تیار کردہ مسودے قابل اعتماد ہوتے ہیں کہ ان کی زبان اچھی اور بیان مناسب انداز میں واضح ہوتا ہے۔ ان کا کردار قابل تعریف ہے۔ وہ اپنی مرضی سے ہماری ملازمت چھوڑ رہے ہیں۔

ہم زندگی میں ان کی کامیابی کے خواہاں ہیں۔

یعقوب رضا۔ جنرل منیجر

پنجاب نیشنل کمپنی لمیٹڈ

---

## حوالے کے لئے

جناب من۔

میں نے آپ کا صداقت نامہ پڑھا جو آپ نے جناب ولی خاں کو دیا ہے اور جس کی نقل لف ہذا ہے۔

کیا واقعی آپ کو ان میں کوئی نقص نہیں ملا؟

مخلص

لائیڈز بنک لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ولی خاں صاحب فطرتاً محنتی آدمی واقع ہوئے ہیں، ذہین اور اپنے کام کے شیدائی ہیں۔ لیکن کبھی کبھی زیادہ پی لینے کی وجہ سے اپنے فرائض کو نظر انداز کر دیتے

ہیں۔

آپ کے مخلص

پنجاب نیشنل کمپنی لمیٹڈ

---

## محاسب کے لئے حوالہ

جناب مکرم۔

ہمارے دفتر میں روشن علی صاحب کا تقرر زیر غور ہے، جن کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے دس سال بطور محاسب (Accountant) کام کیا ہے۔

انہوں نے آپ کی ملازمت کیوں چھوڑی؟

آپ انہیں قابل اعتماد سمجھتے ہیں؟

ہم آپ کے جواب کو قطعی مخفی رکھیں گے اور اس طرح کی خدمت آپ کی انجام دے کر ہمیں خوشی ہوگی۔ شکریہ۔

مخلص

نیشنل اینڈ گرینڈلے بنک لمیٹڈ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

اپنے خط مورخہ۔۔۔۔ کی طرف توجہ فرمایئے۔

یہ سچ ہے کہ روشن علی صاحب نے ہمارے محاسب کے طور پر دس سال کام کیا ہے۔ ان کا کام انتہائی تسلی بخش تھا۔ ہم نے انھیں بڑا ہی قابل اعتماد پایا۔

ہم نے انھیں یونین کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی بنا پر ملازمت سے برطرف کیا ہے کہ وہ اپنے فرائض میں کوتاہی کے مرتکب ہوتے تھے۔

مخلص

پنجاب نیشنل کمپنی لمیٹڈ

---

## چارٹرڈ اکاونٹنٹ

محترمی۔

خالد چوہدری صاحب کا تقرر ہمارے دفتر میں زیرغور ہے۔ان کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے چارٹرڈ اکاونٹینٹس کا امتحان پاس کیا ہے اور آپ کے ہاں کئی سال کام کر چکے ہیں۔

انہوں نے آپ کی ملازمت ترک کرنے کی کوئی وجہ ہمیں نہیں بتائی اگرچہ بلا واسطہ طور پر یہ اشارہ کر دیا ہے کہ ان کی جگہ کوئی نیا آدمی آپ کی فرم میں ملازم رکھا گیا ہے۔

بہرحال ہم بہت ممنون ہوں گے اگر آپ ہمیں ان کی استعداد کار اور عام کردار سے مطلع کریں گے۔

شکریہ۔

مخلص

اکاونٹس اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ

دارا آئرن کمپنی

---

مندرجہ بالا کا جواب

محترمی۔

اپنی چٹھی نمبری ۹۹۹ مورخہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی طرف رجوع کیجئے۔

ہمیں خالد چوہدری کو ملازمت سے اس لئے برطرف کرنا پڑا کہ وہ حسابات میں

غلط اندراج کے مرتکب پائے گئے اور ان کے عوض وہ ایک فرم سے رقم وصول کرتے تھے۔

ہمیں ان کے کھو دینے کا افسوس ضرور ہے لیکن استعداد کار خواہ کتنی ہی ہو، ایمان دار کے نقصان پر قابل قبول نہیں۔

آپ کے مخلص

ریمنڈ زلمیٹڈ۔ کراچی

---

## کاروباری تعارف

دی راوی کلاتھ ملز لمیٹڈ، لاہور

مکرمی۔

حامل رقعہ ہذا مسٹر ٹام ہیز ہماری فرم مانچسٹر میجسٹک ملز کے سنئیر شرکت دار ہیں اور وہ آپ کے ملک میں صنعت پارچہ بانی کی ترقی اور رفتار کا مطالعہ کرنے پاکستان آرہے ہیں۔

پاکستان میں قیام کے دوران ان کی جو اعانت بھی کی جائے گی ہم اس کے ازحد ممنون ہوں گے اور ہم اس کے عوض ایسی خدمت سرانجام دینے کو بخوشی تیار ہوں گے۔ شکریہ۔

مخلص

ایم منیرز

مانچسٹر ملز لمیٹڈ

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب من۔

براہ مہربانی اپنے تعارفی خط بابت مسٹر ٹام ہیز کی طرف توجہ کیجئے۔ آپ کو بس مطلع کیا جاتا ہے کہ بخیریت تمام پاکستان پہنچ گئے ہیں اور ہم سے ملاقات کر لی ہے۔ اطمینان رکھیئے یہاں اپنی اقامت کے دوران وہ ہمارے مہمان ہونگے۔

ہمیں ان کی ہر مطلوبہ اعانت کر کے خوشی ہو گی۔

آپ کے مخلص

راوی کلاتھ ملز

---

## کاروباری سیاح کا تعارف

جناب محترم۔

میں آپ کو یہ اطلاع دینے کا شرف حاصل کر رہا ہوں کہ ہم نے حال ہی میں ایک پاکستانی بہار خاں صاحب کی خدمات بطور کاروباری سیاح کے کل پاکستان بنیادوں پر حاصل کی ہیں۔ وہ جلد ہی آپ کے شہر میں بھی آئیں گے اور جاپانی جدتوں کو مقبول بنائیں گے۔ شکریہ۔

آپ کے مخلص

کوئینز ناولٹیز لمیٹڈ، ٹوکیو

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

بہار خاں صاحب کے بارے میں اپنے تعارفی خط کی طرف رجوع کیجئے۔

انہوں نے ہم سے پچاس ہزار روپیہ طلب کیا ہے کیوں کہ وہ کہتے ہیں کہ زر مبادلہ کی مشکلات کی وجہ سے وہ آپ سے روپیہ نہیں منگا سکتا۔

کیا ہم انھیں روپیہ دے دیں اور آپ کے حساب میں ڈرافٹ جاری کر دیں۔

مخلص

زنانو لیٹیز لمیٹڈ

(نوشہرہ شاخ)

---

## دوست کا تعارف

مکرمی۔

حامل رقعہ ہذا جناب رمضان خاں معزز آدمی ہیں جنہیں میں پانچ سال پہلے سے جانتا ہوں جب انہوں نے باجوڑ میں ہماری اصلاحی تحریک میں شمولیت کی تھی۔ ان کے ساتھ آپ کی مہربانیاں قابل صد دادو ستد ہوں گی مجھے یقین ہے کہ آپ ان کی اپنے مقدور بھر اعانت کریں گے۔

شکریہ۔ مخلص

رستم علی شاہ

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے رستم۔

یہاں آپ کے دوست کی بھی ایسے ہی آؤ بھگت ہوگی جیسے آپ کی۔ میں ان کی ہر مطلوبہ اعانت کروں گا۔ براہ کرم اس معاملے میں پریشان نہ ہوں۔ مخلص

نادر شاہ

---

## گھریلو ملازم کا تعارف

مکرمی۔

گجرات کے حیٔ خاں صاحب نے دو سال تک میری عمدہ خدمت کی ہے۔
چوں کہ میں بیرون ملک جا رہا ہوں اس لئے آپ چاہیں تو انھیں عارضی یا مستقل طور پر اپنے ہاں ملازم رکھ لیں۔انہیں با اطمینان خاطر گھریلو فرائض سونپے جا سکتے ہیں۔مخلص

سید عابد علی

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا شکریہ۔ چوں کہ مجھے گھریلو ملازم کی فوری ضرورت ہے۔اس لئے آپ کی پیش کش مجھے ایک خوش گوار موقع دے گی۔
میں اس سے ضرور استفادہ کروں گا۔شکریہ

مخلص۔

رمضان خاں

---

## گھریلو ملازم کے لئے صداقت نامہ

بذریعہ ہذا تصدیق کی جاتی ہے کہ حامل رقعہ ہذا گجراب کے حیٔ خاں نے تین برس تک باورچی اور گھریلو ملازم کی حیثیت سے میری خدمت کی ہے۔
میں ان کی مہارت اور ایمانداری کی زوردار لفظوں میں تصدیق کرتا ہوں۔

سید عابد علی

صدر شعبہ انگریزی

یونیورسٹی کالج، لاہور۔

---

# عالمی بنکاری خط

پنجاب نیشنل بنک لمیٹڈ

پارلیمنٹ سٹریٹ ۔کراچی

مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ محترمی/محترمہ۔

آپ کے خط نمبر۔۔۔۔مورخہ۔۔۔۔۔۔کا شکریہ۔ جواب میں براہ کرم ذیل میں درج شق نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔ ملاحظہ فرمائیے۔

۱۔اپنے چیک پر تاریخ کی تبدیلی پر دستخط کیجئے۔

۲۔دستخط بالکل نہیں ملتے۔

۳۔چیک لکھنے والے سے رجوع کیجئے۔

۴۔اس حساب میں رقم نہیں ہے۔

۵۔چیک کی ادائیگی روک دی گئی ہے۔

۶۔چیک کی ادائیگی کی تاریخ گزر گئی ہے۔

۷۔سیونگز بنک قواعد ملحوظ نہیں رکھے گئے۔

۸۔براہ کرم اگلے ہفتے پھر چیک پیش کیجئے۔

۹۔پشت پر دستخط کیجئے۔

۱۰۔پشت پر تصدیق درکار ہے۔

۱۱۔چیک کی رقم صرف حساب میں جمع ہو سکتی ہے۔

۱۲۔سیونگز اکاؤنٹ میں قرض کے لئے چیک قبول نہیں کیے جاتے۔

۱۳۔تین مہینے کے نوٹس کے بغیر سیونگز ڈیپازٹ اکاؤنٹ سے روپیہ نہیں نکالا جا سکتا۔

۱۴۔متعلقہ بنک نے آپ کے چیک کی ادائیگی سے انکار کر دیا ہے۔

۱۵۔آپ کا چیک واپس ارسال ہے۔

۱۶۔ آپ کی ادائیگی ابھی تک وصول نہیں ہوئی۔

آپ کا مخلص

ا، ب، ج ـــــــــــ منیجر

---

## چیک کی واپسی

براہ کرم بتائیے کہ میرا چیک کیوں قبول نہیں کیا گیا؟ (جواب نمبر ۱)

---

غلط دستخط

میرے چیک نمبر ۶ ۷ ۸ ۶ ۷ ۷ کی ادائیگی کیوں موصول نہیں ہوئی۔ براہ کرم بتائیے۔ (جواب نمبر ۲)

---

## ادائیگی سے انکار

براہ کرم مطلع کیجئے کہ ۲۲ جولائی کو میرے حساب میں جمع کیے جانے والا چیک ادائیگی کے بغیر کیوں واپس کر دیا گیا؟ (جواب نمبر ۳)

---

حساب کی بندش

مجھے یہ جان کر دکھ ہوا کہ آپ نے میرا حساب مجھے اطلاع دیئے بغیر ہی بند کر دیا ہے۔ (جواب نمبر ۴)

---

ادائیگی کی بندش

ازراہ مہربانی بتائیے کہ میرا چیک کیوں نہیں قبول کیا گیا۔ (جواب نمبر ۵)

---

زائد المیعادی

مجھے یہ جان کر اچنبھا ہوا کہ آپ نے میرا چیک نمبر ۔۔۔۔ مورخہ ۔۔۔۔ قبول نہیں کیا۔ براہ مہربانی وجہ بتائیے۔ (جواب نمبر ۶)

---

سیونگز اکاؤنٹ

مجھے یہ جان کر حیرت ہوئی کہ آپ نے میرا سیونگز بنک اکاؤنٹ بند کر دیا۔ ازراہ کرم وجہ بتائیے۔ (جواب نمبر ۷)

---

چیک کی نا ادائیگی

کیا چیک نمبر ۳۷۱۹۸۷ کی ادائیگی روک دی گئی ہے۔ (جواب نمبر ۸)

---

دستخط درکار ہیں

براہ مہربانی مجھے بتائیے کہ میں اپنے چیک نمبر ۲۴۳۴۸۸ کا کیا کروں؟

(جواب نمبر ۹)

---

توثیق

براہ کرم بتائیے کہ میرا ڈرافٹ نمبر ۹۰۹۸۷ میرے حساب میں کیوں جمع نہیں کیا گیا؟ (جواب نمبر ۱۰)

---

## محض پابندرز کے حساب میں

ازراہ مہربانی بتائیے کہ میرا ڈرافٹ نمبر ۱۸۹۷۸۷ ابھی تک کیوں میرے حساب میں جمع نہیں کیا گیا۔ اگرچہ اس کی ادائیگی میرے حق میں ہے؟ (جواب نمبر ۱۱)

---

## چیک جمع نہیں کیا گیا

ازراہ کرم بیان کیجئے کہ آپ نے میرا چیک نمبر ۲۱۸۹۷۹ میرے سیونگز اکاؤنٹ میں جمع کرنے کی بجائے مجھے واپس کیوں بھیج دیا؟ (جواب نمبر ۱۲)

---

## سیونگز ڈیپازٹ اکاؤنٹ

ازراہ کرم مجھے اپنے سیونگز ڈیپازٹ اکاؤنٹ سے روپیہ نکلوانے کے لئے آپ کے بنک کو کتنے دن کا نوٹس دینے کی ضرورت ہوگی؟ (جواب نمبر ۱۳)

---

چیک قبول نہیں کیا گیا

مہربانی کر کے بتائیے کہ میرے چیک نمبر ۳۳۹۷۳۹ مورخہ ـــــــ کا کیا ہوا جو میں آپ کے ہاں جمع کرایا تھا؟

(جواب نمبر۱۴)

-------------

چیک کی واپسی

اگر میرا چیک نمبر ۲۸۹۱۹۸۰ میرے الیس/ایف اکاؤنٹ نمبر ۹۸۹ میں ابھی تک جمع نہیں کیا گیا تو ازراہ کرم واپس کر دیجیے۔ (جواب نمبر۱۵)

-------------

## اکاؤنٹ کے بارے میں دریافت کرنا

براہ مہربانی بتائیے کہ میرے چیک نمبر ۳۲۹۰۸۹۰ مورخہ جولائی ۲۸ کی رقم اسٹیٹ بنک پاکستان سے وصول ہوئی؟ شکریہ (جواب نمبر۱۶)

-------------

## عالمی کاروباری خط

بالی اینڈ کو

انارکلی۔لاہور

مئی ۱۲/۲۰۰۵ء

محترمی/محترمہ

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔کا شکریہ۔ جواب کے لئے ذیل کی شق نمبر۔۔۔ ملاحظہ فرمائیے۔

۱۔ہم شکریے کے ساتھ آپ کے خط کی موصولی کی اطلاع دیتے ہیں۔

۲۔آپ کے خط پر ہم اپنی بہترین توجہ صرف کر رہے ہیں۔

۳۔مال جس کا آپ نے آرڈر دیا ہے ترسیل کے لئے پیک کیا جا رہا ہے۔

۴۔آپ کے آرڈر کا مال ترسیل کے لئے تیار ہے۔

۵۔آپ کے آرڈر کا مال آج ریل کے ذریعے بھیج دیا گیا۔

۶۔آپ کے آرڈر کا مال فوراً بذریعہ ہوائی جہاز بھیجا جارہا ہے۔

۷۔آپ کی خواہش کے مطابق مال کل پسنجر ٹرین سے بھیج دیا جائے گا۔

۸۔مال بذریعہ وی پی بھیجا جارہا ہے۔

۹۔ہمیں افسوس ہے کہ ہم آپ کو مال اس کی جزوی رقم موصول ہونے سے پہلے نہیں بھیج سکتے۔

۱۰۔فروخت شدہ مال واپس نہ ہوگا۔

۱۱۔نقصان کے لئے ریلوے حکام سے رجوع کیجئے۔

۱۲۔ہمیں افسوس ہے کہ ہم آپ کے مال کے نقصان کا دعویٰ قبول نہیں کر سکتے۔

۱۳۔ہم ایف او آر کے ذریعے مال بھیجنے کو رضامند ہیں۔

۱۴۔ہماری قیمتیں اصلی (بلا کسی منہائی کے) اور ایکس گودام ہیں۔

۱۵۔براہ کرم اپنی چٹھی کی ایک نقل ہمیں بھیجئے۔

۱۶۔ہمیں افسوس ہے کہ ہمیں آپ کی چٹھی نہیں ملی۔

۱۷۔ہمیں ابھی تک آپ کا بھیجا ہوا مال موصول نہیں ہوا۔

۱۸۔ازراہ کرم ہمیں ادائیگی کے لئے اپنا بل بھیجئے۔

۱۹۔آپ کا بل غلطیوں کی نشاندہی کرنے کے بعد واپس ارسال ہے۔ازراہ کرم ہمیں نیا بل بھیجئے۔

۲۰۔مجھے افسوس ہے کہ آپ کا بل اس مہینے ادا نہیں کیا جا سکتے۔

۲۱۔براہ کرم نوٹ کیجئے کہ آپ کا بل پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے۔

۲۲۔معلوم ہوتا ہے کہ ہماری چٹھیاں ایک دوسرے کو کراس کر گئی ہیں۔

۲۳۔ہماری خصوصی رعایت سے فائدہ اٹھانے کے لئے براہ کرم فوراً آرڈر

دیجئے۔

۲۴۔ ہمارا نمائندہ اگلے ہفتے آپ کو ملے گا۔

۲۵۔ ہمارے تازہ مال سے اپنی پسند کا مال چننے کے لئے اگلے ہفتے تشریف لے آیئے۔

۲۶۔ افسوس کہ ہم آپ کو مزید رعایت دینے سے قاصر ہیں۔

۲۷۔ ہمیں معاملہ عدالت میں لے جانے پر مجبور نہ کیجئے۔

۲۸۔ ہم عدالت میں جانے سے گریزاں ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ ہمیں ایسا کرنے پر مجبور نہیں کریں گے۔

۲۹۔ چونکہ آپ نے مقدمہ دائر کر دیا ہے اس لئے ہم عدالتی فیصلے کے منتظر ہیں۔

۳۰۔ ہم آپ کی پریشانی کے لئے معذرت خواہ ہیں۔

۳۱۔ افسوس کہ ہم آپ کو مطلوبہ اطلاعات بہم نہیں پہنچا سکتے۔

۳۲۔ براہ کرم معاملے کو ختم سمجھئے۔

۳۳۔ آپ کی مبارکباد کا شکریہ۔

۳۴۔ آپ کے دعوت نامے کا شکریہ۔

۳۵۔ افسوس کہ ہم آپ کی دعوت قبول نہیں کر سکتے۔

۳۶۔ آپ کی پیشکش پر ہم اپنی بہترین توجہ صرف کر رہے ہیں۔

۳۷۔ براہ کرم معاملے پر پھر غور کیجئے۔

۳۸۔ ہم آپ کو افسوس کے ساتھ اطلاع دیتے ہیں کہ ہمارے پاس؟ کا خاصا عملہ موجود ہے اور فی الحال ہمیں کسی نوآموز کی ضرورت نہیں۔

۳۹۔ ناقص مال واپس بھیج دیجئے۔ مال بھیجنے میں غلطی پر ہمیں سخت افسوس ہے۔

۴۰۔ آپ کی طلب کے مطابق ہمارا چیک لف ہذا ہے۔ وصول کیجئے۔

آپ کے مخلص

---

## ایفائے وعدہ

۱۹ جنوری کو میں کراچی سٹی کے ریلوے سٹیشن پر آپ کی آمد کا منتظر ہوں گا۔

(جواب نمبر ۱)

---

## شکایتی چٹھی

براہ کرم نوٹ کیجئے کہ مجھے مال کا پارسل ابھی تک نہیں ملا، جس کا آرڈر میں نے پچھلے ہفتے اپنی چٹھی نمبر ــــــــ مورخہ ــــــ میں دیا تھا۔

ازراہ کرم مال جلد بھیجئے۔ شکریہ (جواب نمبر ۲)

---

## مال کے لئے آرڈر

اپنی فرم کے تیار شدہ بجلی کے ہل پانچ عدد بھیج دیجئے۔ (جواب نمبر ۳،۴)

---

## مال کی ناموصولی

براہ کرم مجھے بتائیے کہ مجھے ایک درجن مالی قینچیاں کب موصول ہوں گی جن کے لئے پچھلے ہفتے آرڈر دیا گیا تھا؟

(جواب نمبر ۵)

---

## ہوائی ڈاک کے ذریعے ترسیل

براہ کرم مجھے پانچ کلوگرام کیڑے مار دوا جلد بھیج دیجئے۔ (جواب نمبر

---

مال منگانے کے لئے

مہربانی کرکے مجھے پسنجر ٹرین کے ذریعے ایک ٹریکٹر بھیج دیجئے۔ دو لاکھ روپے کا ایک چیک پیشگی رقم کے طور پر لف ہذا ہے۔ (جواب نمبر ۷)

---

ڈاک کے ذریعے آرڈر

مجھے پارسل پوسٹ کے ذریعے سپرے ئنگ پمپ کے لئے ربڑ کی نالی بھیج دیجئے۔

(جواب نمبر ۸)

---

## موصولی پر ادائیگی

اپنے خط نمبر ۔۔۔۔۔۔ مورخہ ۔۔۔ کے حوالے سے ازراہ کرم نوٹ کیجئے کہ ادائیگی مال موصول ہونے پر کی جائے گی۔ (جواب نمبر ۹)

---

## مال کی واپسی

چونکہ آپ کے بھیجے ہوئے مال کے اوزار میرے کام کے نہیں ہیں۔ کیا میں انھیں آپ کو واپس بھیج سکتا ہوں۔ مزید برآں یہ میری سپیسی فیکیشن کے مطابق بھی نہیں۔ (جواب نمبر ۱۰)

---

ریل پر نقصان

نہایت افسوس کے ساتھ آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ کا ریلوے پارسل جب یہاں پہنچا تو مکمل طور پر ٹوٹ پھوٹ چکا تھا۔

کیا میں مال واپس بھیج دوں؟ (جواب نمبر ۱۱)

---

تباہ شدہ مال

چونکہ آپ کا مال راستے میں ٹوٹ پھوٹ گیا ہے۔ اس لئے مجھے ۲۵ فی صد رعایت دیجئے

(جواب نمبر ۱۲)

---

فری اون ریلوے

افسوس کہ آپ نے ابھی تک میرے خط کا جواب نہیں دیا جو میں نے پچھلے مہینے بھیجا تھا۔

(جواب نمبر ۱۳)

---

ایکس گودام قیمتیں

کیا میں آپ کی مشتہر قیمتوں میں پیکنگ اور ڈاک خرچ شامل سمجھوں؟ (جواب نمبر ۱۴)

---

آخری خط

افسوس کہ آپ نے میرے اس خط کا ابھی تک جواب نہیں دیا جو میں نے آپ کو پچھلے مہینے بھیجا تھا۔ (جواب نمبر ۱۵)

---

خط کی ناموصولی

تعجب ہے کہ آپ نے میرے ۲۶-۲-۲۰۰۴ کے خط کا جواب ابھی تک نہیں دیا؟

(جواب نمبر ۱۶)

---

## مال کی ناموصولی

پچھلے ہفتے جو مال آپ کو بھیجا گیا ہے اس کی موصولی سے مطلع فرمایئے۔ (جواب نمبر ۱۷)

---

## بل کی ادائیگی

پچھلے مہینے جو مال آپ کو بھیجا گیا ہے اس کی رقم بھیجئے۔ (جواب نمبر ۱۸)

---

## بل پیش کرنا

ہمارے بل نمبر ۸۹۷ کی رقم جلد ادا کیجئے۔ (جواب نمبر ۱۹)

---

## ادائیگی میں تاخیر

کیا میں اس مہینے اپنے بل کی ادائیگی کی توقع رکھوں؟ (جواب نمبر ۲۰)

------------

ادائیگی کی جا چکی ہے۔

براہ کرم ہمارے بل نمبر ۹۴۸۹ کی رقم ارسال کیجئے۔ (جواب نمبر ۲۱)

------------

## چٹھیوں کی کراسنگ

مجھے یہ جان کر دکھ ہوا کہ آپ مجھے وہاں بلا رہے ہیں بجائے اس کے کہ آپ یہاں تشریف لائیں جیسا کہ میں نے اپنے خط مورخہ۔۔۔۔ میں تجویز پیش کی ہے۔ (جواب نمبر ۲۲)

------------

## خصوصی رعائیت

کیا میں آپ کی خصوصی رعایت سے اگلے مہینے استفادہ کرسکتا ہوں؟ (جواب نمبر ۲۳)

------------

نمایندہ بھیجنا

براہ کرم بتائیے کہ آپ کا نمائندہ ہماری فرم کے معائنے کے لئے کب تک آئے گا؟

(جواب نمبر ۲۴)

------------

تازہ مال

میں آپ کے تازہ مال سے اپنی پسند کا مال چننے کے لئے کب آؤں؟ (جواب نمبر ۲۵)

-------------

## رعایت سے انکار

بازار میں آپ کے مال کی فروخت بڑھانے کے لئے کیا آپ مجھے مزید دس فی صد رعایت دے سکتے ہیں؟ (جواب نمبر ۲۶)

---------------

## عدالتی چارہ جوئی

افسوس کہ میں اس وقت تک آپ کا بل ادا نہیں کروں گا جب تک کہ آپ تباہ شدہ مال کی رقم اس میں سے منہا نہیں کریں گے۔

(جواب نمبر ۲۷)

----------------

## عدالتی چارہ جوئی نہ کرنا

اگر آپ اپنی شرائط میں ترمیم نہیں کریں گے تو میں کنٹریکٹ قبول نہیں کروں گا۔

(جواب نمبر ۲۸)

----------------

عدالتی چارہ جوئی

اگرچہ میں نے آپ کے خلاف مجبوراً مقدمہ دائر کر دیا ہے، تاہم میں صلح کرنے کو آمادہ ہوں۔ (جواب نمبر ۲۹)

------------

عذرخواہی

نہایت افسوس کے ساتھ عرض ہے کہ آپ کے بروقت مال فراہم نہ کرنے سے مجھے بڑی پریشانی اٹھانی پڑی۔ کیا آپ مزید وقت جائع کیئے بغیر فوراً میرے آرڈر کا مال ارسال کردیں گے؟

(جواب نمبر ۳۰)

---

اطلاع خواہی

براہ کرم بتایئے کہ جب میں بیرون ملک جاؤں تو اپنے ساتھ کتنا روپیہ لے جا سکتا ہوں؟

(جواب نمبر ۳۱)

---

عید کی مبارکباد

عید کے پرمسرت موقع پر ہماری دل تہنیت قبول فرمایئے۔ (جواب نمبر ۳۲)

---

دعوت نامہ

انارکلی میں ہماری نئ دکان کے اجراء کے موقع پر آپ کو کھانے پر مدعو کیا جاتا ہے۔

(جواب نمبر ۳۳)

---

دعوت قبول کرنے سے انکار

ہمارے بیٹے کی شادی پر آپ اور آپ کے دوست جمشید صاحت اپنی موجودگی سے ہمیں ممنون فرمائیں۔ (جواب

نمبر۳۴)

-------------

بہترین توجہ

اگر آپ نقد مال خریدیں گے تو میں آپ کو ۲۰ فی صد رعایت دینے کو تیار ہوں۔

(جواب نمبر ۳۵)

-------------

## دوبارہ غور کے لئے

میں آپ کی شرائط قبول نہیں کر سکتا خواہ آپ قانونی چارہ جوئی ہی کیوں نہ کریں۔

(جواب نمبر ۳۶)

-------------

کوئی جگہ نہیں

میں ایم۔اے پاس ہوں لیکن میں چونکہ بیروزگار ہوں اس لئے بطور چپڑاسی بھی کام کرنے کو تیار ہوں کہ حالت فاقوں کو پہنچ گئی ہے۔

(جواب نمبر ۳۷)

-------------

ناقص مال

افسوس کے ساتھ آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ جو مال آپ نے بھیجا ہے اس میں سے بیشتر مال ناقص ہے۔ (جواب نمبر ۳۸)

-------------

چیک کے لئے

کیا آپ مجھے میرے مضمون کا معاوضہ ارسال فرمائیں گے جو آپ کی ۱۱فروری کی اشاعت میں شائع ہوا ہے؟ (جواب نمبر ۴۰)

---

## عالمی نجی خطوط

(معمولی دوستوں اور جان پہچان والوں کے لئے)

پیارے دوست۔

آپ کے محبت نامہ مورخہ۔۔۔کا شکریہ۔ جواب کے لئے مندرجہ ذیل شقوں میں سے شق۔۔۔۔۔دیکھئے۔

۱۔میں اچھی طرح ،بہت اچھی طرح، بتائیے آپ کیا فرماتے ہیں؟

۲۔میرا دل میرے گھر کے دروازے کی طرح کھلا ہے۔

۳۔میرا دروازہ بھی میرے دل کی طرح فراخ ہے۔

۴۔مجھے موسم کے مزاج سے زیادہ دلچسپی ہے بہ نسبت مزاج کے موسم سے۔

۵۔آپ آتے ہیں، ملتے ہیں،اور ہمیں اپنا مفتوں بنا لیتے ہیں۔

۶۔کرو یا مر جاؤ۔

۷۔میں نے کسی کو شادی کرنے یا جنگ پر جانے کا مشورہ کبھی نہیں دیا۔

۸۔یاد رکھیئے شیکسپیئر نے کہا ہے:

’’نہ کبھی قرض دو اور نہ کبھی قرض لو۔

کیوں کہ قرض خود بھی ضائع ہو جاتا ہے اور دوست کو بھی کھو دیتا ہے۔‘‘

۹۔براہ کرم اپنے کام سے کام رکھو۔

۱۰۔میں ولادت،شادی یا وفات کے دعوت نامے قبول نہیں کرتا۔

۱۱۔آپ مجھ سے سوالات مت پوچھیئے، میں آپ سے جھوٹ نہیں بولوں گا۔

۱۲۔ اگر خواہشیں گھوڑیاں ہوتیں تو آپ اور میں ان پر سواری کرتے۔

۱۳۔ دوزخ کا راستہ اچھی نیت سے بنایا گیا ہے۔

۱۴۔ میں مدعو کیے جانے کی لعنت سے خود کو بچانے کے لئے کسی کو مدعو نہیں کرتا۔

۱۵۔ کسی آدمی کو اپنے سے روپیہ مانگنے سے روکنے کے لئے خود اس سے روپیہ مانگ لیجئے۔

۱۶۔ میں چھوٹا سا آدمی ہوں اور بڑی کارنامے انجام دینے کی کوشش کر رہا ہوں۔ میں بڑا آدمی نہیں جو چھوٹے چھوٹے کام کر رہا ہو۔

۱۷۔ میں ہر خطا کار کو اس کے ضمیر کی لعن طعن کے حوالے کر دیتا ہوں کہ اس سے بڑی کوئی سزا نہیں۔

بیمار پرسی

اب آپ کیسے ہیں؟ مدت سے آپ کی خیر خبر نہیں ملی۔ (جواب نمبر ۱)

---

فراخ دلی

میں آپ کے ساتھ ایک دن گزارنا چاہتا ہوں بشرطیکہ آپ فراخ دلی سے میرا خیر مقدم کریں۔ (جواب نمبر ۲)

---

## اقامت کے لئے

میں یوم استقلال پر آپ کے پاس ایک رات قیام کر سکتا ہوں؟ (جواب نمبر ۳)

---

موسم کے لئے

اب موسم گرم ہوتا جا رہا ہے ۔ کیوں نہ ایک ماہ میرے ساتھ پہاڑوں پر گزاریئے ۔

(جواب نمبر ۴)

---

امداد کے لئے

آپ کے دفتر میں یہ اسامی حاصل کرنے کے لئے میں آپ کی مدد لے سکتا ہوں؟

(جواب نمبر ۵)

---

کامیابی کا اصول

میں زندگی میں کیسے کامیاب ہو سکتا ہوں؟ (جواب نمبر ۶)

---

شادی کا مشورہ

کیا آپ کا خیال ہے کہ مجھے اس لڑکی سے شادی نہیں کرنی چاہیئے جسے آپ نے کل میرے ساتھ دیکھا تھا؟ (جواب نمبر ۷)

---

قرض کے لئے

کیا آپ مجھے ایک دن کے لئے ہزار روپے ادھار دے سکتے ہیں؟ (جواب نمبر ۸)

---

کاروباری امداد

کیا میں آپ کی کاروبار میں مدد کر سکتا ہوں؟ (جواب نمبر ۹)

---

دعوت نہ دیجئے

کیا آپ میرے بیٹے کی شادی کی دعوت کو قبول فرمائیں گے جو کل ہو رہی ہے؟

(جواب نمبر ۱۰)

---

سوالات پوچھنے پر

اپنی شادی پر آپ کو کتنے جہیز کی توقع ہے؟ (جواب نمبر ۱۱)

---

خواب دیکھنے والا

کاش ہم دنیا کی سیر کر سکتے۔ (جواب نمبر ۱۲)

---

دوزخ کا راستہ

مجھے آپ سے نقصان پہنچا لیکن یقین رکھیے اس میں میری نیت کو ذرا دخل نہیں تھا۔

(جواب نمبر ۱۳)

---

مدعو کی دعوت

کیا مجھے اپنی سالگرہ پر مدعو کریں گے؟ (جواب نمبر ۱۴)

---

مالی اصول

میں ان دوستوں سے کیسے نبٹوں جو ہمیشہ قرض مانگتے رہتے ہیں۔ (جواب

نمبر ۱۵)

---

بڑائی کا امتحان

تم کتنے عظیم آدمی ہو؟ (جواب نمبر ۱۶)

---

جرم و سزا

تم نے میرے لئے کیا سزا تجویز کی ہے؟ (جواب نمبر ۱۷)

---

## حساب بھیجنے کے لئے

مکرمی۔

جلدی تصفیے اور اپنے واجبات کی ادائیگی کے لئے براہ کرم مجھے میرا حساب بھیج دیجئے۔

مخلص

ا، ب، ج

---

مندرجہ بالا کا جواب

معززین کرام۔

ہم نہایت مسرت کے ساتھ آپ کا یوم پاکستان ۲۰۰۵ء تک کا مکمل حساب بھیج رہے ہیں۔ براہ کرم اس کی پڑتال کیجئے۔ اگر درست ہے تو ہمیں چیک بھیج دیجئے۔ شکریہ۔

مخلص

زاہد

مندرجہ بالا کے استمرار میں

جناب مکرمین

آج کی ڈاک سے ہمیں آپ کا یوم پاکستان ۲۰۰۵ء تک مکمل حساب موصول ہوا۔ ہم نے پڑتال کی تو اس کا پہلا حصہ درست پایا۔ لہٰذا ہم آپ کو چیک بھیج رہے ہیں۔

چوں کہ باقی حساب صحیح نہیں اس لئے ہمارا نمائندہ اس پر بات چیت کرنے کے لئے آپ سے ملاقات کرے گا۔

فقط

مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمین جناب۔

ہم آپ کو نیا بل بھیج رہے ہیں کہ ہمیں اپنے سابقہ بل میں غلطی ملی ہے۔ لہٰذا آپ کے نمائندے کی اب آمد فضول محض ہوگی۔ ہمیں امید ہے کہ اس بل کی ادائیگی آپ مکمل طور پر کر دیں گے۔ اگر پھر بھی آپ کے نمائندے کی آمد ضروری ہو تو ہمیں ان سے مل کر خوشی ہوگی۔

فقط

مخلص

---

## غلطی کی نشان دہی

مکرمی جناب۔

آپ کی چٹھی نمبر ۔۔۔۔۔ مورخہ ۔۔۔۔۔ کے حوالے سے عرض ہے کہ ہمیں اس غلطی کا افسوس ہے جس کی نشان دہی آپ نے کی ہے۔ ہم آپ کو ترمیم شدہ بل بھیج رہے ہیں۔ امید ہے کہ آپ اسے بالکل صحیح پائیں گے۔ فقط مخلص۔

---

## سند تکمیل

مکرمی۔

افسوس کہ ہم آپ کو پانی کا نیا کنکشن نہیں دے سکتے تاوقتیکہ آپ یہ یقین نہ کرائیں کہ عمارت چھ ماہ کے اندر مکمل ہو جائے گی اور اس کی تکمیل کی سند پیش کر دی جائے گی۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں حلفاً بیان کرتا ہوں کہ میں چھ ماہ کے اندر اندر تکمیل کی سند حاصل کرنے کا انتظام کروں گا۔ اگر میں ایسا کرنے سے قاصر رہوں تو آپ میرا نلکا بند کر دیجیے۔

مورخہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دستخط ۔۔۔۔۔۔۔

---

## ادائیگی کے لئے یاددہانی

جناب من۔

ہم بمسرت آپ کی توجہ اپنے بل برائے = / ۹۸۹۰۰ ٧ روپے کی طرف

مبذول کراتے ہیں جو ایک سال سے آپ کے ذمے واجب الادا ہے۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

جناب مکرم۔

ہم آپ کو یہ یاد دلانے کا شرف حاصل کرتے ہیں کہ آپ کا بل برائے =/۷۹۸۹۰۰ روپے ادا کر دیا گیا ہے۔ ازراہ کرم اپنے حسابات دیکھئے اور تصدیق کیجئے۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

جناب من۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔ کا شکریہ۔ ہم اپنے بل برائے =/۷۹۸۹۰۰ روپے کی ادائیگی کی پڑتال کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں بعد آپ کو زحمت دیں گے۔ فقط

مخلص

---

## صداقت نامہ کے لئے

مکرمی جناب۔

کیا آپ مجھے ایک صداقت نامہ جاری فرمائیں گے تاکہ میں کہیں اور مناسب

سی ملازمت حاصل کرسکوں۔ شکریہ۔ فقط

مخلص۔

ریاض نسیم

-------------

## مندرجہ بالا کا جواب

فروری ۸/۲۰۰۴ء

میں بمسرت تصدیق کرتا ہوں کہ جناب ریاض نسیم میرے بہترین طالب علموں میں تھے۔ جب میں ۰۳۔۲۰۰۲ کے دوران گورنمنٹ انٹر کالج قصور میں انگریزی کا پروفیسر تھا۔ اگر چہ وہ اس کے بعد لاہور کے ایک بڑے کالج میں چلے گئے جہاں زندگی بھی نسبتاً شاندار ہے، تاہم جہاں بھی وہ گئے انہوں نے بذریعہ خط و کتابت مجھ سے رابطہ قائم رکھا۔ میں اطمینان کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ وہ میرے بہترین طلبا میں شمار ہوتے تھے تعلیمی آزمائش کے ایام ہی میں نہیں بلکہ زندگی کی آزمائشوں میں بھی۔

انگریزی پڑھنے لکھنے میں اس نے ہمیشہ دل وابستگی کا مظاہرہ کیا۔ میں نے اسے بلوط کے پودے کی طرح پھولتے پھلتے دیکھا ہے، جس کی جڑیں پاتال میں اور ٹہنیاں اوپر فضا میں ہیں۔ مجھے امید واثق ہے کہ وہ ایک دن شاہ بلوط کی طرح قد آور اور تنومند ہوگا۔

میں اس کی جس خوبی کی سب سے زیادہ قدر کرتا تھا، وہ معاشرتی زندگی کی بہتری کے لئے اس کی خودسپردگی تھی۔ متعدد تجربات میں وہ میرا رفیق کار رہا جو تعلیمی ترقی سے متعلق تھے اور جو طلبا کو زندہ رہنے کے لئے حصول علم کا ذوق بخشتے نہ کہ اس کا کہ لکھو پڑھو، امتحان پاس کرو، روزگار حاصل کرو اور خاندان میں اضافہ کرو۔

مجھے اس میں ذرا بھی شبہ نہیں کہ وہ زندگی میں محض اپنے جوہر ذاتی کے بل پر

زندگی کے میدان میں عزت وشہرت اور کامیابیاں وکامرانیاں حاصل کریں گے۔

سعید مرتضیٰ

پرنسپل

---

## ارسال نامہ

عزیزم ریاض نسیم۔

آپ کے خط مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔کا شکریہ۔

اس کے ساتھ آپ کا مطلوبہ صداقت نامہ منسلکہ ہے۔

رسید گی سے مطلع کیجئے۔فقط

خلوص کار

---

مندرجہ بالا کا جواب

جناب محترم۔

آپ کا مسرور کن صداقت نامہ بھیجنے کا شکریہ۔

نہایت ادب کے ساتھ۔

نیازمند

---

## مختلف دفتری جواب

مکرمی۔

آپ کا خط مورخہ ۸ فروری دفتر ہذا میں موصول ہوا اور اس کے مندرجات نوٹ کر لئے گئے۔

آپ کی ہدایات پر عمل کیا جائے گا۔فقط

آپ کا مخلص

---

## پروگرام کی تبدیلی

میرے پیارے لاک

براہ کرم مطلع رہیے کہ میں اور دوسرے دوست اب اتوار ۱۱، کی بجائے اتوار ۱۸ کو آپ سے ملنے آئیں گے۔ فقط

مخلص

---

## ایک اور جواب

مکرمی۔

سردار ابوالحسن انتخابات میں مصروف ہیں اس لئے وہ آپ کے خط پر ۲۴ فروری سے پہلے توجہ دینے سے قاصر ہیں۔ فقط

مخلص

دستخط

معاون ذاتی وزیر اعلیٰ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ازراہ کرم ہمیں بتایئے کہ ۲۴ فروری کے بعد ہم کب خان عبدالغنی صاحب سے

ملاقات کر سکتے ہیں تا کہ سارے معاملے پر بات چیت ہو سکے۔ شکریہ۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ یکم مارچ ۲۰۰۴ء کو صبح گیارہ بجے خاں عبدالغنی صاحب سے لاہور میں ان کی اقامت گاہ پر ملئے۔ فقط

مخلص

---

## اعانت کی درخواست

مکرمی جناب حالی خاں صاحب۔

آپ کے سکاؤٹ ٹروپ اور گائیڈوں کے لئے یہ ممکن ہو گا کہ وہ ۲۲ مارچ کو قصور میں گورنر کی آمد کے سلسلے میں ضروری انتظامات کر سکیں؟

شکریہ۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم آپ کا دعوت نامہ قبول کرتے ہیں اور اپنے سکاؤٹوں اور گائیڈوں کے ساتھ تقریب کا انتظام کرنے کو آمادہ ہیں۔

آپ کی دعوت کا شکریہ۔ فقط

مخلص

---

## یاددہانی

جناب من۔

میرا نام ٹیلیفون کنکشن کے لئے آپ کے پاس سالوں سے درج ہے لیکن اب تک نہ تو کنکشن ملا اور نہ آپ کی طرف سے کوئی جواب۔ براہ کرم مسئلے کا جائزہ لیجئے اور مجھے صورت حال سے مطلع فرمائیے۔ شکریہ۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کا کیس تلاش کرنے کے لئے ہمیں ضروری حوالہ نمبر اور تاریخ سے مطلع کیجئے۔ فقط

مخلص

---

## ایک اور جواب

مکرمی۔

آپ کے ۹ فروری کے خط کا شکریہ۔ میں ٹیلیفون کمیٹی پر زور دے رہا ہوں اور جلد ہی آپ کو نتیجے سے مطلع کروں گا۔ فقط

مخلص

---

مندرجہ بالا کے استمرار میں

مکرمی۔

میں بمسرت آپ کو اطلاع دیتا ہوں کہ ٹیلی فون کمیٹی آپ کو فی الفور ٹیلی فون کنکشن دینے پر رضامند ہوگئی ہے۔لہذا آپ ابتدائی کاروائی کے لئے ٹیلی فون آفیسر سے ملاقات کیجئے۔فقط

مخلص

---------------

## دولت اور سیاست

مکرمی سید صاحب

میں رازداری سے جاننا چاہتا ہوں کہ آپ کیوں سینٹ کی سیر کرنا چاہتے ہیں اور حقیقت میں آپ کو میری اعانت کی کس قدر اور کس شکل میں ضرورت ہوگی۔فقط

مخلص

کے درانی۔سیکرٹری

---------------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

صاف بات تو یہ ہے کہ میں پارلیمنٹ میں اس لئے آنا چاہتا ہوں کہ اپنے اثر و رسوخ سے پٹ سن کی صنعت کے مفادات کا تحفظ کرسکوں جو دیر سے حکومت کے وزراء کی کم نظری کا شکار چلے آ رہے ہیں۔فقط

مخلص

-------------

## خوراک اور سرمایہ

مکرمی۔

ہم بے روزگاروں کے لئے ایک کمیونٹی کچن شروع کر رہے ہیں۔ لہٰذا ہم آپ کے از حد شکر گزار رہوں گے اگر آپ خوراک اور چندہ نقد اور جنس کی شکل میں اکٹھا کرنے میں ہماری اعانت کریں گے۔ شکریہ۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

کسی دن تشریف لائیے اور ہم اس معاملہ پر گفتگو کر لیں گے۔ فقط

مخلص

---

## شادی کے مالی امور

مکرمی۔

آپ کے ۱۵ فروری کے خط کا شکریہ۔ ہم متعلقہ پارٹی سے رابطہ رکھے ہوئے ہیں اور نتیجے سے جلد آپ کو مطلع کریں گے۔ فقط

مخلص

---

## مندرجہ بالا کے بارے میں

مکرمی۔

ہم بمسرت آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ متعلقہ پارٹی کو جہیز سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ انھیں صرف جوڑے کی مناسبت سے غرض ہے اور بعض معاملات کی تسلی کے لئے وہ آپ سے عنقریب ملاقات کریں گے۔ فقط

مخلص

IqbalCyberLibrary.net All rights reserved. ©2002-2006

---

## ایک اور جواب

مکرمی۔

میں بمسرت آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ شادی کے تمام مالی امور خوش اسلوبی سے فریقین کی تسلی کے مطابق طے ہو گئے ہیں اور شادی کی تاریخ ۱۱ جون ۲۰۰۵ء مقرر کی گئی ہے۔

براہ کرم تاریخ یاد رکھیے۔ اس سلسلے میں اگلے اقدامات کیجئے اور ہمیں اطلاع دیجئے۔ فقط

مخلص

---

## ایک جواب

جناب.......

آپ کے ۸ فروری کے خط کا شکریہ۔ مطمئن رہیے ہر کام آپ کی مرضی کے مطابق ہوگا۔ ہمارا عملہ اور طلباء آپ سے پوری طرح تعاون کریں گے اور تقریب کو کامیاب بنائیں گے۔

فقط

مخلص

---

# گیارہواں باب

## دفتری خط و کتابت

’’دفتری شوخیاں‘‘

----شیکسپیئر

سرکاری دفاتر اور حکومت کے اہل کاروں کے ساتھ خط و کتابت کے لئے ایک خصوصی تکنیک درکار ہوتی ہے، جس پر تھوڑی سی توجہ اور کوشش سے ملکہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ذیل میں چند اہم مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

### قرارداد

حکومت اکثر و بیشتر قراردادیں منظور کرتی رہتی ہے۔جن کا مقصد ماتحت دفاتر کی راہنمائی کے لئے بعض موضوعات پر اہم پالیسی کے نکات کا خاکہ پیش کرنا ہوتا ہے۔مثال درج ذیل ہے:

---

قرارداد نمبر پی کیو آر/۵۵۵/۶۲

حکومت پاکستان۔وزارت محنت

ملک کے تمام بے روزگاروں کو روزگار مہیا کرنے کا مسئلہ حکومت پاکستان کے زیر غور رہا ہے۔لیکن اس کی راہ میں ایک مشکل یہ بھی حائل رہی ہے کہ حکومت اشتراکیوں کے سے انتہا پسندانہ طریقے نافذ کرنے سے قاصر ہے جو ہر شہری کو روزگار کی فراہمی کے ضامن ہوتے ہیں نہ وہ اینگلو امریکی طور اختیار کر سکتی ہے جس کے تحت بے روزگاروں کو پنشن دی جاتی ہے کیونکہ ہمارے مالی وسائل اتنے نہیں کہ ہم اس کے متحمل ہو سکیں۔لہٰذا پاکستانی کابینہ نے اس ضمن میں جو مضبوط پالیسی اختیار کی ہے وہ یہ ہے کہ مشرقی و مغربی طریق زندگی میں جو بہترین ہے اسے اپنا لیا جائے۔

اپنی غیر جانبدارانہ پالیسی کے تحت کی یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ مستقبل میں ان تمام بچوں کو جو ۱۹۸۷ء اور اس کے بعد پیدا ہوئے ہیں سول اور فوجی اداروں میں روزگار مہیا کیا جائے گا۔ وہ جو عمر کہولت کو پہنچ چکے ہیں فی الفور پنشن دے کر سبکدوش کر دیئے جائیں تا کہ نوجوانوں کے لئے اسامیاں خالی ہوں۔

---

## آفس میمورنڈم

یہ ایک مختصر سا مراسلہ ہوتا ہے، جو بین الشعبہ جاتی کاروائیوں کے لئے صیغۂ غائب میں لکھا جاتا ہے۔ عرف عام میں اسے ''میمو'' کہتے ہیں:۔

''زیر دستخطی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تمام دفاتر کو مطلع کر دے کہ آئیندہ میٹرک سے کم تعلیم یافتہ کوئی شخص قاصد کے طور پر ملازم نہ رکھا جائے تا کہ سرکاری دفتروں میں تعلیم یافتہ بے روزگاروں کو روزگار کے مواقع بہم پہنچائے جائیں''۔

بحکم

جناب وزیر روزگار

---

## اطلاع نامہ

وزیر مالیات

جون ۱۱/۲۰۰۴ء

نمبر ۶۷۸ مسٹر رحمت نواز گردیزی پی اے ایس کو ۱۰ جون ۲۰۰۴ء سے وزارت مالیات میں بطور مشیر مالیات مقرر کیا گیا ہے۔

دستخط۔ آر آر راہی۔ سی ایس ایس

سیکرٹری وزارت مالیات

---

## نوٹس

حکومت پاکستان کی تمام مطبوعات کی عام فہرست محکمہ اطلاعات، فین روڈ لاہور سے چار روپے کے ٹکٹ لگا کر بڑے سائز کا لفافہ بھیج کر مفت حاصل کی جا سکتی ہے۔

رشید سید

سپرنٹنڈنٹ

گورنمنٹ پرنٹنگ پریس لاہور

---

## سرکاری مراسلہ

جناب عالی!

دفتر ہذا کے میمو نمبر ۹۳۸ مورخہ ۷ جون ۲۰۰۴ء کی جانب توجہ مبذول کرائی جاتی ہے، جو آپ کے صوبے میں درکار پاکستان اکاؤنٹس سروس کے افسروں کی تعداد سے متعلق ہے۔

---

## گشتی مراسلہ

ازطرف

انڈر سیکرٹری

وزارت تعلیم، حکومت پاکستان، اسلام آباد

بجانب

سربراہان مدارس

مکرمی جناب۔

ازراہ کرم اپنے سکول یا کالج سے پاس ہونے والے ان طلباء کی تفصیلات سے مطلع فرمائیے۔ جو اب تک بے روزگار ہیں۔ اس کا فوری جواب قابل صد تحسین

متصور ہوگا۔

آپ کا مخلص

---

مکرمی جناب۔

عملی طور پر یہ قطعی ناممکن ہے کہ تمام پرانے طلباء کے پتے حاصل کیے جائیں۔ اس لئے آپ کی مطلوبہ اطلاعات ارسال نہیں کی جا سکتیں۔

آپ کا مخلص

---

مکرمی جناب۔

دفتر ہذا کے گشتی مراسلہ نمبر ..........مورخہ.........کے استمرار میں تحریر ہے کہ جن طلباء کے پتے آپ کے پاس ہیں ان سے جو معلومات حاصل ہو سکتی ہوں از راہ کرم بھیج دیجئے۔

آپ کا مخلص

---

## تحریر اضافی

(یہ سرکاری مراسلے کی مختصر ترین شکل ہوتی ہے):

نقل ہذا چیف کمشنر لاہور کو غور و غوض کے لئے ارسال ہے۔

---

## رپورٹ پیش کرنے کیلئے

نقل ہذا سپرنٹنڈنٹ پولیس سینٹرل کو رپورٹ پیش کرنے کے لئے ارسال ہے۔

---

## حکم نامہ

حکم دیا جاتا ہے کہ قرارداد نمبر ۹۰۳ مورخہ.......... کی ایک نقل محکمہ انصاف کو ارسال کی جائے۔

علاوہ ازیں متذکرہ قرارداد حکومت پاکستان کے گزٹ کی اگلی اشاعت میں عوام کی اطلاع کے لئے شائع کی جائے۔

پی، کیو، یو

انڈر سیکرٹری حکومت پاکستان

---

## ضروری کاروائی کیلئے

نقل ہذا پولیس آفیسر، تھانہ پرانی انارکلی لاہور کو ضروری کاروائی کے لئے ارسال ہے۔

---

## برائے اطلاع

نقل ہذا..............کو برائے اطلاع ارسال ہے۔

---

## اصلی حالت میں ترسیل

اصل خط..............کو ضروری کاروائی کے لئے ارسال ہے۔

---

## راہنمائی کے لئے

اصل خط............کو برائے حصول راہنمائی ارسال ہے۔

---

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## طلب کرنے پر ترسیل

نقل ہذا اس کے خط نمبر ........مورخہ.........کے حوالے سے .........کو ارسال ہے۔

-----------------

## فائل کرنے کے لئے

یہ چٹھی ..........کو اس درخواست کے ساتھ ارسال ہے کہ اسے متعلقہ افسر کے زیر مطالعہ کیس میں شامل کرلیا جائے۔

--------------

## جواب میں اضافی تحریر

نقل ہذا........کو اس شعبے پر اس کے عائد کردہ الزامات کے جواب میں ارسال ہے۔

---------------

## خط وکتابت کے اجراء میں

نقل ہذا .........کو اس مراسلت کے حوالے سے جو اس کے خط نمبر ........ مورخہ.........پر ختم ہوگئی ہے، ارسال ہے۔

-------------

## ضروری کاروائی

جناب عالی۔

آپ کی چٹھی نمبر......مورخہ.........کے حوالے سے عرض ہے کہ جیسے ہی آپ ضروری کاروائی کریں فوراً اس دفتر کو مطلع فرمائیں۔

-------------

## برائے نشر و اشاعت

نقل ہذا.........کو ارکان میں نشر و اشاعت کے لئے ارسال ہے۔

---

## نقل برائے کتب

نقل ہذا.......کو اس اطلاع کے ساتھ ارسال ہے کہ کتاب بعنوان.........کی ایک ہزار جلدیں تقسیم کے لئے طبع کی جائیں۔

---

## نقل بمعہ نقول

نقل ہذا.........کو اس کے ماتحت دفاتر میں تقسیم کے لئے بمعہ ۰۰ انقول کے ارسال ہے۔

---

ارسال کنندہ کو اصل خط اس ہدایت کے ساتھ واپس ارسال ہے کہ اسے بوساطت خاص ارسال کیا جائے۔

---

## التوائے کاروائی کے لئے

اصلی حالت میں اس رائے کے ساتھ ارسال ہے کہ شیریں گل کی درخواست پر کاروائی ملتوی رکھی جائے تاوقتیکہ اس کے بی اے کے نتیجے کا اعلان ہو۔

---

## عرضداشت بخدمت جناب صدر مملکت

درخواست بحالت اصلی درخواست دہندہ کو اس التماس کے ساتھ واپس ارسال ہے کہ صدر مملکت کی خدمت میں عرضداشت بوساطت صوبائی حکومت پیش کی جانی

چاہیئے۔

---

## تصدیق کے لیے ارسال

.................کو برائے تصدیق واطلاع بہ دفتر ہذا ارسال ہے۔

---

## ملاقات کے لئے

نقل ہذا وزیر اعلیٰ کی خدمت میں اس التماس کے ساتھ ارسال ہے کہ وہ درخواست دہندہ سے ملاقات کر کے دوستانہ ماحول میں اس سے اصل معاملہ من و عن معلوم فرمائیں۔

---

## رسمی یاددہانی

سیکرٹری وزارت مالیات وزارت بحالیات کی فوری توجہ دفتر ہذا کے گشتی مراسلہ ۲۶۵۴ کی طرف مبذول کراتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سالانہ میزانیہ کی تیاری میں وقت کی سختی سے پابندی کی جائے۔

---

## یاددہانی

جناب عالی۔

میں جناب کی توجہ دفتر ہذا کے میمونمبر ۵۴۵ کی طرف مبذول کرانے کا اعزاز حاصل کررہاہوں۔اور التماس کرتا ہوں کہ تصدیقی دستخط کے بعد گوشوارہ جلد بھیجنے کا اہتمام کیا جائے۔

---

## تار یا برقیہ

نمبر ۳۴۸۳

فوری کاروائی کے لئے دفتر ہذا کے گشتی مراسلے نمبر ۸۹۴۳۹ مورخہ فروری ۲۲ کی طرف توجہ مبذول کرائی جاتی ہے۔

سپرنٹنڈنٹ ملٹری اکاؤنٹس

---

## مندرجہ بالا کا جواب

آپ کا برقیہ نمبر ۳۴۸۳ موصول ہوا۔ دس لاکھ روپیہ سینٹرل انٹیلی جینس بیورو کو ادا کر دیا گیا۔

اکاؤنٹس آفیسر۔ پشاور

---

## کلیر دی ٹیلی گرام یا

## نہایت ضروری برقیہ

(یہ ایکسپریس دفتری برقیے ہوتے ہیں):

سارے برقیے روک لو۔ ایک ہزار چھاتہ بردار فوج کشمیر میں راجوڑی کے محاذ پر اتار دیں۔

کمانڈنگ آفیسر

---

## دفتری جوابات

جناب عالی۔

آپ کے مراسلہ نمبر..... مورخہ........... کے مندرجات بذریعہ ہذا نوٹ کر

لئے ہیں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی

آپ کے مراسلہ نمبر.....مورخہ......حوالے کے ساتھ عرض ہے کہ شناختی فائل اس کے ساتھ ارسال ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

ہم افسوس کے ساتھ آپ کو اطلاع دیتے ہیں کہ ہمیں آپ کا ترسیلی مراسلہ تو مل گیا مگر معلوم ہوتا ہے کہ آپ اس کے ساتھ فائل بھیجنا بھول گئے۔ ازراہ کرم جس قدر جلد ممکن ہو فائل بھیج دیجئے تا کہ ہم اس پر مزید کاروائی کر سکیں۔

شکریہ۔آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی چٹھی نمبر..........مورخہ..........حوالے سے عرض ہے کہ ہمیں سہو کا از حد افسوس ہے مطلوبہ فائل فوری کاروائی کے لئے ارسال ہے۔

شکریہ۔آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

یہ آپ کے مراسلہ نمبر......مورخہ........بمعہ دیگر کاغذات کی موصولی کے ضمن میں ارسال ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.....مورخہ........کے حوالے سے افسوس کے ساتھ عرض ہے کہ اس میں طلب کردہ معلومات یہ دفتر فراہم کرنے سے قاصر ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی درخواست نمبر........مورخہ.........ضروری کاروائی کے لئے انسپکٹر آف سکولز کو ارسال کر دی گئی ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

بحوالہ آپ کا مراسلہ نمبر.......مورخہ...........عرض ہے کہ جیسے آپ کو منظوری موصول ہو۔اس سے ہمیں مطلع کریں۔

---

جناب عالی۔

میں یہ اطلاع دینے کا شرف حاصل کر رہا ہوں کہ انسپکٹر آف سکولز نے ازراہ کرم آپ کو ایک دن کے لئے سکول ہال استعمال کرنے کی منظوری دے دی ہے۔

آپ کا مخلص

---

نوٹ:مطلوبہ معلومات اسی وقت فراہم کی جا سکیں گی جب مختلف وزارتوں سے معلومات موصول ہو جائیں گی ،جنہیں گشتی مراسلہ پہلے ہی بھیجا جا چکا ہے اور اب

یاددہانی کرائی جارہی ہے۔

سیکرٹری حکومت پنجاب

-------------

جناب عالی۔

ہم جناب کے مراسلہ نمبر ..... مورخہ......... کے حوالے سے معذرت کرتے ہیں کہ اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر اقامت کا مسئلہ نہایت سنگین ہے اس لئے ہمارے لئے آپ کو جگہ فراہم کرنا ناممکن ہے۔

آپ کا مخلص

-------------------

جناب عالی۔

جناب کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کے مراسلہ نمبر ........ مورخہ.......... میں مندرج احکامات کی تعمیل کی جاچکی ہے۔

آپ کا مخلص۔سپرنٹنڈنٹ

-------------

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر .... مورخہ........ کے حوالے سے عرض ہے کہ رینالہ خورد کے مقدمۂ چوری پر چیف کمشنر لاہور کی رائے پر مشتمل مراسلے کی نقل لف ہذا کی جارہی ہے۔

آپ کا مخلص

---------------

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ....... مورخہ.... کے حوالے سے عرض ہے کہ پولیس کی

رپورٹ لف ہذا ہے۔

آپ کا مخلص

سپرنٹنڈنٹ آف پولیس

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.....مورخہ........کے حوالے سے ازراہ کرم نوٹ کیجئے کہ ہم نے آپ کے مؤقف کو نوٹ کرلیا ہے اورضروری کاروائی کی ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.......مورخہ.........کے حوالے سے عرض ہے کہ مراسلہ پڑھ لیا گیا۔اس پر کاروائی بھی کردی گئی اوراب اصل حالت میں اس کے ساتھ واپس ارسال ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.......مورخہ.......نوٹ کر لی گئی اور مراسلہ ایف ٹی او/۵۵/۴۴ کے تحت فائل کردیا گیا۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر......مورخہ........کے حوالے سے عرض ہے کہ ازراہ

کرم اس پولیس آفیسر سے معاملے پر گفتگو کر لیجئے جس نے مقدمے کی تفتیش کی ہے۔

اصل مراسلہ واپس بہ لف ہذا ارسال ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ........ مورخہ..... کے حوالے سے عرض ہے کہ مراسلہ ضروری کاروائی کے بعد آپ کو واپس ارسال کر دیا جائے گا۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ......... مورخہ............. موصول ہوئی اور اس کے مندرجات نوٹ کر لئے گئے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ........ مورخہ......... کے حوالے سے عرض ہے کہ اس میں مندرجہ مراسلہ کی ایک نقل موصول ہو گئی ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ......... مورخہ............ کے تحت جس مراسلے کی نقل

ارسال کی گئی ہے اس نے مجھے آپ کے خلاف عائد کیے جانے والے الزامات کا یقین دلا دیا ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر......مورخہ.......... کے تحت جس مراسلے کی نقل ارسال کی گئی ہے اس نے میری وہ تمام غلط فہمیاں دور کر دی ہیں جو پہلے مجھے آپ سے تھیں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.......... مورخہ....... موصول ہوئی اور دوسرے مراسلوں کے ساتھ فائل نمبر ۴۸۴ فائل کر دی گئی۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.......مورخہ.... کے حوالے سے میں آپ کا شکریہ ادا کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں کہ آپ نے مجھے مراسلے کی ایک نقل فراہم کی۔

آپ کا مخلص

ا ب ج

---

جناب عالی۔

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

نقل اس استدعا کے ساتھ ارسال ہے کہ مطلوبہ اطلاع جلد از جلد فراہم کی جائے۔

آپ کا مخلص

-----------

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ........ مورخہ ......... کے حوالے سے عرض ہے کہ مراسلہ کا اہل کاروں میں گشت کرا دیا گیا۔ آپ بھی مطلع رہیں۔

آپ کا مخلص

-------------

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ........ مورخہ ......... کے حوالے سے عرض ہے کہ اس میں مطلوب اطلاع لف ہذا ہے۔

آپ کا مخلص

-----------

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ........ مورخہ .......... کے حوالے سے آپ مطلع رہیئے کہ تقسیم کے لئے کم از کم ایک ہزار نقول مزید درکار ہیں۔ ان کی جلد ترسیل باعث تشکر ہو گی۔

آپ کا مخلص

-------------

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ........ مورخہ ......... کے حوالے سے اس سیکشن کے

ماتحت تمام دفاتر کو نقول ارسال کر دی گئی ہیں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب انتخابات میں مصروف ہیں۔ اس لئے ان سے جلد ملاقات ناممکن ہے براہ مہربانی اپنے تجربے کی روشنی میں معاملہ آپ خود طے کریں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ........... مورخہ ........ کے حوالے سے عرض ہے کہ پمفلٹ کی سو کاپیاں بذریعہ ڈاک ارسال ہیں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کے مراسلہ نمبر...... مورخہ........ کے حوالے سے عرض ہے کہ اس گشتی مراسلے کی جتنی نقلیں آپ کے محکمے کو درکار ہیں براہ کرم ٹائپ / سائیکلو سٹائل یا طبع کرانے کا انتظام کر لیجئے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر......... مورخہ....... کا شکریہ جس کے ساتھ آپ نے میری درخواست واپس کی، جو میں آپ کی ہدایت کے مطابق ضروری ترامیم کے

بعد ارسال کر رہا ہوں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

بحوالہ آپ کی اضافی تحریر نمبر.........مورخہ.........درخواست غور غوض کے لئے آپ کو واپس ارسال کی جاتی ہے کیوں کہ میرے آجروں نے میری ملازمت محض اس لئے ختم کر دی کہ میں نے سرکاری ملازمت کے لئے درخواست دی۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.....مورخہ......ہمیں موصول ہوئی اور ہم نے اس کے مندرجات نوٹ کر لئے ہیں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر.........مورخہ.........کے حوالے سے عرض ہے کہ ازراہ کرم نوٹ کر لیجئے کہ محمد بشیر کے نتیجے کا اعلان کل کر دیا گیا تھا اور وہ ناکام ہو گیا۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

اگر مسٹر.........میٹرک کے امتحان میں فیل بھی ہو گئے ہیں تو آپ اس کے علی الرغم انھیں ذرا زیادہ مشاہرہ کی پیش کش کریں تاکہ وہ اگلے سال امتحان دینے کے

لئے بہتر طور پر تیاری کرنے کے لئے کچھ رقم بچا سکیں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

اگر آپ کا لڑکا میٹرک کے امتحان میں فیل ہو گیا ہے تو ہمیں افسوس ہے کہ وہ اس دفتر میں کلرک نہیں ہو سکتا۔ اس کو وزیر بننے کی کوشش کرنی چاہیئے جس کے لئے کسی قابلیت کی ضرورت نہیں ہوتی۔

آپ کا مخلص

---

آپ کی اضافی تحریر نمبر ......... مورخہ ......... کے حوالے سے اس میں مندرج حقائق کی تصدیق کی گئی اور انھیں مستند پایا گیا۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر ......... مورخہ ......... کے حوالے سے آپ کو یہ اطلاع دینے کا شرف حاصل کر رہا ہوں کہ میں اپنی درخواست مقامی حکومت کے توسط سے صدر مملکت کو ارسال نہیں کر سکتا کہ میری شکایت ہے ہی مقامی حکومت کے خلاف۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

بحوالہ آپ کے مراسلہ نمبر ......... مورخہ ......... براہ مہربانی مطلع رہیئے کہ مقامی حکومت آپ کی درخواست حتمی فیصلے کے لئے صدر مملکت کو ارسال کرنے کی

پابند ہے چاہے وہ اس کے خلاف ہی ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کے مراسلہ نمبر......مورخہ......کے حوالے سے عرض ہے کہ ہم نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کی اطاعت کا حلف اٹھایا ہے۔ جس کے تحت ہمیں یہ دیکھنا ہے یہ کسی غیر مستحق کے ساتھ جانبداری سے تو کام نہیں لیا جا رہا۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

افسوس کہ ہم وہ عہدہ پیش نہیں کر سکتے جس کا ہم نے پچھلے مہینے اشتہار دیا تھا۔ اس کے وجوہ بتانا بھی ضروری نہیں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کی اضافی تحریر نمبر..........مورخہ............کے حوالے سے میری عرض ہے کہ آپ کیوں مجھے ملازمت نہ دینے کی کسی ایک معقول وجہ سے مطلع نہیں کر سکتے۔

محض اس لئے کہ آپ کے پاس کوئی وجہ جواز جو نہیں!

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

ہم پر آپ کا الزام بے بنیاد اور غیر ضروری ہے اگر واقعی آپ کو ہماری فرم میں ملازمت درکار ہے تو پہلے اس کا اہل بنیے اور پھر اس کی خواہش کیجئے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

آپ کا مراسلہ مورخہ..........موصول ہوا۔

ازراہ کرم مجھ سے خود ملاقات کیجئے اور بتایئے کہ میں آپ کی معاشرتی تقریب کے لئے کیا کرسکتا ہوں۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

ڈپٹی کمشنر قصور بذریعہ ہذا آپ کے خط مورخہ .......... کی وصولی سے مطلع کرتے ہیں۔اس کے مندرجات زیر غور ہیں۔آپ کو بعد ازاں غور کے نتیجے کے مطابق مطلع کر دیا جائے گا۔

آپ کا مخلص

دستخط.................

پی اے ڈپٹی کمشنر

مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۰۳ء

---

نمبر اویوپی/۷۴۳/این وائی

جناب عالی۔

آپ کی بالا نمبر چٹھی مورخہ یکم فروری ۲۰۰۳ء بنام چیف کمشنر لاہور کی چٹھی کے

مندرجات نوٹ کر لئے گئے۔

آپ کا

دستخط..............

سیکرٹری۔ چیف کمشنر

---

جناب عالی۔

آپ کا مراسلہ مورخہ.......... کے حوالے سے عرض ہے کہ آپ اپنی مطلوبہ رپورٹ کی نقل حاصل کرنے کے لئے کسی بھی کام کے دن آسکتے ہیں۔

آپ کا مخلص

ی ب ل

انچارج شعبہ نقول

---

جناب عالی۔

بحوالہ آپ کے مراسلہ نمبر.........مورخہ.............میں آپ کو یہ اطلاع دینے کا شرف حاصل کررہا ہوں کہ معاملہ ابھی تک زیر غور ہے۔

آپ کا مخلص

---

جناب عالی۔

میں آپ کی توجہ اس دفتر کے مراسلہ نمبر...........مورخہ.........کی طرف مبذول کرانے کا شرف حاصل کرتا ہوں اور آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ اس دفتر کو سالانہ میزانیہ بھیجنے میں وقت کی سختی سے پابندی کیجئے۔

آپ کا مخلص

# بارھواں باب

## کالج کی خط وکتابت

کالج کی تعلیم کے بغیر انسان کی علمیت محدود رہتی ہے۔

مارک ٹوئن

تعلیم ان صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے، جو قدرت نے ہمیں عطا کی ہیں۔ سکولوں، کالجوں، یونورسٹیوں اور مقابلے کے امتحانوں میں آپ کو ہر طرح کے خطوط لکھنے کو کہا جاتا ہے ان میں سے چند ایک خطوں کی مثالیں ذیل میں پیش کی جاتی ہیں۔

---

### چھٹی کے لئے درخواست

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

دیال سنگھ کالج۔ لاہور

جناب عالی۔

مؤدبانہ گزارش ہے کہ مجھے چار روز ۱۲ تا ۱۵ مارچ بشمول دونوں دن کی رخصت مرحمت فرمائیے۔ کیونکہ مجھے اپنی بہن کی شادی کے جملہ انتظامات کرنے ہیں۔

شکریہ۔ فقط

مورخہ.......... آپ کا تابع فرمان

رافع احمد

جماعت بی ایس سی۔ رول نمبر ۲۴۳

---

### مندرجہ بالا کا جواب

رافع احمد بی ایس سی رول نمبر ۲۴۳

مکرمی۔

پرنسپل نے بخوشی آپ کی چھٹی از ۱۲ تا ۱۵ مارچ (بشمول دونوں دن) منظور کر لی ہے۔

فقط۔ آپ کا مخلص

غلام رسول۔ ہیڈ کلرک

---

## جرمانے کی معافی کے لئے

جناب عالی!

میرے انگریزی کے پروفیسر صاحب نے مجھ پر کلاس میں نصابی کتاب کے بغیر آنے پر سو روپے جرمانہ کر دیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ نصابی کتاب "لیڈی ان وائٹ" کا سٹاک ختم ہو گیا ہے اور وہ بازار میں نہیں ملتی۔

اس لئے جناب سے التماس ہے کہ جرمانہ معاف کر دیا جائے۔ شکریہ۔ فقط

آپ کا تابع فرمان

سعید بٹ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

عزیزی۔

جیسا کہ تم نے کہا ہے کہ نصابی کتاب بازار میں دستیاب نہیں اس لئے تم پر عائد کردہ جرمانہ معاف کیا جاتا ہے۔ تاہم تمہیں جلد از جلد کتاب حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

فقط۔ دعا گو

عزیز صدیقی۔ پرنسپل

---

مندرجہ بالا کا نفی میں جواب

عزیزی۔

ہماری تحقیقات سے معلوم ہوا کہ تم پر جس وقت جماعت میں کتاب کے بغیر آنے پر جرمانہ کیا گیا تھا مذکورہ کتاب بازار میں دستیاب تھی۔لہذا جرمانے کی معافی کا کوئی جواز نہیں۔فقط۔ دعا گو

عزیز صدیقی۔ پرنسپل

---

## فیس معافی کے لئے

جناب عالی۔

نہایت ادب کے ساتھ گزارش ہے کہ میرا خاندان آج کل سخت حالات سے گزر رہا ہے۔اور مجھے اپنے آپ اور والدین کو سہارا لگانے کے لئے سخت محنت کرنی پڑ رہی ہے۔

اس لئے جناب سے گزارش ہے کہ میری فیس بالکل معاف کر دی جائے تا کہ میں مالی مشکلات پر قابو پا سکوں۔بصد تشکر و امتنان۔فقط

آپ کا تابع فرمان۔احسان علی

---

## مثبت جواب

بذریعہ ہذا احسان علی صاحب کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پرنسپل نے سال ۰۴۔۲۰۰۳ء کے لئے اس کی ساری فیس بخوشی معاف کر دی ہے۔

فقط

ارشاد حسین سیکرٹری

---

## منفی جواب

احسان علی صاحب کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس رواں سال کے دوران فیس معافی کی کوئی سہولت نہیں دی جا سکتی کہ اس مقصد کے لئے جو بجٹ رکھا گیا تھا وہ تمام و کمال استعمال ہو گیا ہے۔

فقط

ارشاد حسین سیکرٹری

---

## ٹیوٹر شپ کے لئے درخواست

جناب عالی۔

امروزہ ''سن'' میں چھپے ہوئے آپ کے اشتہار کے حوالے سے میں نہایت ادب کے ساتھ آپ کے بچوں کو ٹیوشن پڑھانے کی درخواست کرتا ہوں۔

میں بی ایس سی (فائنل) کا طالب علم ہوں اور میں پہلی سے بی ایس سی تک ہمیشہ جماعت میں اول یا دوم آتا رہا ہوں اور تعلیمی ریکارڈ نہایت شاندار ہے۔

چونکہ میں مالی مشکلات میں گرفتار ہوں اور میرے والدین میرے کالج کے اخراجات برداشت کرنے کے قابل نہیں۔ اس لئے آپ نے جس ٹیوٹر شپ کا اخبار میں اشتہار دیا ہے وہ میرے لئے حقیقت میں ایک وقیع امداد ہو سکتی ہے۔

اگر آپ مجھے یہ معمولی سا کام عنایت فرما دیں تو یہ ہمارے باہمی تعلقات کا آغاز ہوگا جو یقیناً ہم دونوں کے لئے مفید ہوگا۔پیشگی شکریئے کے ساتھ فقط

مخلص

شاہد احمد

------------

## مندرجہ بالا کا مثبت جواب

مکرمی شاہد صاحب۔

ہم آپ کو ہفتہ بطور آزمائش پڑھانے کی اجازت دیتے ہیں۔اگر آپ کا کام تسلی بخش ہوا تو ہم آپ کو مستقل رکھ لیں گے ورنہ آپ کو حق محنت دے کر رخصت کر دیں گے۔

آپ کب سے کام شروع کریں گے؟

فقط

مخلص۔نذر محمد

------------

## مندرجہ بالا کا منفی جواب

مکرمی شاہد صاحب۔

افسوس کے ساتھ ہم اپ کو اطلاع دیتے ہیں کہ ہم خاتون ٹیچر رکھنا چاہتے ہیں جو ہمارے بچوں کی اتالیقہ بھی بن سکے اور آپ ہمارے گھریلو ماحول سے ہم آہنگ نہیں ہو سکیں گے۔

آپ کی یاد آوری کا شکریہ۔

فقط

مخلص۔نذر محمد

-------------

## جز وقتی لائبریرین شپ

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

کریسنٹ کالج۔ لاہور

جناب عالی۔

نوٹس بورڈ پر چسپاں آج کے اشتہار کے حوالے سے میں بصد ادب آپ کے کالج میں جز وقتی لائبریرین شپ کے لئے اپنی خدمات پیش کرتا ہوں۔

میں بی ایس سی (فائنل) کا طالب علم ہوں اور میری مالی حالت سقیم ہے۔ ادارے کی جانب سے جو اعانت مجھے ملے گی میں اس کا خیر مقدم کروں گا۔

شکریہ۔فقط

آپ کا تابع فرمان

رضوان احمد

---------------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی رضوان صاحب۔

آپ کی درخواست برائے جز وقتی لائبریرین شپ کے حوالے سے آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ ۲۵ مارچ کو تین بجے سہ پہر انٹرویو کے لئے کالج کی لائبریری کمیٹی کے سامنے پیش ہوں۔

فقط۔مخلص

پرنسپل

-------------

## تصدیق نامے کے لئے درخواست

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

اسلامیہ کالج ۔ملتان

جناب عالی۔

میں نے روزنامہ جنگ میں اخبار نویس کی اسامی کے لئے درخواست دی ہے۔ اس لئے جناب سے گزارش ہے کہ مجھے اخبار کے ایڈیٹر صاحب کی طلب کے مطابق تصدیق نامہ عنایت فرما کر ممنون فرمایئے۔فقط

آپ کا تابع فرمان ۔ریاست علی خاں

-------------

## مندرجہ بالا کا جواب

عزیزی۔

ہمیں اس ادارے میں اپنے کوائف کی تفاصیل سے مطلع کیجئے تا کہ ہم مطلوبہ تصدیق نامہ تیار کر سکیں۔فقط مخلص

کرامت حسین پرنسپل

-------------

## تصدیق نامہ کے لئے کوائف

جناب عالی۔

آپ کے گرامی نامے مورخہ......... میں اپنے تعلیمی کیریئر کے مندرجہ ذیل کوائف عرض خدمت کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں:

۱۔ میں ۱۹۸۹ءتا ۱۹۹۵ء چھ برس کالج کا طالب علم رہا۔

۲۔ انٹرمیڈیٹ امتحان پاس کیا۔

۳۔ ہمیشہ انگریزی میں اچھے نمبر حاصل کیے۔

۴۔ غیر نصابی سرگرمیوں میں دل چسپی لیتا تھا۔

۵۔ مباحثی کلت میں عملی حصہ لیتا تھا۔

۶۔ کشتی رانی کلب کا سیکرٹری تھا۔

۷۔ کالج میں تقاریب کا اہتمام کیا۔

از راہ کرم مجھے جلد از جلد تصدیق نامہ مرحمت فرمایئے۔فقط

آپ کا تابع فرمان

ریاست علی

---

## تصدیق نامہ

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ ریاست علی صاحب جو ۱۹۸۹ء تا ۱۹۹۵ء میرے طالب علم رہے ہیں انگریزی میں بہت ہوشیار تھے۔طباع اور ذہین تھے، تخلیقی صلاحیتوں کے حامل تھے۔ان خوبیوں کا مظاہرہ انہوں نے اپنے ان مضامین میں کیا ہے جو کالج میگزین میں شائع ہوئے۔وہ کالج کی مباحثہ سوسائٹی کے سرگرم رکن تھے اور غیر نصابی سرگرمیوں میں زبردست حصہ لیتے تھے خصوصاً تقاریب کے انعقاد میں،جس سے انہوں نے اپنی تنظیمی صلاحیتوں کو ثابت کیا۔

ان کا اخلاق و کردار اچھا ہے۔ مجھے ان کی ان لوگوں کے سامنے جن کے ساتھ وہ مستقبل میں وابستہ ہوں تعریف کرنے میں کوئی تامل نہیں۔

کرامت حسین۔پرنسپل

---

# تیرھواں باب

''یہ محبت ہے۔ یہ محبت ہی ہے جس کے سہارے دنیا چل رہی ہے''۔ایک فرانسیسی گیت

محبت نامے بڑے ہی پیارے ہوتے ہیں۔ان میں مندرج چند ایک الفاظ میں بہت کچھ مضمر ہوتا ہے۔محبت نامے لکھنے کے لئے کوئی ضابطہ قاعدہ موجود نہیں۔محبت بھرے خطوط لکھنے والے کے قواعد وضوابط بھی اپنے ہی ہوتے ہیں۔ان کی طوالت بھی ایک سطر سے لے کر ہزاروں سطروں تک ہوسکتی ہے۔

## دوری سے محبت اور بڑھتی ہے

پیاری غزالہ۔

اگلے اتوار۔اگلے اتوار۔اگلے اتوار۔میں تمہارے خواب دیکھتا رہا کہ تم اگلے اتوار کو کالج سے گھر واپس آجاؤ گی اور موقع پا کر ہمارے ہاں بھی آؤ گی۔لیکن میری امید ابھی تک بر نہیں آئی۔

تمہارے بغیر زندگی گزارنا ناممکن ہے۔جلد آجاؤ۔مجھے جینے دیجیے۔فقط

تمہارا چاہنے والا۔رؤف

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے رؤف۔

یہ مت سمجھئے کہ میں آپ سے اتنی محبت نہیں کرتی جتنی کہ آپ مجھ سے کرتے ہیں۔اب آپ کو میری طرف سے مایوسی نہیں ہوگی اور مجھے بھی مایوسی نہیں ہوگی۔ہم اتوار کو صبح کو ملیں گے اور شام تک ساتھ رہیں گے۔

آپ کی

غزالہ

---------------

## مندرجہ بالا جواب کے جواب میں

پیاری غزالہ۔

لوگ کہتے ہیں کہ طویل ترین دن ماہ جون میں آتا ہے۔
اور مختصر ترین دسمبر میں
مگر یہ دونوں دن میرے پاس اس شکل میں نہیں آتے۔
میرا مختصر ترین دن، مجھے یاد ہے وہ تھا
جس دن تم آ کر میرے پاس رہی تھیں
اور میرے دل کو مسرتوں اور خوشیوں سے بھر دیا تھا
طویل ترین دن ۔۔۔۔تمہاری روانگی کا تھا
اور پھر اس سے اگلا بھی۔

تمہارا ادائی پرستار

رؤف

------------

## محبت کے جواب میں محبت

پیاری آسیہ۔

مجھے بھول جاؤ! کہنا تو آسان ہے مگر کرنا مشکل۔ جتنا میں تمہیں بھولنے کی کوشش کرتا ہوں اتنی ہی زیادہ یاد آتی ہو۔

پیاری محبوبہ۔تمہارے ساتھ جو لمحے گزرے ہیں
میرے لئے موتیوں کا ہار بن گئے ہیں۔
میں ایک ایک کرکے انہیں گنتا ہوں
جیسے تسبیح کے دانے ہوں۔میری مالا!

کیا تم یہ نہیں سمجھتیں کہ ہم دونوں مل کر تمہارے بوڑھے والدین کی بہتر طور پر دیکھ بھال کر سکتے ہیں بہ نسبت اس کے کہ تم اکیلی اپنی کمائی سے ان کا خیال رکھو۔

فقط

ہمیشہ کا تمہارا۔ عابد

---

## حرف شیریں سے غصہ پیار میں بدل جاتا ہے۔

پیاری شہلا

ساری حسین لڑکیوں میں
بس شہلا ہی تو سب سے پیاری ہے
وہ میرے من کی چاہت ہے
ہر وقت میرے خیالوں میں بسی رہتی ہے!

تم مجھ سے ناراض کیوں ہو شہلا؟ میں نے کوئی ایسی بات نہیں کی جس پر تم خفا ہوتیں۔ میرا بس یہی ایک تو قصور ہے کہ میں تمہیں پیار کرتا ہوں۔ اگر تم اس وجہ سے خفا ہو کہ میں تمہیں پیار کرتا ہوں تو پھر میں اپنی خطا کا اقرار کرتا ہوں اور یہ خطا میں کرتا رہوں گا محض اس لئے کہ میں اس کے بغیر نہیں رہ سکتا اور اگر تم خفا ہوئے بغیر نہیں رہ سکتیں تو پھر میں تمہارا غصہ بن جاؤں گا۔

میں تمہارے منہ سے کچھ نہ کچھ سننے کا متمنی ہوں خواہ وہ سخت سست ہی کیوں نہ ہو کہ تمہاری خاموشی مجھے منظور نہیں۔

پیاری، میں تمہیں چاہتا ہوں۔ بتایئے کب تمہیں ملنے آؤں؟ فقط

آپکا ہمیشہ کا۔۔۔ ناظم

---

## مندرجہ بالا کا جواب

میرے پیارے ناظم۔

تمہارا خط پا کر مجھے محسوس ہوا کہ میں غلطی پر تھی۔تمہاری محبت سے انکار ناممکن ہے۔

میرا خیال ہے کہ تم نازک مزاج محبوب ہو۔براہ کرم میری سخت روی کو معاف کر دو۔فقط

تمہاری چاہت۔۔۔شہلا

---

## لڑکی کے باپ کی طرف سے لڑکے کے نام

عزیزی۔

براہ کرم میری لڑکی کا پیچھا چھوڑ دو۔میں اپنے خاندان کو بدنام اور عزت کو برباد نہیں کرنا چاہتا۔میں اس کے ساتھ تمہاری شادی کسی طور قبول نہیں کر سکتا لہذا کیوں اپنا وقت برباد کرتے ہو؟

مجھے افسوس ہے کہ میں یہ باتیں لکھ رہا ہوں پر کیا کروں کہ واقعات ہی کچھ ایسے گزرے ہیں۔بہر حال میں تمہیں یہی نصیحت کرتا ہوں کہ اب تم آسیہ سے کبھی نہ ملنا۔

اس سے تمہیں دکھ ہو گا لیکن میں تہیہ کر لیا ہے۔اس سے صورت احوال پر پوری طرح بات چیت کر کے میں تمہیں یہ دانشمندانہ مشورہ دے رہا ہوں۔

کیا میں امید کروں کہ تم ''عقلمند کو اشارہ کافی'' کے مقولے پر عمل کرو گے۔فقط

تمہارا بہی خواہ۔زاہد علی

---

## پیارے جعفر۔

میں نے صبر سے تمہاری موسم گرما کی تعطیلات کا انتظار کیا ہے۔ پورے تین ماہ راہ تکی ہے۔ اب میں زیادہ صبر نہیں کر سکتی۔

پیارے جعفر میں تو ہر وقت تمہارے ساتھ رہنا چاہتی ہوں۔ تم کیوں نہیں میرے والدین سے مل کر خود معاملہ طے کر لیتے۔ میں تمہاری حمایت کروں گی۔ امی جان تو پہلے ہی تیار ہیں۔ فقط

تمہاری۔ آسیہ

---

## نہ اقرار نہ انکار

میرے پیارے نیاز۔

تمہارے خطوط نے مجھے حیران و پریشان کر دیا ہے۔ میں نے تمہیں کئی لمبے لمبے خط لکھے۔ میں نے اپنا دل نکال کر تمہارے سامنے رکھ دیا لیکن تم میرے لئے بدستور معمہ بنے ہوئے ہو۔ میں نہیں جانتی کہ آیا تم مجھے چاہتے بھی ہو؟ از راہ کرم صاف صاف بتاؤ۔

تمہاری ہمیشہ کی۔ گلنار

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری گلنار۔

میں تمہیں پیار کرتا ہوں۔ جس کا میں اقرار کرتا ہوں۔ تمہیں سمجھتی ہو کہ دوست ایک دوسرے کو پیار نہیں کرتے؟ میں نے ہمیشہ تمہیں چاہا ہے اور آئندہ بھی بحیثیت دوست کے تمہیں چاہتا رہوں گا۔

مجھے صرف ایک ہی امید ہے کہ جب تم یہ خط پڑھو گی تو تمہاری محبت کے سوتے

خشک نہیں ہوں گے۔ کیا تم یہ سمجھتی ہو کہ محبت وہی ہوتی ہے جس کا نتیجہ شادی کی صورت میں نمودار ہو؟ فقط

تمہارا پیارا۔۔۔ نیاز

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے نیاز۔

تمہارے خط سے دکھ تو ہوا پر خوشی بھی ہوئی۔ بے اختیار میرے لبوں پر نغمہ آ گیا تب مجھے شیلی کے اس مصرعے کی سچائی کا یقین آیا۔ ع

''ہمارے شیریں ترین نغمے وہی ہیں جو غمناک ترین خیالات کا اظہار کرتے ہیں''

میں نے یہ نغمہ گایا۔ میں روئی اور پھر مسرت کا احساس ہوا۔

میں تھکے ہوئے بچے کی طرح لیٹ گئی اور زندگی کے تفکرات آنسوؤں میں بہا دیئے۔

میں ننھی سی بے وقوف لڑکی ہوں، نیاز، مجھے معاف کر دو اور مجھے بھول جاؤ۔

فقط۔ تمہاری غمزدہ

گلنار

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری گلنار۔

کیا میاں بیوی دوستوں کی طرح نہیں رہ سکتے؟ کیا ہم شادی کے بعد ایک دوسرے کو پیار نہیں کرتے رہیں گے؟ کیا تم پھر مجھے اتنی شدت سے نہیں چاہو گی جب ہم ایک دوسرے کے رسماً حوالے کر دیئے جائیں گے؟ فقط

تمہارا ہمیشہ کا۔ نیاز

---

## شوہر کا شکوہ

پیاری جان۔

تم مجھے محبت بھرے خطوط نہیں لکھتیں کیوں کہ تم نہیں جانتیں کہ خط کیسے لکھا جاتا ہے اور اس میں کیا لکھا جاتا ہے۔ شیکسپیئر کہتا ہے کہ ’’جو محبت کا اظہار نہیں کرتے وہ پیار نہیں کرتے‘‘۔

مجھے خط لکھو اگر پیار کرتی ہو مجھے۔ فقط

تمہارا پیارا۔ نواز اکبر

---

## بیوی کا جواب

میرے محبوب۔

میں شیکسپیئر کی وفات کے کئی سو برس کے بعد پیدا ہوئی تھی۔ محبت خاموش اور گہری بھی ہوتی ہے۔ مجھے پیار کرو۔ مجھے پیار کرو کہ تمہیں پیار کرنا چاہیئے۔ فقط

تمہاری پیاری۔ پروین

---

## جواب الجواب

میری پیاری محبوبہ۔

تمہیں غلط فہمی ہوئی۔ محبت کا اظہار زبان سے نہیں کیا جاتا۔ اس کی اور بھی کئی شکلیں ہوسکتی ہیں۔

تم کہتی ہو کہ تم اپنی محبت کا اظہار کرنا نہیں چاہتیں ساتھ یہ بھی چاہتی ہو کہ تمہیں خوب پیار کیا جائے۔ آخر اسے بھی تو کسی ذریعہ اظہار کی ضرورت ہوگی۔ فقط

تمہارا چاہنے والا

نواز اکبر

---

## ناراض شوہر کے نام

میرے پیارم پیارے۔

مجھے معاف کر دیجئے۔ آپ جانتے ہیں میں بے وقوف لڑکی ہوں۔ واقعی مجھے بڑا افسوس ہے کہ میں نے آپ سے جھوٹ بولا۔ آپ کی عزیزم اختر سے تلخی ہوگئی تھی۔ جسے میں برداشت نہیں کرسکتی تھی۔ میں جانتی ہوں کہ اگر میں اس وقت نہ بولتی تو آپ اسے مار بیٹھتے یا شاید.... مجھے امید ہے کہ آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ جھوٹ بول کر میں ایک بڑی آفت کو ٹالنے میں کامیاب ہوگئی ہوں۔

شام کو آپ کے واپس آنے تک میں گھر ہی رہنا چاہتی تھی۔ لیکن سہیل نے آ کر بتایا کہ آپ چاہتے ہیں کہ میں اس کے ساتھ چلی جاؤں اور نرسنگ ہوم میں آپا اجیا کے پاس رہوں۔ میں نے یہی مناسب سمجھا کہ میں اس کے ساتھ چلی جاؤں، ورنہ سہیل کے جدت طراز دماغ میں متعدد شبہات پیدا ہو جانے کا اندیشہ تھا۔

بعد میں اختر کو بڑا افسوس ہوا۔ مجھے امید ہے کہ آپ میری خطا معاف کر دیں گے اور میں التجا کرتی ہوں کہ آپ عزیزم اختر کو بھی معاف کر دیں۔ فقط

آپ کی ہمیشہ کی۔ انوری

---

## جواب

انو پیاری۔

مجھے افسوس ہے کہ آپ کو دکھ ہوا۔ یہ تو میں مانتا ہوں کہ آپ نے آفت کو ٹال دیا اگر چہ وہ چنداں بڑی آفت نہ تھی۔ معاملہ کی نوعیت اب میں بخوبی سمجھ سکتا ہوں۔

اس واقعہ کا ہم صرف اختر ہی کو ذمہ دار نہیں ٹھہرا سکتے۔ مجھے امید ہے کہ آپ نرسنگ ہوم سے جلد لوٹ آئیں گی۔

میں آپ کو آپ کے جھوٹ یا وصف سے پیار کرتا ہوں۔ بیکن کہتا ہے کہ ''ذرا سا جھوٹ کبھی بات کو مزے دار بھی بنا دیتا ہے''۔ مجھے اب پتہ چلا کہ بیکن نے غلط نہیں کہا تھا۔

تاہم مجھے امید ہے کہ آپ بیکن کے مقولے کو اپنا روزمرہ معمول نہیں بنائیں گی۔فقط

آپ کی زلفوں کا اسیر

ایک جھوٹی کامیاں

---

## بیوی کو نصیحت نامہ

میری پیاری انو۔

آپ مجھے بتاتی رہی ہیں کہ آپ کی ساس اماں کا رویہ آپ کے ساتھ اتنا اچھا نہیں جتنا کہ آپ کو ان سے توقع تھی اور یہ بھی بتاتی رہی ہو کہ میری بہنیں آپ کو پیار تو کرتی ہیں لیکن آپ کی خطا کو اتنی آسانی سے درگزر نہیں کرتیں جتنی آسانی سے اپنی بیٹیوں کی خطا معاف کر دیتی ہیں۔ یہ بڑا ہی نازک مسئلہ ہے۔ میں آپ کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ مجھ ایسے پرستار شوہر سے بہت ہی کم توقع وابستہ کی۔

آپ اس سے تو متفق ہوں گی کہ انسان خطا و نسیان کا مرکب ہے۔ آپ کو اس سے بھی اتفاق ہوگا کہ ہم بھی ایک دوسرے کے خطاوار ہو سکتے ہیں اور ایک پرستار بیوی اپنے پرستار شوہر کو ہمیشہ معاف کرتی رہی ہے۔ کیا آپ یہی رویہ میری امی اور بہنوں کے ساتھ اختیار نہیں کر سکتیں؟

آپ کو تسلیم ہے کہ ساری بہنیں ہمیں چاہتی ہیں اور وہ ہماری زندگی کو پرمسرت

بنانے کے لئے سب کچھ کریں گی۔ کیا آپ ان کا رویہ اپنے حق میں نہیں ڈھال سکتیں؟ بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ الگ الگ ان سے بات کیجئے۔ ہر ایک کو اپنا مسئلہ بتایئے اور ان سے مشورہ لیجئے۔ اس سے انہیں معاملہ فہمی کی بصیرت حاصل ہو گی۔ ساتھ ہی انھیں اعتماد میں لینے سے یک گونہ تسلی بھی ہو گی۔ جب آپ کے خیالات وہ اور ان کے آپ جان لیں گے تو اختلافات خود بخود ختم ہو جائیں گے۔

مجھے امید ہے کہ آپ ان کے ساتھ انھیں جیسا برتاؤ نہیں کریں گی۔ اس سے ہماری زندگی کے بدمزہ ہونے کا امکان ہے۔ سب کے ساتھ سکون سے رہنے کے لئے ہم آہنگی کا وجود ناگزیر ہے۔ یہی ازدواجی زندگی کا راز ہے۔ ڈھیروں پیار کے ساتھ۔ فقط

آپ کا پرستار۔۔۔۔اخلاق احمد

---

## مندرجہ بالا کا جواب

میرے پیارے پرستار۔

آپ کے خط نے تو میری دنیا ہی بدل ڈالی۔ میں نے اسے کم از کم ایک درجن دفعہ تو ضرور پڑھا ہو گا اور ہر دفعہ مجھ پر نئے نئے مطالب و مفاہیم آشکار ہوئے۔

واقعی میں آپ کو خوش رکھنا چاہتی ہوں۔ میں اپنے پرستار شوہر کو خوش رکھنے کے لئے ہر چیز قربان کر سکتی ہوں۔ فقط

آپ کی

انوری

---

# چودھواں باب

## شادی بیاہ کے خطوط

''محبت، چاہت اور اطاعت ایک ہی جذبے کا عنوان ہیں''

۔عام دعاؤں کی کتاب

کہتے ہیں کہ شادیاں آسمان پر ہوتی ہیں اور زمین پر ان کے سودے کیے جاتے ہیں۔ شادی بیاہ کے خطوط کا سب سے بڑا فن یہی ہے کہ وہ مدلل نہیں ہوتے بلکہ یقین دلانے والے ہوتے ہیں۔ جتنی زیادہ آپ باتیں کرتے ہیں اتنا ہی کم آپ کی بات کا وزن ہو جاتا ہے لہٰذا اختصار سے کام لیجیے۔ تحریر میں شوخی اور ذہانت تو ہو مگر اختصار کے ساتھ۔

### ضرورت رشتہ

ایک اشتہار ملاحظہ فرمائیے:

معزز اور باثر خاندان کے اکیس سالہ شیخ صدیقی نوجوان، تندرست وتوانا، مختنی، تعلیم یافتہ اور کاروباری کو ایک خوبصورت دوشیزہ کا رشتہ مطلوب ہے براہ مہربانی بکس نمبر ۲۲۲۳۳۳، دی ٹائمز آف پاکستان، اسلام آباد پر جواب دیجیے۔

-----------

### مندرجہ بالا کا جواب

بجانب

جناب مشتہر نمبر ۲۲۲۳۳۳

معرفت دی ٹائمز آف پاکستان

اسلام آباد۔

مکرمی جناب۔

آپ کے اشتہار برائے ضرورت رشتہ کے حوالے سے میں اپنی بیٹی کے جملہ کوائف ذیل میں درج کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں:

۱۔ عمر۔ ۲۲ سال

۲۔ قد۔ ۵ فٹ

۳۔ رنگت۔ کھلتی ہوئی صاف

۴۔ تعلیم۔ بی ایس سی

۵۔ ذات۔ شیخ صدیقی

۶۔ صحت۔ اچھی، کبھی بیمار نہیں ہوئی۔

۷۔ علامہ اقبال انسٹی ٹیوٹ آف آرٹس میں دس ہزار روپے ماہانہ پر ملازم ہے۔

۸۔ بھائی۔ تین۔ ایک بنک منیجر، دوسرا ڈاکٹر اور تیسرا کالج میں پروفیسر ہے۔

۹۔ بہنیں۔ دو۔ ایک کی شادی سول انجینئر سے ہوئی اور دوسری کی میجر سے۔

۱۰۔ باپ۔ ریٹائرڈ، پانچ ہزار روپے ماہانہ پنشن ملتی ہے۔

۱۱۔ ہم اپنے ذاتی مکان واقع اے۔۲۲۲، ڈیفنس کالونی، لاہور میں رہتے ہیں۔

اگر آپ معاملے کو آگے بڑھانے کے خواہش مند ہیں تو ازراہ کرم اپنے کوائف سے مطلع کیجئے اور اپنا فوٹو بھی بھیجئے تا کہ ہم کوئی فیصلہ کر سکیں۔

آپ کا مخلص

رشید احمد صدیقی

www.iqbalcyberlibrary.net All rights reserved ©2002-2006

## ضرورت رشتہ

اشتہار ملاحظہ کیجئے۔

عیسائی کیتھولک لڑکی، عمر ۲۹ سال، بی ایس سی، بی ایڈ، نازک اندام، خوب صورت، گھریلو امور میں ماہر کو مناسب بر کا رشتہ مطلوب ہے۔ازراہ کرم بکس نمبر ۵۵۵۴۴، دی ٹائمز آف پاکستان۔اسلام آباد پر رجوع کریں۔

---

## مندرجہ بالا کا جواب

بجانب

بکس نمبر ۵۵۵۴۴

معرفت دی ٹائمز آف پاکستان۔اسلام آباد

محترمہ۔

آپ کے اشتہار کے حوالے سے میں خود کو شادی کے لئے بطور امیدوار پیش کرتا ہوں اور اپنے بارے میں مندرجہ ذیل کوائف حاضر خدمت ہیں:

۱۔ عمر۔ ۲۳ سال

۲۔ پنجابی نوجوان۔ عیسائی

۳۔ رنگت۔ صاف

۴۔ قد۔ ۵فٹ۵انچ

۵۔ تعلیم۔ ایم ایس سی

۶۔ ملازمت۔ قائداعظم کالج حیدرآباد میں پندرہ ہزار روپے مشاہرہ پر لیکچرار

۷۔والدین کا اکلوتا بیٹا

۸۔ والدہ۔ وفات پاگئیں۔

۹۔ والد۔ ڈائریکٹر زراعت، پنجاب

۱۰۔ پنجاب میں صحرائی اراضی کا مالک

۱۱۔ فوری شادی مطلوب ہے۔

اگر طلب کی گئیں تو مزید تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔ آپ کی طرف سے جواب آنے پر فوٹو بھی ارسال کیا جائے گا۔ اگر دلچسپی ہو تو اپنی تفصیلات سے مطلع فرمائیے اور اپنا فوٹو بھیجئے۔

آپ کا مخلص

یوسف مسیح

-----------

## ہاں ناں کو جواب دیجئے

عزیزہ سلمٰی۔

ہمارے مابین طویل عرصے سے خط و کتابت ہو رہی ہے اور ہم کئی بار ایک دوسرے سے مل بھی چکے ہیں لیکن مجھے آپ کی طرف سے ابھی تک کوئی مثبت جواب نہیں ملا، جو مجھ پر معاملے کی نوعیت منکشف کرتا کہ میرا مقام کیا ہے؟

ازراہ کرم مجھے بلا تکلف صاف صاف بتا دیجئے کہ آیا آپ مجھ سے شادی کرنا چاہتی ہیں یا نہیں؟

آپ کا مخلص۔ وسیم

-----------------

## مندرجہ بالا کا جواب

وسیم صاحب۔

آپ نے میری تعریف و توصیف اتنی کی ہے جتنی کہ کسی لڑکی کی کی جا سکتی ہے۔ اور میں بس اتنا کر سکتی ہوں کہ فوری اور صاف جواب پیش کر دوں۔

میں بوالپسی ڈاک لکھ رہی ہوں اور وسیم صاحب مجھے افسوس ہے کہ میرا جواب ''نہیں'' ہے۔

براہ کرم مجھے اپنا وقت ضائع کرنے اور جھوٹی امیدیں دلانے پر معاف کر دیجئے۔ دراصل مجھے خود جواب کا علم نہ تھا کل ہی میں اس حتمی نتیجے پر پہنچی ہوں کہ ہم شادی کر کے خوش نہیں رہ سکتے کہ ہم دونوں کے مزاج میں صلح پسندی نہیں۔ ہماری طبیعتوں میں شدت اور تیزی ہے اور میں نہیں سمجھتی کہ ہم ایک دوسرے کی زندگی میں صحیح طور پر شریک ہوسکیں گے۔

ازراہ کرم مجھے معاف کر دیجئے کہ میں نے آپ کو مایوس کیا۔فقط

آپ کی مخلص۔سلمیٰ

---

## فیصلے کا التواء

پیارے دلدار۔

آپ نے ہاں ناں میں جواب مانگا ہے۔شادی کے بارے میں کوئی جواب اتنی جلدی اور بے تکلفی سے نہیں دیا جا سکتا۔آپ یقیناً اتفاق کریں گے کہ عورت کو اس راہ پر، جس راہ پر اسے چلنا ہوگا، قدم دھرنے سے پہلے اس کا احساس وادراک پوری طرح کر لینا چاہیئے۔

میں آپ کو بے حد پسند کرتی ہوں۔ یہ آپ بخوبی جانتے ہیں۔لیکن ایمان داری کی بات تو یہ ہے کہ میں یہ ابھی تک نہیں جان سکی کہ آیا میں آپ سے پیار بھی کرتی ہوں۔ پیار اور پسند کے درمیان ایک خلیج ہوتی ہے۔میں آپ کو پسند تو کرتی ہوں پر یہ نہیں جانتی کہ آپ سے پیار بھی کرتی ہوں یا نہیں۔آیا آپ سے شادی کر سکتی ہوں؟ لہٰذا ہاں ناں کے فیصلے کے لئے جلدی نہ کیجئے۔

تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ کسی بھی دن آپ پر یہ انکشاف ہوسکتا ہے کہ میں

آپ کے تصورات کے مطابق نہیں اور آپ معاملہ ختم کر دیتے ہیں۔ میں ایسی باتوں سے نفرت کرتی ہوں کہ آپ اس چیز سے نفرت کریں جسے آپ تھیلے میں بلی بنا کر لائے ہوں۔ کامیاب شادی کیلئے ضروری ہے کہ دونوں پہلے سے ایک دوسرے کو اچھی طرح جانتے ہوں۔

میں یہ سمجھتی ہوں کہ اتنا جاننا کافی نہیں کہ یہ اس کی پسند اور یہ ناپسند۔ تاہم اس کا کوئی متبادل بھی نہیں۔

میں ایک تجویز پیش کرسکتی ہوں؟ جیسا کہ ہم پہلے ہی کر رہے ہیں اب بھی خط و کتابت کرتے رہیں اور دیکھیں کہ مستقبل قریب میں کیا نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ کوئی بندھن نہیں۔ اگر ہم میں سے کسی کو کوئی مل جائے تو اس سے دوسرے کو دکھ نہیں ہونا چاہیئے۔

مگر یہ مت سمجھئے کہ مجھے کوئی آپ کے مساوی یا بہتر مل گیا ہے۔ مجھے ابھی تک کوئی نہیں ملا۔ اگر ایسا ہوا تو میں فوراً آپ کو بتادوں گی۔ توقع کرتی ہوں کہ آپ بھی ایسا ہی کریں گے۔ کیونکہ اس میں مجھے اتنا ہی جوکھوں ہے جتنا کہ آپ کو۔ فقط

آپ کی مخلص

سائرہ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری سائرہ۔

آپ نے بات صاف اور واضح کردی۔ اب میری باری ہے۔ میں انتظار کروں گا۔ تاوقتیکہ آپ مجھ سے یا کسی اور سے شادی نہیں کرلیتیں۔ یا مجھے کوئی متبادل لڑکی نہیں مل جاتی۔ فقط

آپ کا۔ دلدار

------------

## منگنی کی مبارکباد

ڈیئر بیٹی۔

میں نے ہر طرف سرگوشیاں سنیں، جن میں تمہارا نام کسی صاحب سے منسوب کیا جارہا تھا، جو فوج میں ملازم ہیں۔ اور آج مجھے واضح طور پر بتادیا گیا کہ تمہاری ان صاحب سے منگنی ہوگئی ہے۔

تمہیں مبارکباد پیش کرنے میں پہل کرنے کا مجھے شرف حاصل کرنے دو۔ یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ وہ انتہائی خوش قسمت شخص ہے اور وہ بھی مبارکباد کا مستحق ہے۔

مجھے یقین ہے کہ تم بہترین خاتون خانہ ثابت ہوگی۔ میں تصور میں لاتا ہوں کہ تم ایک پرمسرت گھر کی سربراہی کر رہی ہو جس میں مجھے یقین ہے کہ وقتاً فوقتاً آنے کی دعوت دی جائے گی۔

میں دونوں کو پرمسرت اور کامیاب زندگی کی دعا دیتا ہوں۔

تمہارا مخلص

جیک مورس

----------

## مندرجہ بالا کا جواب

ڈیئر جیک۔

تمہارے پیارے خط کا شکریہ۔ ایسے موقعوں پر شاید ہی کسی نے اتنا پیارا خط کبھی لکھا ہو۔ ہم ہی نہیں تمہیں بھی مبارکباد دی جانی چاہیئے کہ تم نے افواہوں پر کان نہیں دھرے اور میرے ارادوں کے خلوص پر اعتماد رکھا۔

ہماری منگنی کا نصف تو تمہارا رہین منت ہے۔ جیسے کہ جنگ میں افواہیں ہلاکت

CyberLibrary All rights reserved. ©2002-20

خیز ہوتی ہیں اسی طرح پیار میں ہوتی ہیں۔فقط

تمہاری مخلص۔ بیٹی

------

## بیٹی کی منگنی پر ماں کو مبارکباد

محترمہ بیگم دولت بائی صاحبہ۔

جنگ بہادر سے آپ کی دختر نیک اختر کی منگنی کا سن کر مجھے ازحد مسرت ہوئی۔ فوراً آپ کو مبارکباد پیش کر رہا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ لڑکا اور لڑکی کا جوڑ خوب ملایا جو پُر مسرت رہے گا۔یقیناً یہ ہمارے لئے باعث صد افتخار ہے۔

آپ کو دلی مبارک بھیجنے میں میری بیوی اور بچے سب شریک ہیں کہ دونوں خاندانوں میں ایک تاریخی موقع ہے۔فقط

آپ کا مخلص

عبدالرحمٰن

-----------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی رحمان صاحب۔

آپ کی مبارکباد کا دلی شکریہ۔مزید برآں جوڑے کے حق میں آپ کی مخلصانہ دعاؤں اور نیک تمناؤں کا بھی شکریہ عرض ہے۔فقط

آپ کی مخلص

دولت بائی

-------

## پیار کرنے والوں میں جھگڑا

میری پیاری کشور۔

مجھے معاف کر دو اور بھول جاؤ۔ کیا تم مجھے معاف کر دو گی اور بھول جاؤ گی؟ کل رات واقعی میرا دماغ خراب ہو گیا تھا جو تم سے جھگڑا کر بیٹھا۔ واقعی میں نامعقولیت پر تھا۔ میں تمہیں کیسے یقین دلا سکتا ہوں کہ جو کچھ ہوا اس پر میں پشیمان ہوں اور مجھے سخت افسوس ہے۔

کل رات میں احمق ہو گیا تھا اور مجھے اس کا احساس ہے۔ میں تصور بھی نہیں کر سکتا کہ عام حالات میں اس طرح کا برتاؤ کر سکتا معمولی سی بات پر مجھے غصہ آ گیا اور اب اس پر پچھتا رہا ہوں۔

ہم پہلی بار لڑے ہیں۔ اس سے مجھے ایک نیا سبق ملا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اب کبھی ایسا نہیں ہو گا۔ مجھے اپنی زندگی میں کبھی اتنا صدمہ نہیں ہوا جتنا کہ اب ہوا ہے۔

ازراہ کرم بھول جاؤ اور کل صبح مجھے ملو۔ فقط

تمہارا پیارا

رمضان

---

## مندرجہ بالا کا جواب

رمضان پیارے۔

سارا قصور تمہارا ہی نہیں۔ واقعی اس میں تمام تر قصور تمہارا نہیں ہے۔ میرے خیال میں الزام مجھ پر بھی آتا ہے کہ میں نے ہی تمہیں برافروختہ کیا۔

آؤ ہم ساری تلخیاں بھلا دیں اور ان تلخیوں کو ہمیشہ کے لئے دفن کر دیں۔ جلد ہی ملاقات کی توقع ہے۔ فقط

تمہاری پیاری

کشور

---

## نسبت توڑنے کے لئے

پیارے سلطان۔

میں نہیں سمجھتی کہ آپ سے کیسے درخواست کروں کہ آپ مجھے اپنی نسبت سے آزاد کر دیجئے مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ اگر آپ غور کریں تو آپ تسلیم کریں گے کہ یہی ہم دونوں کے حق میں بہتر ہے۔

میں نے دیکھا ہے کہ ہم دونوں مختلف المزاجی کا شکار ہیں اور ہم دونوں کے لئے کردار و طبائع کی تلخیوں اور ترشیوں کو ہموار کرنا آسان نہ ہو گا۔ اپنی ازدواجی زندگی کے جہاز کو چٹان سے ٹکرا کر تباہ کر دینے کی بجائے یہ بہتر ہے کسی خوش قسمت جہاز پر سوار ہوں اور زندگی کا طویل سفر طے کریں۔

میں بلا تکلف آپ کو بتاتی ہوں کہ میں آپ کی بے حد عزت کرتی ہوں۔ لیکن عزت محبت نہیں ہوتی۔ اور بغیر محبت کی شادی نقلی ہوتی ہے۔

مجھے معاف کر دیجئے اگر میری بات سے آپ کو صدمہ پہنچا ہے۔ مجھے اپنے معاملات پر خود غور کرنے دیجئے۔ فقط

آپ کی مخلص دوست

سلطانہ بیگم

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری سلطانہ۔

میں ہمیشہ آپ کو یاد رکھوں گا اگر چہ آپ مجھے بھول گئیں۔ اگر آپ مجھ سے نفرت کرتی ہیں تو بھی میں آپ سے ہمیشہ محبت کرتا رہوں گا۔ بس مجھے اتنا ہی کچھ

چاہیئے۔امید ہے کہ آپ انکار نہیں کریں گی۔
اگر میں آپ سے شادی نہ کر سکا تو پھر کبھی شادی نہیں کروں گا۔فقط
آپ کا ہمیشہ کا

سلطان

---------------

## دوبارہ غور کرنے کیلئے

پیارے دلشاد۔

مجھ سے شادی کے انکار کے فیصلے پر از راہ کرم پھر غور کیجئے۔میں آپ سے سچی محبت کرتی ہوں اور کسی دوسرے سے نہیں کرتی۔آپ کے بغیر میرے لئے یہ دنیا اندھیری ہے۔کیا آپ مجھ پر ترس نہیں کھا سکتے۔الفاظ میرے جذبات کے اظہار سے قاصر ہیں کہ حالات نے میری دنیا الٹ کے رکھ دی ہے۔پھر بھی مجھے امید ہے کہ آپ زندگی کے اس المناک وقت میں مجھے تنہا نہیں رہنے دیں گے۔کیا آپ اپنے فیصلے پر دوبارہ غور کریں گے؟

فقط آپ کی پیاری

خورشید

---------------

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری خورشید۔

آپ کے دلی احساسات کا شکریہ۔افسوس کہ میں اپنے فیصلے پر نظر ثانی نہیں کر سکتا۔یہ میرے اختیار سے باہر ہے۔اس خط کو ختمی سمجھئے۔فقط آپ کا مخلص

دلشاد

---------------

## شادی کا اعلان

پیارے عزیز۔

آخر دنیا کا خوش وخرم ترین انسان تمہیں یہ اطلاع دینے کے لئے لکھ رہا ہے کہ اس نے دنیا کی سب سے پیاری لڑکی سے شادی کر لی ہے۔

میرا گھر اب جنت بن گیا ہے، جس کا انتظام ایک مسکراتی چہکتی حور کرتی ہے اور میں شادی کی مسرتوں سے لطف اندوز ہوتا ہوں اگرچہ کسی قدر تاخیر سے ہی سہی۔

شادی سے پہلے کے ایام یاد کیجئے، آپ کا مخلص

نرالا

---

## شادی پر مبارکباد نامہ

یہ آپ کی بڑی مہربانی ہے کہ آپ نے اپنی شادی کا اعلان کیا جو گذشتہ ہفتہ بڑے پوشیدہ طریقے پر انجام پائی تھی۔ ہماری قلبی مبارکباد قبول فرمائیے کہ آپ اپنے خیالات وخواہشات کے مطابق شادی کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

ہمیں خوشی ہے کہ آپ کا مقصد پورا ہو گیا۔ فقط

آپ کا مخلص

عزیز

---

## شادی کا مشورہ

عزیز قاری۔

شادی کرنے والوں کو مشورہ ـ ـ ـ ـ ـ مت دیجئے! آپ کا مخلص۔ پنچ

# پندرھواں باب

## اضافی مثالیں

''ایک دنیا بنانے کے لئے انواع واقسام کی ضرورت ہوتی ہے''۔

.........انگریزی کہاوت

یہ قریب قریب ناممکن ہے کہ خطوں کی یہ دنیا اور دنیا بھر کے خطوط ہر لحاظ و اعتبار سے مکمل ہوں۔ اس باب میں خطوں کے وہ نمونے پیش کیے جاتے ہیں، جو اس کتاب میں کہیں اور درج نہیں۔

## تاریخ کا تجربہ

مکرمی گبن صاحب۔

اپنی یادگار کتاب ''دولت رومہ کا زوال و اختتام'' لکھنے اور اس کتاب کی تصنیف وتسوید میں اپنی ساری عمر گزار دینے کے بعد اب کیا سمجھتے ہیں کہ تاریخ کیا ہے؟

مخلص

ایک قاری

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی قاری صاحب۔

تاریخ حقیقت میں اس رجسٹر سے ذرا کچھ زیادہ ہوتی ہے، جس میں بنی نوع انسان کے جرائم ہفروگزاشتیں اور بدبختیاں درج ہوتی ہیں۔

آپ کا مخلص

گبن

---

## ازدواجی زندگی پرمسرت بنانے کیلئے

مکرمی۔

شادی کو پرمسرت کیا چیز بناتی ہے؟

آپ کا مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں نہیں جانتا۔ میں نے کبھی کسی کو جنگ پر جانے یا شادی کرنے کا مشورہ نہیں دیا۔ تاہم ڈنمارک کی ایک کہاوت ہے کہ "بہرے شوہر اور اندھی بیوی کا جوڑا ہمیشہ خوش رہتا ہے"۔

مخلص

---

## سوالوں کا سوال

مکرمی ایمرسن صاحب۔

آپ کے فلسفہ "نمائندہ انسان" کے پس منظر کے برعکس آپ کی شادی کے بارے میں کیا رائے ہے۔

نیازگیں

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

کیا شادی ایک کھلا سوال نہیں کہ ازل ہی سے یہ کہا جارہا ہے کہ وہ جو اس کے حلقۂ دام میں اسیر ہیں باہر نکلنا چاہتے ہیں اور جو باہر ہیں وہ اس میں اسیر ہونا چاہتے

ہیں۔

خلوص کار

ایمرسن

---

## انقلاب کی اخلاقیات

مکرمی لنکن صاحب۔

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ انقلاب لانا عوام کا اخلاقی حق ہے؟

خلوص کار

ایک پروفیسر سیاسیات

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی پروفیسر صاحب۔

یہ ملک اپنے معتد بہ اداروں کے ساتھ ان لوگوں کا ہے، جو اس میں رہتے ہیں۔ جب بھی وہ حکومت سے تنگ آ جاتے ہیں تو اسے بدلنے کے لئے اپنا آئینی حق استعمال کرتے ہیں۔ لیکن اس کے برعکس حالت میں وہ اسے اتارنے یا الٹنے کے لئے اپنا انقلابی حق استعمال کرتے ہیں۔

مخلص

ابراہام لنکن

---

## حیثیت معیار کی ہے

محترمہ بیگم سارہ صاحبہ۔

فی زمانہ مقدار و تعداد معیار سے زیادہ اہم معلوم ہوتی ہے۔ آپ کا کیا خیال

ہے؟

آپ کا

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

اگر کوئی شخص اپنے پڑوسی کے مقابلے میں بہتر کتاب لکھتا ہے، بہتر وعظ کہتا ہے یا بہتر چوہے دان بناتا ہے تو دنیا اس کی دہلیز نہیں چھوڑتی خواہ وہ اپنا مکان جنگل ہی میں کیوں نہ بنالے۔

مخلص

سارہ ایس بی یولز

---

## اعانت طلب کرنے کیلئے

مکرمی۔

ہم ایک مشترکہ تنور (کمیونٹی کچن) شروع کر رہے ہیں تاکہ تعلیم یافتہ بے روزگاروں کا پیٹ بھرا جا سکے تاوقتیکہ انھیں کسی امداد باہمی کے ادارے یا کسی اور ادارے میں ملازمت ملے۔

یہ ایک بہت بڑا تجربہ ہے اور اس کے لئے ہمیں فنڈ کی ضرورت ہے۔ براہ کرم جو کچھ آپ دے سکتے ہیں بھیج دیجئے۔ اس سے بہتر آپ کی دولت کا اور کوئی مصرف نہ ہوگا۔ یقیناً کوئی نہیں ہوگا۔

آپ کا

---

## مثبت جواب

مکرمی۔

آپ کے خط مورخہ........کا شکریہ۔ دو ہزار روپے کا چیک حاضر ہے۔ اس وقت میں یہی کچھ پیش کر سکتا ہوں۔

مخلص

---

## منفی جواب

مکرمی۔

کاروبار مندا ہونے کی وجہ سے میں افسوس کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ اس وقت میں رفاہی مقاصد کیلئے کچھ نہیں کر سکتا۔

مخلص

---

## پرانا وعدہ

مکرمی محسن صاحب۔

ایک مرتبہ آپ نے میسرز گلزار کھوکھر اینڈ سنز سے مجھے کچھ امداد دلانے کا وعدہ کیا تھا۔

کیا اب بھی آپ اپنے وعدے پر قائم ہیں؟

خلوص کار

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

یہ آپ کے خط نمبر.......مورخہ.........کی موصولی کی رسید ہے اور اس کے ذریعے آپ کو یہ مطلع بھی کیا جاتا ہے کہ آپ کا معاملہ ڈائریکٹروں کے بورڈ کے

سامنے غور اور کاروائی کے لئے پیش کیا جائے گا۔ان کے فیصلے کے مطابق آپ کو مطلع کر دیا جائے گا۔

مخلص

---

مندرجہ بالا کے استمرار میں

مکرمی۔

میری چٹھی نمبر......مورخہ......کے بارے میں جیسے ہی کوئی فیصلہ ہو ازراہ کرم مطلع فرمائیے۔

شکریہ۔مخلص

---

مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میسرز گلزار کھوکھر اینڈ سنز لمیٹڈ کے ڈائریکٹروں کا بورڈ اس وقت تہی دست ہے کہ سلور جوبلی کی تقریبات پر ساری جمع پونجی خرچ ہو گئی۔ابھی کچھ دن اور انتظار کیجئے۔

مخلص

---

## یاد کرنے کا گر

مکرمی استاد صاحب۔

میں کیسے جان سکتا ہوں کہ ایک مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

آپ کا تابع فرمان۔ایک طالب علم

---

مندرجہ بالا کا جواب

پیارے شاگرد۔

بس یہ اشعار یاد کرلو:

ستمبر کے تیس دن ہوتے ہیں

اپریل، جون اور نومبر کے بھی

اور باقیوں کے اکتیس دن ہوتے ہیں

فروری ان سے کچھ مستثنٰی ہے

جس کے دن عام طور پر تو اٹھائیس ہوتے ہیں

پر لوند کے سال میں انتیس ہوتے ہیں

مخلص۔استاد

---

## ضابطۂ اخلاق

مکرمی جیفرسن صاحب!

آپ کا ضابطۂ اخلاق کیا ہے؟

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

میں نے اپنی قومی زندگی میں نہ تو کبھی کوئی ایسا کام کیا اور نہ کسی ایسے کام کی حمایت جو انتہائی نیک نیتی کے منافی ہو، کہ یہ میرا کبھی عقیدہ نہیں رہا کہ قومی کارکن کے لئے ضابطۂ اخلاق کچھ اور ہوتا ہے اور عام آدمی کے لئے کچھ اور۔

آپ کا مخلص

جیفرسن

-------------

## کام کے بنو

پیارے چچا جان۔

آپ مجھے ہمیشہ یہی کہتے ہیں کہ ''اچھے بنو''۔لیکن آپ نے یہ کبھی نہیں بتایا کہ میں کیسے اچھا بن سکتا ہوں؟

خلوص کار

----------

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے بھتیجے۔

انتہائی با اخلاق مت بنو۔اس لئے کہ اخلاقیات سے بلندتر مقاصد پر مبنی زندگی گزارنے میں اس امر کا احتمال ہے کہ تم اپنی ذات کو بھی دھوکا دے دو۔محض اچھے ہی مت بنو بلکہ کام کے بنو۔

خلوص کار

تھوریو

------------

## دور شرمساری

مکرمی شاہ صاحب۔

کیا آپ کا یہ خیال ہے کہ ہم دور شرمساری میں رہتے ہیں؟

مخلص

شاہ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی شاہ صاحب۔

ہم شرم انگیز ماحول میں رہتے ہیں۔ ہمارے اردگرد جو حقائق ہیں ہم ان پر شرمندہ ہیں۔ہم اپنی ذات سے شرمندہ ہیں، اپنے رشتے داروں، اپنی آمدنی، اپنے لہجے، اپنے خیالات، اپنے تجربات ۔۔۔غرضیکہ سبھی سے شرمندہ ہیں اور ایسے ہی شرمندہ ہیں جیسے اپنے ننگے بدن پر۔

جارج برنارڈ شاء

---

## چٹھی

پیاری رمی۔

کیا تم مجھے ٹینی سن کی نظم ''دی لیٹر'' (چٹھی ) کے چند اشعار بھیج سکتی ہو؟

مخلص

ٹمی

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیاری ٹمی۔

ٹینی سن کی نظم ''دی لیٹر'' کے چند اشعار درج ذیل ہیں:

جاؤ، ننھے خط، قدم بقدم۔

اڑ جاؤ۔

نیچے وادی میں پھیلی ہوئی روشنی کی طرف اڑ جاؤ۔

اس کی شبنمی نیلی آنکھوں کو میری خواہشات سے آگاہ کرو۔

مخلص

رمی

-----------

## اپنا خیال رکھیے

ڈیر ینگ ۔

کیا آپ کی رائے میں یہ مناسب نہیں کہ غلط سوچنے کی بجائے کچھ سوچا ہی نہ جائے ؟

آپ کا مخلص

-----------

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے دوست ۔

اگر تمہارا جی چاہتا ہے تو غلط سوچو تاہم ہر حال میں اپنا خیال ضرور رکھو ۔

مخلص

ینگ

---------------

## مارکسی مقولہ

مارکس صاحب ۔

آپ کے کیموزم کی جڑ بنیاد کیا ہے؟

آپ کا مخلص

ول

----------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کے کارکن طبقات اشتراکی انقلاب سے کانپتے ہیں۔ پرولتاریوں کو اس میں اپنی زنجیروں کے سوا اور کچھ نہیں کھونا پڑتا اور فتح کرنے کو ان کے سامنے ایک دنیا ہوتی ہے۔ساری دنیا کے مزدورو متحد ہو جاؤ۔

آپ کا مخلص

مارکس

-----------

## دوکاندار کا خیر مقدم

مکرمی شاعر صاحب۔

کیا آپ میرے جنرل سٹور کا کاروبار بڑھانے کے لئے چند مناسب سے اشعار لکھ سکتے ہیں؟

مخلص۔۔ریڈی

-------------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

"شام کو آیئے، صبح کو آیئے

آیئے جب توقع ہو، بغیر اطلاع کے آیئے

آپ کو اپنے سامنے ہزاروں اشیا خوش آمدید کہتی ملیں گی

جتنی بار آپ آئیں گے اتنی ہی ہم پرستش کریں گے۔

مخلص

آرٹش شاعر

-----------

## موسم دانی

مکرمی۔

آپ کیوں یہ سمجھتے ہیں کہ موسم کے بارے میں آدمی احمق ہوتا ہے؟

مخلص۔علم دین

-----------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

''قاعدے کے مطابق تو آدمی بیوقوف ہوتا ہے

کہ جب گرمی ہوتی ہے تو ٹھنڈ چاہتا ہے

اور جب ٹھنڈ ہوتی ہے تو گرمی چاہتا ہے

وہ ہمیشہ وہ چاہتا ہے، جو موجود نہیں ہوتا۔''

مخلص۔مارک ٹوائن

-----------

## لنکن کے الفاظ

مکرمی۔

ابراہام لنکن کی تقریر کے بہترین الفاظ کیا ہیں؟

مخلص

--------------------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ابراہام لنکن کی بہترین تقریر وہ ہے جو اس نے گیٹسبرگ میں سپاہیوں کے

قبرستان میں کی تھی

''ہم یہاں نہایت وثوق کے ساتھ عہد کرتے ہیں کہ ہم ان شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے، یہ بھی کہ یہ قوم خداوند خدا کے چھتر تلے آزادی کا نیا جنم لے گی اور یہ کہ یہ عوام کی حکومت، عوام کی چنی ہوئی اور عوام کے لئے روئے زمین سے کبھی نہیں مٹے گی۔''

آپ کی مخلص

---------

## افزائش حسن کے لئے

مکرمی۔

افزائش حسن کا نسخہ کیا ہے؟

مخلص

(مس) کنیز عباس

---------------

## مندرجہ بالا کا جواب

محترمہ کنیز عباس صاحبہ۔

پہلے تو وقت ضائع کیجئے۔ یعنی آرام کیجئے۔ یعنی ورزش کیجئے۔ پھر سجایئے۔ خود کو غازوں اور روغنوں سے سجایئے۔ پھر پہنیے۔ اپنا بہترین لباس۔ پھر رقص کیجئے۔ ناچتے ہوئے معاشرے میں اپنا راستہ بنایئے۔ پھر گہرائی میں جایئے۔ دوسروں کے بٹوؤں کی گہرائی ناپیئے۔ پچھاڑ کھایئے۔ پیٹ بھر کھانا کھایئے اور اپنے شکار سے جی بھر کے کھیلئے۔

آپ کی مخلص۔ بیوٹیشن

-----------------

## اقتصادی آزادی

مکرمی۔

پاکستان میں اقتصادی آزادی سے آپ کی مراد کیا ہے؟

آپ کا مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

روٹی، دوا علاج اور تعلیم پاکستان میں ہر آدمی کے لئے اسی طرح مفت ہونی چاہیے، جیسے دھوپ ہوا اور پانی ہیں۔

آپ کا مخلص

---

## دیانت دار کارکن

روزنامہ میل مورخہ ۲۰ جنوری ۱۹۷۳ء کی اطلاع کے مطابق بلدیہ لندن کے ایک اہلکار نے یہ خط لکھا:

بجانب بوروٹریژار آفس

ولنگڈن۔این ڈبلیو۔لندن

---

جناب مکرم۔

گزشتہ چند ہفتوں سے میں اپنے فرائض سرانجام نہیں دے رہا ہوں۔ لہٰذا ضمیر کی آواز کے مطابق دس پونڈ کی رقم ارسال خدمت ہے۔

آپ کا مخلص

سی ڈی۔۲

---

## کہاں رہا جائے

مکرمی۔

اپنی اس بدعنوانیات گزیدہ سرزمین پر کوئی شخص کہاں رہ سکتا ہے؟

آپ کا مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

شہر کی اندھیری گھور گلیوں میں کبھی رات بسر نہ کیجئے۔ بلکہ ہمیشہ کھلے میدان میں ترجیحاً تاروں بھرے آسمان تلے سرسبز زمین پر لیٹیے اور صحت و عالی دماغی کو اپنے بدن کے مسامات کے ذریعے اپنے اندر رچ بس جانے دیجئے۔

آپ کا مخلص

---

## مطلب کے لوگ

پیارے قاری۔

میں غریبوں کو چاہتا ہوں جو پیدل دنیا کا چکر لگا سکتے ہیں۔ امیروں کو نہیں جو کار کے بغیر ایک میل بھی نہیں چل سکتے۔ میں وہ لوگ چاہتا ہوں جو جسمانی اور دماغی لحاظ سے مضبوط ہیں، وہ نہیں جو دماغی طور پر تو مضبوط ہوتے ہیں اور جسمانی طور پر کمزور۔ میں وہ لوگ چاہتا ہوں جن کے پاس کچھ بھی نہ ہو اور پھر بھی سب کچھ ہو اور سب کچھ رکھتے ہوئے بھی ان کے پاس کچھ نہ ہو۔ جو اپنی املاک کے مالک ہوں غلام نہ ہوں جن کے قبضے میں دولت ہو اور وہ خود دولت کے قبضے میں نہ ہوں اور نہ ہی دولت کے مقبوضہ ہوں۔

آپ کا مخلص۔ مصنف

---

## خالی اسامی

پیارے قاری۔

مجھے وہ درکار ہیں جو دوسروں کے لئے دکھ اٹھاتے ہیں، وہ نہیں جو اپنے لئے دوسروں کو دکھوں میں ڈالتے ہیں۔ مجھے وہ لوگ چاہئیں جو جدید تہذیب کے تکلفات میں بھی دکھی ہوں، وہ نہیں جو سائنس اور بے سائنس کی مصیبتوں میں موج اڑاتے ہیں کیونکہ سائنس تو ہے ہی حماقت محض۔ آپ یا تو سونے کے بوجھ تلے دبے ہوئے گدھے ہیں یا گدھے پر لدا ہوا سونا ہیں۔ آپ ان دونوں میں سے ایک تو ہو سکتے ہیں دونوں نہیں۔ جب ہم دولت پر قابض ہونے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ دولت ہوتی ہے جو ہم پر قبضہ پا لیتی ہے۔

آپ کا مخلص

مصنف

---

## مشرق اور مغرب

عزیز ترین قاری۔

اگر بعض پاکستانی مسئلے مغربی انداز میں حل ہو سکتے ہیں تو بعض مغربی مسائل بھی ایسے ہیں جو پاکستانی انداز میں حل کئے جا سکتے ہیں۔ آپ کا پیارا

مصنف

---

## معاہدہ کا فارم

یہ معاہدہ آج بتاریخ.............انیس سو.......کو مابین..........(جو بعد ازاں اس میں مصنف کہلایا خود اپنی ذات، اپنے وصی، منتظمین اور کارندوں کی جانب سے فریق اول) اور میسرز.........(جو بعد ازاں پبلشر کہلایا اپنے ورثاء اور کارندوں کی جانب سے فریق ثانی) ہوا۔

بذریعہ ہذا باہمی طور پر طے پایا کہ:

ا۔ پبلشر اپنے خرچ اور جوکھوں پر مصنف کی تصنیف بعنوان........(جو بعد ازاں اس میں بطور تصنیف مذکور ہوئی) شائع کرے گا۔

۲۔ جملہ حقوق جیسا کہ کاپی رائٹ ایکٹ آف اسلامی جمہوریہ پاکستان (یہاں کے مروجہ ایکٹ کا نمبر اور سنہ لکھا جائے) کی دفعہ.......میں صراحت کی گئی ہے قانونی مدت کے دوران پبلشر کی ملکیت ہوں گے بشرطیکہ مصنف کو مندرجہ ذیل ادائیگیاں کی گئی ہوں۔

(الف) تصنیف کی تمام فروخت شدہ جلدوں پر جہاں کہیں بھی فروخت ہوئی ہوں....... پاکستان میں اشاعتی قیمت کے.......فی صد کے حساب سے رائلٹی۔

(ب) اس منافع کا نصف جو ترجمہ اور تمثیل، سینما ٹوگرافی یا کسی اور غیر نسبتی حقوق جو اس وقت ہیں یا نقل بنانے کی پابندی سے استثناء کی قانونی مدت کے درمیان تصنیف کے حق تصنیف سے متعلق ہوں گے یا ہو جائیں گے، سے حاصل کیا جائے۔

بشرطیکہ پبلشر کی رائے یا فیصلے کے مطابق یہ مناسب معلوم ہو کہ متذکرہ تصنیف کی باقی یا ساری جلدیں کسی وجہ سے کم تر قیمت یا سارا ذخیرہ یا اس کا کوئی سا حصہ مخصوص سودے کے تحت مطبوعہ قیمت کے نصف، یا اس سے بھی کم یا بطور ردی کے فروخت کی جائیں تو رائلٹی تصنیف کی مطبوعہ قیمت کی بجائے اسی فروخت کے

حساب سے لگائی جائے گی۔

۳۔ کتاب کی تیاری، طباعت، طباعت ثانی اور فروخت اور ان سے وابستہ جملہ حالات وشرائط پبلشر کی مرضی اور فیصلے پر موقوف ہوں گے۔

۴۔ مصنف اتفاق کرتا ہے کہ پروف شیٹ (طابع کی متوقع اغلاط) میں اپنی تصحیح وترمیم کے تمام اخراجات تصنیف کی کتابت یا کمپوزنگ کے اخراجات سے ۱۵ فی صد زائد ہو جانے کی صورت میں ادا کرے گا۔ اس دفعہ کے تحت جو اخراجات بھی ہوں گے وہ اس معاہدے کے تحت مصنف کو دی جانے والی رقم سے منہا کر لئے جائیں گے۔

۵۔ بذریعہ ہذا مصنف پبلشر کی جانب سے اس امر کا ذمہ دار ہے کہ متذکرہ تصنیف (جس کے بے ضرر ہونے کا اس معاہدے کے فریقین کو یقین ہے) کسی معرض وجود میں حق تصنیف کی خلاف ورزی نہیں، نہ اس میں فحش، ناشائستہ اور فتنہ انگیز یا مذہبی منافرت یا مناقشت کو فروغ دینے والا مواد شامل ہے اور اتفاق کرتا ہے کہ اگر اس ذمہ داری کی خلاف ورزی کے نتیجے میں ہونے والے تمام نقصانات، اخراجات، صدمات اور اتلافات کی تلافی جیسا کہ موقع ہو پبلشر کو کرے گا۔

۶۔ مصنف اتفاق کرتا ہے کہ وہ پابندی سے مستثنیٰ حق تصنیف کی قانونی مدت کے دوران جیسا کہ موقع ہو تصنیف کے نئے ایڈیشن کو وقت کے تقاضے کے مطابق بنانے کے لئے نیا مواد فراہم کرے گا۔ اگر مصنف اس سے پہلو تہی کرے یا اپنی موت یا کسی اور وجہ سے تصنیف پر نظر ثانی کرنے، اسے مرتب کرنے یا مطلوبہ مواد فراہم کرنے سے قاصر ہو تو پبلشر اس مقصد کے لئے کسی آدمی کو مقرر کرے گا اور اس پر ہونے والے تمام اخراجات مصنف کی رائلٹی سے منہا کر لئے جائیں گے۔

۷۔ اس معاہدے کی مدت کے دوران مصنف نہ تو تنہا اور نہ کسی کی شرکت میں یہ تصنیف شائع کرے گا اور نہ شائع کرانے کا سبب بنے گا۔ نہ اس جیسی کسی تصنیف کو

ترتیب دے گا اور نہ ترتیب دینے میں تعاون کرے گا۔

۸۔ سال میں ایک مرتبہ پبلشر متذکرہ تصنیف کا حساب کرے گا اور حساب کرنے کے بعد تین ماہ کے اندر مصنف کی واجب الادا رائلٹی ادا کرے گا۔

۹۔ یونیورسل کاپی رائٹ کنونشن مورخہ چھ ستمبر انیس سو باون عیسوی جو اقوام متحدہ کی تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی تنظیم کے پاس محفوظ ہے کی شق III کی مقصد برآری کے لئے یہ طے پایا ہے کہ متذکرہ صدر تصنیف کے حق تصنیف کا مالک پبلشر قرار پائے گا۔

دستخط مصنف

دستخط پبلشر

دستخط گواہ

---

## قدرت کا بلاوا

مکرمی۔

وہ کیا ہے جو آپ کو گھر کے سکون و آرام سے نکال کر سخت کوشانہ زندگی کے خطرات میں کھینچ لے جاتی ہے؟ آپ کا مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

''چھوٹی سی سڑک کہتی ہے جاؤ۔
ننھا گھر کہتا ہے کہ ابھی ٹھہرو۔
اور اوہ یہاں گھر میں بڑا آرام سکون ہے
پھر بھی مجھے چلا جانا چاہیے''

مخلص

---

## جگہ دینے سے انکار

مکرمی۔

افسوس کے ساتھ آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ محمودی صاحب نے اگلے ہفتہ کو اجلاس کے لئے کالج کا ہال استعمال کرنے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے۔

خلوص کار

---

## تجارتی انکوائری

۱۰۳۔ پارک روڈ

لاہور۔ ۷ ستمبر ۲۰۰۳ء

میسرز کے ایس سنز

کچہری روڈ، قصور

جناب مکرم

ہمیں آپ کی جانب سے آپ کی بنائی ہوئی ربر کی پیٹیوں کی تفصیلات موصول کر کے خوشی ہوگی۔ ہمیں یہ پیٹیاں محکمہ پولیس کو فراہم کرنے کے لئے درکار ہیں۔

ہمیں توقع ہے کہ ہماری ضرورت سال بھر تک خاصی وسیع پیمانے پر ہوگی۔ لہٰذا ہمیں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ آپ کے نرخ مقابلتاً مناسب ہونے چاہئیں۔

ہمیں زیادہ تر کالے چمڑے کی ایسی پیٹیاں درکار ہوں گی جن میں نکل شدہ پیتل کے بکسوئے لگے ہوں اور ان پر چند حروف کھدے ہوئے ہوں۔ آپ اپنے نرخ حروف کی کھدائی کے اخراجات شامل کر کے اور اس کے بغیر بھی درج کر سکتے ہیں۔ لیکن مال ہر حال میں معیار کے لحاظ سے درجہ اول کا ہو۔

ہم آپ کے جواب بالعجل کے منتظر ہیں تا کہ معاملہ آگے بڑھے۔

خلوص کار

خالد خاں منیجر

مخدوم اینڈ سنز

---

## مندرجہ بالا کا جواب

میسرز مخدوم اینڈ سنز

۱۰۳۔ پارک روڈ۔ لاہور

مکرمی جناب۔

پہلے تو ہمیں آپ اپنی ۷ ستمبر کی انکوائری کا شکریہ ادا کرنے کی رخصت دیجیے۔

پھر ہم نہایت مسرت کے ساتھ ذیل میں اپنے نرخ درج کرتے ہیں:

۱۔ چمڑے کی پیٹیاں ( کالی، فولاد کے بکسوے، دو انچ چوڑی اور ایک گز لمبی )۔

۳۴۰۰ روپے فی درجن

۲۔ چمڑے کی پیٹیاں (نکل شدہ پیتل کے بکسوے، سوا دو انچ چوڑائی، ایک گز لمبی )۔

۳۷۰۰ روپے فی درجن

۳۔ چمڑے کی پیٹیاں دونوں حالتوں میں کھدے ہوئے حروف کے ساتھ۔

۳۰۰ روپے فی درجن زائد

۴۔ ہم بطور نمونہ کچھ پیٹیاں بھیج رہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کو نمونہ دیکھ کر معلوم ہو جائے گا کہ ہم نے بازار کے مقابلے میں عمدہ معیاری پیٹیوں کے نسبتاً ارزاں نرخ درج کیے ہیں۔

ہماری پیٹیوں کی گاہکی کا دائرہ خاصا وسیع ہے اور ہم آرڈروں کی فوری تکمیل

کے لئے بھی مشہور ہیں البتہ غیر معمولی بڑی تعداد کی فراہمی کے لئے ہمیں مناسب مہلت کی ضرورت ہوگی۔

یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ ہم ربع صدی سے سارے پاکستان میں مشہور چلے آرہے ہیں۔اور یہ باور کرانے میں حق بجانب ہیں کہ ہم آپ کی ضرورت پوری کرنے کے ہر طرح اہل ہیں۔ فقط

مخلص

منیجر۔کے ایس سنز

---

## مندرجہ بالا کا جواب

۱۰۳۔پارک روڈ میسرز کے ایس سنز

لاہور۔۲۰ستمبر۲۰۰۳ء کچہری روڈ،قصور

جناب مکرم۔

ہمیں آپ کے ۱۰ستمبر کے مرسلہ نرخ موصول ہوئے۔ہم نے آپ کے ارسال کردہ نمونوں کی روشنی میں انکا جائزہ لیا اور اس نتیجے پر پہنچے کہ آپ کا مال ہمارے لئے مناسب رہے گا۔اس لئے ہم اپنا آرڈر فارم نمبر ۴۸/۳۳۶ برائے ایک سو درجن چمڑے کی پیٹیوں بمعہ نکل شدہ پیتل کے بکسوؤں کے لف ہذا ہے۔

چوں کہ حروف کی کھدائی کے جو اخراجات آپ نے درج کیئے ہیں وہ زیادہ ہیں اس لئے ہم نے اس کے برخلاف فیصلہ کیا ہے۔لہٰذا آپ پیٹیوں پر حروف نہ کھدوائیں۔

یہ جان کر آپ کو خوشی ہوگی کہ آپ کے نرخ اس لئے قبول نہیں کیے گئے کہ وہ کم ترین ہیں بلکہ اس لئے قبول کیے گئے ہیں کہ آپ کے بھیجے ہوئے نمونے ہماری ضرورت کے عین مطابق تھے اور اس لئے بھی کہ آپ کی شہرت فوری مال فراہم

کرنے اور وقت کی پابندی کے لئے اچھی ہے۔اس کی چنداں ضرورت نہیں کہ آپ کو پہلے تاثر کی اہمیت کا احساس دلایا جائے۔

ہمیں خوشی ہوگی اگر آپ بلا توقف مسافر گاڑی سے مال ارسال کریں گے۔

فقط خلوص کار

منیجر

مخدوم اینڈ سنز

---

## نرخوں کا استرداد

جناب مکرم۔

ہمیں آپ کے نرخ اور چمڑے کی پیٹیوں کے نمونے موصول ہوئے۔ہم نے ان کا جائزہ لیا اور اس نتیجے پر پہنچے کہ آپ کے نمونے اور نرخ دوسری فرموں کے ارسال کردہ نمونوں اور نرخوں سے مال کے معیار اور ارزانی کے لحاظ سے مقابلہ نہیں کرتے۔اس لئے ہمیں معاملے کو آگے بڑھانے کی ضرورت نہیں۔

ہم آپ کے نمونے بذریعہ ڈاک پارسل واپس بھیج رہے ہیں۔

شکریہ۔فقط

مخلص

---

## نرخ طلب کرنے کیلئے

مکرمین جناب۔

ہمیں بڑی مقدار میں چینی کے ملعبوں کی فراہمی کیلئے آپ کے نرخوں پر غور کرکے خوشی ہوگی۔اگر آپ کا مال تسلی بخش اور قیمتیں مقابلتاً ارزاں ہوئیں تو ہم اپنے کاروبار کا ایک بڑا حصہ آپ کے سپرد کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ہم آپ پر یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ آپ کے مال کی سخت آزمائش کی جائے گی، ہمیں امید ہے کہ اس پر آپ کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ ہم درجہ اول کے دس کلو ملکعبوں کی آزمائشی فراہمی کے دام تو بازار کے بھاؤ سے ادا کریں گے لیکن آزمائش کی کامیابی پر ہم کم از کم بیس کوئنٹلز ماہانہ کی فراہمی کا ٹھیکہ کریں گے اس میں ضرور کچھ منہائی دینے پر غور کیا جائے۔

ازراہ کرم اپنی بہترین شرائط سے جلد از جلد مطلع فرمائیے۔ شکریہ۔

مخلص

---------------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمین جناب۔

ہمارے چینی کے ملکعبوں کے بارے میں آپ کی معلومات طلبی کے ہم از حد شکر گزار ہیں۔ ہم نہایت مسرت کے ساتھ عرض کرتے ہیں کہ آپ کے غیر معمولی آرڈر کے پیش نظر اپنی قیمتوں میں دس فیصد کمی کر دیں گے۔ بازار میں ملنے والے خام مال کی مروجہ قیمتوں اور حالات کے پیش نظر آپ ہماری قیمتوں میں اس کمی کو سراہیں گے۔ تاہم ہمیں یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ قیمتوں میں یہ کمی اسی ہی صورت میں ہوگی جب کہ کم از کم بیس کوئنٹلز ماہانہ کا آرڈر کیا جائے۔

آپ اسے تسلیم کریں گے کہ ہمارے لئے چند حفاظتی قدغنیں عائد کرنا ضروری ہے اور آپ کو ہم سے کم از کم متذکرہ صدر ماہانہ کوٹا اٹھانے یا جس مقدار کا آپ آرڈر دیں اس کی پوری قیمت ادا کرنے کا پکا وعدہ کریں۔ تاہم آپ کو یہ اختیار ہوگا کہ آپ وہ مال مسترد کر دیں جو نمونوں کے مطابق نہ ہو، جو آج ہم بذریعہ پارسل بھیج رہے ہیں۔

چوں کہ ہمارا کام نیا نیا ہے اور ہم ایک دوسرے کے لئے اجنبی ہیں اس لئے اگر

ہمیں ایک دو بنکوں کے حوالے اپنے آرڈر کے ساتھ ارسال کریں تو ہم از حد ممنون ہوں گے۔

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمین جناب۔

چوں کہ آپ کے بھیجے ہوئے چینی ملکعبوں کے نمونوں کی آزمائش تسلی بخش رہی اس لئے ماہ نومبر کے لئے بیس کو نٹلو کا آرڈر آپ کی پرائس لسٹ میں درج قیمت سے دس فیصد کم قیمت پر دینے کو تیار ہیں۔

ہم پوری مقدار کی قیمت آپ کو ادا کرنے پر آمادہ ہیں بشر طیکہ معہودہ کوٹے سے کم مقدار کی ہماری طلب ہو۔ تاہم ہمیں معیار کے مطابق نہ ہونے پر آپ کا مال مسترد کرنے کا بہر نوع اختیار حاصل ہے اور وہ مال بھی جو نامناسب ہو گا اور جو آرڈر کی تاریخ سے سات روز سے زائد کی مدت میں فراہم کیا جائے گا۔ یہ استرداد ہمارے مجموعی آرڈر میں سے منہائی کا حساب لگانے کے لئے وضع نہ کی جائے۔ یہ ٹھیکا یکم مارچ ۲۰۰۳ء تا ۲۹ فروری ۲۰۰۴ء تک جاری سمجھا جائے۔

ہم دو بنک حوالے (یونائیٹڈ بنک اور نیشنل بنک آف پاکستان) آپ کی تسلی کے لئے پیش کرتے ہیں۔

مخلص

---

## حصص کی خریداری

مکرمی جناب۔

سارے ملک میں پھیلی ہوئی افواہوں سے معلوم ہوتا ہے کہ نیشنل ربر کمپنی کے

حصوں کی قیمت گھٹ کر پچاس روپے ہو جانے کا امکان ہے۔ میں ممنون ہوں گا اگر آپ میرے لئے پچاس روپے یا اس سے کم قیمت پر پانچ سو حصے خرید لیں۔ چوں کہ میں کوئی خطرہ مول لینے کو آمادہ نہیں اور تحفظ کی ایک حد برقرار رکھنا چاہتا ہوں اس لئے پچاس روپے سے آگے نہیں بڑھوں گا۔

آپ کا مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہم نہایت مسرت کے ساتھ اطلاع دیتے ہیں کہ آپ کی ہدایت کے مطابق نیشنل ربر کمپنی کے پانچ سو حصے خریدنے میں کامیاب ہو گئے۔ غیر معمولی سرد بازاری کی وجہ سے ہم نے یہ حصص =/۴۴ روپے فی حصہ کے حساب سے خریدے ہیں، جس پر ایک روپیہ فی حصے کے حساب سے دلالی دی گئی۔ آپ دیکھیں گے کہ ہماری طرف بقایا ۲۴/۴۲ روپے ہے۔

ہم ٹرانسفر فارم بھیج رہے ہیں جو بھر کر ہمیں بھیج دیجئے تا کہ نئے سرٹیفکیٹ تیار کرائے جائیں۔

ایکسچینج کے نرخ اگلے ہفتے مستحکم ہونے کا امکان ہے اور اس امر کا ہر طرح امکان ہے کہ آپ کے سرمائے میں گراں قدر اضافہ ہوگا۔

مخلص

---

## احتجاج کرنا

مکرمی۔

میں افسوس کے ساتھ آپ کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کراتا ہوں کہ ڈاک

خانے اور مارکیٹ روڈ کے درمیان گلی میں ٹرکوں کے کھڑے ہونے سے دشواریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اغلب ہے کہ گلی کا یہ استعمال آپ کی مرضی سے نہیں کیا جاتا ہوگا بلکہ یہ ممکن ہے کہ آپریٹروں نے یہ طریقۂ کار دوکان کے بڑے دروازے کے سامنے ڈرائیونگ کی دشواری سے بچنے کے لئے اختیار کیا ہوگا اگرچہ وہاں گاڑیاں کھڑی کرنے کی خاصی سہولت موجود ہے جہاں چالان ہو جانے کا امکان ہے۔ علاوہ ازیں آپریٹر دوکان کے اوقات کار کے بعد اور ہفتے واری چھٹی کو بھی مال اتارتے چڑھاتے ہیں۔

دوسرا نکتہ جو میں اٹھانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ آپریٹر اس گلی کے ان باشندوں کے ساتھ بدتمیزی سے پیش آتا ہے جو اس طریقہ کار کے خلاف آواز بلند کرنی چاہتے ہیں۔ اس شخص میں انسانیت اور تہذیب کی رمق بھی نہیں۔

لہٰذا میں جناب سے درخواست کرتا ہوں کہ ازراہ کرم اپنا انسپکٹر بھیجئے جو ہماری شکایت کا جائزہ لے اور صحیح صورت حال کو جانے۔

مخلص

-----------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی شکایت موصول ہوئی۔ ہم نے معاملہ کا اندازہ کرنے کے لئے اگلے اتوار کو انسپکٹر بھیجنے کا انتظام کیا ہے۔ ہم آپ کو ہدایت کرتے ہیں اس دوران آپ قانون اپنے ہاتھ میں نہ لیں اور کارپوریشن کے عملے کو اپنی کاروائی کرنے دیں۔

مخلص

-------------

## فنڈ کے لئے اپیل

مکرمی۔

پنجاب کے سیلاب زدگان کی امداد کے لئے ہم نے آپ کی رقت انگیز اپیل بڑی دل چسپی کے ساتھ پڑھی۔ہمیں پوری طرح اتفاق ہے اس عظیم مقصد کے لئے ہر شخص کو حتی المقدور اپنا فرض ادا کرنا چاہئیے۔

ہم اپنا =/۳۵۰۰ روپے کا چیک لف ہذا کر رہے ہیں۔

مخلص

-----------

## نفی میں جواب

ہم نہایت افسوس کے ساتھ اپنی بے بضاعتی کا اظہار کرتے ہیں کہ سیلاب زدگان کے امدادی فنڈ میں چندہ نہیں دے سکتے۔

بدقسمتی سے مالی مشکلات نے ہمیں مجبور کر دیا ہے کہ ہم ایک سال کے لئے اپنی خیرات کی منظور شدہ لسٹ میں وسیع پیانے پر کٹوتی کریں۔تاہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ جیسے ہی حالات نے اجازت دی تو کچھ نہ کچھ بھیجنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ہمیں یقین ہے کہ آپ کی اپیل دریں اثناء دوسری اطراف میں زیادہ مفید ثابت ہو گی۔

مخلص

------------

## بنک سے اپنی رقم سے زیادہ رقم نکلوانا

مکرمی جناب۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے،عید آ رہی ہے اور اس وقت ہماری کارگزاری میں معتد بہ اضافہ ہو جاتا ہے۔میرے ذخائر کم ہیں اور میں تھوک فروشوں سے طویل

المیعاد قرض پر مال لینے سے قاصر ہوں میں اس وقت سخت مشکل سے دوچار ہوں اور آپ سے معمولی سی رقم زائد لینے کی درخواست کرتا ہوں۔

واضح رہے کہ میں اب تک قرض لینے سے یوں رکا رہا ہوں کہ میں کاروبار میں نیا نیا آیا ہوں۔

تاہم میں صرف ایک لاکھ روپے سے کام چلا لوں گا اور اس رقم کی ادائیگی ۱۵ ستمبر تک ہو جائے گی۔ میں ذمہ لیتا ہوں کہ میرے قرض کا حساب اگلے سال ۳۱ جنوری سے زیادہ نہ چلے گا۔

مجھے امید ہے کہ آپ مجھے یہ قرض میری ذاتی ضمانت پر جاری کر دیں گے۔

اندریں حالات میں آپ کو اپنے حسابات کے معائنے کی اجازت دیتا ہوں تاکہ آپ کی تسلی ہو جائے کہ میں کس قدر جلدی قرض اتارنے کا اہل ہوں۔ شکریہ

مخلص

-------------

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

ہمیں زائد وصولی کے لئے آپ کا خط ملا۔ معمول کے مطابق ہم آپ کی درخواست کو قبول کرنے سے قاصر ہیں۔ تاہم آپ کی مشکلات کے پیش نظر آپ کو مادی ضمانت پر ایک لاکھ روپیہ بطور قرض دیئے جانے پر غور کیا جا سکتا ہے۔ کیا آپ کوئی ضامن پیش کر سکتے ہیں؟ یا بصورت دیگر سونا یا اسناد حصص قسم کی رقم کے مساوی قیمت کی ضمانت جمع کرا سکتے ہیں؟

ہمیں یہ بتانے میں باک نہیں کہ یہ ہمارے بنک کا عام طریق کار ہے اور اس ضمن میں ہمیں قرض لینے والے کی ذاتی اہمیت سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔

مندرجہ بالا شرائط پر حاصل کیے جانے والے قرض پر سود کی شرح روزانہ بقایا پر

۲/۱۷ فی صد ہے۔ مخلص

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

مجھے آپ کے خط مورخہ......... سے معلوم ہوا کہ آپ ذاتی ضمانت پر زائد رقم دینے سے قاصر ہیں۔ مجھے آپ کی مشکلات کا احساس ہے۔ آپ کی طلب کے مطابق میں میسرز رضوی اینڈ کمپنی کا ضمانت نامہ اس کے ساتھ بھیج رہا ہوں جس پر دستخط اور ٹکٹ دونوں ثبت ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ ضامن سے آپ اچھی طرح واقف ہیں۔ اس منطق کے تحت میں یقین کرتا ہوں اب آپ ضمانت قبول کر لیں گے اور مجھے ایک لاکھ روپے کی رقم معہودہ مدت کے لئے ۲/۱۷ فی صد شرح پر ادھار دیں گے۔ شکریہ۔ مخلص

## وصیت اور وقف نامے

### نمونہ وقف نامہ

آج بتاریخ ...............۲۰۰۳ء..........(ازاں بعد اس میں بانی فریق اول کہلایا) اور دی نیشنل بنک آف پاکستان بمعہ اپنے صدر دفتر واقع دی مال لاہور (ازاں بعد متولی فریق ثانی کہلایا) کے درمیان وقف نامہ تحریر پایا۔

ہرگاہ کہ بانی اس امر کا خواہش مند ہے کہ ہر مہینے گیارھویں پر فاتحہ اور لنگر کا انتظام کیا جائے اور........روح کو ایصال ثواب کے لئے، خود اپنی زندگی کے دوران برکت حاصل کرنے اور اپنے مرنے کے بعد اپنی روح کو ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کا اہتمام کیا جائے۔

یہ وقف نامہ شہادت دیتا ہے کہ:

۱۔ بانی متولی بنک کو بذریعہ ہذا مبلغ........نیشنل بنک آف پاکستان میں دوامی جمع کے طور پر رکھنے کے لئے ادا کرتا ہے۔ متذکرہ رقم مبلغ........کی وصولی کی رسید بذریعہ ہذا متولی بنک جاری کرتا ہے۔

۲۔ جمع شدہ رقم متولی بنک کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کئے جانے والی شرح سے سود حاصل کرے گی۔ موجودہ شرح منافع ۴ روپے سینکڑہ سالانہ ہے۔ متولی بنک ہذا ضمانت دیتا ہے کہ شرح ہمیشہ بنک کی شرح سے ایک فی صد زائد ہو گی۔

۳۔ مندرجہ ذیل مقاصد کے حصول کے لئے متولی دوامی جمع شدہ رقم مبلغ ........کا حاصل شدہ سالانہ منافع خرچ کرے گا۔

(الف) متولی ماہانہ لنگر کے اخراجات کے لئے وقتاً فوقتاً مبلغ........صرف ........کو ارسال کرے گا۔ قرآن مجید کی تلاوت.........کی روح کو ایصال ثواب، بانی کے لئے زندگی میں برکتوں اور مرنے کے بعد ثواب کے حصول کے لئے روزانہ کی جائے گی۔

(ب) مبلغ.........کی رقم ہر سال مندرجہ ذیل طریقوں سے خرچ کی جائے گی۔

(۱) قرآن خوانی سالانہ تقریب.... بانی کے..... یاد میں جو.....تاریخ کو ختم ہو گی۔

(۲) قرآن خوانی..........بیاد..........جو سالانہ بتاریخ......ختم ہو گی۔

(۳) قرآن خوانی.....بانی کو اس کی زندگی برکتیں کرامت فرمانے کے لئے۔

(۴) قرآن خوانی.......بیاد.........جو سالانہ بتاریخ.....ختم ہو گی۔

۴۔ متولی وقف کے مندرجہ بالا مقاصد پر ہونے والے اخراجات اس رقم تک محدود رکھے گا جو موقفہ رقم کے منافع سے حاصل ہو گی وہ اصل زر میں سے ایک حبہ بھی خرچ نہیں کریں گے۔

اگر قرآن خوانی کے لئے مختص رقم چاروں تقریبات کے لئے ناکافی ہوتی ہے تو ایک تا چار قرآن خوانی ترتیب سے نمبروار ہو گی اور باقی رقم....... پر جیسا کہ اوپر درج ہے خرچ کر دی جائے گی۔

۵۔ بانی بذریعہ ہذا اپنا یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ وقف کی شرائط میں تبدیلی کر دے بشرطیکہ وہ دیکھے کہ پیراگراف نمبر ۳ میں درج شدہ مقاصد وقف پورے نہیں کیے جاتے۔ نیشنل بنک آف پاکستان کے پاس دوامی جمع شدہ رقم کی شرائط بہر حال وہی رہیں گی۔

۶۔ بانی کی وفات کے بعد وقف کی شرائط پر وقف کے مقاصد سے ہم آہنگی کے ساتھ سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا۔

۷۔ جب تک بانی بقید حیات ہے پیراگراف نمبر ۳ میں درج ہدایات پر عمل درآمد کی اطلاع بانی کو دی جائے گی اور اس کی وفات کی صورت میں اطلاع......کو دی جائے گی۔

۸۔ اگر نیشنل بنک آف پاکستان کاروبار بند کر دے تو وہ رقم جو نیشنل بنک آف

پاکستان کے پاس جمع ہے بانی کو (اگر وہ زندہ رہے) واپس کردی جائے گی اور اگر بانی وفات پا گیا ہے تو اس کے جانشین ............ مشورے سے کسی مضبوط بنیادوں پر استوار بنک میں جمع کرادیں گے یا سرکاری تمسکات میں لگادی جائے گی تاکہ وقف نامے کے پیراگراف نمبر ۳ میں درج مقاصد وقف پورے کئے جاسکیں۔

بذریعہ ہذا اقرار پایا کہ بند بطور متولی اپنے فرائض کی ادائیگی اور موقوف بہ مرضی اور دوسرے اختیارات استعمال کرنے کے لئے اپنے خصوصی افسر اور افسران سے جو اس ضمن میں مقرر کیئے گئے ہوں کام لے سکتا ہے۔ قانونی مشیر، دلال اور دوسرے گماشتے مقرر کرسکتا ہے کہ اس ذیل میں کاروبار کریں (جس میں روپے کا لین دین بھی شامل ہے) اور (اس پر حاصل شدہ منافع حساب سے مستثنیٰ) جیسا کہ بنکار جاری حسابات پر رقم وضع کرتے ہیں یا ڈیپازٹ اکاؤنٹس پر، اس پر بھی وضع کرسکتا ہے یا تمام رقم بطور پیشگی دے سکتا ہے جیسا کہ اسے مناسب اور ضروری معلوم ہو وقف کے مقاصد کی تکمیل کے لئے کرسکتا ہے اور ایسے اخراجات، سود، کمیشن وغیرہ ادا کرنے کی اجازت دے سکتا ہے جو بنک اپنے عام گاہکوں روزمرہ کاروبار کے تحت ادا کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں بنک کو یہ اختیار بھی حاصل ہوگا کہ وہ متولی کے طور پر سرانجام دی جانے والی خدمات کا محنتانہ ٹرسٹ ڈیپازٹ اکاؤنٹس سے حاصل شدہ منافع سے مروجہ تنخواہ سکیل کے مطابق وصول کرے۔

اس تحریر کے ذریعے دونوں عطا کنندہ اور متولی مندرجہ بالا تاریخ اور سال کو اقرار کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| گواہ | عطا کنندہ |
| ا۔ | |
| ۲۔ | متولی |

----------

# وصی اور متولی کا تقرر

میں نیشنل بنک آف پاکستان (بعد ازاں بنک کہلایا) کو اپنی اس وصیت کا وصی اور متولی بجائے......... اور بجائے....... علی الترتیب مقررہ وصی اور متولی بذریعہ متذکرہ وصیت نامہ مقرر کرتا ہوں اور اعلان کرتا ہوں کہ میری متذکرہ وصیت بہر جہت اس طرح پڑھی اور سمجھی جائے کہ متذکرہ.......... اور.......... کے بجائے بنک کا نام شامل ہے۔

۲۔ میں واضح کرتا ہوں کہ بنک اسی طرح، جیسے کہ ایسے وصی اور متولی کیا کرتے ہیں تمام اختیارات موقوف بہ مرضی اور دوسرے وہ تمام جو میری اس وصیت کے تحت معرض وجود میں آئے ہیں، اپنے کسی افسر یا افسران کے ذریعے جو اس ضمن میں بنک نے مقرر کیے ہوں، بروئے کار لائے گا اور وہ قانونی مشیر، دلال اور دوسری طرح کے گماشتے میری جائداد کا کام سرانجام دینے کے لئے ملازم رکھ سکتا ہے، اور (اس سے حاصل شدہ کوئی منافع حساب سے مستثنیٰ) اپنے پاس رقم (جس میں روپے کا لین دین بھی شامل ہے) رکھ سکتا ہے۔ بعینہٖ جیسے استمراری حساب میں بنکار رکھتے ہیں یا جمع حساب رکھ سکتا ہے یا ساری رقم ادھار دے سکتا ہے یا قائم رکھی جائے یا ادھار دی جائے جیسی صورت میں بھی میری جائداد کے ضمن میں درکار ہو کر سکتا ہے۔ اسے یہ اختیار ہو گا کہ وہ اخراجات خرچے، منافع، کمیشن وغیرہ اسی طرح کرے جیسے کہ بنک اپنے عام گاہکوں کو روزمرہ کاروبار میں ادا کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں بنک بطور وصی و متولی اپنی خدمات کی انجام دہی کے لئے تنخواہ (محصولات سے مستثنیٰ جو میری جائیداد پر پہلے ہی لاگو ہے) بنک کے اس تنخواہ سکیل کے مطابق لینے کا مجاز ہو گا جو میرے اس وصیت نامے کے اجراء کے وقت ہو یا وہ تنخواہ جو میرے اور بنک کے مابین تحریری طور پر طے ہوئی ہو۔

دستخط

---------------

## تجویز فارم

بخدمت جناب سپرنٹنڈنٹ صاحب

شعبہ وصی ومتولی۔نیشنل بنک آف پاکستان

انارکلی۔لاہور

(بتوسل منیجر یونائیٹڈ بنک لمیٹڈ۔لاہور)

مکرمی جناب۔

میں تجویز پیش کرتا ہوں، بشرطیکہ آپ کو منظور ہو، کہ آپ کا بنک مندرجہ ذیل امور سرانجام دے:

(۱) میری وصیت کا وصی

(۲) میری وصیت کا وصی اور متولی۔

(۳) تملیک کا متولی

(۴) متولی زیر استقرار نامہ

(۵) متولی برائے............

(۶) نگہبان متولی برائے..........ان شرائط وضوابط پر جو آپ کے دفتر میں کاملاً خود یا مشترکہ طور پر..........کے ساتھ طے ہوئے ہوں۔

یہ میری خواہش ہے کہ (مشیروں کے نام وغیرہ) کو اس ضمن میں ملازم رکھا جائے۔ میں متعلقہ وقف کے وصیت نامے کا مسودہ آپ کے ملاحظے کے لئے ارسال کررہا ہوں۔ ازراہ کرم مجھے مطلع فرمائیے کہ آیا آپ مجوزہ نامزدگی قبول کرنے کو آمادہ ہیں؟شکریہ

مخلص

-----------

# بیمہ خطوط

## پریمیم کے لئے

مسٹر کشور علی

۸/۳ ماڈل ٹاؤن، لاہور

مکرمی وتسلیم!

بذریعہ ہذا آپ کو یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ آپ کی زندگی کی بیمہ پالیسی نمبر ۳۲۴۳۲۴۳ یکم جنوری ۲۰۰۴ء کو ختم ہو رہی ہے۔ ازراہ کرم مبلغ ۲۷۳۲۳ روپے اگلے سال کے پریمیم کے طور پر بھیج دیجئے۔ تاکہ مقررہ تاریخ سے پہلے اس کی تجدید کی جا سکے۔

مخلص

لال دین

برائے دی آل پاکستان انشورنس

کمپنی لمیٹڈ

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مسٹر لال دین

آل پاکستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ

مکرمی وتسلیم!

بحوالہ آپ کا مراسلہ نمبر ۳۲۷، پی بی این/۸۶۳ مورخہ ۲۸ ستمبر ۲۰۰۳ء میں ۲۷۳۳۲ روپے کا چیک اپنی پالیسی نمبر ۳۲۴۳۲۴۳ کے پریمیم برائے ۲۰۰۴ء ارسال کر رہا ہوں۔ رسید گی سے مطلع فرمائیے۔ شکریہ۔ مخلص

کشور علی

- - - - - - - - - - - -

## ایک اور جواب

مکرمی۔ تسلیم!

مجھے پریمیم کی ادائیگی کے سلسلے میں آپ کا خط ملا۔ یقین رکھیے کہ میں مقررہ وقت کے اندر چیک ارسال کر دوں گا۔

میری پالیسی کا نمبر ۳۲۴۳۲۴۳ ہے۔

مخلص

- - - - - - - - - -

## عمر کے ثبوت کے لئے

بخدمت جناب منیجر صاحب

کے ایس منگلا اینڈ کو۔ جہلم

جناب عالی!

میں نیو ایشیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ سے اپنی زندگی کی بیمہ پالیسی لینا چاہتا ہوں ازراہ کرم مجھے ایک ثبوت فراہم کر دیجیے جس میں میری تاریخ پیدائش درج ہو۔

شکریہ

مخلص

سی سی موسیٰ

- - - - - - - - - -

مندرجہ بالا کا جواب

سی سی موسیٰ صاحب

(ٹوکن ۲۲۹)

تصدیق کی جاتی ہے کہ ہمارے ریکارڈ کے مطابق ہماری فرم میں ملازم مسٹر سی

سی موسیٰ کی تاریخ پیدائش ۳ جولائی ۱۹۷۳ء ہے۔

منیجر

کے ایس منگلا اینڈ کو

---

## رسید کی طلبی کے لئے

بخدمت جناب منیجر صاحب

نیو ایشیا ٹک انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ کراچی

مکرمی جناب۔

میں نے اپنی زندگی کا بیمہ کرایا ہے اور جولائی ۱۹۹۹ء سے تنخواہ کٹوتی اسکیم کے ذریعے پریمیم ادا کر رہا ہوں۔ لیکن مجھے اب تک اس پریمیم کی کوئی رسید موصول نہیں ہوئی جو آپ کو میرے آجروں میسرز کے ایس منگلا اینڈ کو۔ جہلم کے توسط سے پہنچا ہے حالانکہ ان کا کہنا یہ ہے کہ وہ آپ کو باقاعدہ پریمیم ارسال کر رہے ہیں۔

ازراہ کرم معاملہ پر غور کیجئے اور رسید جاری کیجئے۔ شکریہ

آپ کا مخلص

سی سی موسیٰ

پالیسی نمبر ۵۵۵۴۴۴

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

آپ کی چٹھی مورخہ.......... کے جواب میں اطلاعاً تحریر ہے کہ ہم بیمہ شدگان (پالیسی ہولڈروں) کو ان کے آجروں کے ذریعے ملنے والے پریمیم کی علیحدہ رسید جاری نہیں کیا کرتے۔ آپ کی پالیسی نمبر ۵۵۵۴۴۴ کا پریمیم باقاعدہ اس دفتر کو

موصول ہو رہا ہے۔ اس خط کو آپ ہماری رسید ہی سمجھئے۔

آپ کا مخلص

منیجر۔ نیوایشیا ٹک انشورنس کمپنی لمیٹڈ

-----------

## پالیسی بھیجنے کے لئے

بجناب کریم اختر صاحب

موسیٰ اینڈ کو۔

بی نیو مارکیٹ۔ گجرات

مکرمی۔

برائے زندگی کی بیمہ پالیسی

آپ کے خط مورخہ..........کے حوالے سے ہم مندرجہ ذیل دستاویز کا ثنیٔ اس کے ساتھ بھیج رہے ہیں۔

پالیسی نمبر۴۳۴۴۴۴۳

موصولی کی رسید سے مطلع کیجئے۔

مخلص

کشور خاں

ریجنل منیجر

-------------

## شخصیت کی آزمائش

پیارے طالب علم۔

اگر آپ زبانی امتحان میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اپنی شخصیت کو متناسب بنائیے۔ یہ مقصد طویل تکلیف دہ محنت ہی سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ حسن

سلوک کو اپنی عادت بنائیے اور عادتیں جوانی میں جڑ پکڑتی ہیں۔ کیریئر کی تعمیر میں جدوجہد کرنے والا ایک نوجوان بغیر کسی خاص تر دد و مساعی کے عادتیں ڈال اور چھوڑ سکتا ہے۔ جتنی عمر بڑھتی جاتی ہے اتنا ہی عادتوں کو بدلنا مشکل ہوتا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے حکومت نے امتحانات میں شرکت کرنے والوں کے لئے یقینی اور نا قابل تبدیل قواعد وضوابط مقرر کر رکھے ہیں۔ ان قواعد وضوابط میں خصوصی حالات کے سوا تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ حکومت کا پختہ یقین ہے کہ نوجوانوں کو آسانی سے اپنے ڈھب پر ڈھالا جا سکتا ہے۔ اسی طرح جو طلباء اپنی شخصیت نکھار لیتے ہیں، وہ روزانہ کی معمولی سی مشق سے خود کو سرکاری عہدے یا کاروبار میں کامیابی کا اہل بنا لیتے ہیں۔

افسوس کہ بیشتر طلباء میں اچھے اعمال بطور عادت شاذ و نادر ہی پائے جاتے ہیں۔ اس طرح وہ اپنے دن کا ایک بڑا حصہ ایسی باتیں سوچنے میں ضائع کر دیتے ہیں، جن سے وہ بمشکل آگاہ ہوتے ہیں صبح سویرے سیر کو جانا طلباء کی اکثریت کے لئے ایک مسئلہ ہے اور یوں وہ اپنی قوت قدرت کے خلاف تاویلات گھڑنے میں ضائع کر دیتے ہیں۔

آپ کا مخلص

استاد

---

## پاکستان میں بحران

پیارے طالب علم۔

آپ بخوبی آگاہ ہیں کہ حکومت پاکستان آزادی کے فوراً بعد سے ہی مشکلات و مسائل سے دوچار رہی ہے۔ اس کا راستہ خیابان ارم نہیں وادی پر خار سے گزرتا ہے۔ مشکلات کے سلسلے میں تازہ اضافہ ہماری مشرقی سرحد پر بھارتی جارحیت سے ہوا ہے۔

اگر ہم واقعات کی روشنی میں بھارت کے عزائم کا جائزہ لیں تو اس کے عندیئے صاف واضح ہو جاتے ہیں۔ نظریاتی لحاظ سے دونوں ملکوں کے درمیان بعد المشرقین ہے۔ بھارتی ذہنیت نے جو کھوکھلے غرور اور حسد کا شکار ہے۔ معاشی و اقتصادی میدان میں اپنی کامیابیوں اور کامرانیوں کا ڈھنڈورا پیٹنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا اور ہماری جمہوریت کی کھلم کھلا پامالی کی۔ اپنا مقصد حاصل کرنے کے لئے ریڈیو اور اخبارات میں جھوٹ بولتے انہیں کبھی شرم اور ہچکچاہٹ محسوس نہیں ہوئی۔ ابھی دنیا قائل نہیں ہوئی تھی لیکن انہوں نے اپنے جنون میں سمجھ لیا کہ اس وقت پاکستان پر حملہ کر کے اپنی فوجی برتری کا سکہ جما لیں۔ انھوں نے سوچا اور یہ سوچنے میں وہ حق بجانب بھی تھے کہ اس سے جنوب مشرقی ایشیا کے چھوٹے چھوٹے ملکوں میں خوف و ہراس پھیل جائے گا اور پاکستان کی عسکری کمزوریاں آشکار ہو جائیں گی۔ بھارت نے ایک ماہ سے بھی کم عرصے میں وہ کچھ کر دکھایا جو مغربی طاقتیں اور پاکستانی عوام بھی سالوں میں نہ کر سکے بھارت نے مغرب کے ساتھ قریبی تعلقات قائم کر کے اپنے عوام کی خواہشات کے برعکس غیر جانبداری سے انحراف کیا ہے۔

افراط زر کی افزائش کے کئی ایک اسباب ہیں جن سے مصارف زندگی بڑھ گئے ہیں اور کروڑوں پاکستانی غربت کے بوجھ تلے کرراہ رہے ہیں۔ بھارتی حملے کے پاکستان معیشت پر بڑے برے اثرات مرتب ہوں گے کیوں کہ ہمیں اقتصادی ترقی کی بجائے فوجی ضروریات پر زیادہ توجہ مرکوز کرنی ہوگی اس سے ہماری مشکلات میں اضافہ ہوگا۔

ہمیں امید ہے کہ ہم اپنی فوری مشکلات پر قابو تو پالیں گے۔ لیکن مستقل حل اس کا قوم کو خود تلاش کرنا ہے اور ہمارے راہنما اس حل کی تلاش کا تہیہ کر چکے ہیں۔

مخلص

اب ج

---

## ہمارا لباس

عزیز طالب علم۔

ہمارے قومی لباس کے بارے میں بہت سی باتیں ہوئی ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ ہمارا لباس دیسی ہونا چاہیئے۔ ہمارے لباس کے انتخاب میں سہولت، کفایت شعاری اور سادگی کو فوقیت حاصل ہونی چاہیئے۔ شلوار میں یہ ساری سہولتیں مہیا ہیں یہی وجہ ہے کہ شلوار کئی ایک قومیں استعمال کرتی ہیں جن میں پاکستانی بھی شامل ہیں۔ فیکٹریوں میں کام کرنے والا جو ڈھیلا ڈھالا لباس نہیں پہن سکتے شلوار پہن سکتے ہیں۔ ایک دانا نے لکھا تھا کہ ہمیں دوسری قوموں کی اچھی باتیں اور عادتیں اپنانے میں تامل نہیں کرنا چاہیئے۔ اب مجھے بتایئے آپ کا کیا خیال ہے؟

مخلص

---

## حقوق و فرائض

پیارے دوست۔

فرد کے حقوق و فرائض کے بارے میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ معاشرے میں ایک فرد کے حقوق بھی ہوتے ہیں اور فرائض بھی۔ حقوق پیدائشی ہوتے ہیں اور فرائض معاشرے کی طرف سے عائد ہوتے ہیں۔ کسی شخص کے لئے یہ کافی نہیں کہ وہ صرف اپنے حقوق کا مطالبہ تو کرے اور اپنے فرائض سے غفلت برتے۔ حقوق کا دعویٰ بعض فرائض کی ادائیگی کے ساتھ قدرتی طور پر مستلزم ہے۔ مساوات قدرت کا اصول ہے لہٰذا فرد کو اپنی زندگی میں توازن پیدا کرنا چاہیئے اور اپنے حقوق و فرائض میں ہم آہنگی سے کام لینا چاہیئے۔ اگر کوئی فرد اپنا فرض ادا نہیں کرتا تو کوئی دوسرا اس

کی جگہ کام کرے گا۔ تاکہ زندگی کا پہیہ حرکت کرتا رہے اگر زیادہ بوجھ دوسری طرف ڈال دیں گے تو ہم صرف ایک ہی طرف سے بوجھ اٹھا سکیں گے اور اس طرح توازن بگڑ جائے گا۔ اسی منطق کا حقوق پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ اگر کسی بھی شخص کو اپنے حقوق میں آسانی سے اضافہ کرنے کا موقع مل جاتا ہے تو یہ عظیم عدم توازن کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے۔ اس سے کسی ایک فرد کے ہاتھوں دوسرے فرد کے استحصال کا عمل شروع ہوتا ہے۔

حقوق و فرائض کے مابین توازن قائم کرنے کے لئے فرد کو یہ خیال رکھنا چاہیے کہ حقوق سے پہلے فرائض کا نمبر ہے۔ وہ شخص جو اپنے فرائض ادا کرنے پر مستعد کھڑا ہے، اسے ہر قسم کا حق حاصل ہے ایک فرد کی سب سے بڑی تعلیم یہی ہوتی ہے کہ وہ محنت کرنا اور انتظار کرنا سیکھے۔ اگر ہمارے تعلیمی ادارے طلباء کو یہ اصول تعلیم نہیں سکھاتے تو وہ انہیں کوئی بھی تعلیم نہیں دیتے۔

مخلص

---

## کتب خانے کی رکنیت

بجانب لائبریرین صاحب

برٹش کونسل لائبریری۔ لاہور

مکرمی۔

میں آپ کی لائبریری کا رکن بننا چاہتا ہوں۔ از راہ کرم مجھے قواعد و ضوابط ارسال فرما دیجیے۔

خلوص کار

ا ب ج

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی جناب..........

لاہور میں برٹش کونسل لائبریری کم سے کم قواعد کے تحت کام کرتی ہے۔ تمام نئے ارکان کا خلوص کے ساتھ خیر مقدم کیا جاتا ہے، خاص بات بس اتنی ہے کہ چند ایک قواعد و ضوابط جو وقتاً فوقتاً نافذ کیے جاتے ہیں یا نرم کیے جاتے ہیں لائبریری کی کتابیں مستعار لینے والے ارکان کے لئے ہوتے ہیں۔

۱۔ آپ کو چاہیئے کہ اپنا نام، عرفیت، مکمل پتہ، ٹیلی فون نمبر اگر کوئی ہو اور کسی مقامی شخص کا حوالہ مہیا کریں۔

۲۔ ہم کوئی داخلہ فیس وصول نہیں کرتے۔ لیکن سالانہ چندے کے طور پر پانچ سو روپے آپ کو ادا کرنے ہوں گے۔ جو ہر سال یکم اپریل کو واجب الادا ہوتا ہے۔ اگر کوئی رکنیت کی مدت کے خاتمے سے پہلے اپنی رکنیت ختم کرنے کا فیصلہ کرے تو اسے چندے میں سے کوئی رقم واپس نہیں دی جاتی۔

۳۔ ہم کتابیں مستعار دینے کے لئے کارڈ جاری کرتے ہیں اس پر آپ پندرہ دن کی مدت کے لئے ایک کتاب مستعار لینے کے مستحق ہوں گے۔

۴۔ درخواست کرنے پر صرف سات دن کا مستعاری مدت میں اضافہ ممکن ہے اور اس مدت کے گزر جانے پر مزید اضافہ نہیں کیا جاتا۔

۵۔ کتابیں مستعار لینے والے اس تمام مواد کی حفاظت اور اس کی بحفاظت واپسی کے ذمے دار ہوتے ہیں جو انھیں مستعار دیا جاتا ہے۔ گمشدہ یا نقصان رسیدہ کتابوں کا ہرجانہ بازار کے بھاؤ کے مطابق ادا کرنا ہوگا۔ اور اگر کتاب بازار میں موجود نہیں تو پھر اس کے نرخ کا تعین لائبریری کا بورڈ آف ڈائریکٹر کرے گا۔ اس حالت میں تاوقتیکہ ادائیگی نہ ہو جائے کتابیں مستعار لینے کی سہولت معطل رہے گی۔

۶۔ حوالوں کی کتابیں، رسالے اور بعض فنی کتابیں لائبریری مستعار نہیں دیتی۔

ڈیوٹی پر موجود لائبریرین کا فیصلہ حتمی ہوگا کہ کون سی کتاب یا مواد گھر پر استعمال کیلئے مستعار دیا جائے۔

۷۔لائبریری کا یہ حق محفوظ ہے کہ جو رکن لائبریری کی ملکیت کے استعمال میں ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کرے تو اس کی عاریتی سہولتیں معطل کر دے۔

خلوص کار

---

## بچے کی اسکول سے غیر حاضری کے بارے میں خط

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب ۳/۱۔ماڈل ٹاؤن۔لاہور

۸ مارچ ۲۰۰۴ء

مکرمی جناب۔

میرا لڑکا خالد تقریباً پندرہ دن کی غیر حاضری کے بعد آج سکول حاضر ہو رہا ہے۔چند روز ہوئے اس کے ٹیکہ لگایا گیا تھا جس سے اس کا بازو شدید درد کرنے لگا۔اندریں حالات یہی معلوم ہوا کہ اسے گھر ہی رکھا جائے۔دریں اثناء اسے کچھ بخار بھی ہو گیا۔

اب اس کی حالت بہتر ہے۔غیر حاضری کی وجہ سے اس کا تعلیمی نقصان تو واقعی خاصا ہوا ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ کمی پوری کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھے گا۔

آپ کا مخلص

---

## بچے کو گھر کا کام نہ کرنے پر معافی کا خط

۷/۸۔ماڈل ٹاؤن۔لاہور

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب ۱۳ مارچ ۲۰۰۴ء

مکرمی جناب۔

ازراہ کرم آپ ایم اے خاں متعلم جماعت ہفتم کو گزشتہ شب اپنا ہوم ورک نہ کرنے پر معاف کر دیجئے۔

بدقسمتی سے میرا لڑکا کل شام جب گھر آیا تو سر درد میں مبتلا تھا اور میں نے اس کے لئے یہی مناسب سمجھا کہ وہ آرام کرے۔اس لئے وہ ہوم ورک کرنے سے معذور رہا۔

آپ کا مخلص

---

## اخبار فروش ایجنسی کے نام خط

۶/۱۳۔رحمان لین　　　　　　میسرز مسلم نیوز ایجنسی۔لاہور

لاہور۔

مکرمی۔

چوں کہ ہم کچھ دنوں کے لئے لاہور سے باہر جا رہے ہیں اس لئے ۲۰ مارچ کے بعد تمام اخبارات کی ترسیل بند کر دیجئے۔

ہمیں ۲۰ اپریل کے بعد اخباروں کی ضرورت ہوگی۔

---

## اخبار دیر سے ملنے کی شکایت

۸/۲۱۔ماڈل ٹاؤن　　　　　　دی پاکستان ٹائمز۔لاہور

لاہور۔

مکرمی۔

مجھے شکایت ہے کہ آپ کا اخبار صبح کو دیر سے ملتا ہے۔متعلقہ ہاکر ہمیشہ یہی عذر کرتا ہے کہ وہ بروقت پرچہ پہنچانے سے قاصر ہے کہ دفتر میں اخبار کی فروخت کا طریق کار تکلیف دہ اور طویل ہے۔اس لئے تاخیر کی ذمہ دار انتظامیہ خود ہے۔

ازراہ کرم آپ اس مسئلے پر توجہ فرمایئے۔اگر نتیجہ خاطر خواہ نہ نکلا تو پھر میں کسی اور روزنامے کی طرف رجوع پر مجبور ہوں گا۔

مخلص

---

## قومی فریضہ

مکرمی جناب۔

۱۶ستمبر کو صبح دس بجے کے قریب جب میں جی پی او کے سامنے بس سے اترا تو ایک ادھیڑ عمر معزز سندھی سفید سادے لباس میں ملبوس میرے پاس آیا۔مجھ سے ہاتھ ملایا اور میرا دایاں ہاتھ اپنے دونوں ہاتھوں میں تھام کر آنکھوں سے لگا کر بولا ’’اچھے ہیں آپ‘‘!ایک اجنبی کی طرف سے یہ محبت بھرا برتاؤ دیکھ کر میرا متعجب ہونا فطری تھا کہ کراچی میں اپنے سہ روزہ قیام کے دوران اس طرح کے برتاؤ سے دوچار نہیں ہوا تھا۔پوچھنے پر اس نے بتایا کہ اس کا بیٹا بھی واہگہ کے محاذ پر برسرِ پیکار ہے۔اس نے خدا سے دعا کی کہ مادرِ وطن کے لئے لڑنے والے تمام جوان فتح کی مسرتوں سے نوازے جائیں۔

ہم بھارت کے واقعی شکر گزار ہیں کہ اپنے حملے سے اس نے ہماری کئی طرح کی خدمات انجام دی ہیں۔ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ’’سندھ سندھیوں کا ہے اور پنجاب پنجابی بولنے والوں کا‘‘ ایسے خودغرضانہ و جاہلانہ نعرے غائب ہو گئے۔

اب ہمارا بس ایک ہی نعرہ ہے کہ ’’پاکستان پاکستانیوں کا ہے‘‘ یہ موقع ہے کہ ایک مرتبہ پھر اپنے وطن پرست رہنماؤں کے رفیع الشان الفاظ ’’اگر پاکستان ختم ہو گیا تو کون بچے گا سب زندہ رہیں گے اگر پاکستان قائم رہا۔‘‘ کو عملی شکل دی جائے۔

آپ کا مخلص

---

## عہد نوکر شاہی

بخدمت ایڈیٹر صاحب

مکرمی جناب۔

یہ نوکر شاہی کا زمانہ ہے۔ کیا آپ نوکر شاہی کے ثمرات پر کچھ روشنی ڈالیں گے؟

مخلص

---

## مندرجہ بالا کا جواب

مکرمی۔

فی زمانہ نوکر شاہی نے کئی ایک روپ دھار لئے ہیں۔ جب کوئی جواب دہ یا بالفاظ دیگر ذمہ دار حکومت کو معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں کا عمل موافق نہیں رہا تو نوکر شاہی اس کی جگہ سنبھال لیتی ہے اور صورت حال کو اور بگاڑ دیتی ہے۔ بہر حال وہ یہی کرتی ہے اور یہی اس کا زمانہ ہوتا ہے۔ بیروکلن کے ایک شہری نے بظاہر جواب دہ بلدیاتی ادارے کے خلاف ایک عجیب وغریب احتجاج کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ نیو یارک شہر میں حال ہی میں پانچ ہزار درختوں کے عوض ۶ لاکھ ۷۵ ہزار ڈالر یا ایک درخت کے عوض ایک سو ۳۵ ڈالر ہتھیا لئے گئے۔ اس پر شہری نے دہائی دی کہ میں نے اپنے گھر کے سامنے ۳۵ ڈالر میں ایک درخت لگایا تھا۔ پھر کیوں ایک سو ڈالر زائد وصول کیے گئے؟ بے چارا نادان نوکر شاہی کے ہتھکنڈوں سے واقف نہیں، ورنہ وہ فوراً سمجھ جاتا کہ جب سرکاری حکام کسی درخت کو خریدتے یا اس پر قبضہ کرتے ہیں تو ان کی قیمت نجی طور پر لگائے جانے والے درخت سے کئی گنا زیادہ ہو جایا کرتی ہے۔ اس کا طریق کار چنداں سادہ نہیں۔ تخمینے طلب کیے جاتے ہیں۔ پھر ٹینڈر مطلوب ہوتے ہیں، ان پر فیصلہ کیا جاتا ہے۔ کاغذی کاروائی ہوتی ہے اور فائلوں کا پیٹ بھرا جاتا ہے۔ دریں اثناء بل بڑھتا چلا جاتا ہے۔ وقت، جیسا کہ ہر شخص جانتا ہے، دولت

ہے اور چوں کہ ہر اہلکار بے شمار وقت صرف کرتا ہے لہذا حتمی بل اور تخمینے میں بس برائے نام مماثلت رہ جاتی ہے۔ یہ غیر معمولی ہونے سے بھی بہت آگے کی بات ہے۔ بلدیاتی ادارے اس ملک میں ملکیتی فلیٹس تعمیر کراتے ہیں جو قیمت میں ان سے دو گنے ہوتے ہیں جو لوگ خود بنواتے ہیں۔ کچھ عرصہ ہوا بحریہ کے ساز و سامان کی ایک چیز بمقدار نوٹن ۲۶ ہزار ۳ سو ۲۰ روپے میں خریدی گئی بعد ازاں معلوم ہوا کہ اس چیز کا بازار بھاؤ تو ۷ سو ۲۰ روپے فی ٹن ہے۔ ایک دفعہ عمارتی لکڑی کو پختہ بنانے کی بھٹی ۲ لاکھ ۹۶ ہزار میں بنائی گئی۔ اسے بنانے میں سات برس صرف ہوئے۔ اس وقت منصوبہ ترک کیا جا چکا تھا۔ حال ہی میں ایک گدھے کے بارے میں خبر اخبارات میں شائع ہوئی ہے کہ ۶۰ ہزار میں خریدا گیا۔ نوکر شاہی میں ایسی باتیں ہوا ہی کرتی ہیں۔ ایک درخت پہلے کونپل نکالتا ہے پھر بڑھتا ہے اور ازاں بعد مختلف سمتوں میں اپنی شاخیں اور پتے پھیلا دیتا ہے ان سب کی قیمت ادا کرنی چاہیئے۔

قضا کار یہی ثمرات نوکر شاہی کے ہیں!

آپ کا مخلص

---

## غصے کے اجزائے ترکیبی

محترم پروفیسر صاحب۔

فی زمانہ اصطلاح ''عدم تشدد'' زندگی کے ہر شعبے میں لوگوں کا مسلک بنی ہوئی ہے۔ تاہم آپ اس سے اتفاق کریں گے کہ بعض اوقات تشدد نا گزیر ہو جاتا ہے۔

کیا آپ کوئی مثال عدم متشددانہ تشدد کی پیش کر سکتے ہیں؟

آپ کا تابع فرمان

ایک طالب علم

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے طالب علم۔

ہم نے آجکل عدم تشدد کو اپنا اندھا عقیدہ بنالیا ہے لیکن ہمیں نہیں بھولنا چاہیے کہ تشدد یا کم از کم غصہ فطرت انسانی کی ایک لازمی خاصیت ہے۔ہم اس سے اسی صورت نجات پاسکتے ہیں۔کہ اپنی فطرت کے آزادانہ مظاہرے سے اعراض کریں۔

تم جانتے ہو، جب لوگوں کو غصہ آتا ہے تو حد سے زیادہ آپے سے باہر ہو جاتے ہیں، اس نقصان کے علاوہ جو نقصان ہوتا ہے اس کی تفصیلات ابھی تک معلوم نہیں کی گئیں۔اس کا سبب شاید یہ ہے کہ مختلف لوگ غصے میں مختلف ردعمل کا مظاہرہ کرتے ہیں۔کچھ بکھر جاتے ہیں اور اپنی طبیعت پر قابو پانے کے قابل نہیں رہتے، بعضوں کو چپ لگ جاتی ہے، بعض فضول بلکہ اکثر بیکار محض غوغا آرائی کرتے ہیں جبکہ بعض دوسرے تشدد پر اتر آتے ہیں اور بعض اوقات تو افسوس ناک جارحیت کے مرتکب ہوتے ہیں۔چڑھے ہوئے تیور، لال بھبوکا منہ اور تنے چتون، زبان میں لکنت، پھیلی ہوئی آنکھیں، زورزور دھڑکتا دل پھڑکتے نتھنے اور کپکپاتے ہاتھ خصوصیات ہیں غصے میں بھرے ہوئے آدمی کی۔یہ اس اعصابی تناؤ کی عام علامتیں ہیں جس سے تشدد کا عمل معرض وجود میں آسکتا ہے۔اس کے برعکس ایک ٹھنڈے مزاج کی علامت خاموش طبیعت، قوت برداشت سے دمکتی آنکھیں اور ضبط و تحمل ہیں۔ایسی شخصیتیں دیکھنے میں بڑی پیاری ہوتی ہیں لیکن شاذونادر ہی دیکھنے میں آتی ہیں۔ ایک مثال پیش کرتا ہوں۔ایک دن انگلستان کے ایک قصبے میں ایک موٹر کار آہستہ سے ایک ڈاکیے کی بائسکل کے پچھلے پہیے سے اتفاقاً ٹکرا گئی، ڈاکیا بڑے اطمینان کے ساتھ سائیکل سے اترا، نقصان کو دیکھا اور بغیر کچھ کہے سنے کار کی اگلی بتی کو ٹھوکر ماردی۔کاروالا بھی اسی اطمینان کے ساتھ لب بستہ کار سے اترا، نقصان کو دیکھا اور سائیکل کے پچھلے پہیے پر خوب لاتیں برسائیں۔سائیکل سوار نے اس پر کار کی اشارے والی بتی توڑ پھوڑ دی۔اس پر کاروالے نے سائیکل اٹھا کر زمین پر پٹخ دی۔ کار میں بیٹھ کر جانے ہی والا تھا کہ سائیکل سوار نے ہوا بھرنے والا پمپ نکال کر کار

کی ونڈ اسکرین ریزہ ریزہ کر ڈالی۔ کہا جاتا ہے کہ اس ساری لڑائی میں دونوں میں سے ایک نے بھی منہ سے ایک لفظ نہیں نکالا۔

اس واقعے میں حیران کن بات یہی ہے کہ دونوں میں سے ایک نے بھی دوسرے پر حملہ کرنے کی جرأت نہیں کی اور اتنے ہوش و حواس میں رہے کہ خود کو املاک کی توڑ پھوڑ تک ہی محدود رکھا۔ شاید غصے کے اظہار کا یہ بلند تر معیار ہے جبکہ ''تو تو میں میں'' عامیانہ ہے۔ کیا ہی اچھا ہو اگر آجکل کے سیاستدان اس واقعے سے سبق حاصل کریں اور اس سے غیر متشددانہ تشدد کا نظریہ وضع کریں۔

آپ کا مخلص

پروفیسر

---

## چوتھا آر

محترم پروفیسر صاحب

ہم اب تک تین آر سنتے آئے ہیں۔ ریڈنگ، رائٹنگ اور رتھمیٹک۔ کیا آپ محسوس نہیں کرتے کہ اب آر کے اس خاندان میں اضافے کی ضرورت ہے؟ اس لئے آپ اگر چوتھا آر پیش کر سکتے ہوں تو زحمت فرمایئے۔ آپ کا مخلص

ایک ہوٹلیئر

---

## مندرجہ بالا کا جواب

پیارے ہوٹلیئر۔

مجھے آپ سے پورا پورا اتفاق ہے۔ چوں کہ آپ ہوٹلیئر ہیں اس لئے مجھے چوتھے آر کی شمولیت کے لئے یاددہانی کرائی گئی ہے۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ سخت مزاج مائیں اور عقلمند بیویاں کھاتے ہوئے پڑھنے پر ناک بھوں چڑھاتی ہیں۔ یہ اخلاقی طور پر ہی برا نہیں بلکہ سوء ہضم کا موجب بھی ہوتا ہے۔ بایں ہمہ لوگ صبح کے

ناشتے کے ساتھ اخبار پڑھنے کے عادی ہیں۔ تعلیم کو غذا کے ساتھ ملا دیا گیا ہے اور ننھے بچوں کو حروف تہجی کا سوپ دیا جاتا ہے۔ سیب اور نارنگیاں بھی ریاضی کے ایسے معمولی مسئلوں کے ساتھ کھانے کو دی جاتی ہیں کہ ابو کے دیئے ہوئے پیسوں سے اگر وہ تین درجن سیب نامعلوم قیمت پر خریدے اور دو درجن نارنگیاں قدرے معقول قیمت پر خریدے۔ علاوہ ازیں دانشور اور بے نوا شاعر اب بھی رومالوں کفوں اور میز پوشوں کو اچانک دماغ میں آجانے والے فارمولے اور محاورے نوٹ کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں لہٰذا ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں چھوٹے چھوٹے ہوٹلوں پر گاہکوں کو میز پوشوں کے ذریعے مستند اطلاعات مثلاً اقوام متحدہ کی کارکردگی سے لے کر نظام شمسی کے اصولوں تک ساری خبریں بہم پہنچانے کا سلسلہ نیا نہیں بلکہ تکلیف کے بغیر تعلیم دینے کی ایک پرانی قسم ہے۔ ریسٹوران کی میز پر ادبی سرگرمیوں کی کھانے کی طویل اور چکرا دینے والی فہرستیں مطالعے کے لئے پیش کر دینے سے محدود کر دی گئی ہیں۔ جبکہ سست بیرے اور نا مستعد سروس تخیلات کی پرواز کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ تاہم کوئی شخص بھنا گوشت کھاتے ہوئے یا کافی کی پیالی میں چمچہ چلاتے ہوئے تنظیم غذا و زراعت اور عطارد کے چاندوں کے بارے میں ایک دو باتیں تو جان ہی لیتا ہے۔ اگر یہ تعلیم کے اعلیٰ مقصد کو پورا کرتا ہے تو پھر اس میں کوئی قباحت نہیں کہ ریستوراں کا آر بھی تین آروں میں شامل کر لیا جائے اور یوں چار کی تعداد پوری کر دی جائے۔ لیکن یہ امید بھی کرنی چاہیئے کہ سیکھنے والے کیفے کو سکول پر ترجیح نہیں دیں گے۔

میرا خیال ہے کہ آپ کی ضرورت کے لئے اتنا ہی کافی ہے۔

آپ کا مخلص

پروفیسر

ختم شد